ایک نئے پرسکون خوبصورت صبح کا آغاز ہو گیا تھا

صبح تو کب کی ہو چکی تھی لیکِن کوئی تھا جو ابھی تک نیند کی گہرائیوں

میں کھویا ہوا تھا۔۔

پورے گھر میں ہنسنے کی باتیں کرنے کی آوازیں گونج رہی تھیں

سوائے ایک کمرے کو چھوڑ کر اس کمرے میں

موجود شخص پرسکون سا گہری نیند میں سویا ہوا تھا۔۔

روحی کی جگہ آج باسیل نے لی ہوئی تھی اب دیر تک سونے کا

ٹھیکہ اس کا ہو چکا ہے پر اس کے سکون کو برباد کرنے کے لیے اس کی

زندگی میں دو دو افلاتون موجود تھے جو کچھ دیر کا

سکون تو اس کو فراہم کر سکتے ہیں لیکن زیادہ دیر کا بلکل بھی نہیں

حال میں موجود سلطانہ بیگم اور ہیرا بیگم دونوں روحی کے ساتھ

باتوں میں مصروف ہوئی پڑیں تھیں۔

مصروف ہوتی بھی کیسے نا پورے گھر کی رونق ان سے پچھلے 4

سالوں سے دور جو تھی۔۔

روحی عالیان کو اپنی ماں کو دیے خود اپنی ساس

کی گود میں سر رکھے ہوئے ان سے عالیان کی باتیں کرنے میں

مصروف ہوئی پڑی تھی۔۔

بھائی آج کی تاریخ میں ناشتہ دو گے ہم بوڑھے لوگوں کو یا نہیں۔؟؟

فیروز صاحب سفید رنگ کے شلوار قمیض پہنے ہوئے

ہاتھ میں گھڑی باندھتے ہوئے حال میں سب کی طرف بڑھتے

ہوئے پوچھتے ہیں۔۔۔

اوئے ہوئے بابا کتنا ظلم ہو رہا ہے آپ پر۔۔۔"

روحی فیروز صاحب کو دیکھتے ہوئے اٹھ کر صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہتی ہے۔

کیسا ظلم۔۔۔؟؟؟

سلطانہ بیگم پوچھتی ہیں۔

امی بابا کا چہرہ دیکھیں کیسے مرجھایا ہوا ہو گیا ہے

کھانا نہیں دیتی میرے بابا کو آپ۔۔؟؟؟

روحی فیروز صاحب کو صوفے پر بیٹھتے دیکھ کر ان کے پاس

صوفے پر بیٹھتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

ہاں نہیں دیتی روحی۔۔۔"

فیروز صاحب روحی کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

گاؤں کی سردارنی کیا بن گئ مجھے تو پوچھتی ہی نہیں ہیں۔۔

فیروز صاحب اپنی بیگم کی شیکایت اپنی بیٹی سے لگاتے ہوئے کہتے ہیں۔

ارے بابا امی کو کوئی تو چاہیے تھا۔

اپنا غصہ نکالنے کے لیے

پہلے میں تھی تو میں ہی تھی اب میں نہیں تھی

تو مجھے بچانے والے آپ پھر آپ ہی تھے ان کے پاس یہ ظلم تو برداشت

کرنا پڑے گا آپ کو۔۔۔

روحی فیروز صاحب کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

تم میری سائیڈ ہو یا ان کی۔۔؟؟؟

فیروز صاحب انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

بابا میں آپ کی سائیڈ پہ ہوں لیکن ناشتہ ابھی امی نے بنانا ہے

پنگا لینا بھاری پڑ سکتا ہے۔۔

دونوں کو بھوکا پیاسا رہنا پڑے گا پورے دن پھر

روحی کھسپاتے ہوئے دھیرے سے کہتی ہے۔۔

ابھی تک ناشتہ نہیں بنا۔۔؟؟ فیروز صاحب کیچن کی طرف نظریں

دوڑاتے ہوئے بولتے ہیں۔۔

پھر تو سہی کہہ رہی ہو سردارنی یہاں بھی جاگ گئی تو مشکل میں

پڑ جائیں گے ہم دونوں میں اپنی شیکایت واپس لیتا ہوں۔۔

فیروز صاحب روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اور کہتے

ہی آنکھیں بند کر کے کھولتے ہوئے سلطانہ بیگم کی طرف دیکھتے ہی

وہ چیل کی نظر سے انہیں دیکھ رہی تھیں۔۔۔

بابا آپ گئے۔۔۔روحی سلطانہ بیگم کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے

ہی اٹھ کر جانے لگتی ہے۔۔

رک جاؤ کہاں جارہی ہو مجھے چڑیل کے جال میں پھنسا کر کہاں

جارہی ہو۔۔۔؟؟

فیروز صاحب روحی کو دیکھتے ہوئے جلدی جلدی میں

کہتے ہیں۔۔

اب تو یہ چڑیل آپ کو چمٹ چکی ہے اپنی بچت خود کروائیں میں

ان کے لپیٹے میں نہیں آنا چاہتی ہوں۔۔

روحی اپنی ماں کو دیکھتے ہوئے سر کا

تھوک حلق سے اتارتی ہے۔

آخر کار سلطانہ بیغم ہی تو دنیا کی وہ واحد شخص تھی جس سے

روحی کو ڈر لگتا ہے

ورنہ باقی دُنیا کے لوگوں میں جو خود ایک گاؤں کی گنڈی بنی

پھرتی ہے۔۔

روحی باسیل کہاں ہے۔۔۔؟؟؟ ہیرا بیغم ہنستے ہوئے روحی سے پوچھتی ہے۔

تائی امی وہ سو رہے ہیں ٹیڈی کے ساتھ پہلی بار

سوئے تھے تو اس نے رات کو سونے نہیں دیا تھا ان کو ابھی وہ

سوئے پڑے ہیں۔۔۔

روحی مسکراتے ہوئے عالیان کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اچھا جاؤ اسے بھی اٹھا لاؤ سب ایک ساتھ ناشتہ کرتے ہیں۔

ہیرا بیغم ماحول کو گرم ہوتا دیکھ کر کہتی ہیں۔

جی تائی امی۔۔۔"روحی کہتے ہی اٹھ کر جانے لگتی ہے کہ اسے

دیکھ کر عالیان رو پڑتا ہے۔۔

ماما۔۔؟؟؟ عالیان روتے ہوئے روحی کو پکارتا ہے روحی کے آگے بڑھتے

ہوئے قدم رک جاتے ہیں اور وہ پلٹ کر عالیان کے پاس آکر اس کے

سامنے والے ٹیبل پر بیٹھ جاتی ہے۔۔

ماما کی جان آپ گھر میں ہو نا۔۔۔؟؟

روحی اسے خود نہیں لیتی ہے اپنی ماں کے گود میں روتا

بیٹھ کر دیکھ کر اسے کہتی ہے۔۔

آپ ایسے رو گے تو آپ کے کون لے گا۔۔؟؟ نانو کے پاس پہلے

جانا ہوتا تھا اب نانو آپ کے پاس ہیں تو آپ

رو رہے ہو۔۔"

روحی آپ عالیان کو اپنی گود میں لیتے ہوئے کہتی ہے۔۔

سارا دن تو ماما آپ کے پاس ہوتی ہیں جو نہیں ہوتا ہے اس کے

پاس بھی جاؤ۔۔

روحی کی گود میں آتے ہی عالیان چپ ہو جاتا ہے۔۔

روحی چلتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہوئے فیروز صاحب کے پاس آتی ہے۔۔

بابا اسے لے کر واک کرلیں گارڈن میں تھوڑی دیر امی کے ہاتھوں

سے بچ جائیں گے ورنہ پھر تو

اللہ خیر ہی کرے۔۔

روحی عالیان کو فیروز صاحب کو دیتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ٹھیک کہہ رہی ہو دے دو مجھے اس کو جیسے وہ ابھی بھی

مجھے گھور رہی ہیں میرا ہی ناشتہ بنا کر سب کو کھلا دے گی

تمہاری ماں"

فیروز صاحب کھڑے ہو کر عالیان کو روحی سے لیتے ہوئے سرسری

سی نظر سلطانہ بیگم پر ڈالتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

لاحولہ ولاقوتہ " کیا زمانہ آگیا پہلے شوہر گھورتے ہیں اب بیویاں

غصے میں گھورتی ہیں۔۔

ٹیڈی آپ میرے بابا ہے پاس روکو میں آپ کے بابا کا تھوڑا سا

جینا حرام کرکے آتی ہوں بہت سکون

لے لیا انہوں نے۔۔

روحی کہتے ہی دوڑتے ہوئے سلیپرز پہننے ہوئے وہ سیڑھیوں سے

اوپر اپنے کمرے کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔۔۔

چلیں میری جان اس سے پہلے کہ میرا جینا حرام کردی یہ

ظالم عورت ہم کچھ ٹھنڈی ہوا لے کر آتے ہیں۔۔

فیروز صاحب عالیان کے گال پر کس کرتے ہوئے اسے

اپنے ساتھ باہر گارڈن میں لے جاتے ہیں۔۔

سلطانہ غصہ ٹھنڈا کرو اور آجاؤ گرم و گرم کھانا بناتے ہیں

فیروز کو تم حویلی جا کر سیدھا کر لینا

ہیرا بیغم سلطانہ بیغم کا ہاتھ پکڑ کر اسے کیچن میں لے جاتی ہیں۔۔

ظالم عورت۔۔؟؟ ابھی میں ظالم بنی نہیں ہوں اب بن کر دیکھاؤ گی

اس بڈھے آدمی کو۔۔

سلطانہ بیغم دانت بھینچتے ہوئے غصے میں کہتی ہے۔۔

تم پہلے ہی بہت ظالم بن گئی ہو سلطانہ پورے گاؤں کی عورتوں پر تم

ایک بھاری ہو شوہر کو تو چھوڑ دو۔

ہیرا بیغم ہنستے ہوئے کہتی ہیں۔۔۔

میں اتنی بھی ظالم نہیں ہوں اب۔۔"

سلطانہ بیغم کیچن میں جاتے ہی ہیرا بیغم کو دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

تم ہو۔۔۔"کہتے ہی ہیرا بیغم کا قہقہہ بلند آواز میں لگتا ہے۔۔۔

بس آپ ہنس لیا کریں مجھ پر ہر وقت

سلطانہ بیغم ناراض لہجے میں کہتی ہیں اور کہتے ہی ناشتہ

بنانے لگتی ہیں۔۔۔

ہیرا بیغم بامشکل اپنی ہنسی کو ضبط کرتے ہوئے سلطانہ بیغم

کے ساتھ ناشتہ بنانے لگتی ہیں۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل کی نیند برباد کرنے کے لیے روحی کمرے میں آپہنچی تھی

دروازے کے ہینڈل پر ہاتھ رکھے

وہ زور سے دروازے کو

کھولے باسیل کی نیند کو بیدار کرنے کی شروعات کرچکی تھی۔۔

گڈ مارننگ انکل۔۔۔۔"

روحی کمرے میں داخل ہوتے دروازے کو بند کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

باسیل کوئی جواب نہیں دیتا ہے وہ منہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر

آنکھیں بند کیے ہوئے تھا۔۔

یہ نہیں اٹھ رہے ہیں۔۔"روحی کمر پر ہاتھ باندھے ہوئے گیلری کی

طرف بڑھتی ہے۔

گیلری کے دروازے کے پردے ہٹائے روحی زور سے ریلنگ کے

دروازے کو بند کھول کرتے ہوئے شور کرتی ہے۔۔

پر شور کا باسیل کی ذاتِ پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے۔۔

کون سی کم کرن کی نیند سو رہے ہیں یہ اٹھنے کا نام ہی نہیں لے رہے

ہیں آج تو۔۔۔"

روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے

وہ اس کی طرف بڑھتی ہے۔۔

باسیل اٹھیں۔۔۔"روحی باسیل کے سرہانے کھڑی ہو کر

کہتی ہے۔۔

سونے دو گڑیا پہلے ہی کل پوری رات تم نے مجھے سونا نہیں دیا ہے۔

باسل کروٹ لے کر اپنا چہرہ تکیے میں چھپاتے ہوئے کہتا ہے۔

میں نے کیا کیا ہے آپ خود ہی سونا نہیں چاہتے تھے چلیں اب

اٹھ جائیں نا میں نے کچھ دیکھانا ہے آپ کو

روحی باسل کے سرہانے کھڑی ہو اس کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہارے چہرے کے علاوہ صبح صبح میں نے

اور کچھ بھی نہیں دیکھنا ہے۔۔

باسل بند آنکھوں نے نیند کی گنودگی میں جواب دیتا ہے۔

آپ آنکھیں تو کھولیں آپ میرا چہرہ دیکھ لینا میں اپنی

بات کہہ دوں گی۔۔۔

باسیل کی کمر پر ہاتھ مارتے ہوئے کہتی ہے۔۔

میں زبردستی اٹھ گیا نا تو میں تمہیں کچھ کہنے دوں گا نا کہیں

بی جانے دوں گا۔۔۔

باسیل حکمانہ لہجے میں کہتا ہے۔۔

افہوو۔۔باسیل رومینس کی دنیا سے باہر بھی نکل جایا کریں آپ

روحی دونوں ہاتھ کمر پر رکھے گندا سا منہ بنا کر

باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی مڑ کر کھڑکی کھولنے کے لیے

آگے بڑھتی ہی ہے کہ باسیل جھٹ سے مڑکر روحی کو کمر سے

پکڑے بیڈ پر گراتا اس پر جھکے راہ فرار بند کر چکا تھا۔۔

اچانک سے بیڈ پر گرنے سے روحی پھٹی آنکھوں سے باسیل کو دیکھنے لگتی

۔ب۔۔باسیل یہ کیا کررہے ہیں آپ چھوڑیں مجھے

روحی باسیل کے کندھوں پر ہاتھ مارتے ہوئے اسے دور کرتے ہوئے کہتی ۔

کچھ کہہ رہی تھی تم میرے رومینس کے بارے میں اب

قریب سے بولو۔۔

آنکھیں کھولتے ہی کبھی روحی کی آنکھوں میں تو کبھی

اس کے ہونٹوں کو فوکس میں لیتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ک۔۔کچھ نہیں کہہ رہی تھی میں م۔۔۔میں بس آپ کو

اٹھانے آئی تھی۔۔۔

باسیل کی بہکتی ہوئی نگاہوں کو دیکھتے ہوئے بوکھلاتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

بس اٹھانے آئی تھی مجھے لگا تھا کہ شاید شاور لینے میں میری

مدد بھی کرو گی۔۔۔

باسیل روحی کے گال پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل کچھ بھی مت بولیں اور چھوڑیں مجھے امی آجائے گی ورنہ

روحی کو اس سٹیویشن سے نکلنے کے لیے اور کوئی

بہانا نہیں مل رہا تھا۔۔

میرے روم میں بنا میری اجازتِ کے کوئی نہیں آسکتا ہے

تم بتاؤ شاور لینے میں مدد کرو گی یا نہیں۔۔؟؟

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اپنی مسکراہٹ چھپاتے ہوئے

دوبارہ پوچھتا ہے۔۔

بلکل بھی نہیں کروں گی آپ خود اتنے بڑے ہیں آپ خود جا کر

لے لیں۔۔۔

روحی اپنی سانسوں کو روکتے ہوئے غصیلے نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

بڑا تو ہوں میں لیکن وہ کیا ہے بیوی کے ساتھ شاور لینے کا

اپنا ہی مزہ ہے رومینس کا رومینس شاور کا شاور

دونوں کام ایک ساتھ نپٹ جائیں گے۔۔"

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اس کی گردن کی طرف

جھکے وہاں اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

انکل چھوڑیں مجھے بہت بے شرم ہوگئے ہیں آپ۔۔

روحی باسیل کو اپنے اوپر سے ہٹاتے ہوئے کہتی ہے۔

بنا میری بے شرمی دیکھے تم مجھے اس لقب سے نہیں نواز

سکتی ہو بیگم

n a Good Boy....

باسیل بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

مجھ سے بہتر کون جان سکتا ہے کہ آپ گڈ بوائے ہیں یا بیڈ

میں آپ کی ہر سائیڈ جانتی ہوں۔۔۔

روحی بیڈ سے اترتے ہوئے اپنے کپڑے ٹھیک کرتے ہوئے سر جھکائے

کہتی ہے روحی کے سارے بال اس کے چہرے پر

بکھر جاتے ہیں جو باسیل کو اس کا چہرہ دیکھنے سے روک رہے ہوتے ہیں۔

یہ۔۔یہ تمہارے بالوں کو کیا ہوا ہے۔۔؟؟؟

باسیل بیڈ سے اترتے جلدی سے روحی کو کمر سے پکڑتے ہوئے

اپنے سینے سے لگائے اس کے

بالوں کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

کیا ہوا میرے بالوں کو۔۔۔؟؟؟

روحی باسیل کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے حیرانگی سے اس

کا کیا سوال دہراتی ہے۔۔

یہ اتنے چھوٹے کیوں ہو گئے ہیں یہ تو لمبے لمبے تھے۔۔؟؟

باسیل مسلسل روحی کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

یہ ایک دن سڑک پر واک کرنے جارہے تھے لڑائی ہوگئی تھی آپس میں

تو کاٹ پیٹ دیا ایک دوسرے کو۔۔

روحی سیریس فیس میں باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے

کہتی ہے۔۔

انسان کی بچی بن کر کبھی میری باتوں کا سیدھا جواب

نہیں دے سکتی ہو۔؟؟؟

باسیل گہری سانس لیتے ہوئے اپنا غصہ ضبط کرتے ہوئے بولا

آپ جیسا سوال کریں گے میں ویسا ہی جواب دوں گی یہ پچھلے دو

سال سے ایسے ہی ہیں نظر اب آرہا ہے آپ کو۔۔؟؟

روحی باسیل کے سینے پر ہاتھ رکھ کر غصہ میں کہتی ہے۔

تم پچھلے دو سالوں سے دھوکا دے رہی تھی مجھے

م۔۔مجھے لگا تھا یہ ویسے ہی ہیں۔۔"

باسل بے بس سا منہ بنا کر اپنے دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

میں نے کب دھوکا دیا آپ کو جب کٹوائے تھے تب دیکھائے تو تھے

آپ کو۔۔۔

روحی کمر پر ہاتھ رکھ کر بڑی بڑی آنکھیں کیے گھورتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

کب دیکھائے تھے مجھے تو یاد نہیں ہے۔۔

باسل تھوڑا دھیمے لہجے میں کہتا ہے۔

انکل میں اب آپ کا سر پھاڑ دوں گی کس ماں کے ساتھ لگے

ہوئے تھے جو اپنی بیوی پر دھیان نہیں تھا آپ کا۔۔۔

روحی کا غصہ اس کے سر چڑھ رہا تھا وہ کاٹ کھا جانے والی

نظروں سے دیکھتے ہوئے غصے میں کہتی ہے۔

تم مجھ پر شک کررہی ہو۔۔؟؟؟

باسیل بھی کمر پر ہاتھ رکھے اُسے آنداز میں پوچھتا ہے۔

شک نہیں کررہی ہوں مجھے پورا پورا یقین ہے باسیل یقیناً آپ نے

میرے لیے سوتا کا انتظام کر رکھا ہوگا پاکستان میں

روحی باسیل کی طرف بڑھتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔

کتنی خراب ہوگئی ہو تم شرم کرو شوہر ہوں میں تمہارا

باسیل روحی کو غصے میں دیکھتے ہوئے اپنی کمر سے ہاتھ ہٹاتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

میں تو خراب نہیں ہوئی ہوں البتہ آپ کی نیت ضرور خراب

لگ رہی ہے۔۔

روحی کہتے ہوئے باسیل کے قریب آتی ہے روحی کو دیکھتے ہوئے

باسیل بڑی بڑی آنکھیں کیے بیڈ پر بیٹھ جاتا ہے

اور سر اٹھا کر اس کو دیکھنے لگتا ہے۔۔

میں ابھی نیچے تائی امی کو جا کر بتاتی ہوں ان کا بیٹا کتنا میسنا

ہو گیا ہے بیوی دور کیا ہوئی انہوں نے

دوسری پٹالی

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اپنے لب بھینچتے ہوئے

غصہ میں کہتی ہے اور کہتے ہی لمبی گہری سانس لیتے

وہ روم سے باہر جانے کے لیے پلٹتی ہے کہ باسیل روحی کی کلائی پکڑ کر

اسے زور سے اپنی طرف کھینچتا ہے

روحی سیدھا باسیل کی گود میں آگرتی ہے۔۔

انکل چھوڑیں مجھے۔۔۔

روحی اٹھنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

صبح صبح ناراض ہوگئی مجھ سے۔۔؟؟

باسیل روحی کے بالوں کو کندھے سے ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔

تو نہیں ہونا چاہیے مجھے لگا تھا کہ آپ مجھ سے دور ہو کر بھی

دور نہیں ہوئے پر آپ تو ہوگئے ہیں۔۔

روحی مایوسی سے کہتی ہے۔۔

انکل اپنی گڑیا کے علاوہ اور کہاں جائے گا میرا سب کچھ تو تم ہی ہو یہ 4 سال میں نے کیسے گزاریں ہیں تمہارے بغیر یہ میں ہی جانتا ہوں۔۔۔

باسیل روحی کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں پکڑے ہوئے اس کے پیٹ کے گرد ان کو باندھتے ہوئے کندھے سے سر ٹیکائے ہوئے کہتا ہے۔

آپ جھوٹ بول رہے ہیں۔۔"

روحی اپنے ہاتھوں کو چھوڑواتے ہوئے کہتی ہے۔۔

تم سے جھوٹ بول سکتا ہوں میں۔۔؟؟

باسیل روحی کے ہاتھوں کو دوبارہ اپنے ہاتھوں میں قید کرتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

مجھے نہیں پتا پر تھوڑا تھوڑا سا لگ رہا ہے۔۔

روحی باسیل کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی

اپنا سر جھکا لیتی ہے۔۔

تھوڑا تھوڑا بھی مت لگاؤں باسیل سکندر روحی سکندر کے علاوہ

صرف اپنی ماں کا اور دوسرا اپنی اولاد کا ہے۔۔

باسیل روحی کے چہرے کو پکڑے ہوئے پیار سے اس کے گال پر

اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پکا۔۔؟؟؟ روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

شک کی گنجائش ہے ابھی بھی۔۔؟؟؟

باسیل جواب دینے کے بجائے واپس سوال کرتا ہے۔۔

فلحال تو نہیں ہے مان لیتی ہوں میں آپ کی بات کیا یاد رکھیں گے آپ

روحی باسیل کی گود سے اٹھے الٹے قدم اٹھاتے

ہوئے کمر کے دروازے کی طرف بڑھتی ہے۔۔

باسیل روحی کو دیکھتے ہوئے دونوں ہاتھ بیڈ پر رکھے تھوڑا

پیچھے کی طرف جھک کر روحی کو دیکھتے ہوئے مسکرارہا ہوتا ہے۔

ویسے انکل ایک بات یاد رکھیں گا روحی کا طور طریقہ بدلا ہے

روحی نہیں بدلی

ان کپڑوں سے مجھے انگریزوں کی چھوی موی لڑکی سمجھنے کی

ضرورت نہیں ہے میں آج بھی اپنے گاؤں کی

گنڈی ہوں جو دھوکے پر سامنے والے کا مار مار کر حشر کر سکتی ہے۔

روحی کمرے کا دروازہ کھولتے ہوئے کہتی ہے۔۔

دھمکی دے رہی ہو۔۔؟؟ باسیل بیڈ سے اٹھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں وارن کر رہی ہوں آپ کو میں آپ کا سچ میں حشر کر سکتی

ہوں یہاں تو میں جم بھی جاتی ہوں

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

ایسے تو تم مشکل میں پڑ جاؤ گی ڈاکٹر بننے سے پہلے ہی شوہر پر تشدد

کے کیس میں جیل میں پہنچ جاؤ گی تم

باسیل الماری کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو اس کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے میرا شوہر بڈھا ہے تو

کیا ہوا جج بھی ہے کام کا اس عمر میں بھی چلتی ہے اس کی تھوڑی بہت

وہ مُجھے کیس سے رہائی دلوا دے گا نو ٹینشن

روحی کمرے سے باہر جاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

زیادہ گھمنڈ نہیں ہو رہا ہے تمہیں اپنے شوہر پر۔۔۔؟؟؟

باسیل اپنے لیے الماری سے بلیک کلر کا سوٹ نکالتے ہوئے کہتا ہے۔

میرا ہے تو گھمنڈ تو بنتا ہے۔

روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے اپنے کندھے اچکاتے ہوئے اپنی ہنسی

کو کنٹرول کرتے ہوئے کہتی ہے

پر نہیں کرپاتی اس کی بات پر دونوں ہنس پڑتے ہیں۔۔

جلدی آجائیں۔۔"روحی دروازے کو بند کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

آرہا ہوں۔۔۔"باسیل واش کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی کمرے کا دروازہ بند کیے سیدھا واپس حال میں آجاتی ہے

فیروز صاحب سے عالیان کو لیے وہ اس کو صوفے پر بیٹھا کر پہلے

ناشتہ کروانے لگتی ہے۔

ارے میرے ٹیڈی کو اتنی ساری بھوک لگی ہوئی تھی

روحی وائپ سے عالیان کا منہ صاف کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

اور کھانا ہے ٹیڈی۔۔۔؟

روحی عالیان کو صوفے پر لیٹاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ٹیڈی جواب نہیں دیتا ہے ہاں میں سر ہلاتے ہوئے منہ موڑ لیتا ہے۔

گندی اولاد کبھی منہ سے جواب بھی دے دیا کرو ساری زندگی اپنی

ماں کو اشارے ہی کرتے رہو گے کیا۔۔۔"

روحی غصے میں کہتی ہے ہر جلدی ہی وہ اپنے غصے کو کنٹرول کرلیتی ہے۔

یہ ہی پر لیٹے لینا گرنا مت۔۔"روحی عالیان کی سائیڈ پر پلو

رکھتے ہوئے کہتی ہے اور بھاگ کر کیچن میں جاتی ہے تھوڑا سا ناشتہ

اپنی ماں کے ہاتھ کا بنایا ہوا اس کے لیے

لے کر آتی ہے۔

وہ کیچن میں ہوتی ہے اتنے میں باسیل بھی فریش ہو کر بلیک کلر کے

تھری پیس سوٹ پہنے ہوئے جس کے کوٹ کے بٹن کھلے

ہوئے اور شرٹ کا شروع کا ایک بٹن بھی

عالیان کو لیٹا دیکھ کر باسیل شب کو سلام کرتا ہوا اس کے پاس

صوفے پر بیٹھتے ہوئے عالیان کو اپنی گود میں بیٹھاتا ہے۔۔

اتنے غصے میں کیوں ہو تم بھئی۔۔۔؟ ؟؟

باسیل عالیان کا چہرہ دیکھتے ہوئے اسی سے پوچھتا ہے جس کا

جواب عالیان نہیں دیتا ہے۔۔

بات سنو میری عالیان سکندر یہ سڑو لک تمہارے باپ یعنی کہ

مجھ پر سوٹ کرتا ہے تمہیں ابھی سے باپ جیسے بننے کی

ضرورت نہیں ہے۔۔

ماں جیسا بھی بننے کی ضرورت نہیں ہے تمہیں وہ تو بہت زیادہ

ہی خراب ہے۔۔

تم بس انسان بن جاؤ ٹھیک ہے ہنسو مسکراؤ کھیلو باتیں کرو تین سال کے

ہونے والے ہو لیکن مجال ہے جو کچھ بول لو اور

ہنس لو۔۔۔۔"

باسیل گندا سا منہ بناتے ہوئے کہتا ہے۔۔۔

ہنس تو لو ایک بار تو ہنس لو۔۔

باسیل عالیان کے پیٹ میں گدگدی کرتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے

پہلے تو عالیان نہیں ہنستا ہے پھر وہ بھی

ہنس پڑتا اور وہ بھی زور سے

عالیان کے ہنسنے کی آواز پر جھٹ سے سب کی نظریں ان کی

طرف اٹھتی ہیں۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔ہیرا بیگم دونوں باپ بیٹے کو دیکھتے ہوئے

کہتی ہیں۔۔

اللہ پاک دونوں کو بری نظر سے ہمیشہ بچا کر رکھیں

آمین۔۔۔"ہیرا بیگم کے کہنے پر روحی اور سلطانہ بیگم دونوں بولتی ہیں۔

روحی مسکراتے ہوئے دیکھتے ہوئے عالیان کے لیے

ناشتہ لے کر صوفے کی طرف بڑھتی ہے۔

روحی کو آتا دیکھ باسیل کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری تھی جیسے

وہ کنٹرول کر گیا تھا۔۔

روحی بھی باسیل سے عالیان کو لیتے اسے ناشتہ کروانے لگ جاتی ہے

جبکہ باسیل صوفے سے پشت ٹیکائے روحی اور عالیان کو دیکھنے میں مصروف

ہو جاتا ہے۔۔۔

آج تم بلکل پاکستانی اما لگ رہی ہو۔۔۔

باسیل کی بات پر روحی گھورتے ہوئے ااس کو دیکھتی ہے۔

مطلب۔۔؟؟؟ روحی غصیلی نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

مطلب یہ کہ تم۔۔۔۔۔

باسیل اپنی بات مکمل کرنا چاہتا تھا پر روحی کے ہاتھ میں پانی

ہا بھرا اگلاس دیکھ کر وہ گہری سانس

لیتے ہوئے خاموش ہو جاتا ہے۔۔

چاچو کہاں ہیں۔۔؟؟ باسیل اپنے گھر والوں کے سامنے اپنی

عزت بچاتے ہیں اپنا ٹوپک چینج کرلیتا ہے۔۔

وہ باہر گارڈن میں ہیں۔۔"

روحی گلاس سامنے ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں بھی وہی چلا جاتا ہوں اس سے پہلے کہ ماحول گرم ہو جائے

اور مجھے لینے کے دینے پڑ جائیں۔۔۔

باسل عالیان کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتا ہے اور اٹھ

کر گھر سے باہر گارڈن کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسل باہر گارڈن میں فیروز صاحب کے ساتھ بیٹھے ہوئے باتوں میں

مصروف تھا جبکہ روحی عالیان کے ساتھ کھیلنے میں

کھانا کھلا کر وہ اس کے ساتھ کھیلنے لگ جاتی ہے۔

سلطانہ بیگم اور ہیرا بیگم دونوں ہی ناشتہ بنا کر ٹیبل پر لگا رہی تھیں۔۔

سب اپنے اپنے کاموں میں مصروف ہوئے پڑے تھے۔۔۔

لندن کے مہنگے محلوں میں سے ایک جو صرف پارٹیوں کے

لیے استعمال ہوتا ہے وہاں اب ایک گھر کا ماحول بن چکا تھا۔

پورے گھر میں پاکستانی کے دیسی کھانوں کی خوشبوئیں پھیلی ہوئی

تھیں باتوں کی قہقہوں کی آوازیں روحی کی آوازیں گونج رہی تھیں۔

♡_____♡.....♡_____♡

وہی دوسری طرف دوسرے ملک کے ایک بے حد بے تحاشہ خوبصورت

مینشن میں سناٹا چھایا ہوا تھا۔۔۔

جرمنی کے سب سے مشہور حویلی ایک امیر معذب خاندان

جس کے چرچے ہمیشہ اچھے لفظوں میں کیے جاتے ہیں۔۔

جب بھی اس خاندان کا ذکر کیا جاتا ہے لوگوں کے چہروں پر

مسکراہٹیں ہی بکھیرتی ہیں۔۔

جون خاندان " جو ناجانے کتنی پشتون سے اسی حویلی میں

رہتے تھے۔

جو سفید رنگ کے رنگ میں چاروں طرف سے رنگی ہوئی تھی

اندر ہر چیز مہنگی سے مہنگی موجود تھی۔

دیواروں پر لگی تصویروں کے ساتھ ساتھ زمین پر رکھے ہوئے

دور میٹ ہر چیز مہنگی ترین تھی۔۔۔

یہ ایک بہت بڑی 5 کنال پر بنی ہوئی ایک بہت بڑی قبائل حویلی تھی

جس کے چاروں اطراف لمبے چوڑے 6 فٹ سے نکلتے ہوئے

چوڑی بوڈی کسرتی جسم کے گارڈز گارڈز کھڑے ہوئے تھے۔

جو اس حویلی میں رہنے والے لوگوں کی حفاظت کے لیے تھے اور واقع

میں ان کی ہر طرح سے حفاظت کرنے میں کبھی ناکام نہیں رہے۔۔

حویلی کے باہر گارڈن میں دروازے کے سارے ایک بہت بڑا

پانی کا فوارہ لگا ہوا تھا جو دن میں تو نارمل پانی دیتا تھا پر رات ہوتے ہی

خودبخود اس کے اندر کی لائٹس آن ہو جاتی تھیں۔۔۔

حویلی کے اطراف میں موجود تقریباً 100 سے زیادہ گارڈز تھے

جو ایک ہی 100 کے برابر ہوتا ہے۔۔

جتنے باہر مرد گھر کو چاروں طرف سے پروٹیکٹ کرنے والے

تھے وہی ان کی آدھی تعداد میں عورتیں حویلی کو

صاف رکھنے والی تھیں۔

جو دن میں دو بار صفائی کر کے پوری حویلی کی چمک کو

برقرار رکھتی تھیں۔۔

جون خاندان کے خاندان میں زیادہ لوگ نہیں تھے لیکن جتنے بھی

تھے وہ سب کسی نا کسی کام میں مہارت رکھتے تھے۔

جون خاندان کرسچن تھے جو ہفتے میں ایک بار ایک ساتھ چرچ ضرور

جاتے تھے یہ ہی وہ وقت ہوتا ہے جب وہ سب

ایک ساتھ ہوتے ہیں۔

کیونکہ آ سب کا ایک ساتھ ہونا نئے جنگ کی شروعات کا

اعلان کرتا ہے۔

دنیا کی نظر ایک معذب خاندان جو

ہمیشہ ایک ساتھ رہتے تھے لیکِن حقیقت میں وہ سب

ایک دوسرے کو ناپسند کرنے والے

دوغلی محبت نچھاور کرنے والے

اپنے مطلب کے کسی بھی گدھے کو باپ نہیں بادشاہ ہی

بنا لیتے ہیں لیکن مطلب نکلتے ہی پیروں تلے روندنے میں

زیادہ وقت نہیں لگاتے ہیں۔

10 بلیک کلر کی لینڈ کروزر ان کے پاس کھڑی ہوئی تھیں جن کے

باہر گارڈز اپنی گنوں کے ساتھ تعینات کھڑے کیے ہوئے تھے۔

ان گارڈیوں کے دوسری طرف گارڈن ہی سرسبز زمین پر تین افراد

کھڑے ہوئے تھے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

دو ادھیڑ عمر کے اور ایک جوان لڑکی

ان سب کے علاؤہ کوئی بھی تھا ان کے خاندان کا حصہ ان کے خاندان کی

شاخِ جو چرچ ہے باہر نہیں اس کے اندر کرسیوں پر بیٹھے ہوئے

آپس میں ہاتھ جوڑے ہوئے آنکھیں بند کیے پر سکون بیھٹے ہوئے یہ

شخص کوئی اور نہیں "دائیگو جون "

جون خاندان کے سب سے بڑے سربراہ 71 سالہ آدمی وہ واحد شخص

جن کے آگے پورے جون خاندان کا اور اس کے ساتھ ساتھ

پورے جرمنی کا سر ڈر سے نہیں عزت سے جھکتا ہے۔۔

سوائے ایک بھی وہ نا تو ڈر میں سر جھکاتا ہے اور نا ہی عزت میں

حقیقت میں اس سے بڑا کوئی کھلاڑی نہیں

اپنوں کی حقیقت کو وہ اتنی گہرائی سے جان چکا ہے کہ اب سر جھکانا

تو دور نظریں جھکانا اسے اپنی انا کا مسئلہ لگتا ہے۔۔

صرف دائیگو کو چھوڑ کر باہر کھڑے ہوئے لوگ ایک ساتھ جو

آج سب بھی اسی ایک ایسے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے

چرچ کے باہر کھڑے اسے شخص کا انتظار کررہے تھے

جنہیں وہ آج کل اپنی سلطنت کا بادشاہ بنائے ہوئے تھے۔۔

"اور وہ بادشاہ کوئی اور نہیں "دیریک جون تھا "

ایک ایسا بادشاہ جو ہر طرح کی حقیقت سے واقف تھا کون کس

مقصد کے لیے کو منافع کے لیے اس کو کس کس

طریقے سے استعمال کرنا چاہتا ہے۔

وہ ہر چیز سے واقف تھا واقف وہ

ہر چیز سے زیادہ لیکن وہ لبوں پر کفل لگائے

ہوئے اپنوں کے ہر رنگ کو قریب سے دیکھ رہا ہوتا ہے۔

اپنی خاموشی کو اپنی کمزوری بنائے وہ

سب کی زندگی کا حصہ بن بیٹھا تھا انہیں خوشیاں دینے کے لیے

ی ان سے سب چھیننے کے لیے

وہ تو وقت ہی بتائے گا وقت نے اسے سب بتا دیا ہے اب وہ

وقت پر سب کو آئینہ دیکھائے گا۔۔۔

دائیگو جون کے بعد وہ حویلی بزنس اپنی ساری جائیدادوں کا اکلوتا

وارث جو تھا۔۔

ماں باپ نہیں تھے دیریک تھے جو بچپن سے ہی اپنے دادے کے ساتھ

اپنے باپ کے کزن کے ساتھ رہتا تھا یا یہ کہہ سکتے ہیں کہ

وہ زبردستی اس کے ساتھ رہتے ہیں۔

سوائے دائیگو کے وہ پہلے سے ہی اس حویلی کا حصہ تھے

جو زبردستی رہنے آئے تھے اپنے جھوٹے مقاصد لے کر وہ دیریک کے

دائیگو کے بھائی کے بیٹے اور اس کی بیوی اور بیٹی تھی

جو پچھلے 15 سال سے ان کے ساتھ رہ رہے ہیں۔۔۔

پہلے ڈائیگو کے مرنے کے انتظار میں لیکن اب جب وہ سب جان

گئے ہیں ڈائیگو کے بعد اس پوری سلطنت پر راج کون کرے گا

اب اپنی ساری کوششیں اس شخص کو اپنا بنانے میں لگا چکے ہیں۔۔

پر انہیں کون بتائے جسے پھنسانے کے لیے چالیں چلی جارہی ہیں

وہ پھنستا نہیں وہ خود لفظوں کے ساتھ ساتھ شطرنج کا بہترین

کھلاڑی بازی کب پلٹنی ہے کیسے جتنا ہے وہ سب جانتا ہے

منتظر ہے تو صحیح وقت کا جو اسے ہزار بار ملے لیکن اس نے ان سب کو

ٹھکرادیا اور انتظار کرنے لگا۔۔۔۔

new is he did someone tell him we are waiting for

n??..

کالے گڈھنوں تک کے گاؤن میں ملبوس 46 سالہ

خاتون اور سر پر بلیک کلر کی کیپ پہننے ہوئے اپنے پاس کھڑی ہوئی

25 سالہ لڑکی سے پوچھتی ہے۔

جو اسکین کلر کے ٹخنوں سے اوپر تک کے گاؤن میں ملبوس

چہرے پہ لٹیں بکھیرے ہوئے وہ ہوا سے اس کے چہرے پر بکھر جاتا ہے

لائٹ براؤن آنکھوں پر براؤن کلر کا چشمہ لگائے ہوئے

وہ چرچ کے دروازے کی طرف نظریں جمائے ہوئے دیکھ رہی ہوتی ہے۔

old him mama relax he'll definitely come....

ادینہ جون۔۔جون کا خاندان کا حصہ خاندان کی اکلوتی بیٹی

دیریک جون کے بابا کے کزن کی اکلوتی بیٹی اکلوتی ہونے کے

ساتھ ساتھ اب وہ

جون خاندان کی اکلوتی بہو کا سپنہ دیکھنے والی

دیریک جون کی بیوی بننے کی خواہش آنکھوں میں سجائے وہ اس کی

چمک اپنی زندگی کو چمک دار بنانے کی خواہش مند تھی۔۔

on't think he is coming we don't need to wait him for to

ng

t's go inside"...

50سالہ عمر کا آدمی ہینڈری جون بلیک کلر کے تھیری پیس سوٹ

میں ملبوس ادینہ کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

elax daddy..He'll come daddy he needs to come

old him I'm waiting for him....

ادینہ غصے میں اپنے ڈیڈ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ow you can be so sure about him if he

ants to come he'll

me look at the time he never be late like that before..

at's the mean hr doesn't wants to marry you

at's why he's not here

day in the Church to get the marriage date..

t's go inside now don't make me More angry"....

ہینڈری غصے میں ادینہ کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

n not going anywhere daddy he said he will come

needs to come here

ادینہ ضدی لہجے میں غصے کو کنٹرول کرتے ہوئے گہری سانسیں

لیتے ہوئے کہتی ہے۔۔

t's go she's going to completely mad soon..

ہینڈری اپنی بیوی کی بازوؤں پکڑ کر اسے چرچ میں لے جاتے ہوئے تلخ

لہجے میں کہتا ہے۔۔

ادینہ ان کی باتیں سن کر اپنے چہرے سے چشمہ اتار کر زور سے زمین پر

پھینکتی تھی اور ہاتھ میں پکڑے ہوئے کلچ سے

ادینہ فون نکال کر وہ دیریک کو فون ملانے لگتی ہے جو وہ نہیں اٹھتا ہے۔۔

ظاہر ہے جب وہ آگنور کرتا ہے تو بندہ کو اپنی ذات ہے ساتھ ساتھ اس کی سات پشتیوں کے وجود پر بھی شک کروادہی دیتا ہے۔۔

ادینہ کا غصہ اس کے سر چڑھنے لگا تھا فون بج رہا تھا پر وہ اٹھا نہیں رہا تھا۔

here are you".....

ادینہ فون کو غصے میں بھینچتے ہوئے فون پر اس کے گارڈ کا نمبر ڈائل کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

دیریک کا کوئی آسسٹینٹ نہیں تھا صرف گارڈ تھا وہ بھی ایک ہی کیونکہ وہ ایک ہی اس کی ہر چیز کرتا ہے چاہیے پرسنل کام ہو یا پھر پروفیشنل جو کرتا ہے وہ ایک ہی کرتا ہے۔

دیریک کا بہترین دوست بھی وہی ہے اس کی جان کی

حفاظت کرنے والا شخص بھی وہی ہے۔۔

تامیر " 6 فٹ سے نکلتا ہوا قد چوڑی کسرتی باڈی ایک جسم

میں دو لوگوں کو جیسے سمایا ہو اتنا لمبا چوڑا

گورا کالی آنکھوں والا گارڈ "

حویلی میں دیریک کے کمرے کے دروازے کے باہر کھڑا ہوا اپنے فون پر

گیم کھیل رہا تھا اچانک سے دانیہ کی کال پر وہ گیم ہار جاتا ہے۔

ہار کے غصے میں وہ فون پھینکنے ہی لگتا ہے کہ۔دانیہ کا نمبر دیکھ کر

اس کی وجہ سے اپنی ہار دیکھ کر تامیر کی رگیں تن گئی تھیں۔۔۔

پر غصے کو کنٹرول کیے وہ گہری سانس لیتے ہوئے دانیہ کا فون اٹھاتا ہے۔

here's Derek???.....

دانیہ اپنی گاڑی کی طرف بڑھتے ہوئے گارڈ ہو گاڑی سے باہر نکلے

خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے ہوئے غصے میں پوچھتی ٹ۔۔۔

n.......he is busy..

تامیر کمرے کے بند دروازے کی طرف نظر گھوماتے ہوئے

کہتا ہے۔۔۔

here ??..

دانیہ سیٹ بیلٹ لگاتے گاڑی کے دروازے کو بند کرتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

the room...

تامیر اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ne with someone ??...

دانیہ کو اس سوال کا جواب پتا تھا لیکن ہو پھر بھی پوچھ رہی تھی۔

on't know I'm not in his room...

تامیر اپنی کندھے اچکاتے ہوئے دیریک کے کمرے سے دور ہوتے

ہوئے کہتا ہے۔۔۔

and tell him I'm coming...

ادینہ حکمانہ لہجے میں کہتی ہے اور کہتے ہی فون کاٹ دیتی ہے۔۔

گاڑی کو اسٹارٹ کیے وہ اکیلی حویلی کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔

re...

فون بند ہوتے ہی وہ بول پڑتا ہے۔۔

having like that you're his wife and he is scared

th you"....

چچچ۔۔۔تامیر فون بند ہوتے ہی فون کی اسکرین کی

طرف دیکھتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

ایک نئ صبح کو کسی اور کے لیے شروع ہوگئی تھی ایک ایسی

صبح جس میں وہ بھوکا پیاسا کھڑا ہوا اپنی بیوی کے سرہانے اسے

دیکھ رہا ہوتا ہے۔۔

کھڑکی کھولی ہوئی تھی جہاں سے دھوپ کی روشنی پردوں سے

چھن کر کمرے میں آرہی تھی اور آتے ہی بیڈ پر لیٹی ہوئی آئمہ کے

چہرے پر لگ رہی تھی۔

اسے روشنی سے بچانے کے لیے بدر اس کے سرہانے کھڑا ہوا اسے دیکھے

جارہا تھا۔۔۔

آئمہ کو دیکھتے ہوئے بدر کے چہرے پر مسکراہٹ تھی اب وہ

اسے محبت بھری نگاہوں سے دیکھنے کی وجہ سے ہے یا پھر کسی

اور ارادے سے وہ تو بدر ہی جانتا تھا۔۔

اٹھ جاؤ کم کرن کی چھوٹی بہن

بدر کہتے ہوئے آئمہ کے سامنے سے ہٹتا ہے کہ دھوپ کی روشنی سیدھا

آئمہ کے چہرے پر آلگتی ہے۔۔

بدر تنگ مت کریں سونے دیں مجھے۔۔

آئمہ کروٹ لیتے ہوئے مڑ اپنی ننھی شہزادی میں اپنا منہ چھپائے

ہوئے کہتی ہے۔۔

پوری رات سوئی ہی تو ہو اٹھو کیا کیا ہے تم نے اب اٹھو

اور ناشتہ بنا کر دو مجھے

بدر سفید رنگ کے کارٹن کے کڑک شلوار قمیض پہنے ہوئے

ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے براؤن کلر کا کوٹ پہنتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

بدر میں نہیں اٹھ رہی ہوں پوری رات آپ کی اولاد نہیں سونے

دیتی ہے اب صبح صبح باپ شروع ہو گیا ہے۔۔

آئمہ اپنے منہ تک کمبل اوڑھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

واہ واہ سارا الزام اب مجھ پر لگا لو اب تم کہہ دو کہ میرا کام کرتے ہوۓ

کچھ ہورہا ہے تمہیں۔۔۔"

بدر مڑ کر جلے بھنے انداز میں کہتا ہے۔

ہاں موت پڑ رہی ہے مجھے نہیں ہوتا ہے مجھ سے کوئی کام کام چور

ہوگئی ہوں میں اب۔۔۔

آئمہ منہ سے کمبل اوتارتے ہوئے گہری سانس لیتے ہوئے نیند میں

بھری آنکھیں دھیرے دھیرے سے کھولتے ہوئے کہتی ہے۔۔

چلو شکر ہے مان لیا تم نے خود ہی مجھے کہنے کی ضرورت نہیں پڑی

بدر بالوں میں بکھرے ہوئے چھپے ہوئے آئمہ کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

بدر جائیں یہاں سے تنگ مت کریں ورنہ گنجا کر دوں گی میں آپ کو

آئمہ بیڈ سے گدی اٹھا کر بدر کی طرف

پھینکتے ہوئے کہتی ہے۔

صبح صبح دھمکیاں شروع ہوگئی ہیں تمہاری بندہ ٹائم تو دیکھ

لیتا ہے۔۔

بدر گدی کیچ کرتے ہوئے بولا

آپ کو بھی اب ٹائم نظر نہیں آرہا ہے آپ بھی تو صبح صبح

تنگ کرنا شروع ہوگئے ہیں۔۔

آئمہ غصے میں گھورتے ہوئے اپنے چہرے سے بال ہٹاتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

بس ٹھیک ہے نہیں بنا پر دے رہی ہو تم مجھے ناشتہ میں ناراض

ہونے لگا ہوں تم سے

بدر منہ پھلائے ہوئے کہتا ہے۔

ہاں جائیں ہو جائیں ناراض کچھ دیر مجھے سکون کی سانس

تو ملے گی۔۔

آئمہ گہری سانس لیتے ہوئے کہتی اور واپس منہ تک کمبل اوڑھے

لیٹ جاتی ہے۔

میں ہونے لگا ہوں ناراض۔۔۔"

بدر آئمہ کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

بولا نا ہو جائیں نظر کے ساتھ ساتھ کان بھی خراب ہو گئے ہیں آپ کے

لگتا ہے مجھے۔۔۔

آئمہ کمبل اوڑھے ہوئے منہ چھپائے غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔

توبہ توبہ کیا زمانہ آگیا ہے آج کل کی بیویاں نا تو ڈرتی ہیں

اور نا ہی اب عزت کرتی ہیں۔۔۔

بدر ہاتھ میں پکڑی ہوئی گدی صوفے پر پھینکتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے

ہی کمرے سے باہر کی طرف نکلنے لگتا ہے۔

میں جا رہا ہوں نہیں دے رہا نا مجھے ناشتہ گناہ ملے گا تمہیں

ایک تو ہینڈسم اوپر سے گاؤں کا سربراہ کو بھوکا پیاسا رکھ رہی ہو

انشاء اللہ گناہ ملے گا تمہیں

چویا کی شکل کی۔۔۔

بدر دروازے کو کھولتے ہوئے آئمہ کی طرف پلٹ کر پیچھے دیکھتے

ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی کمرے کا دروازہ بنا بند ہے وہ کمرے

سے باہر نکل جاتا ہے۔۔

آئمہ کی نیند تو وہ پہلے ہی برباد کر چکا تھا اب نیند اس کی آنکھوں

سے کوسوں دور ہو چکی تھی۔۔

بدر اللہ پوچھیں گے آپ کو گندے مسلی کہیں کے

آئمہ منہ سے کمبل ہٹاتے ہوئے غصے میں بیڈ سے اترتے ہوئے

کہتی ہے۔۔۔

آئمہ بیڈ سے اتر کر اپنی بیٹی کے دونوں طرف اچھے سے تکیہ

سیٹ کیے اسے اچھے سے محفوظ کیے کمبل اوڑھا

کر سائیڈ ٹیبل سے اپنا کیچر اٹھا کر بالوں کو جوڑا بناتے ہوئے پیروں میں

جوتی پہنتے ہوئے وہ کمرے سے باہر نکل جاتی ہے۔۔

باہر نکلتے ہی اس کی نظر پہلی سیڑھی پر ریلنگ کے ساتھ

ٹیک لگائے ہوئے بدر پڑتی ہے جو موبائل میں لگا ہوا تھا اور آئمہ کے

آنے کا انتظار کر رہا تھا۔۔

انسان کو اتنا بھی لالچی نہیں ہونا چاہیے کہ کسی اور کیا

خیال نا رہے۔۔

آئمہ بالوں میں کیچر لگاتے ہوئے اپنا دوپٹہ ٹھیک کرتے ہوئے بدر کی

طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

لالچ ہو گیا ہے اب کیا کر سکتے ہیں بیوی نے اپنے ہاتھ کے

کھانے کا عادی کر رکھا ہے صبح کی شروعات اس کے ہاتھ کے ناشتہ

اور گرم و گرم چائے سے نا کی جائے

وہ دن خوشگوار نہیں گزرتا ہے۔۔۔

بدر آئمہ کو اپنے سامنے کھڑا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باتیں کروالوں بس۔۔۔"آئمہ سیڑھیوں سے نیچے اترتے ہوئے

کہتی ہے۔۔۔

میری گڑیا نہیں اٹھی۔۔؟؟ بدر آئمہ کے پیچھے پیچھے سیڑھیوں سے

اترتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں اٹھی اور خبردار اسے اٹھانے کے بارے میں سوچا بھی تو پہلے

ایک مصیبت سے فارغ ہو جاؤ پھر دوسرے کی طرف

بڑھوں گی۔۔

آئمہ مڑ کر انگلی اٹھائے وارن کرتے ہوئے کہتی ہے۔

اچھا میں نہیں اٹھتا اتنا غصہ تو نا کرو۔۔۔

بدر آئمہ کی انگلی کو نیچے کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ویسے کچھ زیادہ سڑیل نہیں ہوگئی ہو تم۔۔؟؟؟

بدر گندا سا منہ بناتے ہوئے کہتا ہے۔

جب پریگنینٹ لیڈی کو سکون نہیں ملتا ہے و ایسی ہی ہوتی ہیں۔

اولاد میں ایک پیدا کی ہے لیکن آپ کو دیکھتے ہوئے لگتا ہے

ایک نہیں دو

بچیں ہیں میرے کبھی یہ کردو کبھی وہ لادو

کبھی کچھ بنادوں۔۔۔

سارا دن آپ کے کام ختم نہیں ہوتے ہیں ہوتے ہیں تو آپ کی

گڑیا کے شروع ہو جاتے ہیں میں کہاں جاؤں۔۔

آئمہ حال میں کھڑی ہوئی بدر ہو دیکھتے ہوئے غصے میں گن گن

کر بتاتی ہے۔۔

ادھر میرے پاس آؤ۔۔"

بدر آئمہ کی بازوؤں پکڑ کر اسے اپنے قریب کرتے ہوئے اسے اپنے

سینے سے لگائے اس کے ماتھے پر بوسہ دیتا ہے۔

جانتا ہوں یہ سب مشکل ہے تمہارے لیے لیکن ایک دو دن کی

بات ہے پھر امی والے آجائیں گے

پھر ٹھیک ہو جائے گا سب اتنی ٹینشن نا لو تم۔۔۔"

بدر آئمہ کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آئمہ خاموشی سے اس کی باہوں میں قید بدر کے سینے

سے سر لگائے ہوئے کھڑی ہوئی تھی۔۔

بدر میں صرف ناشتہ میں پراٹھے ہی بناؤں گی مسکے مت ماریں

مجھے کچھ نہیں کرنے والی ہوں میں مزید

آئمہ بدر کے سینے پر سر رکھے ہوئے کہتی ہے اور

کہتے ہی بدر سے دور ہو جاتی ہے۔۔

یہ کیا بات ہوئی تم نے کہا تھا ناشتہ میں وائٹ کڑھائی بنا کردو گی

اب بنا کردو مجھے۔۔۔

بدر معصوم سی شکل بنا کر آئمہ کے ہاتھ پکڑتے ہوئے بولا

زیادہ معصوم بننے کی ضرورت نہیں ہے بولا نا صرف پر اٹھا ملے گا

کھانا ہے تو بتائیں ورنہ باہر سے جا کر کچھ کھا لینا

آئمہ اپنے ہاتھ چھوڑواتے ہوئے کہتی ہے۔۔

پراٹھا بنا دوں ظالم عورت کبھی تو میری بات بھی مان لیا کرو تم

بدر ڈائنگ ٹیبل پر بیٹھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

مان لو گی ایک دن۔۔۔" آئمہ کیچن میں جاتے فریج کی طرف بڑھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

مجھے نہیں لگتا ہے ڈ دن کے آنے سے پہلے ہی میں اس دُنیا سے

رخصت ہو جاؤں گا۔۔

بدر پانی کا گلاس لبوں سے لگاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آئمہ اس کی بات سنتی ہے جس پر وہ مسکرادیتی ہے پر جواب نہیں

دیتی ہے اور ناشتہ بنانے لگتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسل اور فیروز صاحب بھی ڈائنگ ٹیبل پر بیٹھے ہوئے ناشتہ کر رہے

تھے سب ہنستے ہوئے ناشتہ کرنے میں مصروف تھے

کافی پرسکون اور خوشگوار ماحول چھایا ہوا تھا۔۔

باسل فلائیٹ کب کی ہے۔۔؟؟

هیرا بیگم چائے پیتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

امی رات کی ہے۔۔"

باسیل پرسکون سے لہجے میں جواب دیتا ہے۔۔

کس کی فلائیٹ۔۔؟؟ روحی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

ہماری بیٹا۔۔"فیروز صاحب جواب دیتے ہیں روحی کی بات کا

آپ لوگ جارہے ہیں۔۔؟؟ روحی تجسّس سے پوچھتی ہے۔

ہاں۔۔"اب کی بار سلطانہ بیگم جواب دیتی ہیں۔

پر کل تو آئے تھے آپ لوگ اتنی جلدی کیوں۔۔؟؟

روحی رونے والی ہوگئی ہے وہ سب کے ساتھ رہنا چاہتی تھی

پرجو ناممکن لگ رہا تھا۔۔

کل آئے تھے تمہاری گریجویشن کو مکمل ہونے کے بعد اپنی بیٹی

کو اس کی مبارک باد دینے کے لیے

اور اپنے ناتی سے ملنے کے لیے

فیروز صاحب حال میں کار سے کھیلتے ہوئے عالیان کو دیکھتے

ہوئے کہتے ہیں۔۔

پر بابا اتنی جلدی کیوں ہے وہ جائیں نا میرے پیپیرز مل جائیں پھر سب

ساتھ واپس چلیں گے۔

روحی فیروز صاحب کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے

تمہارے پیپرز میں وقت لگ جائے گا روحی گاؤں کے سربراہ ہیں یہ

گاؤں کی زمہ داری بھی پوری کرنی ہے ان سب کو

روحی کی روتلو سی شکل دیکھ کر باسیل پیار سے اسے سمجھاتا ہے۔۔

آپ بھی جائیں گے کیا۔۔؟؟

روحی نم آنکھوں سے باسیل کو دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

میں نہیں جارہا تمہیں ساتھ لے کر اور یہاں کے کام نپٹا کر جاؤں گا

ایک ساتھ تمہارے۔

باسیل روحی کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پر امی ابو تائی امی میں نے سوچا تھا پا سب کو پورا ملک گھوماؤ گی

اور باسیل کے بہت سارے پیسے خرچ کرواؤں گی

آپ سب نے میرے ارمانوں پر پانی پھیر دیا ہے۔

مجھے کیوں بیچ میں ڈال رہی ہو اور میرے پیسوں کے پیچھے

کیوں پڑ گئی ہو تم۔۔۔

باسیل سر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے حیرانگی سے پوچھتا ہے۔۔

کیونکہ میں آپ کو کنگال کرنے کا ارادہ ہے پر انہوں نے ارادہ برباد

کروادیا ہے میرا۔۔۔

روحی ہارا ہوا نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

اچھا آپ لوگوں نے کب جانا ہے۔۔؟؟ روحی پراٹھے کا نیوالہ منہ میں

ڈالتے ہوئے اپنے بجتے ہوئے فون کی اسکرین

کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

آج رات کو 8 یا 9 بجے جانا ہے۔۔

سلطانہ بیگم روحی کو دیکھتے ہوئے جواب دیتی ہیں۔

سلطانہ بیغم کہ بات پر روحی فون سے نظریں ہٹا کر اپنی ماں کو دیکھتی ہے۔۔۔

تو مطلب مجھے ابھی جانا پڑے گا 12:30 تو ہوگئے ہیں۔۔

روحی گردن موڑ کر حال میں لگی ہوئی گھڑیال کہ طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

دیکھ تو وہ فون میں بھی سکتی تھی پر عالیان کو دیکھنے کے بہانہ وہ گھڑی کی طرف دیکھتی ہے۔۔

کہاں جانا ہے تم نے۔۔؟؟

باسیل چائے کا گھونٹ پیتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

ہماری ننھی شہزادی کے لیے ڈھیر ساری شاپنگ کرنے کے لیے

میں نے

ابھی تک بدر اور آئمہ کی بی بی کے لیے کچھ

بھی نہیں بھیجا وہ بھی اب تین سال کی ہونی والی ہے۔

میرے اور بدر کی طرح عالیان اور اس میں صرف 21 دن

کا فرق ہے۔

ہمارا تو پھر بھی دس دن کا تھا۔

روحی ہنستے ہوئے عالیان کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

چلیں باسیل مجھے کارڈ دیں میں جلدی سے شاپنگ کرکے

آتی ہوں۔۔۔

روحی ہاتھ باسیل کی طرف بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

کون سا کارڈ بی بی۔۔۔؟؟؟

باسیل روحی کے ہاتھ پر تھپڑ مار کر ہاتھ دور کرتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

وہی جس پر آپ کالے سانپ کی طرح بیٹھے ہوئے ہیں۔۔

روحی ہاتھ سے سانپ کا اشارہ کرتے ہوئے اپنے لب بھینچے

باسیل کو بڑی بڑی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

میرے پاس کچھ نہیں ہے تمہارے پاس بھی کارڈ ہے اس سے کرو جو

کرنا ہے۔۔

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اپنے دانت

پیستے ہوئے دھیرے سے کہتا ہے۔۔

کنجوسی کی ایک ایک حد ہوتی ہے آپ نے تو ہر حدیں پار کر

رکھی ہیں۔۔

روحی گندا سا منہ بنا کر کہتے ہوئے کرسی سے ہاتھ جھاڑتے ہوئے اٹھتی ہے۔

جب بیوی تمہارے جیسی ہوگی تو شوہر کو مجبوراً کنجوس ہونا

پڑے گا۔۔

باسیل روحی کو پلیٹ اٹھائے کیچن میں جاتے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

روحی باسیل کی باتوں پر سب نا ظاہر کرنے والی مسکراہٹ

چہرے پر سجائے ہوئے ناشتہ کررہے تھے۔۔

اب تو میں نے کچھ کیا ہی کہاں آپ کے ساتھ ابھی تو آپ کو کنگال

کرنا باقی ہے میرا جس کا میں پورا پورا ارادہ

کر چکی ہوں۔۔۔۔

روحی کیچن سے ہاتھ دھو کر باسیل کی طرف بڑھتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

انسان بننے کا کیا لو گی۔۔۔؟؟؟

روحی کو اپنے سامنے کھڑا دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

زیادہ کچھ نہیں بس یہ 2 سے 4 کڑوڑ روپے دے دیں میں انسان بن

جاؤں گی۔۔

روحی ہاتھ آگے بڑھائے کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

مُجھے بیچ آؤ کہیں جا کر۔۔۔"

باسیل کوٹ کی جیب سے اپنا والٹ نکالتے ہوئے کہتا ہے۔

بڈھوں کو کوئی نہیں لیتا ورنہ ارادہ یہ ہی تھا میرا آپ سے شادی

کے بعد۔۔

باسیل کے والٹ سے اس کا بلیک انلیمیٹڈ کیریڈٹ کارڈ

نکالتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ایک تو روحی کی باتیں دوسرا اس کے ہاتھ میں بلیک کارڈ دیکھتے

ہوئے باسیل کارڈ پر نظریں جمائے ہوئے اپنے ہاتھ کی مٹھیاں

بھینچے اپنے پیٹ کو دھیرے دھیرے سے مکہ مارنا لگتا ہے۔۔

باسیل کی حالت دیکھ کر روحی ہنستے ہوئے آنکھ ونک کرتے ہوئے

ہوا میں کارڈ کیے اپنے ماتھے سے لگاتے باسیل کے غصے کو ہوا دے رہی ہ

ہے۔

امی ٹیڈی کو تھوڑی دیر میں سلا دینا میں جلدی

آجاؤں گی۔۔

روحی سیڑھیوں سے اوپر اپنے کمرے میں جاتے ہی انہیں کپڑوں

پر لونگ کوٹ پہننے ہوئے وہ ننگے پیر ٹھنڈے فرش پر چلتے ہوئے

سیڑھیوں سے نیچے اترتی ہے۔

روحی کو آتا دیکھ باسیل کی نظر اس کے چہرے سے پہلے

اس کے پیروں پر پڑتی ہے۔

باسیل کی آنکھیں روحی کے پیر پر بنے تل کو تلاش کرنے لگتی ہے۔

اپنا فون اٹھانے وہ جیسے ہی باسیل ہی طرف بڑھتی ہے۔

باسیل کو اس کے پیر پر بنا تل دیکھ کر دل میں سکون

اتارتا ہے جو اس کے چہرے پر مسکراہٹ بکھیر رہا تھا۔۔

یہ وہی تل پر جس پر اس کی نظر سب سے پہلے کچھ پلوں کے لیے

روحی پر روکی تھی۔۔

باسیل کو مسکراتا دیکھ کر روحی بھی مسکراتے ہوئے اپنا فون

کوٹ کی جیب میں ڈالے روحی مڑ کر عالیان کی طرف بڑھتی ہے۔

روحی عالیان کے پاس جاتے ہوئے اس کے چہرے کو اپنے ہاتھوں

میں پکڑے اس کے گال پر کس کرتے ہوئے

روحی دروازے کے لگی جوتوں کی الماری میں سے اپنے لیے

شوز لیے جو وہ پہن کر آئی تھی اسے پہنتے ہوئے روحی گھر سے باہر

نکل جاتی ہے۔۔

تمہیں اس کے ساتھ نہیں جانا چاہیے تھا۔۔؟؟

روحی بے جاتے ہی ہیرا بیغم باسیل کو اپنے سامنے بیٹھا دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہیں۔۔

امی بچی نہیں ہے وہ دنیا میں چلنا آتا ہے اس کو

باسیل اپنی دونوں کہنیاں ٹیبل پر ٹیکائے ہوئے چائے کا کپ ہاتھ میں

اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر بھی بیوی ہے تمہاری زمہ داری ہے اس کے ساتھ جانا چاہیے تھا

ہیرا بیغم اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہتی ہیں۔

زمہ داری ہے میری میری قیدی نہیں جس پر وقت میں مسلت

رہوں جہاں جائے اس پر نظر رکھوں

جب میں اسے 4 سال خود سے دور بھیج سکتا ہوں اکیلے تو میں ایک

ہی ملک میں رہ کر اسے اس کی آزادی بھی دے سکتا ہوں۔۔

باسیل نظریں جھکائے ہوئے چائے کا کپ واپس ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہتا ہے

آپ فکر مت کریں امی وہ جو کرنا چاہتی ہے کر لے

غلط کرے گی یا سہی میں اس کے ساتھ ہی ہوں وقتی دوری

سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔۔

باسیل اب کی بار ہیرا بیغم کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

باسیل کی بات پر سلطانہ بیغم اور فیروز صاحب دونوں

فخریہ انداز میں گہری سانس لیتے ہیں

اور ایک دوسرے کی جانب سر اٹھا کر دیکھتے ہیں۔۔

آخر کار انہیں اپنی بیٹی کے لیے ایک ایسا شخص جو ملا تھا

جو اس کی شرارتوں پر اس کی بچپنے پر اس کو روکتا

نہیں ہے اس کا ساتھ دیتا ہے۔۔

چہرے پر فخریہ مسکراہٹ کیسے نہیں آتی ان سب کے

مجھے بھی کچھ کام ہے میں کر کے جلدی آجاؤں گا۔۔

باسیل کہتے ہوئے کرسی سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے ٹیبل پر پڑے ٹیشو بکس

میں سے ٹیشو لیے وہ اپنے ہاتھ

صاف کرتے ہوئے عالیان کی طرف بڑھتا ہے.

عالیان کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے باسیل بھی گھر سے باہر نکل

جاتا ہے۔۔

باسیل بھی جس کام کو انجام تک نا پہنچادے اسے بھی سکون کہاں

ملنا تھا آدھی روحی کی یونیورسٹی تو وہ برباد کر چکا تھا

ٹرسٹی کے بیٹے کی وجہِ سے اب بچی کچی

بھی جانے سے پہلے وہ پوری برباد کرنے کے ارادوں میں تھا۔۔

جہاں بات روحی کی ہو وہاں باسیل کی نظر میں سامنے والے شخص کے لیے

معافی کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی

جو شانط دیکھنے والا شخص ضرور ہے پر اندر اس کے بھی ایک

طوفان جو ہر وقت تیار رہتا ہے باہر نکلنے کو

پہلے بابا کی زمہ داریوں کو انجام دینے کے لیے وہ اپنے فرائض کو

کچھ وقت کے سائیڈ پر رکھ چکا تھا۔۔

اب بابا کی زمہ داریوں سے خود کو آزاد کیے وہ اپنے آپ کو اپنا

آپ واپس کررہا تھا ایک قابلِ جج کی

ایک قابل اور باوقار جج جو ہر طرح کے اچھے اور بروں کاموں کو

انجام دیتا ہے۔۔

ایک ایسا جج جو حقیقت میں ملک کی سیاست پر سیاستدانوں

کی گردنوں پر اپنے نام کا دباؤ بنائیں ان کی شناخت کو

پیروں تلے روندنے کے کام کرتا ہے۔۔

پر جو کرتا ہے وہ قانون کے دائرے میں رہ کر کہتا ہے۔۔

یا یہ کہہ سکتے ہیں قانون کو اپنے حساب سے اپنے دائرے میں

گھوماتا ہے جس جگہ جو داؤ لگ گیا اسی طرح اسی پل سامنے والے

کو پل میں نستو نعبود کر دیتا ہے۔۔

پچھلے 4 سالوں میں وہ ناجانے کتنے سیاستدانوں کو ان کے انجاموں پر

پہنچائے اپنی پوزیشن کو اپنا نام کو ان کے دماغ کے ہر کونے کونے میں

مضبوطی سے گاڑ چکا تھا۔۔

دنیا کے لیے وہ سیاست کی دنیا کا بے رحم شخص ہے جو اس پر سوال

اٹھاتا ہے اسے وہ دوسرا سوال کرنے کا موقع فراہم نہیں کرتا ہے۔۔

پر جو دنیا کے لیے ہے وہ اپنی دنیا اپنی روح ہے لیے وہ نہیں ہے

اس کی چھوٹی چھوٹی خواہشات کو پورا کرنا اس کی ہر الٹی سیدھی

بات پر مسکرا کر جواب دینا اس کی ہر بات کو سر آنکھوں پر رکھنا

باسیل کے لیے اس کی روح سے محبت کی گواہی دیتی ہے۔۔

کب جب وہ اس کی باتوں پر سر جھکا کر ہنستا ہے

اسے اپنا آپ اپنی زندگی اپنی خوشیاں مکمل لگتی ہیں۔۔

اس کے ساتھ ہر حال میں کھڑا ہوتا ہے اس کی نادانیوں پر ڈانٹنے

کا نہیں پیار سے سمجھانے کا عادی جو تھا۔۔

دنیا ادھر کی اودھر ہو جائیں گی باسیل کا روحی پر یقین اس کی

ہر حرکت پر مسکرانا اسے دل سے ہر چیز کی اجازتِ دینا

اس سے اس کی محبت کبھی کم نہیں ہوگی۔۔

کوئی کچھ بھی بولے وہ خود سے بڑھ کر جس شخص سے محبت کرے اس

پر یقین نا کریں یہ باسیل کی پرسینیلٹی پر سوٹ نہیں کرتا ہے۔۔۔

باسیل عالیان کو پیار کیے گھر سے باہر نکلتے ہوئے دروازے کے پاس

الماری کی سائیڈ پر پڑے ہوئے ڈسٹیبن میں وہ بنا دیکھے ہوئے اس میں

صحیح نشانہ پر وہ ٹیشو کو اچھے سے ہاتھ میں

دبائے ہوئے وہ گھر سے نکل جاتا ہے۔۔۔

باہر نکلتے ہوئے وہ اپنے پاکستان میں موجود اس کے آسسٹینٹ کو کال

لگاتا ہے اور کال لگاتے ہوئے وہ اپنی بلیک کلر کی لینڈ کروزر باسیل کی

اب کی پسندیدہ گاڑی میں سوار ہو کر وہ گھر کے یا یہ کہیں کہ مینشن

کے بڑے سے جالی دار ڈیزائنگ گولڈن کلر کے دروازے سے

الٹی گاڑی چلاتے ہوئے وہ گھر سے باہر نکل جاتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

ood morning D J"...

تامیر بنا کمرے کا دروازہ نوک کیے وہ کمرے میں داخل ہوتا

ڈی جے کے بیڈ پر سائیڈ ٹیبل کی طرف بڑھتا ہے۔۔

سائیڈ ٹیبل پر دیوار پر لگے سیوچ بورڈ کے ساتھ لگے ہوا دو بٹن

کا بورڈ اسے دباتے ہوئے کہتا ہے۔۔

بٹن دباتے ہی کمرے کے شیشے کی دیوار جو باہر گارڈن کے بلکل سامنے

دوسری منزل پر تھی اس پر لگے ہوئے پردے ہٹنے لگتے ہیں۔۔

پردے ہٹتے ہی پورے کمرے میں روشنی پھیلنے لگتی ہے

شیشے سے ہلکی ہلکی سی دھوپ کی کرنیں اس کے کمرے میں داخل

ہوتی ہیں پر بیڈ تک نہیں پہنچتی ہے۔۔

ut up"..

دیریک اپنے سر کے نیچے سے تکیہ نکال کر بنا آنکھیں کھولے مدے

منہ لیٹے ہوئے تامیر پر تکیہ پھینکتا ہے جیسے تامیر

کیچ کرلیتاہے۔۔

on't talk to me in that language I hate that

ou know it better than anyone...

ڈی جے بنا شرٹ کے کمبل میں لپیٹا ہوا تھا کمبل سے سیدھا ہاتھ

باہر نکال کر انگلی سے وارن کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

which language you want me to use today

abic??...

ench???...

ssian???...

lian??...

maybe some other???....

پردے ہٹتے ہی تامیر دیریک کے ڈریسنگ روم کی طرف بڑھتا ہے

جتنا بڑا اس کا کمرہ تھا اتنی ہی بڑی ایک کمرے کے برابر اس کا

ڈرسینگ روم تھا۔

چپ ہو جاؤ۔۔۔"

دیریک غصے میں جھٹ سے مڑ کر اٹھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

چہرے پر کالے گھنے سلکی بال اس کے چہرے پر بکھرے ہوئے تھے جس

سیدھا اس کی آنکھوں میں جا رہے تھے پر اس کی آنکھیں کھلنے

سے قاصر تھی وہ نیند کی گنودگی میں سیدھا ہو کر ایک پیر بیڈ سے

لٹکائے ہوئے دونوں ہاتھ بیڈ پر رکھے ہوئے اپنے ہاتھوں پر اپنا وزن دیے

وہ بند آنکھیں کیے ہوئے بیٹھا ہوا تھا۔۔۔

صرف ڈی جے کو ہی نہیں تامیر کو بھی اس کے ساتھ ان گنت زبانیں

آتی تھیں جو وہ دونوں زیادہ تر گھر والوں کے سامنے استعمال

کرتے تھے ان کی درمیان ہو کر بھی وہ ان کے درمیان نا ہونے کے لیے

اکثر وہ یہی طریقہ آزماتے تھے۔۔۔

مجھے لگا آنے والی مصیبت کے لیے آپ کو تیار دیا جائے۔

تامیر دیریک کے لیے ایک ہاتھ بلیک کلر کا تھری پیس سوٹ اور

دوسرے میں ڈارک نیوی بلیو کلر کا سوٹ لیے اس

کے سامنے کھڑے ہو کر پوچھتا ہے۔۔

کون سی مصیبت۔۔؟؟؟ دیریک ہلکی سی ایک آنکھ کھول کر

تامیر کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے اور پوچھتے ہوئے وہ اپنی دونوں

چھوٹی چھوٹی ہیزل آنکھیں کھولے ڈارک نیوی بلیو

کلر کے سوٹ کی طرف اشارہ کرتا ہے۔۔

تامیر جھٹ سے سوٹ بیڈ پر رکھے ہوئے واپس ڈریسنگ روم کی

طرف بڑھتا ہے۔۔

وہی مصیبت جیسے آپ نا زندگی میں آنے دے رہے ہیں نا جانے دے

رہے ہیں۔۔"

تامیر دیریک کے اب کی بار دونوں ہاتھوں میں ڈائمنڈ کی

بنی ہوئی برینڈڈ گھڑیاں لیے کھڑے ہوئے اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔۔

دیریک جون جرمنی کا ٹاپ فینس برینڈ ہے جس کے پاس ہر چیز برینڈڈ

ہی ہوتی ہیں پر وہ انہیں دیکھتا اسے ہے پہنتا ایسے ہے جیسے سب

کچھ اس پر بوجھ ہے اپنے خود کے پیسوں سے خریدی ہوئی چیزیں

تک اب اس کی ناپسندیدگی میں آنے لگی تھیں۔

کیونکہ جو وہ پہنتا تھا وہ کچھ ہی دنوں میں اس کے فینس اس کو

پسند کرنے والے لوگ یہاں تک کہ اکے ساتھ ایک بزنس میں

کام کرنے والے لوگوں کے جسم پر بھی اسے وہ چیزیں نظر آتی ہیں

جہاں جہاں اسے اپنے جیسے چیزیں نظر آتی ہیں وہ وہی اسی پل

اپنے آپ سے اسے دور پھینک دیتا تھا

پر لوگوں کی نظروں میں آئے بغیر وہ جتنی نفرت بھری نگاہوں سے

لوگوں کو دیکھتا ہے وہ صرف وہ ہی جانتا تھا

اس کے سامنے والا شخص اس کا ایک نظر خود پر دیکھ لینا زندگی

کی کوئی بہت بڑی کامیابی لگتی تھی انہیں۔۔۔"

دیریک سیدھے ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے

تامیر کو بڑی بڑی آنکھیں کیے دیکھتا ہے۔

اپنی بات صاف لفظوں میں بھی کہہ سکتے ہو تم اجازت ہے

اس کی یوں لفظوں کا جال مت بیچھایا کرو میرے سامنے

ڈیریک سیدھے ہوتے ہوئے اپنے اُوپر سے کمبل ہٹاتے ہوئے جھٹ سے

بیڈ سے اتر کھڑا ہوتا ہے۔

جانتا ہوں مجھے ہر چیز کی اجازتِ ہے پر یہ بھی جانتا ہوں

وہ مصیبت آپ کے صرف مصیبت ہی ہے اس کا

ذکر پسند نہیں ہے آپ کو۔۔"

تامیر ڈیریک کو شیشے کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھتے ہوئے کہتا ہے

کہتے ہوئے وہ واپس اسے بورڈ کی طرف بڑھتا ہے

اور اب کی بار دوسرا بٹن پریس کرتا ہے بٹن دبتے ہی پورا شیشہ

سامنے سے ہٹنے لگتا ہے اس کے ہٹتے ہی ڈیریک کے چہرے پر

اس کے جسم تیز ہوا کا جھونکا لگتا ہے جیسے محسوس کرتے ہوئے وہ

اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے۔۔

بلیک کلر کے ٹراؤزر میں بنا شرٹ کے وہ صبح صبح ہو تھوڑی سی ایکسائز

کیے مینشن کے باہر کھڑے ہوئے رپورٹرز کو اس کے

اٹھنے کی خبر پہنچا دیتا ہے۔۔

وہ یہاں کہ ہر ایک فرد کی رگ رگ سے واقف ہو گیا تھا۔

کسی کو طرح آزمانا ہے اپنا محبوب اپنا غلام بنوانا ہے وہ سب

طریقہ سمجھ چکا تھا۔۔

سمجھتا بھی کیسے نہیں اس فیلڈ میں 1 سال کا تجربہ خود کا تھا

اور باقی پوری زندگی اس کی ماں کا تجربہ وہ دیکھتے ہوئے آیا تھا۔

دیریک کی ماں اپنے وقت کی اپنے زمانے کی مشہورِ ایکٹریس ہوا کرتی تھی

اور یہ ہی وجہ تھی دیریک کی ان سے نفرت کی وہ جو خود کرتی تھی

وہ دیریک سے بھی کروانا چاہتی تھی جس کی تیاری وہ بچپن سے اسے

کروایا

کرتی رہتی تھی۔۔

اپنے خاندان کے نام کی وجہ سے وہ ایک سال میں ہی اس ترقی

پر پہنچ گیا تھا۔

جہاں کسی بھی عام ایکٹر کو پہنچنے کے لیے

دن رات محنت کرنی پڑتی ہے۔۔

جب پتا ہے تمہیں کہ مجھے اس کا ذکر نہیں پسند تو اسس کا ہی ذکر

میرے اٹھتے ہی مجھ سے کرنے کی ضرورت۔۔؟؟؟

دیریک آخری بار شیشہ سے باہر لوگوں پر نظر ثانی کرتے ہوئے مڑ کر

دیریک سخت لہجے میں کولڈ نظروں سے تامیر کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

کیونکہ وہ آپ کی طرف آنے کے لیے نکل چکی ہے کچھ ہی دیر میں وہ

یہاں آنے والی ہے۔۔۔

تامیر ہنستے ہوئے کہتا ہے۔۔

وجہ۔۔۔۔؟؟؟ دیریک سرسری سی نظر تامیر کے مسکراتے ہوئے

چہرے پر ڈالتے ہوئے واش روم کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

کیونکہ آپ چرچ نہیں گئے ہیں۔۔"

تامیر دیریک کو جاتا دیکھتے ہوئے کہتاہے۔

وہاں کیا تھا۔۔؟؟ واش روم کے دروازے میں کھڑا ہو کر تجسس

سے پوچھتا ہے۔

دو چیزیں تھیں۔۔۔پہلی آپ کے ماں باپ کے لیے پرے کا انتظام

جو کر گئے ہیں ان کا قصہ ختم ہے ان کے پرے کرنے سے کچھ نہیں ہو گا

جو انہوں نے کیا ہے وہ اس کو اوپر وہی بھگتے گیں

دیریک تامیر کی بات کاٹ کر اسے دیکھتے ہوئے کولڈ لہجے میں بولا

دیریک کی بات پر تامیر دانت بھینچتے ہوئے دونوں ہاتھ کمر سے لگائے

سر جھکا کر اب کی دوسری بات کہتا ہے۔

اور دوسرا آپ کی شادی کی تاریخ فادر سے لینی تھی آج۔۔۔"

کہتے ہوئے وہ مڑ کر پیچھے شیشے کے آگے

صوفے کے سامنے ٹیبل پر پڑے ہوئے آئی پیڈ کو اُٹھاتے ہوئے کہتاہے۔

میری شادی۔۔؟؟؟ ڈیریک ہنستے ہوئے بات دہراتا ہے

اور بات دہراتے وہ واش روم میں گھس جاتا ہے۔

یہ شادی وادی میرے لیے نہیں بنی ہے ہم عام بشر ہیں جو عاشقی

نہیں دل لگی کرتے ہیں۔۔۔

ڈیریک ہنستے ہوئے بلند آواز میں واش روم میں شاور لیتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

جب تک وہ شاور لیتا ہے اس کے روم میں تامیر کی موجودگی میں

گھر کی لیڈی سرونٹس آکر اسکا کمرہ صاف کرتی ہیں۔

وہ اپنے کام میں مگن ایسے کام کرتی ہیں جیسے اس کمرے میں

کوئی ہو ہی نا ڈیریک کی باتیں سنتی ضرور ہیں پر سمجھنے سے قاصر ہوتی ہیں۔

تم تو کسی سے دل لگی بھی نہیں کرتے ہو۔۔۔

تامیر دھیرے سے خود سے کہتا ہے۔

جب تک وہ شاور لے کر آتا ہے تامیر اس کا پورے دن کا شیڈیول

تیار کر چکا تھا اور گھر کی سرونٹس اس

کا روم صاف ستھرا کر چکی تھیں۔۔

بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے وہ ٹاؤل میں ملبوس کمرے میں داخل ہوتا

ہے اور آتے ہی اسی حالت میں وہ اپنے آپ کو ڈریسنگ ٹیبل

کے سامنے کھڑے ہو کر شیشے میں دیکھتے ہوئے اپنے بالوں کو

ڈرائیر سے خشک کرتا ہے۔۔

بالوں کو خشک کرتے وہ اپنے ڈریسنگ روم میں جاتا ہے

اپنے چہرے پر کریم لگاتا بالوں کو جیل س سیٹ کرتا ہوا اپنے

پورے جسم پر بوڈی اسپرے کرتا واپس

کمرے میں آتا بیڈ سے کپڑے لیے وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے

کھڑے ہو کر تبدیل کرنے لگتا

صوفے پر بیٹھے تامیر پر نظریں جمائے ہوئے وہ اس کے خاموش

چہرے کو بڑے غور سے دیکھتا ہے۔۔

جیسے دیکھتے ہوئے وہ خود سوچ میں پڑ جاتا ہے۔۔

l avec to???..

کیا ہوا تمہیں۔۔؟؟؟

تامیر کے چہرے کو دیکھتے ہوئے اب کی بار فرینچ میں پوچھتا ہے۔۔

n, je vérifie juste quelque chose!!!...

نہیں کچھ نہیں بس کچھ دیکھ رہا ہوں۔۔"

تامیر دیریک کو دیکھتے ہوئے جواب دیتا ہے اور جواب دیتے ہی وہ

دوبارہ آئی پیڈ پر نظریں جما لیتا ہے۔۔

vrais-je m'inquiéter à ce sujet??.

کیا مجھے اس کے بارے میں پریشان ہونے کی ضرورت ہے۔۔؟؟

دیریک اب بھی فرنچ میں ہی پوچھتا ہے۔

دیریک مڑ کر تامیر کو دیکھتے ہوئے اپنی شرٹ کی بازوؤں کے

کف لنکس بند کرتے ہوئے کہتا ہے۔

need to worry about that know I'll handle

t"....

تامیر صوفے پر آئی پیڈ رکھے دیریک کی طرف بڑھتے ہوئے بیڈ سے

اسکا کوٹ اٹھائے اس کو پہناتے ہوئے کہتا ہے۔

تمہیں سنبھالنا پڑے گا میرے پاس فضولیات کے لیے وقت نہیں

ہے۔۔

دیریک دو ٹوک لہجے میں کہتا ہوئے کوٹ پہن کر جوتے پہنتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

آج کا شیڈیول۔۔؟ دیریک بیڈ پر بیٹھ کر پوچھتا ہے۔

مینیجرز کے ساتھ میٹنگ ہے اور پھر آپ کا فوٹو شوٹ ہے رات کو فلم

کی شوٹنگ ہے۔۔

تامیر دیریک کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے ہو کر کہتا ہے۔۔

میٹنگ کینسل کر دو موڈ نہیں ان سب کو صبح صبح دیکھنے کا اور

جو آرہی ہے اسے بھی۔۔"

دیریک کھڑے ہو کر گہری سانس لیتے ہوئے تامیر کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

6 فٹ سے لمبا قد چوڑی کسرتی بدن تھی دیریک کی پر تامیر کے

سامنے وہ پھر بھی چھوٹا لگ رہا تھا۔۔

آہ ہ۔۔۔ہٹو میرے سامنے سے اور کھانا پینا کم کرو دن با دن بڑے

ہوتے جارہے ہو۔۔۔

دیریک کہتے ہوئے فل بوسی انداز میں ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں

ڈالے ہوئے وہ کمرے سے باہر نکلتا ہے کمرے سے نکلتے ہی

اس کے بلکل سامنے سیڑھیاں آتی ہیں۔۔۔

دیریک کے پیچھے پیچھے تامیر آئی پیڈ اٹھائے کمرے سے باہر

نکل پڑتا ہے۔

دیریک پہلی سیڑھی پر ہی پہنچا تھا کہ سامنے سے آتی ہوئی

ادینہ کو دیکھ اس کے قدم وہی رک جاتے ہیں۔۔

یہ آ بھی گئی۔۔؟؟ دیریک کی سانسیں خشک ہونے لگی تھی

اس کو دیکھتے ہوئے

میں نے تمھیں کہا تھا میں نے اس کو نہیں دیکھنا۔۔"

دیریک مڑ کر تامیر کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے جس کے چہرے کو دیکھنے

کے لیے اسے سر اٹھانا پڑتا ہے۔

دیریک نیچے اور تامیر اوپر جو کھڑا ہوتا ہے۔۔

پہلے تو تم نیچے اترو ساری عزت کا بیڑا غرق کردیتے ہو تم میری کل سے

بھوکے پیاسے تم جم جاؤ گے میرے ساتھ سمجھے۔۔؟؟

دیریک کو اوبسیشن اسکے قد میں بڑے لوگ اس کو سخت زہر لگتے

ہیں نا دولتِ میں اور نا ہی قد میں اس کو اس سے اونچا کوئی

چاہیے تھا۔

میں آلا دین کا چراغ نہیں ہوں جو آپ کے حکم پر اڑتا ہوا ادھر سے

اودھر ٹہلتا پھیروں گا۔اچھا کھاسا بڑا سارا آدمی

ہوں میں کہیں بھی آنے جانے میں وقت لگتا ہے۔۔

تامیر تنزیہ لہجے میں گردن جھٹکتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہوئے سیڑھیوں

نیچے اترنے لگتا ہے۔۔

تم چاہتے ہو میں تمہیں ننگا کر کے اس فوارہ میں لگے آدمی کی

جگہ کھڑا کرو۔۔؟؟

دیریک تامیر کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے کہتا ہے۔

کیوں بھئی کیا کیا میں نے۔۔؟؟

تامیر مڑ کر دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

یہ اپنے لمبے اور چوڑے جسم کا تانہ مارنے کے جرم میں

دیریک پیچھے سے تامیر کی کمر پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آیا بڑا مجھے ننگا کروانے والا جلتا ہے کمینہ میری بوڈی سے

تامیر منہ بسوڑتے ہوئے کھسپساتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہوئے آخری

سیڑھی کے نیچے جا کھڑا ہوتا ہے۔

میں تمہاری جان لے لوں گا سانڈ یوں کھسپسایا مت کرو میرے

سامنے تم۔۔"

دیریک سامنے سے آتی ہوئی اپنی مصیبت کو دیکھتے ہوئے تامیر

سے دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔۔

فلحال اپنی جان کی حفاظت کریں آپ کا سر قلم ہونے والا ہے لگتا ہے۔

تامیر ادینہ کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے

ہی حال سے باہر نکل کر دیریک کی بلیک کلر کی and New B M W

گاڑی میں

سوار ڈرائیونگ سیٹ سنبھال چکا تھا۔۔

ادینہ ہاتھ میں فون کو بھینچتے ہوئے غصے میں دیریک کے سامنے

کھڑی ہوئی اس کو گھور رہی ہوتی ہے۔۔

دیریک ادینہ کو دیکھتے ہوئے اپنے منہ میں زباں کو گول

گھوماتے ہوئے گردن ٹیڑھی کیے کولڈ نظروں سے ادینہ کو دیکھنے

لگتا ہے۔۔

ou promised me"...

ادینہ اپنے غصہ کو ضبط کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

d I???...

دیریک آخری سیڑھی سے اترتے ہوئے تلخ انداز میں پوچھتا ہے۔

omise's is not made for me baby

orn to break them into a little little peices

ادینہ کے کندھے کے ساتھ کھڑے ہوئے گردن موڑ کراس کے چہرے کو

دیکھتے ہوئے ہاتھ سے بڑے سے چھوٹا چھوٹا اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ave to go baby I need to do work for money

ou know na I don't have parents who can do everything

e I need to do that for my self!!!...

ہنستے ہوئے تنزیہ لہجے میں کہتا ہوئے وہ پل میں چہرے سے

مسکراہٹ غائب کیے ہوئے حال سے باہر کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

u you know I love you that's why you're hurting me

srespecting me"....

ادینہ غصے میں چیختے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہیں اپنا فون زور سے

زمین پر پھینک مارتی ہے۔

ve really is there a something like that in the world??..

دیریک مڑ کر ادینہ کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

ere's no love word in my dictionary

st like you stay away..

دیریک ایک قدم ادینہ کی طرف بڑھتا ہے پر رک جاتا ہے سخت

لہجے میں کہتے ہوئے وہ اپنے قدم روک لیتا ہے اور کہتے

ہی واپس مڑ کر باہر جانے لگتا ہے ۔۔

u don't like that word why you're interested in that

ople loves you respect you

hy are you toying with people's emotional.

ادینہ اپنی بات کررہی تھی پر سیدھی بے عزتی وہ

براداشت نہیں کرپاتی دیریک کے سخت لفظ اسے گراکر رکھ دیتے ہیں۔

cause that's I'm....

دیریک مڑ کر ہوا میں دونوں ہاتھ اٹھائے ادینہ کو غصے میں

دیکھتے ہوئے وہ مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

rek Jon...

اپنے نام پر زور دیتے ہوئے وہ اپنے ہاتھوں کو نیچے کرلیتا ہے اور

ادینہ کی طرف بڑھے اس کے قریب آتے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالے

اسے اپنے سینے سے لگائے وہ

hat I like I'll everything to have that whether it's a

orld love or maybe someone's"...

t let me Clear one thing you're not that I love in the

tside

orld but I Hate in my world....

ادینہ کے کان کے قریب سرگوشی نما انداز میں کہتا ہوئے اس کے

کان کی لو چوم لیتا ہے اور اس سے دور ہوتے ہوئے اس کے گال

پر کس کرتا ہے۔

e....

ادینہ کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے

کہتا ہے اور کہتے ہی پلٹ ک کر کمر سے کوٹ ہٹا کر ہاتھ پینٹ کی جیب

میں ڈالے ہوئے وہ مینشن سے باہر نکل جاتا ہے۔۔

ou need to love me or accept me in your world "D J"

cause I want you I want your power at any cost...

ادینہ گہری سانسیں لیتے ہوئے دیریک کو جاتے دیکھ خود سے کہتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک کے مینشن سے باہر جاتے ہی ادینہ اپنے فوج کو دیکھنے کے لیے

نظریں دوڑاتی ہیں فون پ نظر پڑتے ہی وہ دوڑتے ہوئے جاتی ہے

اور فون اٹھائے کال لگاتے ہوئے حکمانہ انداز میں کہتی ہے۔

llow him if u find someone with him

ve me a call at the spot

kay????....

ادینہ حکمانہ لہجے میں کہتے ہوئے سیڑھیوں سے اوپر جاتی ہے سیڑھیوں سے

ہی دوسرے فلور سے مینشن کے دوسرے حصے کے راستہ تھا

اندر اور باہر دونوں سے تھا لیکن ادینہ

زیادہ تر یہی پائی جاتی تھی کبھی دیریک کی گڈ بکس میں آنے کے

کیے کبھی دائیگو اس گھر کے سربراہ کی گڈ بکس میں

پر افسوس اس کا ہر انداز ہر کسی کی نظروں میں پانی کی طرح صاف تھا۔

دیریک کے پیچھے اسنے آدمیوں کی فوج لگائی ہوئی ہے اس پر نظر

رکھنے کے لیے اس کے ساتھ کسی لڑکی کو دیکھنے کے لیے

کیونکہ جون خاندان کا رول تھا کوارے لڑکے یا لڑکی کو اس سلطنت

کا حصہ دار نہیں بنایا جائے گا۔

جس کی بھی شادی ہوگی دیریک سے وہ ہی اس خاندان کا حصہ

بنی گی اور اس کے ساتھ ساتھ اس کی جائیداد کا بھی

بنا شادی کے کسی کے ساتھ رشتے میں رہنے کی اجازت نہیں تھی اگر

کوئی اس بات کو ماننے سے انکاری ہوتا ہے تو پوری جائیداد

خاندان کے دوسری اولاد کو دے دی جائے گی۔

اس بات کا دھیان دیریک خود سے زیادہ رکھتا تھا اسے یہ سب

چاہئے بھی اور نہیں بھی وہ سب کچھ چھوڑنا بھی چاہتا ہے

پر اپنے باپ کے کزن کو ادینہ کو اس کا حصّہ دار نہیں

بنانا چاہتا ہے اس لیے وہ ہر لڑکی سے ہر انسان سے دور رہتا ہے

اکیلا رہنا بھی پسند ہے اور وجہ بھی ہے اس کے پاس

سوائے تامیر کے وہ کسی سے باہر کی دنیا میں نظر ملا

کر بات تک نہیں کرتا ہے۔

تامیر بھی کام کے وقت اس کا اسٹینٹ ہوتا ہے اس کا بوڈی گارڈ

ہوتا ہے پر اس کے فری ٹائم وہ اس کا بہترین دوست بھی ہوتا ہے۔

ادینہ کو دیریک ہر حال میں چاہیے دیریک کی ماں کی طرح ایک

کامیاب عورت بننے کے لیے

پر دیریک اس کے ہر وار کو ہر بار ناکام بنا دیتا ہے۔

وہ دوبارہ اپنی ماں جیسی عورت اپنی زندگی میں نہیں چاہتا تھا

اپنے لیے تو بالکل بھی نہیں۔

اس لیے وہ اکیلا ہی رہتا تھا اپنے فلیڈ کے کام کے علاوہ

وہ ہمیشہ عورتوں سے دوری اختیار کیے رکھتا ہے۔۔

وہ نظروں میں رہتا تھا پر کسی پر نظر نہیں ڈالتا تھا اس کی ایک

جھلک خود پر پانے کے لیے ناجانے

کتنے لوگ بے چین رہتے ہیں پر وہ ان کی بے چینی کو ختم کرنے

کے بجائے ہمیشہ بڑھاتا ہی رہتا تھا۔۔

دیریک اپنے کام کے لیے تامیر کے ساتھ مینشن سے باہر نکلتا ہے کہ
اس کے پیچھے گاڑیوں کی فوج آجاتی ہیں۔

جیسے گاڑی کے سائیڈ میرر سے دیکھتے ہوئے وہ استہزیہ
مسکراہٹ چہرے پر سجاتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی کو شاپنگ پر گئے 4 گھنٹے ہوگئے تھے وہ لوٹی ہی نہیں تھی
اب تک باسیل بھی اپنے یہاں کے کام کے سلسلے میں
وہ لندن کے ہائے کورٹ میں قدم رکھ چکا تھا۔

لندن کے سب سے بڑے جو ملک ہے فیصلے کرتے ہیں ان کے ساتھ ان
ہی کے آفس میں بیٹھے ہوئے باتوں میں مصروف تھا۔

دونوں اچھے طریقے سے ایک دوسرے کو جانتے تھے ایک ہی

فیلڈ کے دو بہترین لوگ تھے جان پہنچان قریب سے نا سہی پر کام کی

ترقی اور چرچے سے کافی اچھی پہنچان ہو چکی تھی۔

باسیل کے لندن آتے ہی اسے ہائے کورٹ آنے کا پیغام دیا گیا تھا جس پر

وہ پہلے غور نہیں کرتا ہر اب اسے یہ وقت مناسب

لگ رہا تھا اپنی کچھ شاخیں لندن میں پھیلانے کے لیے

e are really really greatful to you that you

me here in your precious time...

لندن کے قابل جج باسیل سے عمر میں 5 سال بڑے اس کو دیکھتے ہوئے

مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

o it's completely fine I also want to come here...

باسیل ابھی کہہ ہی رہا تھا کہ اس کا موبائل بج پڑتا ہے

فون پر ان نون نمبر دیکھ کر باسیل کال نہیں اٹھاتا ہے پر دوبارہ

بجنے پر اس بار وہ اٹھا لیتا ہے۔۔

ہیلو۔۔۔!!!باسیل فون اُٹھاتے ہی غصے میں کہتا ہے۔۔

انکل سنیں۔۔۔!!!دوسری طرف سے روحی کی آواز پر وہ تھوڑا سا

پرسکون ہوتا ہے اور اپنے غصہ کو ضبط کرتا ہے۔

یااللہ خیر۔۔۔

باسیل روحی کی بات سنیں سے پہلے ہی دل ہی دل میں بول پڑتا ہے۔

بولیں۔۔۔"گہری سانس لیتے ہوئے کرسی سے اٹھ کھڑا

ہوتا ہے۔۔

کیا آپ یہاں آسکتے ہیں م۔۔میں پھنس گئ ہوں۔۔

روحی لڑکھڑاتے ہوئے اپنے اطراف میں نظریں گھوماتے ہوئے

ڈرے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

کہاں پھنس گئ ہو اب تم۔۔۔؟؟؟

باسیل اپنی شرٹ کا بٹن کھولتے ہوئے باسیل کھڑکی کی طرف بڑھتے

ہوئے گہری سانس لیتے ہوئے پوچھتا ہے۔

و۔۔وہ۔۔وہ م۔۔میں۔۔۔پ۔۔پولیس اسٹیشن میں حوالات کے

پیچھے پھنس گئ ہوں آپ آکر لے جائیں مجھے

روحی لڑکھڑاتے ہوئے دھیرے دھیرے سے کہتی ہے۔۔

کیاااا۔۔۔؟؟؟

روحی کی بات پر باسیل کو تقریباً ہرٹ اٹیک ہی آگیا تھا

اسے حیران پریشان دیکھ کر جج کی کرسی پر بیٹھے ہوئے شخص اٹھ

کھڑے ہوتے ہیں۔۔

وہاں کیسے پہنچی پھر کسی کو پیٹ دیا۔۔؟؟

اور وہاں کیا کر رہی ہو۔۔؟؟؟

باسیل اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اپنے غصے کو کنٹرول

کرنے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

وہ میں نے اندر سے کبھی باہر کے ملک کی حوالات نہیں دیکھی تھی تو

وہ دیکھنے آئی تھی۔۔۔

روحی چڑتے ہوئے جواب دیتی ہے۔۔

کیا بکواس کر رہی ہو۔۔؟؟؟ باسیل کھڑکی میں ہاتھ رکھے گہری

سانس لیے دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

شروع کس نے کی تھی۔۔۔؟؟؟ روحی بھی اب کی بار غصے میں جواب

دیتی ہے۔۔

شاپنگ کرنے جیل میں تھوڑی آئی تھی میں یہ مجھے اٹھا کر لائیں ہیں

روحی جیل کے بالکل سامنے کھڑے کانسٹیبل کو دیکھتے ہوئے

گندا سا منہ بنا کر اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

کچھ تو تم نے بھی کیا ہوگا اتنی شریف گو تم بھی نہیں ہو۔۔۔

باسیل سیدھا کھڑا ہو کر کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

م۔۔میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا ہے۔۔۔م۔۔میں تو شرافت سے سڑک پر گاڑی چلارہی تھی اور بس۔۔۔

روحی کہتے کہتے خاموش ہو جاتی ہے۔۔

اور بس کیاا۔۔؟؟؟

باسیل تجسس سے پوچھتا ہے۔

گاڑی کے سامنے کوئی آگیا تھا ٹکر ہوگئ تھی اس کی پر وہ زندہ ہے مرا نہیں ہے سچ میں زندہ ہے مرا نہیں ہے۔۔

روحی بینچ سے اٹھ کر گہری سانس لیتے ہوئے بتاتی ہے۔

ماردیتی۔۔۔ماردیتی اس کو بھی میری جان اور مجھے بھی ماردوں آکر

باسیل غصہ میں کہتا ہے اور کہتے ہ پلٹ کر اپنے پیچھے کھڑے ہوئے

جج کو دیکھتا ہے جو اسی کو دیکھے جا رہا تھا۔۔

استغفرُللہ۔۔۔یہ کیسی باتیں کررہے ہیں آپ میں نے بھری

جوانی میں بیوہ نہیں ہونا ہے۔۔

روحی واپس بینچ پر بیٹھتے ہوئے دھیرے سے کہتی ہے۔

بس اپنی ہی پڑی ہوئی ہے تمھیں جو تمھارے کرتوت ہیں اس کے بعد

میرا مر ہی جانا بہتر ہے

حد ہوگئی ہے اب بس یہ ہی رہ گیا تھا کہ میں اپنی بیوی کو جیل

سے چھوڑوانے جاؤں گا۔۔۔

باسیل سخت لہجے میں جج سے نظریں ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

تم روکو آج میں نے تمہارا سوفٹویئر اپڈیٹ نا کیا تو میرا نام بھی

باسیل سکندر نہیں۔۔۔

باسیل غصے میں کہتے ہوئے کال بند کیے کوٹ کی جیب میں ڈال ہی

رہا تھا کہ جج اس کے پاس آ کھڑا ہوتا ہے۔

everything Okay Basil???...

s everything is fine I have to go I need to attend

me urgent work

e'll meet soon inshallah"...

باسیل جج سے ہاتھ ملاتے ہوئے چہرے پر جھوٹی مسکراہٹ سجائے ہوئے

کہتا ہے اور کہتے ہی وہ ہائے کورٹ سے باہر نکلنے لگتا ہے۔

شام ڈھلنے لگی تھی اندھیرا چھانے لگا تھا اندھیرے کے ساتھ ساتھ

باسیل کا غصہ بھی اس کے سر چڑھنے لگا تھا۔

تم نہیں بچوں گی آج مجھ سے روحی۔۔۔"

باسیل لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا کورٹ سے باہر نکل کر اپنی گاڑی میں

سوار پولیس اسٹیشن کہ طرف بڑھتے ہوئے جاتا ہے۔

روحی فون پر بات کیے کانسٹیبل کا فون اسکو دے دیتی ہے اور جیل میں

اپنے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے وہ باسیل کے غصہ سے

بچنے کی کوشش کرتی ہے ۔

آج تک کی نادانیاں تو ٹھیک تھی لیکن آج جیل میں ہونا اپنی غلطی کی

وجہ سے روحی کو ڈرا رہا تھا باسیل کے ہونے والے رد عمل کا سوچ کر

اپنے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے وہ کب سے ٹہل رہی تھی۔۔۔

پکچھ ہی دیر میں باسل پولیس اسٹیشن میں داخل ہوا اس کی آواز

پر روحی جلدی سے جیل کی سلاخوں کے قریب آئے باسل کو دیکھ

رہی تھی۔۔

here's my Wife???...

باسل کے شرٹ کے دو بٹن کھلے پڑے تھے چہرے پر غصہ تھا ا

غصے میں وہ پولیس آفیسر کو اپنا جج کارڈ دیکھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

cle....

روحی دھیرے سے آواز لگاتی ہے پر اس کی آواز باسل تک پہنچ جاتی ہے۔

باسل جھٹ سے روحی کی طرف دیکھتا ہے اور غصے میں دیکھتے

ہوئے اس کی طرف بڑھتا ہے۔۔

روحی غصے میں باسیل کو دیکھتے ہوئے اپنے قدم پیچھے کی طرف

بڑھاتی ہے اور دیورا سے جا لگتی ہے۔۔

باسیل جیل کا دروازہ کھلوائے اندر داخل ہوتے ہوئے روحی پر سخت

نظریں ڈالتا ہے جس کو دیکھتے ہوئے روحی کی

سانسیں خشک ہونے لگتی ہیں۔۔۔

روحی ڈر کے مارے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے ہوئے باسیل کو

دیکھ رہی ہوتی ہے کہ باسیل اس کے قریب آئے ایک زور سے مکہ روحی

چہرے

کے قریب دیوار پر مارتا ہے جس سے اسی پل اسی کے ہاتھ سے

خون بہنا شروع ہو جاتا ہے۔۔۔

روحی کہ آنکھوں میں نمی چھانے لگ گئی تھی۔۔

میرا دل چاہ رہا ہے ابھی اور اسی وقت تمہاری جان لے لوں

روحی۔۔۔

باسیل دانت بھینچتے ہوئے غصے میں کہتا ہے۔۔

روحی خاموش سی اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے اپنا سر جھکا لیتی ہے۔

اب سر جھکانے کی کیا ضرورت ہے کرنے سے پہلے سوچا نہیں جاتا

ہے تم سے کچھ۔۔۔؟؟

باسیل غصے میں دھاڑتے ہوئے کہتا ہے۔

اس کی دھاڑ پر باہر کھڑے پولیس آفیسر سب اس کی جانب دیکھنے

لگتے ہیں ان میں یاہ وہ شخص بھی تھا جس کا ایکسیڈنٹ

ہوا تھا۔۔

پولیس والے جلدی سے جیل میں آئے باسیل کو روحی سے دور

کرنے لگتے ہیں۔۔۔

روحی سر جھکائے اپنے ہاتھوں میں کوٹ کو مضبوطی سے پکڑے

ہوئے رونے میں لگی ہوئی تھی۔

روحی کو روتا دیکھ باسیل ہو اور غصہ چڑھ رہا تھا۔۔

رونا بند کرو روحی۔۔۔"

باسیل خون بہتا ہاتھ روحی کی طرف بڑھانے لگتا ہے وہ مارنے

لگا ہے اس ڈرامے روحی اس سے دور ہو جاتی ہے۔۔

باسیل اسے ڈرا ہوا دیکھ پل کے لیے خود بھی ساکت ہو جاتا ہے۔

lax sir there's no mistake her we just arrest her to listen

m but now we checked the CCTV footage

suddenly appear in front of her car...

پولیس آفیسر باسیل کے آگے لیپ ٹاپ کرتے ہوئے کہتا ہے باسیل اس

کی بات سنتے ہی روحی سے نظر ہٹاتے

لیپ ٹاپ کی اسکرین کی طرف دیکھنے لگتا ہے۔۔

روحی روتی ہوئی آنکھوں سے باسیل کو دیکھتے ہوئے اسے کراس

کیے جیل سے باہر نکل جاتی ہے اور باہر جاتے ہی اس آدمی کو دیکھتی

ہے جو بے شرموں کی طرح اسے روتا دیکھ کر ہنس رہا تھا۔۔

روحی پر اس کی نظر دیکھ کر روحی کے جاتے ہی پیچھے سے باسیل

جیل سے باہر آتا ہے اور سب پولیس آفیسرز کے سامنے

ایہ زور دار مکہ اس آدمی کے منہ پر دے کر مارتا ہے جس سے وہ

اسی پل زمین بوس ہو جاتا ہے۔۔

on't you dare to look at my wife"....

باسیل زمین بوس ہوئے آدمی کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔۔

d who arrest her???....

باسیل اکیلا ان سب پولیس والوں پر بھاری پڑ رہا تھا ایک تو پولیس

والوں کی غلطی اوپر سے باسیل خود جج کسی کی ہمت نہیں پڑ رہی تھی

اس کو کچھ بھی بولنے کی۔

aid who arrest her???...

باسیل حلق کے بل دھاڑتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

e"....

ایک آفیسر کانسٹیبل کے پیچھے سے ہاتھ اٹھا کر کہتا ہے اس کی

آواز پر باسیل اس کی طرف بڑھتا ہے اور راس کے بالکل سامنے

اس کی آنکھوں میں اپنی غصے میں بھری وحشت زدہ آنکھیں

ڈالے اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

ck your stuff I'll make sure to distroy your

reer as soon as possible.

کہتے ہی باسیل اس کے یونیفارم پر لگے اس کے نیم ٹیگ پر ہاتھ مارتے

نظر اس کے چہرے پر ڈالے پولیس اسٹیشن سے

باہر کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

ahh I'm dead!!!.,.

باسیل کے جاتے ہی پولیس آفیسر گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے۔

s you're"...

پولیس والے ساتھی ہنستے اس کی حالت پر ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

ut up and look at him is he alive or Dead??..

آفیسر غصے میں جواب دیتا ہے اس کو اور زمین بوس ہوئے شخص

کی طرف اِشارہ کرتا ہے۔۔

is breathing...

ساتھی آفیسر اس کی پلس چیک کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ank God"...

آفیسر گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے اور اپنی کرسی کی طرف

بڑھنے لگتا ہے۔۔

روحی۔۔۔؟؟؟

باسیل پولیس اسٹیشن سے نکل کر اسے اس کی گاڑی کی طرف بڑھتا

دیکھ زور سے آواز لگاتا ہے۔۔

باہر موجود لوگ اس کی ایک دھاڑ پر اس کی طرف دیکھنے لگتے ہیں

پر روحی نا رکتی ہے اور نا ہی پلٹتی ہے اپنے گاڑی میں سوار وہ

پولیس اسٹیشن سے باہر نکل جاتی ہے۔۔

اس کی گاڑی کو جاتا دیکھ کر باسیل بھی اس کے پیچھے پیچھے اپنی

گاڑی میں سوار باہر نکل جاتا ہے--

روحی کے ذہین میں وہی منظر گھوم رہے تھے اس نے باسیل کا

ایسا رویہ کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا پر آج وہ دیکھ کر اس کا دل بھی رو رہا تھ

سلطانہ بیغم کے علاوہ کبھی کسی نے اس سے اونچی آواز میں

بات بھی کی تھی اور باسیل نے اسے مارنے کی بات تک کہہ دی تھی نا قابل

یقین تھا یہ منظر روحی جے لیے

وہ اپنی سوچوں میں گم سڑک پر اندھیرے میں گاڑی چلاتے

ہوئے آگے بڑھ رہی تھی کہ پیچھے سے اس کی

گاڑی کو کراسس کرتے باسیل اپنی گاڑی اس کے سامنے کے جاتا ہے

اور گاڑی کو ڈرفٹ مارتے ہوئے روحی کی گاڑی کے سامنے

اپنی گاڑی روکے اس کی لائٹس آن کیے روحی کی گاڑی بھی روک چکا تھا۔۔

مسئلہ کیا ہے تمہارے ساتھ مجھے سکون سے جینے دینا ہے یا نہیں۔۔؟

باسیل اپنی گاڑی سے نکلے روحی کی گاڑی کی

طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کی بات پر روحی ہنس پڑتی ہے۔۔

سکون اتنا ہی پسند تھا ہا کو تو مجھ سے شادی نہیں کرنی چاہیے تھی

پسند ہوں تو ٹھیک لیکن اب نہیں ہوں تو بھی ٹھیک

روحی اپنی گاڑی سے نکلے گاڑی کے بونٹ کے سامنے کھڑی ہو کر

غصے میں کہتی ہے۔۔

روحی کو غصے میں دیکھتے ہوئے باسیل اس کی گاڑی کے پاس جاتا ہے

اس کی گاڑی کی چابی نکالے وہ گاڑی کو بیچ سڑک پر لوک کر دیتا ہے۔

روحی غصے میں اس کو دیکھتی رہتی ہے۔

اب تم مجھے مزید غصہ دلا رہی ہو اس لہجے میں بات

مت کرو مجھ سے۔

باسیل روحی کے سامنے کھڑے ہو کر اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

ایک کام کریں آپ مجھے چھوڑنے کے بجائے آپ مجھے چھوڑ ہی دیں

بہت بدتمیز ہوں میں بہت تنگ کرتی ہوں میں آپ کو تو سکون

چاہیے جو مجھ س تو ملے گا نہیں چھوڑ دیں مجھے

روحی باسیل کی طرف بڑھتے ہوئے اس کی آنکھوں میں اپنی آنسوؤں سے

بھری آنکھیں ڈال کر دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

منہ بند کرلو اپنا ابھی اور اسی وقت ایک اور لفظ نہیں

سنا ہے میں نے۔۔

باسیل بھی روحی کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

سنا تو پڑے گا آپ کو باسیل سکندر ہر بار آپ کی من مانیاں بھی نہیں

چلیں گی۔۔

روحی گہری سانس لیتے ہوئے کہتی ہے۔

روح خاموش ہو جاؤ ورنہ اچھا نہیں ہو گا تمہارے ساتھ

باسیل روحی کی بازوؤں مضبوطی سے پکڑے ہوئے کہتا ہے۔۔

دھمکی دے رہے ہیں اندر تقریباً مار دہی دینے والے تھے اوراب یہاں

چپ ہو جانے کی دھمکی۔۔۔۔؟؟

روحی کی آنکھوں میں نمی پھر سے بھرنے لگتی ہے۔۔

جو تم نے کسی تھاڈ کے بعد میرا ردعمل اس کے علاوہ اور کوئی

ہوسکتا تھا کیا۔۔؟؟؟

باسیل روحی کی طرف بڑھنے لگتا ہے اس سے پہلے ہی وہ دور

ہوجاتی ہے۔

ہاں نہیں ہوسکتا تھا لیکن اس کی بھی امید نہیں تھی مجھے آپ سے

روحی روتے ہوئے پیچھے ہوتے ہوئے کہتی ہے۔

سڑک پر گاڑیاں کراس کررہی تھی جو انہیں دیکھ رہی تھیں پر وہ

دونوں صرف ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔۔

روح بات سنو۔۔۔۔"

باسیل ابھی اس کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑنے کی

کوشش کرتے ہوئے کہتا ہے

باسیل کے ہاتھ دیکھتے ہوئے روحی گاڑی کی چابی اس کے ہاتھ

سے لے لیتی ہے۔

ہاتھ مت لگائیں مجھے باسیل دور سے ہی بات کریں

پیچھے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی گاڑی کے دروازے

کی طرف بڑھتی ہے۔

بٹن سے گاڑی کا دروازہ کھولا ہی تھا کہ باسیل اسے کمر سے پکڑ

کر گاڑی کے دروازے سے پن کر دیتا ہے۔۔

ہاتھ بھی لگاؤں گا بلکل نزدیک بھی آؤں گا اگر تم پیچھے گئی تو

تمہارا سانس لینا محال کردوں گا۔۔۔

باسیل کا ایک دم الگ سا ہوزیووو غصیل روپ اب روحی کے سامنے

آرہا تھا باسیل کو ایسے دیکھتے ہوئے روحی کی سانس

لینا تو ویسے ہی محال ہوگئی تھیں۔۔۔

باسیل کو غصہ کسی اور بات پر تھا جو نکل اس وقت روحی پر

رہا تھا روحی کو مزید روتا دیکھ کر باسیل اسے ہاتھ سے پکڑے اپنی

گاڑی میں بیٹھائے اس کی شاپنگ کیے ہوئے بیگز کو لے جا کر

گاڑی میں پھینک دیتا ہے اور خود گاڑی اسٹارٹ کیے وہ

واپس گھر کی طرف بڑھنے لگتے ہیں۔۔

دونوں پورے راستے خاموش تھے روحی خاموشی سے گاڑی کی

سیٹ سے پشت ٹیکائے ہوئے وہ کھڑکی سے باہر

دیکھتی رہتی تھی۔

باسیل اس کو خاموش دیکھ کر خود بھی بامشکل سانس لے

پارہا تھا پر وحی کو کچھ بھی نہیں کہتا ہے۔

کچھ ہی دیر میں وہ لوگ گھر پہنچ چکے تھے روحی گھر پہنچتے ہی

باسیل کے اترنے سے پہلے ہی گاڑی سے

نکل کر سامان لیے وہ اندر کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔

باسیل گاڑی میں بیٹھے ہوئے روحی کو دیکھ رہا ہوتا ہے پر گاڑی سے

باہر نہیں نکلتا ہے۔۔

روحی اپنے آپ کو کنٹرول کیے مسکراتے ہوئے وہ اپنے گھر والوں سے

جا ملتی ہے۔۔

گھر والوں کے جانے کا وقت ہو گیا تھا روحی اپنے ایک

سوٹ کیس میں ساری شاپنگ بیگ رکھے ہوئے اپنے آپ کو اپنے آنسوؤں

کو ضبط کرتی ہے۔۔

ہاتھ لڑکھڑانے لگ گئے تھے اس کے پر وہ کسی کو محسوس

نہیں ہونے دیتی ہے۔۔

اپنے آپ کو قابو میں رکھنا اس اچھے سے آتا تھا۔

امی یہ بیگ سارا آئمہ کے لیے آپ اسے دیے دینا

روحی گہری سانس لیے چہرے پر مسکراہٹ سجائے ہوئے بولتی ہے۔

اتنا سب کچھ لے آئی باسیل کے کتنے پیسے خرچ کروادیے

ہیں تم نے۔۔؟؟؟

سلطانہ بیغم ہنستے ہوئے کہتی ہے۔۔

فکر مت کریں امی ان کے پیسے لوٹا دوں گی ان کو جو مجھ پر خرچ

کیا ہے اور جو میں نے کیا ہے سب لوٹا دوں گی

روحی سر جھکائے بالوں کے پیچھے چہرہ چھپائے کہتی ہے

بیگ بند کرتے ہوئے اس کے آنسوؤں سوٹ کیس پر جاگرتے ہیں۔۔

روحی کہہ کر خاموش ہی ہوئی تھی کہ پیچھے سے باسیل

گھر میں داخل ہوتا ہے۔۔

سب روحی کی بات کو مذاق میں لے جاتے ہیں ہنستے ہوئے بات

ٹال دیتے ہیں صرف روحی باسیل ہی اس کی بات کا مطلب جانتے تھے۔۔

چلو باسیل آگیا ہے جانے کا وقت ہو گیا ہے۔۔

فیروز صاحب دروازے میں روحی کے پیچھے کھڑی ہوئے باسیل کو

دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

ہیرا بیگم کی گود میں عالیان کو دیکھ کر روحی بنا باسیل کی

طرف دیکھے وہ مسکراتے ہوئے ہنستے ہوئے اپنے ماں باپ سے جا ملتی ہے۔

ہیرا بیگم سے ملتے ہوئے روحی عالیان کو ان سے لے لیتی ہے۔۔

باسیل گھر والوں کے بیگ لیے گاڑی میں رکھے ہوئے

گاڑی کے پاس باہر جا کھڑا ہوتا ہے۔۔

روحی سب کو چھوڑنے کے لیے عالیان کا ہاتھ پکڑے اسے

دروازے تک لاتی ہے وہی سے سب کو

رخصت کرتی ہے۔۔

باسیل گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ سنبھالتے ہوئے ایک نظر روحی ہر

ڈالتا ہے پر وہ اس کو نہیں دیکھ رہی ہوتی ہے۔

ٹیڈی بائے بائے کرو سب کو میری جان

روحی سر جھکا کر عالیان کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کی بات پر عالیان ہاتھ ہوا میں کیے لہرانے لگتا ہے۔

سب اس کو دیکھتے ہوئے گاڑی سے ہاتھ لہراتے ہوئے بائے بائے

کیے وہ گھر سے باہر نکل جاتے ہیں۔۔

اُنہیں جاتا دیکھ کر روحی بھی عالیان کو لیے اپنے کمرے میں چلی جاتی ہے۔

عالیان کو اس کا نائٹ سوٹ پہنائے خود بھی چینج کیے بالوں

کو جوڑا بنائے عالیان کو لیے و بیڈ پر لیٹ جاتی ہے اسے سلاتے سلاتے

وہ خود بھی کب سوجاتی ہے اسے پتا ہی نہیں چلتا ہے۔

گھر والوں کو چھوڑ کر باسیل واپس آتا یے اپنا کوٹ ہاتھ

میں لٹکائے ہوئے وہ اپنے کمرے کی طرف بڑھتا ہے روحی عالیان

کو سوتا دیکھ کر باسیل درد بھری گہری سانس لیے

اپنے لیے ٹراوزر شرٹ لیے وہ واش روم میں گھس جاتا ہے

کپڑوں سمیت وہ شاوٗر کے نیچے جا کھڑا ہوتا ہے

اس کے ہاتھ پر جما ہوا خون پانی کے ساتھ زمین پر پھیلنے لگتا ہے۔

شاور لیے وہ کپڑے چینج کیے بنا بالوں میں ٹاوٗل مارے

باسیل روحی ہے پیچھے آلیٹتا ہے اس کے پیٹ کے گرد اپنی بازوؤں

رکھے روحی کی کمر سے سر ٹھکائے وہ بھی اپنی آنکھیں بند

کرلیتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک اور تامیر دونوں شوٹنگ ختم کیے ہوئے ایک ریسٹورنٹ میں

ڈنر کررہے تھے ساتھ ہی ساتھ کان میں بلوتھوتھ لگائے ہوئے

وہ ادینہ کی باتیں سن رہے تھے۔

ادینہ کے فون میں ہیکنگ ایپ انسٹال کیے ہوئے وہ اس کے

ساتھ ساتھ اس کے ماں باپ پر بھی نظر رکھتے تھے۔

دونوں فرائز کھاتے ہوئے اس کی باتوں کو سن رہے تھے جہاں ابھی اس

مے اس کے پیچھے لگائے ہوئے گارڈز میں سے ایک کو کی تھی۔۔

d you saw him with someone today??..

ادینہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے بیٹھے ہوئے فون اسپیکر پر کیے

وہ اپنے ہاتھوں پر لوشن لگاتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

o ma'am we saw him with just his guard"..

گارڈ جو ریسٹورنٹ کے باہر سے ان دونوں کو ہی دیکھ رہے تھے دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

Really..?? not even a single girl???...

ادینہ حیرانگی سے کہتے ہوئے کرسی سے اٹھ کھڑی ہو کر

کمرے کی گیلری کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

s ma'am no girl"....

گارڈز پر یقین کے ساتھ کہتا ہے۔

گارڈ کی بات پر دیریک خوشی سے فخریہ انداز میں چوڑا ہو کر

صوفے پر بیٹھتا ہے اور فراز کے ساتھ کولڈ ڈرنک پینے کے لئے

لبوں سے لگاتا ہے۔۔

ow is this possible is he gay??..

ادینہ عجیب و غریب تاثرات سے پوچھتی ہے۔۔

اس کی بات پر دیریک کے منہ میں گئی ہوئی بوتل فوارہ کی طرح

سامنے بیٹھے ہوئے تامیر کے منہ پر جاگرتی ہے۔۔

یہ۔۔۔یہ مجھے کھسرا سمجھ رہی ہے۔۔؟؟

دیریک بوتل کا گلاس ٹیبل پر رکھتے ہوئے حیرانگی سے تامیر کو

دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

ہاں مجھے بھی یہ ہی لگ رہا ہے۔۔"

تامیر اپنی بازوؤں سے اپنا منہ صاف کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

لعنت میری زندگی پر دنیا میری پرسینیلٹی پر مرتی ہے اور یہ مجھے

کھسرا سمجھ رہی ہے۔

دیریک کے تو چودہ طبق روشن ہو گئے ادینہ کی بات پر۔

لعنت ہی ہو ایسی پرسینیلٹی پر

تامیر اپنی ہنسی دباتے ہوئے بولے دھیرے سے کہتا ہے۔

میں اس کو زندہ نہیں چھوڑوں گا چڑیل کی شکل کی میرا کردار

مشتوق بنا رہی ہے۔۔

دیریک صوبے سے اٹھ کر غصے میں ریسٹورنٹ کے باہر کھڑے

ہوئے گارڈز کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

اب کچھ نہیں ہوسکتا ہے کردار ہوگیا ہے مشتوق ٹھنڈے ہو جاؤ اب

تم اور مبارک ہو نئ پرسنیلٹی سوٹ کرے گی تم پر

تامیر اپنی ہنسی کو ضبط کرتے ہوئے کہتا ہے پر دیریک کی شکل دیکھ

کر وہ نہیں کر پاتا ہے اور قہقہہ لگا کر ہنس پڑتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

محبت کرلیں کسی سے لوگوں نے کردار مشتوق سمجھنا شروع کر دیا ہے

تامیر دیریک کو کھڑا دیکھ کر سر اٹھا کر سنجیدگی سے کہتا ہے

محبت میرے بس کی نہیں ہے

مجھے ذلیل نہیں ہونا کیس کے لیے"

دیریک بوتل کا گلاس اٹھائے ریسٹورنٹ کے باہر دیکھتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہوئے وہ پھولوں سے سجی ہوئی بالکنی کی طرف

بڑھنے لگتا ہے۔

محبت سکون بھی دیتی ہے۔

تامیر بھی اب دیریک کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے بول پڑتا ہے۔

سکون یہ تب دیتی ہے جب یہ ہر چیز سے آزما چکی ہوتی ہے

جب مزید درد نہیں دے پاتی ہے جو بھیک کی طرح سکون دیتی ہے۔

دیریک کھلے آسمان تلے کھڑے ہو کر سنجیدگی سے کہتا ہے۔

محبت میں بھیک مانگی تو کیا خاک محبت کی

محبت میں انسان کو خاص طور پر مرد کو ہر طرح سے جھکنا پڑتا ہے

اپنی انا کا قتل کر کے ایک ایسے شخص سے محبت کرنا

جیسے ٹھیک سے جانتے بھی نا ہو محبت تو پھر ہی ہوتی ہے۔۔

تامیر دیریک کے ساتھ بالکنی کی گیلری میں کھڑے ہو کر آسمان کو دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔۔

مرد محبت نہیں کرتا ہے۔وہ دل لگی کرتا ہے استعمال کرتا ہے

جب دل اور دل کی لگی ختم ہو جاتی ہے وہ چھوڑ دیتا ہے سامنے والے

تب تک کیا احساس رکھتے ہیں اسے زارا فرق نہیں پڑتا ہے

دیریک تامیر کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

تم چاہتے ہو میں اپنے لالچ میں اپنی دل لگی میں کسی کو تباہ کروں۔؟

میں لوگوں کو تباہ کیسے کرتا ہوں تم واقف ہو اس سے

دیریک گہری سانس لیتے ہوئے ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا پتا دل کی لگی اس بار جا ہو سچ میں دل کسی سے لگ جائے اور

زندگی پرسکون ہو جائے۔۔؟؟

تامیر سوالیہ نظروں سے دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے محبت پر اعتبارِ نہیں میں نے محبت کی نہیں تو کیا ہوا

میں نے دیکھا ہے لوگوں کو اس میں خود کو برباد کرتے ہوئے

انسان سے جانور بنتے ہوئے۔جانور سے پاگل کتے کا سفر طے کرتے ہوئے یہ

محبت کچھ نہیں دیتی ہے میں نہیں کروں گا کسی سے بھی محبت

میری دنیا پرفیکٹ ہے۔

میرے پاس پیسہ ہے اور جس کے پاس پیسہ ہوتا ہے اس کے پاس

دنیا ہوتی ہے۔۔۔

دیریک سیدھا کھڑا ہو کر آسمان کی جانب دیکھتے ہوئے گہری سانس

لیتے ہوئے کہتا ہے۔

پیسہ دنیا دیتی ہے سکون نہیں اور آپ کو پیسے نہیں سکون چاہیے

تامیر اس کی ان الفاظوں کی وضاحت کرتا ہے

جیسے وہ چاہ کر بھی بول نہیں پا رہا تھا۔

سکون۔۔؟؟؟ ایسا اس دُنیا میں کچھ ہے۔۔؟؟؟

دیریک تامیر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سوال کرتا ہے۔۔

ہاں ہے۔۔"تامیر پر یقین سے جواب دیتا ہے۔

تمہیں لگتا ہے کہ میں محبت کروں گا تو مجھے سکون ملے گا۔۔؟؟

دیریک تامیر کی طرف رخ موڑ کر اس کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے

سوال کرتا ہے۔۔

ہاں مل جائے گا۔۔۔"تامیر مختصر سا جواب دیتا ہے۔

آگر نا ملا پھر۔؟؟اگر اس نے بھی برباد کر دیا مجھے تو پھر۔۔؟؟

اگر وہ بھی لالچی ہوئی تو پھر۔۔۔؟؟؟

میری دنیا میں لالچ رشتوں سے زیادہ اہم ہیں دیکھا تو ہو گا تم نے

میں ایک اور لالچی انسان کو اپنی زندگی میں لا کر سب

کچھ خود سے تباہ کر دوں۔۔؟؟؟

دیریک بوتل پکڑے ہوئے ہاتھ سے ریسٹورنٹ کے باہر کھڑی ہوئی

گاڑیوں کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ہر شخص ایک جیسا نہیں ہوتا ہے۔۔"دیریک کے ہاتھ سے نظریں

پھیرتے ہوئے ان لوگوں کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

تم آج محبت کے وکیل کیوں بنے ہوئے ہو۔۔؟؟

دیریک تھوڑا سخت لہجے میں پوچھتا ہے۔۔

کیونکہ میں اب آپ کو خوٗش دیکھنا چاہتا ہوں۔۔

تامیر دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ نے بہت برداشت کیا ہے جھوٹے رشتوں کو اب آپ کو ایک سچے اور

اچھے خوبصورت رشتے میں دیکھنا چاہتا ہوں

ایک پرسکون زندگی کے ساتھ۔۔۔

تامیر دیریک کے ہاتھ سے اس کا بوتل کا گلاس لیتے ہوئے کہتا ہے

کیونکہ دیریک اس پر گرفت مضبوط کیے اکو

توڑنے کی کوشش میں جڑ گیا تھا۔۔

تامیر کی بات پر دیریک قہقہہ لگا کر ہنس پڑتا ہے میری

خوشی میرا سکون کسی کی محتاج نہیں ہے۔۔

میں کبھی کسی سے محبت نہیں کروں گا میں نفرت کرتا ہوں اس دُنیا

سے اس دُنیا میں رہنے والے ہر شخص سے

ہر محبت کے اس دعوے دار سے جو محبت کے وعدے کرتا ہے

مرد ہو یا عورت محبت کوئی کسی سے نہیں کرتا یہ جسموں کی حوس

ہوتی ہے جو ایک دوسرے کے قریب کھینچ لاتی ہے

ایک دوسرے کو اور اسے محبت کا نام دیتی ہے۔۔

میں لالچی ہو سکتا ہوں پر میں حوس پرست انسان نہیں ہوں عورتیں

نہیں پسند پر اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ میں

انہیں حوس کی نظر سے دیکھوں

دیریک تامیر کو غصے میں دیکھتے ہوئے اپنی باتوں پر زور دیتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

میں دنیا کے سامنے نظر اس لیے نہیں اٹھاتا کہ میں کمزور ہوں بلکہ میں

اس لیے نظر نہیں اٹھاتا کیونکہ میں ہر کسی کی بے باک اداروں سے

ان کے ہر نقوش سے واقف ہو چکا ہوں۔۔

نفرت ہے مجھے استعمال کرنے والے لوگوں سے سخت نفرت

اور محبت بھی صرف استعمال کرتی ہے۔

دیریک غصے میں گہری سانسیں لیتے ہوئے کہتا ہے۔

فرض کریں اگر ہوگئی محبت کسی سے پھر بھی جھٹلائیں گے اس کو۔۔؟؟

تامیر بالکل پرسکون انداز میں پوچھتا ہے۔

اس دُنیا میں ایسی لڑکی بنی ہی نہیں ہے جو مجھے خود سے محبت کروا سکے

دیریک تامیر سے نظریں ہٹا کر ریسٹورینٹ کے باہر کی طرف

قدم قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

اور اگر کوئی ہوئی اور ہوگئی محبت تو کیا کریں گے۔۔؟؟

تامیر دیریک کو آگے جاتا دیکھ سؤال کر بیٹھتا ہے۔

تامیر کی بات پر دیریک کے قدم رک جاتے ہیں۔۔

کبھی نہیں ہوگی یقین ہے مجھے میں کسی سے محبت نہیں کروں گا

کبھی بھی نہیں کروں گا۔۔۔

دیریک رک کر دھیرے سے تامیر کی بات کا جواب وہ خود کو دیتا ہے۔

اور کہتے ہی وہ ریسٹورینٹ سے باہر نکل جاتا ہے۔۔

ہوگئ مجھے تو یقین ہے محبت ہوگی اور جس سے ہوگی اس دن

دنیا دیریک جون کا ایک نیا روپ دیکھی تھی تب اس کی جھکی نظریں

بھی اٹھیں گی اور دھماکے بھی ہونگے۔

تامیر ہنستے ہوئے دیریک کو جاتے دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی

گہری سانس لیے اس کے پیچھے پیچھے چل پڑتا ہے۔

....

سلطانہ بیغم ہیرا بیغم اور فیروز صاحب سب واپس گاؤں پہنچ چکے تھے

بدر اسے آسلام آباد سے لے آیا تھا۔۔

اب سب حویلی میں آرام کر رہے تھے سب ہی پر سکون نیند سوئے

پڑے تھے۔۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل کمرے میں بیڈ پر عالیان کے ساتھ سویا پڑا تھا رات ہوئی

لڑائی سے روحی نے باسیل کو بلایا تک نہیں تھا اسے ہاتھ تک نہیں

لگایا تھا۔۔

وہ بھی خاموش ہوگئی تھی باسیل کا ایسا سخت سرد رویہ دیکھ

کر اس کے سر پر تو آسمان گر پڑا تھا جو اس کے وجود کو کرچیوں میں تبدیل کر رہا تھا پر وہ خود کو ضبط کیے ہوئے تھی۔۔۔

روحی صبحِ صبح تیار ہوئی اپنا فون بھی گھر پر چھوڑے ٹیکسی میں وہ گھر سے باہر جا چکی تھی۔۔

اس وقت وہ ٹیکسی میں سوار اسی ہائے کورٹ کے سامنے تھی جہاں کل رات باسیل تھا۔۔

am we arrived"...

ڈرائیور روحی کو پلٹ کر دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

اس کی آواز پر روحی جلدی سے اپنے اطراف میں دیکھتی ہے۔

h.. wait here for me I'll be back in few minutes"..

روحی ڈرائیور کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور اپنا بیک بیگ لیے وہ

گاڑی سب باہر نکل کر سیڑھیوں پر چڑھنے سے پہلے کچھ پہل وہی ٹھہر کر

اس کو دیکھتی ہے۔۔

سفید کلر کے تھیری پیس سوٹ میں ملبوس پیروں میں پینسل ہیل

پہنے ہوئے سفید کوٹ پر مسٹرڈ کلر کا ایک لونگ کوٹ اوپر سے

پہنے ہوئے روحی گاؤں کی ایک چل بل لڑکی سے ایک قابل اور سیریس

لڑکی لگ رہی تھی۔۔۔

بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے وہ سیڑھیوں پر چڑھتے ہوئے ایک

روم کی طرف بڑھتی ہے جو کورٹ میں داخل ہوتے ہی دائیں ہاتھ کے

طرف آتا ہے۔

i Roohi"...

روحی جیسے ہی کمرے کا دروازہ کھولتی ہے سامنے کھڑا شخص

خوشی سے مسکراتے ہوئے ہوا میں ہاتھ بلند کیے

کہتا ہے۔

روحی اسے ایک نظر کولڈ نظروں سے اسے دیکھتی ہے اور

آگے بڑھتے ہوئے وہ کندھے سے بیگ اتار کر

ٹیبل پر پھینک مارتی ہے۔

dn't I tell you don't do anything when

y husband come???...

روحی بیگ ٹیبل پر پھینکے دونوں ہاتھ ٹیبل پر رکھے غصے میں

پوچھتی ہے۔

h you get that??...

سامنے کھڑا لڑکا سر جھکا کر کہتا ہے۔

ut up just close your mouth...

روحی غصے میں حلق کے بل دھاڑتے ہوئے سامنے کھڑے ہوئے شخص

کو غصے میں گھورتے ہوئے کہتی ہے۔

ریلیکس روحی۔۔۔"روحی کے پیچھے سے شیزا دروازے سے اندر

داخل ہوتے ہوئے کہتی ہے۔

تم جانتی تھی۔۔؟؟ روحی سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

ہاں۔۔!!"شیزا پرسکون سا جواب دیتی ہے۔

میں نے منا کیا تھا کہا تھا نا پیپرز کے آؤں گی پولیس اسٹیشن سے

میں پھر میری گاڑی سے اس آدمی کا ایکسیڈنٹ کیوں کروایا۔۔؟؟؟

روحی شیزا سے سخت لہجے میں پوچھتی ہے۔

یہ کام ہے روحی اس فیلڈ کا حصہ بنا ہے تو ایسی مشکلات کا

سامنا کرنا پڑے گا۔۔

شیزا پرسکون سا جواب دیتی ہے اور روحی کے ٹیبل پر

پھینکے بیگ کی طرف دیکھتی ہے۔

بھاڑ میں گئی تمہاری فیلڈ شیزا میں نے تمہارے کہنے پر تمہاری مدد

کی اور کرتی آرہی ہوں پچھلے ایک سال سے

پر تم نے مجھے صرف استعمال کیا ہے باسیل کی موجودگی میں

مجھ یہ سب کروانے کا کیا مقصد تھا تمہارا۔۔؟

روحی شیزا کو بازوؤں سے پکڑ کر اپنے سامنے کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

مقصد صرف اِتنا تھا کہ ہم تمہارے ارادے دیکھ سکے

کہ تم اب اپنے شوہر کی موجودگی میں ہمارا ساتھ دو گی یا نہیں۔۔؟؟

نہیں۔۔۔"شیزا کی بات مکمل ہوتے ہی روحی بول پڑتی ہے۔

میں نہیں دوں گی شاید تم بھول رہی ہو میری بات میں یاد کروادیتی

تم جب ایک سال پہلے آئی تھی میرے ساتھ رہنے

تب ڈیل کیا ہوئی تھی۔۔

روحی شیزا کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

یہ ہی نا کہ میں باسیل کے آنے سے پہلے تک اس فیلڈ میں

تمہاری مدد کروں گی اور۔۔۔۔

اور اس کے پیسے لوں گی۔۔"

شیزا روحی کی بات کاٹ کر خود بول پڑتی ہے۔

ظاہر ہے جب محنت اور رسک ہو گا تو اس کی قیمت بھی ہو گی

روحی واپس پیچھے کی طرف بڑھتے ہوئے دونوں ہاتھ کمر پر باندھے

شیزا کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

باسیل کے آنے کے بعد میں کچھ نہیں کروں گی یہ میں نے صرف کہنے

کے لیے نہیں کہا تھا۔۔

میں یہاں تک ہی مدد کر سکتی تھی اب میں اپنا گھر اپنے مزے کے

لیے اور پیسوں کے لیے خراب نہیں کرنا چاہوں گی

ویسے بھی بہت جلد میں پاکستان جارہی ہوں تو یہ آخری کیس تھا

تمہارا جس پر میں نے تمہاری مدد کی اب اور مزید کچھ بھی نہیں۔۔

روحی ٹیبل پر پڑے بیگ کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی

وہ باہر کہ جانب بڑھنے لگتی ہے۔

ڈیل کا ٹائم ختم نہیں ہوا ہے ابھی۔۔،"

شیزا بلند آواز میں کہتی ہے۔

وہ تو ہوگئی ہے کہ رات اسی پل جب تم نے مجھے باسیل کے سامنے

ایکسپوز کرنا چاہا۔۔۔

روحی مڑ کر شیزا کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ایک بات بتانی بھول گئی میں۔۔"

روحی کہتے ہوئے واپس پلٹ کر شیزا کے پاس آتی ہے اس کے کوٹ

کے کالر کو ٹھیک کرتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھتی ہے۔

جو ارادے بنا رہی ہو ترک کردو باسیل پر اب کی بار نگاہ بھی مت ڈالنا

کیونکہ نا تو ہم اب گاؤں میں ہیں اور نا ہی تم میری مہمان

گاؤں میں رشتوں میں بندھی ہوئی تھی مجبوراً تمہیں عزت دینی پڑتی تھی

لیکن اب کی بار تم مجھ سے واقف ہو حشر کروانا ہو تو باسیل کی

طرف ضرور قدم بڑھانا اب کی بار نا رعایت ہوگی اور نا ہی

کم ظرف لوگوں کی عزت

باسیل میرے تھے اور ہمیشہ میرے ہی رہیں گے ہمارے درمیان

آنے والے ہر شخص کو حشر نشر کر دوں گی میں اب کی بار

ایک ہی کہانی بار بار نہیں دہراؤں گی۔۔

"باسیل میرے ہیں بات ختم۔۔۔"

روحی شیزا کے کالر کو اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے غصے میں

کہتی ہے۔

تمہیں اب بھی یقین نہیں ہے کہ مجھے اب وہ نہیں چاہیے۔

شیزا اپنے کالر کو سیٹ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

ان کے معاملہ میں مجھے کسی پر یقین نہیں ہے۔۔

صرف یقین ہے تو اس بات پر باسیل میرے شوہر ہیں جو مجھے جان

سے زیادہ عزیز ہیں۔۔۔

روحی شیزا کی آنکھوں میں مسکراتے ہوئے دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

خدا حافظ۔۔"روحی کہتے ہی مسکراتے ہوئے باہر نکل جاتی ہے۔

روحی کو جاتا دیکھ کر شیزا بھی اس کے پیچھے پیچھے باہر چل پڑتی ہے۔۔

اووو ناٹنکی ہو گیا غصہ ختم۔۔۔؟؟

شیزا کورٹ کے پیکر کے ساتھ ٹیک لگائے روحی کو پہلی سیڑھی پر

کھڑے دیکھتی ہوئی پوچھتی ہے۔۔

ابھی کہاں وہ جس کا ہے اسی پر جب تک نہیں ملے گا سکون کہاں آئے

گا مجھے۔

روحی معصوم سی شکل بنائے مڑ کر شیزا کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

باسیل سے لڑائی میں کب تک مجھے پیسنے کا ارادہ ہے تمہارا۔۔؟؟

شیزا کہتے ہوئے روحی کی طرف بڑھتی ہے۔۔

کب تک مجھے ان کی کسی نئی محبوبہ کا نام نہیں پتا چلتا ہے تب تک

میں تمہیں اس میں پیسوں گی۔۔

روحی دونوں کوٹ کمر س ہٹائے کمر پر ہاتھ رکھے ایک ائیبرو

اُٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہیں اس کی نئی محبوبہ کے انتظار میں ہو اور اگر اس کا الٹا ہوگیا تو۔۔؟؟

شیزا روحی کے سامنے اس سے دو سیڑھی اوپر کھڑی ہوئی

پوچھتی ہے۔

مطلب۔۔؟؟ روحی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

مطلب یہ میری جان کیا پتا آپ کا کوئی عاشق اب نکل آئے

جس طرح کی قیامت تم اب لگنے لگی ہو

باسیل کیا میری خود کی نیت کبھی کبھی تم پر خراب ہو جاتی ہے۔

شیزا روحی کو سر سے پیر دیکھتے ہوئے

آہیں بھرتے ہوئے کہتی ہے۔

پر افسوس تم صرف آہیں ہی بھر سکتی ہو یہ لڑکی الریڈی بکڈ

ہو چکی ہے کسی کے لیے

اور جس کے لیے ہوئی وہ مجھے مجھ سے زیادہ عزیز ہے۔

روحی شیزا کو دیکھتے ہوئے واپس جیسی ہی مڑتی ہے شیزا اس کا

ہاتھ پکڑ کر اس کو روک دیتی ہے۔

کیا ہوا۔۔؟؟ روحی ائیبرو اٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

مڑو مت تصویریں لے رہا ہے کوئی۔۔"

شیزا ٹیکسی کے آگے کھڑی کالی گاڑی میں سے کیمرے کی طرف

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

شیزا کی بات پر روحی گردن موڑ کر اس کی طرف دیکھنے

لگتی ہے پر شیزا روک دیتی ہے۔

پر پھر بھی روحی کی سائیڈ پروفائل کی تصویر لے لی جاتی ہے۔

روکو۔۔۔"شیزا کہتے ہوئے گارڈز کو گاڑی کی طرف بڑھنے کا اشارہ

کرتی ہے اور خود بھی دوڑتے ہوئے جاتی ہے۔

روحی پرسکون سی کھڑی دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے

اپنے سامنے کے مناظر دیکھنے لگتی ہے۔

یہ سب اس کے لیے پہلی بار نہیں تھا وہ پہلے بھی کہیں بار یہ مناظر

دیکھ چکی تھی۔۔۔

شیزا کو گارڈز کے ساتھ آتا دیکھ گاڑی میں سوار لوگ فل اسپیڈ میں

وہاں سے باہر نکل جاتے ہیں۔۔

روحی شیزا کو دیکھتے ہوئے اب کی بار نیچے اُترنے لگتی ہے۔۔

چلے گئے ہیں ریلیکس۔۔"روحی شیزا کے ساتھ کھڑے ہوتے ہوئے کہتی ہے

تھے کون یہ کہیں وہ ہی تو نہیں جس نے کل رات تمہارے

پیچھے آدمی بھیجا تھا وہ ایکسیڈنٹ والا۔۔۔"

شیزا روحی کو یاد دھیانی کروانے لگتی ہے۔

وہ تم نے نہیں بھیجا تھا۔۔؟؟؟ روحی تجسس سے پوچھتی ہے۔

نہیں ہم لوگ کیوں بھیجیں گے۔۔؟؟

شیزا کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

اسی کے کام ہونگے جو نہایت چاہتے یہ کیس ری اوپن ہوئے

شیزا نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہتی ہے۔

کیس ہے کس کا یہ۔۔؟؟؟ روحی شیزا کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

تم نے اسٹڈی بھی نہیں کیا ابھی تک۔۔؟؟

شیزا حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

نہیں۔۔رات کو کرتی ہوں پر باسیل سے لڑائی ہوگئی تھی تو دماغ خراب

ہوا پڑا تھا کچھ بھی نہیں دیکھا اور ابھی بھی ان کے

اٹھنے سے پہلے میں یہ لے آئی۔۔

روحی کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

یہ جرمنی کے س سے امیر خاندان کا کیس ہے

ایک کرسچن فیملی کا

جون خاندان کا کیس "

شیزا روحی کو دیکھتے ہوئے اسے بتاتی ہے۔۔

آہ ہ۔۔۔رہنے دو رہنے دو مجھے نہیں جاننا مجھ سے اپنا چھوٹا سا خاندان

نہیں سنبھالا جاتا ہے کسی اور کے خاندان کے بارے میں

جاننے کا کوئی شوق نہیں ہے مجھے۔۔

روحی شیزا کی بات کاٹتے ہوئے بول پڑتی ہے۔۔

میں گھر جا رہی ہوں باسیل ٹیڈی اٹھ گئے ہونگے دونوں باپ بیٹے بھوکے

ہونگے ایک ماں اور بیوی کی زمہ داریاں بھی پوری کرنی ہیں

پھر کوئی اور کام۔۔۔"

روحی ٹیکسی کو اپنی طرف انکا اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

اچھا سنو۔۔؟؟ شیزا اسے گاڑی کا دروازہ کھولتا دیکھ کر بولی

آج شام کو ہم سب تمہارے گھر آئیں گے کھانے کا انتظام کرلینا

اور۔۔۔"

شیزا کہتے کہتے رک جاتی ہے اور روحی کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔

اور کیا۔۔؟؟ روحی حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

تھوڑی سی ہیلپ بھی چاہیے مجھے تمہاری۔۔"

شیزا دھیرے سے کہتی ہے۔۔

کیس کے سلسلے میں۔۔؟؟ روحی تجسّس سے پوچھتی ہے۔

نہیں شادی کے و۔۔سہ میں نے شادی کا ارادہ کر لیا ہے دو دن میں

میرا بندہ آنے والا ہے تو پھر شادی کرنی ہے میں نے۔۔"

شیزا شرماتے ہوئے کہتی ہے۔

نہیں شادی مت کرو زندگی عذاب ہو جائے گی

پھر تم میری طرح پاگل ہو جاؤں گی اور میں بھی تو تم سے لڑ نہیں

پاؤں گی پھر۔۔۔"

روحی شیزا کو بازوؤں سے پکڑ کر اسے ہلاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

اوہووو لڑتی رہنا تم مجھ سے تمہاری لڑائی کے چکر میں کرواری

مر جاؤں گی ایسے۔۔"

شیزا اپنے آپ کو روحی کی بازوؤں سے آزاد کرواتے ہوئے کہتی ہے۔

چل ٹھیک ہے شام کو آجا گھر میں اچھے سے ڈنر کا اہتمام کردوں گی

تیرے لیے کیا یاد رکھے گی مہرین کو اور ان کے میاں کو بھی لے آنا

ٹیڈی ہو مس کر رہے ہونگے وہ بھی

روحی گاڑی میں بیٹھتے ہوئے کہتی ہے۔

بائے۔۔"شیزا کہتے ہی واپس کوٹ میں چلی جاتی ہے اور روحی بھی گھر کی

طرف بڑھتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

زور لگالو بھالوں کھانے اور سونے پر زور لگتا ہے تمہارا بس

باسیل نیچے حال میں کیچن کی سید میں دائیں جانب موجود بنے ہوئے

کمرے میں ایک بینچ پر بیٹھے ہوئے ڈمبل اٹھائے وہ

پل اپس کررہا تھا باسیل کی گود میں اس کے پاس عالیان اس کے

ہاتھ میں پکڑے ہوئے ڈمبل کو ہاتھ لگائے اس کے

ساتھ ساتھ پل اپس کررہا تھا۔۔

باسیل ہنستے ہوئے عالیان کے ساتھ لگا ہوا تھا کہ روحی گھر میں داخل

ہوتی ہے کمرے کا دروازہ کھلا دیکھ کر روحی کی نظر سیدھا

باسیل اور عالیان پر جاتی ہے۔۔

باسیل کو سرسری سی نظر دیکھ کر روحی اپنا لونگ کوٹ اتارے

صوفے پر پھینکے وہ سفید کوٹ کے بٹن کھولتے ہوئے

کمرے کی طرف بڑھتی ہے۔۔

باسیل روحی کو آتا دیکھ اسے دیکھتا ہی رہ جاتا ہے ہاتھ میں پکڑے

ہوئے ڈمبل وہی اسی پوزیشن میں وہ کافی دیر پکڑے

رہتا ہے۔

روحی کوٹ کے بٹن جیسے ہی کھولتی ہے اس نے انر جرسی کی

وائٹ بنا بازوؤں کی شرٹ پہنی ہوئی تھی وہ اس کے جسم کے ساتھ لگی ہ

تھی۔

باسیل کی تو سانسیں ہی روکنے لگی تھی روحی کو ایسا اس نے

کبھی نہیں دیکھا اب دیکھا تو بس دیکھتا ہی رہ گیا تھا۔۔

ماما۔۔"عالیان روحی کو دیکھتے ہوئے بینچ سے اتر کر روحی کی طرف

دوڑتے ہوئے جاتا ہے۔۔

روحی عالیان کو آتا دیکھ کر جھک کر زمین پر گڈھنوں کے بل

بیٹھے ہوئے عالیان کو اپنی باہوں میں اٹھا لیتی ہے۔

روحی سرسری سی نظر باسیل پر ڈالتی ہے اس کی نظر اپنی طرف اٹھتی

دیکھ باسیل کے ہاتھ سے ڈمبل چھوٹ جاتا ہے۔

اور نظریں بھی جھک جاتی ہیں۔

روحی عالیان کو گود میں اٹھائے اپنے ساتھ کمرے سے باہر لے جاتی ہے۔

روحی کے جاتے ہی باسیل اپنے سینے پر ہاتھ رکھے گہری سانس

لیتا ہے جیسے ہو اسے ناجانے کب سے روکے ہوئے تھا۔۔

کچھ کھایا آپ نے۔۔؟؟ روحی عالیان سے پوچھتے ہوئے اسے کیچن

کے سامنے ٹیبل پر کے جا کر بیٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

دودھ۔۔"عالیان مختصر سا جواب دیتا ہے۔

دودھ پیا ہے۔؟؟ روحی اپنا وائٹ کوٹ اتارتے ہوئے پوچھتی ہے۔

عالیان ہاں میں سر ہلاتے ہوئے جواب دیتا ہے۔

اب کیا کھاؤ گے۔۔؟؟ پر اٹھا۔۔؟؟ یا پھر فروٹس۔۔؟؟

یا پھر آپ کے اوٹس۔۔؟

روحی کیچن میں جائے بالوں میں جوڑا بناتے ہوئے جوڑے کو چیچ

سے بند کرتی ہے.

روحی جوڑا بنا رہی ہوتی ہے کہ باسیل کمرے سے نکل آتا ہے

ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے وہ عالیان کے پاس پڑی پانی کی بوتل سے

پانی گلاس میں ڈالے ہوئے وہی کیچن کے سامنے والی کرسی کھینچ

کر پانی کا گلاس لبوں سے لگائے روحی کو اسے ان کپڑوں میں ملبوس

بنا پلک جھپکائیں مسلسل دیکھنے لگتا ہے۔۔

روحی کو باسیل کی موجودگی کا احساس ہی نہیں ہوا تھا وہ عالیان

سے باتیں کرتے ہوئے فریج سے ناشتے کا سامان نکالنے لگتی ہے۔۔

وہ جیسے ہی شیلف کی طرف آتی ہے باسیل کو دیکھتے ہوئے روحی کے قدم رک

جاتے ہیں پر روحی باسیل کو آگنور کرتے ہوئے وہ

ناشتے بنانا شروع کرتی ہے۔

باسیل گلاس ٹیبل پر رکھے عالیان کا رخ اپنی طرف کرتے

اس کے ہاتھ میں کھالی پانی کی بوتل پکڑائے باسیل

کیچن میں روحی کے پاس جاتا ہے۔

جو فریج سے دودھ نکالنے گئی تھی باسیل اس کے پیچھے کھڑے

ہوکر اسے پیٹ سے پکڑ کر پہلے اپنے سینے سے لگائے وہ

فریج کا دروازہ بند کرتے ہوئے

روحی فریج سے پن کر دیتا ہے۔

باسیل۔۔۔؟؟ روحی غصے میں کہتی ہے اور کہتے ہی گردن

موڑ کر عالیان کو دیکھتی ہے۔

روحی کی نظر عالیان پر جاتی ہے اور باسیل کی اس گردن پر

اس کے کندھے پر ایک اسٹریپ تھی چوڑی تھی پر زیادہ نہیں

جو اس کی شرٹ کی ہوتی ہے ۔

یہ کیا کررہے ہیں۔۔؟؟

باسیل کے لبوں کو اپنی گردن پر محسوس کرتے

ہوئے تلملاتے ہوئے کہتی ہے۔

وہی میری جان جو تم مجھ سے کروانا چاہتی ہو وہی کررہا ہوں۔

باسیل اس کی گردن پر انگلی پھیرتے ہوئے کہتا ہے۔

میں ایسا کچھ نہیں چاہتی ہوں چھوڑیں مجھے ابھی اور اسی وقت

روحی باسیل کی قید سے نکلنے کی کوشش کرتی ہے پر باسیل کی

گرفت اتنی ہی اس کے کمر پر مضبوط ہونے لگتی ہے۔۔

ابھی تو صرف ایک ہی کس کیا ہے ابھی سے چھوڑدوں۔۔؟؟

باسیل روحی کی کمر پر گرفت اور مضبوط کرتے

روحی کو اپنے سینے سے لگائے وہ اس کی گردن پر اپنے لب رکھتے ہوئے

ہے۔۔

باسیل مت کریں چھوڑیں مجھے۔۔۔۔"

روحی اس کی سانسوں کی تپش اپنی گردن پر محسوس

کرتے اس کے پیٹ پر ہاتھ رکھے دور

کرتے ہوئے کہتی ہے۔

آگر نہیں چاہتی کہ میں ایسے تمہارے قریب آؤں تو یہ کپڑے

نہیں پہننے چاہیے تھے تمہیں۔۔۔!!

باسیل اس کی اسٹریپ کو اپنی انگلی سے پکڑتے ہوئے کندھے

سے نیچے کرنے کی کوشش میں ہوتا ہے۔

اب میں کپڑے بھی آپ کی مرضی سے پہنو گی۔۔؟؟

روحی باسیل کے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے خود سے دور کرتے ہوئے غصے کہتی ہے۔

میرے سامنے کمرے میں تو انہیں پہننے کی ضرورت نہیں ہے پر کمرے سے باہر دھیان رکھنا چاہیے نا۔۔"

میری نیت خراب ہونے لگتی ہے تم پر پھر کچھ بھی ہو سکتا ہے۔

باسیل دونوں ہاتھ کمر پر باندھے روحی کو مسکراتے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ کی نیت تو پہلے ہی خراب ہے مجھ پر اب میرے کپڑوں کو

وجہ مت بنائیں اس کی۔۔۔

روحی فریج سے دودھ لیے چولہے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

نیت تو میری پہلے دن سے ہی خراب ہے تم پر اب 4 سال

کے فاصلے نے اس کو حد سے زیادہ بڑھا دیا ہے

اب کیا میں کیا کروں۔۔۔

باسیل چلتے ہوئے روحی جے پیچھے آکھڑا ہوتا ہے اس کے

کان کے قریب سرگوشی نما انداز میں کہتا ہے۔۔

کیچن سے باہر نکلیں۔!!روحی چاقو اسٹینڈ سے چاقو نکال کر

باسیل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

مار ڈالو گی مجھے۔۔۔؟؟؟ باسیل روحی کے نزدیک آتے ہوئے

کہتا ہے۔

اب مزید قریب آئے تو یہ بھی آپ کے قریب آ جائے گا۔۔"

♡_____♡.....♡_____♡

باہر جائیں۔۔۔"روحی دو ٹوک لہجے میں کہتی ہے۔

سوری۔۔۔!!!باسیل روحی کی بڑی بڑی گرین آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سنجی

سے

کہتا ہے۔۔

باسیل جائیں۔۔۔"روحی حکمانہ انداز میں کہتی ہے۔۔

معاف نہیں کرو گی۔۔۔؟؟؟

باسیل روحی کو غصے میں دیکھ دھیرے سے پوچھتا ہے۔

نہیں۔۔!!!روحی گہری سانس لیے کہتی ہے اور دوبارہ اپنے کام میں مصروفِ

ہونے لگتی ہے۔۔۔

وہ بس ہوگیا تھا میرا ایسا ارادہ نہیں تھا۔

باسیل اپنی صفائی پیش کرتا ہے جبکہ اس کی باتوں پر روحی اسے

گھور کر دیکھتی ہے۔۔

میں نے آپ سے کچھ پوچھا ہے۔۔؟؟

روحی سخت لہجے میں پوچھتی ہے۔

تمہیں صفائی پیش کرنا ضرور ہے لڑ لو بے دل مت مت ہو مجھ سے

باسیل روحی کی بازوؤں پکڑ کر اس کا رخ

اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔

میری اتنی فکر وجہ۔۔۔؟؟؟ روحی بازوؤں چھوڑواتے ہوئے کہتی ہے۔

بیوی ہو اس سے بڑی وجہ بھی کوئی ہو سکتی ہے۔

بیوی تو میں کل رات بھی تھی آپ کی تب تو یہ یاد نہیں آیا تھا

جب اتنے لوگوں کے سامنے چیخ کر میری جان لینے کا کہہ رہے تھے۔

باسیل کی بات کاٹ کر روحی نم آنکھوں سے تلخ لہجے میں کہتی ہے۔

جانتا ہو زیادہ بول گیا تھا احساس ہورہا ہے نا مجھے اب

باسیل سر جھکاتے ہوئے کہتا ہے۔

سر مت جھکائیں آپ باہر جائیں باسیل مجھے عالیان کے لیے

ناشتہ بنانا ہے ہماری لڑائی میں اپنے بچے کو بھوکا نہیں رکھ سکتی ہوں۔

روحی اپنے آنسوؤں کو ضبط کرتے ہوئے چولہ پر دودھ چڑھاتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

میرا بھی تو ہے اپنا اپنا کہتی رہتی ہے بس۔۔

باسیل بڑبڑاتے ہوئے کیچن سے باہر نکل کر عالیان کو ٹیبل سے ایک

بازوؤں میں اٹھائے اسے اپنے ساتھ صوفے پر لے جاتا ہے۔۔

سنو۔۔۔۔؟؟؟

تمہاری ماں ناراض ہے مجھ سے منانے میں مدد کرو گے۔؟؟

باسیل صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے عالیان کو بلی کی طرح ایک بازوؤں

میں پکڑے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں۔۔۔!!!!عالیان کو تو جیسے مل رہے تھے وہ ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

گندی اولاد ویسے تو بولتے نہیں ہو بولتے ہو تو سیدھا انکار

ایسا بولتے ہو۔۔

باپ ہوں تمہارا تھوڑی سی تو مدد چاہیے تمہاری۔۔۔

باسیل عالیان کو صوفے پر کھڑا کرتے ہوئے کہتا ہے۔

میں کچھ بھی نہیں کروں گا۔۔۔"

عالیان کہتے ہی صوفے پر بیٹھ جاتا ہے اور صوفے کی بیک سے پشت

ٹیکاتا ہے۔۔۔

کیوں تمہارا بل آتا ہے۔۔؟؟

باسیل عالیان کے پاس صوفے پر بیٹھتے ہوئے اس کی طرف رخ

موڑے عالیان کے ساتھ ساتھ روحی کو بھی

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

بابا گندے انکل ہیں۔۔۔!!عالیان دھیرے سے بڑبڑاتے ہوئے بولا

اوئے دو فٹ کے اوگتے ہوئے پودے آنکل میں صرف تمہاری ماں کے

لیے ہوں شرفت سے میری بات مان جاؤ ورنہ آئیس کریم بند کردوں

گا میں تمہاری

باسیل حکمانہ انداز میں کہتا ہے۔۔

باسیل کی آوازیں روحی کو کیچن میں صاف سنائی دے رہی

تھیں جس پر و اپنے غصے کو کنٹرول کررہی تھی۔۔

عالیان کے معاملے میں وہ خود بہت پوزیوو تھی اس نے سامنے اس

کا خود کا باپ ہی کیوں نا ہو کوئی غصے میں اس سے

بات نہیں کرسکتا ہے پر خود بھی اس کے باپ سے غصے میں ہے تو

کچھ کہتی نہیں ہے بس غصے کو کنٹرول کرتی ہے۔۔

کردیں آپ ماما لادیں گی مجھے۔۔۔

عالیان گردن جھٹکتے ہوئے کہتا ہے۔۔

عالیان کی حرکت پر باسیل کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا تھا۔۔۔

تمہاری ماں بھی میرے بینک پر ہی ڈاکا ڈالتی ہے

تمہاری اطلاع کے لیے عرض ہے۔۔

باسیل روحی کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

نہیں۔۔۔!!!ماما کے پاس بہت پیسہ ہے ماما امیر ہیں۔۔

عالیان سر اٹھا کر باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ہیں۔۔۔؟؟؟ لوگوں کو مارنے کی سپاریاں تو نہیں لینے لگ گئی ہے

ویسے بھی گنڈی بننے کا بہت شوق ہے اس کو۔۔۔

باسیل کہتے ہوئے عالیان سے نظریں ہٹائے کیچن میں ہاتھ میں چاقو

پکڑے چھوٹی چھوٹی آنکھیں باسیل کو ہی دیکھتی

ہوئی روحی کو دیکھتا ہے۔۔

باسیل کو آج پہلی بار سچ میں کسی سے ڈر لگا تھا روحی کو

اس روپ میں دیکھے باسیل کے دل کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں تھیں

ماتھے پر ٹھنڈے پسینے بھی آنے جگ گئے تھے۔۔۔

e's Dangerous.....

میری بیوی تو خطرناک لڑکی ہے میں تو ایسے معصوم سمنج ہے رہا تھا۔

انکل ڈرے مت ماما اچھی ہیں۔۔"

عالیان باسیل کے حیران پریشان چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اووو۔۔اہوووو اماں کے لگتے۔۔۔

چلو اٹھو جا کہ پہلے ماما کا غصہ ٹھنڈا کرتے ہیں پھر کچھ

اور کریں گے۔۔۔"

کیا کروں میں۔۔"عالیان کھالی ہاتھ باسیل کے آگے بڑھاتے ہوئے

معصوم سی شکل بنائے معصومیت سے پوچھتا ہے۔

اس ہاتھ میں اپنی ماما کا ہاتھ جا کر پکڑو اور اسے اوپر کمرے میں

لے کر جاؤں۔۔۔۔"

باسیل عالیان کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کہتا ہے۔

مجھے کیا ملے گا پھر۔۔۔؟؟؟ عالیان صوفے سے الٹا ہو کر اترتے ہوئے

پوچھتا ہے۔۔۔

مفت میں کر دو۔۔۔!!باسیل سر بلکل جھکائے چھوٹے سے

عالیان کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ماما کہتی ہیں مفت میں کچھ نہیں کرنا چاہیے۔

عالیان روحی کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باپ کے لیے تو کرسکتے ہو اور لالچ برے برا ہوتی ہے ایسے لالچ

نہیں ہیں پہلے کام پورا کرو پھر تمہیں چھوٹی سی گاڑی

BMW

والی لا کر دوں گا اب جاؤ مناؤ اس کو پہلے۔۔۔

باسیل عالیان کو کیچن کی طرف بڑھاتے ہوئے کہتا ہے اور خود کمر پر ہاتھ

باندھے ہوئے کھڑا ہو جاتا ہے۔

عالیان بلیک کلر کے ٹراؤزر شرٹ پہنے ہوئے کیچن میں روحی کے پاس

جاتا ہے روحی ناشتے میں مصروف عالیان کو آتا ہوا نہیں

دیکھ پاتی ہے عالیان اس کی ٹانگ کے پاس آکر اس کی ٹانگ پر ہاتھ

مار کر اسے اپنے ہونے کا احساس کرواتا ہے۔

ٹیڈی کیا ہوا۔؟؟؟ روحی فوراً سر جھکا کر پوچھتی ہے۔۔

ماما ہاتھ دیں۔۔۔"عالیان اپنا ہاتھ آگے بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

میرے ہاتھ کا کیا کرنا ہے۔۔؟؟

روحی اس کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

آپ کو کہیں لے کر جانا ہے۔۔"

عالیان کیچن سے باہر روحی کا ہاتھ پکڑ کر اسے لے کر جاتا ہے

باہر نکلتے ہی روحی کی نظر باسیل پر پڑتی ہے

جیسے دیکھ وہ سمجھ جاتی ہے۔۔

باسیل دونوں ہاتھ کمر پر باندھے کندھے اچکاتے ہوئے روحی کو

دیکھ رہا ہوتا ہے۔۔

سیڑھیوں کے سامنے کھڑا ہوکر عالیان سیڑھیوں سے اوپر

دیکھتا ہے۔۔۔

ماما۔۔؟؟؟ عالیان کی آواز پر روحی کی نظریں باسیل سے ہٹتی ہیں

اور عالیان پر آتی ہیں۔۔

روحی سیڑھیاں دیکھ کر عالیان کو گود میں اٹھانے ہی

والی ہوتی ہے کہ باسیل پیچھے سے آکر عالیان کو گود میں اٹھائے

روحی کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے ساتھ سیکنڈ فلور پر لے جاتا ہے۔

روحی باسیل کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے تجسّس سے اپنے

اطراف میں دیکھتی ہے۔

آس پاس کچھ نا دیکھ کر روحی مایوسی کا منہ بنائے کمرے میں

جیسے ہی داخل ہوتی ہے اس کی آنکھیں کھولی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔

پورے کمرے کو مکمل تبدیل کردیا گیا تھا فرش پر گلابوں کی پتیوں سے

اس کے لیے سوری لکھے ہوئے ہر طرف پھولوں کی خوشبوؤں مہک

رہی تھی کمرے کا پورا نقشہ تبدیل کر دیا گیا تھا۔۔

روحی کی تو آنکھیں کھلے کی کھلی رہ گئیں تھیں اپنے سامنے کے خوبصورت

مناظر کو دیکھتے ہوئے

باسیل کمرے میں آتے عالیان کو نیچے اتارے اس کے ہاتھ میں گلاب

کا پھول پکڑائے ہوئے ایک پھول وہ خود اپنے ہاتھ میں پکڑے

روحی ے پیچھے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

کمرے کا نظارہ دیکھتے ہوئے روحی کچھ قدم آگے کی طرف بڑھاتی

ہے اور پھولوں سے لکھے ہوئے سوری پر جا کھڑی ہوتی ہے۔۔

روحی گہری سانس لیے جیسے ہی پیچھے مڑتی دونوں باپ بیٹے ایک ایک

ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے ہوئے دوسرے ہاتھ سے روحی

کی طرف پھول بڑھائے ہوئے کھڑے تھے۔۔

سوری۔۔۔"باسیل اور عالیان دونوں ایک ساتھ روحی کو دیکھتے ہوئے

مسکراتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

باسیل نے اسے منانے کے لیے لفظوں سے زیادہ اس کی خواہشات کو

پورا کرنے پر دھیان دیا تھا اس کے بن کہے اس کرائے کے گھر کو وہ

اپنا گھر بنانے کی کوششوں میں جڑ گیا تھا۔۔

روحی کو کرائے کے گھر نہیں پسند اور چھوٹی سہی پر رہنے کے لیے اپنی جگہائ

پسند تھیں باسیل نے صرف گھر ہی نہیں پورا

کمرہ کم وقت میں اس کی مرضی کے مطابق سجا دیا تھا۔

روحی کی پسندیدہ لال گلاب سے کمرے میں خوشبوؤں کے ساتھ ساتھ

فرش پر بچھائے اس کی

چمک کو بھی بڑھا رہا تھا۔۔۔

روحی یک جان ہوئے دونوں باپ بیٹے کو دیکھتے ہوئے وہ گہری سانس

لیے اپنا رُخ دوسری طرف موڑتی ہے اور اور پھر دونوں

ہاتھ کمر پر

باندھے باسیل کی طرف بڑھتی ہے۔۔۔

مجھے اب ان جیسوں سے فرق نہیں پڑتا ہے باسیل یہ پھول

آپ کہ کہے ہوئے لفظوں پر مرحم کا کام نہیں کرتے ہیں اب۔۔

روحی باسیل کے ا ہاتھ میں پھول دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اتنے سخت لفظ تھے تم انہیں نکال نہیں پارہی ہو اپنے ذہین سے

باسیل اپنا ہاتھ نیچے کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

پوچھ رہے ہیں یا بتارہے ہیں۔۔"

روحی عالیان کے ہاتھ سے پھول لیے اسے دروازے کے ساتھ دیوار کے ساتھ لگے ہوئے ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی عالیان کو اپنی گود میں اٹھا لیتی ہے۔۔

شکریہ اس سب کا پر کوئی فائدہ نہیں ہے۔۔

روحی عالیان کو لیے کمرے سے باہر نکلتے ہوئے کہتی ہے۔۔

یہ ایسے نہیں مانے گی۔۔۔باسل بھی کہتے ہوئے کمرے سے باہر نکلتا ہے۔

روحی سیڑھیوں کے پاس پہنچی ہی تھی کہ دروازے کے باہر بلیک کلر کی 5 سے 6 لینڈ کروزر گھر میں داخل ہوتی ہیں اور دروازے کے سامنے آکھڑی ہوتی ہیں۔۔۔

روحی حیران کن نظروں سے ان سب کو دیکھ رہی ہوتی ہے

گاڑی سے بلیک کلر کے سوٹ بوٹ میں ملبوسس آدمیوں کی فوج

گھر کے دروازے کے باہر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

پیچھے سے ایک اور وین آتی ہے جس میں سے بھی بلیک کلر کے کپڑوں میں

ملبوس مرد اور عورتیں اندر داخل ہوتی ہیں۔۔

روحی دو سیڑھیوں پر پہنچی ہی تھی کہ باسیل پیچھے سے آکر اس

کے آگے والی سیڑھی پر کھڑا ہو جاتا ہے۔

....

wake up....

تامیر جلدی بازی میں کمرے میں داخل ہوئے کمرے میں سائیڈ

ٹیبل کے پاس لگے ہوئے بورڈ کی طرف بڑھتے ہوئے شیشہ کے پردے اور

شیشے کو بھی ہٹا کر پورے کمرے میں روشنی کرتا ہے۔۔۔

t now!!!!!....

تامیر الٹا ہو کر لیٹتا ہے اپنے سر سے تکیہ نکلا کر اپنے منہ پر رکھ

رکھتے ہوئے نیند میں دھیرے سے کہتا ہے۔

ease hurry up I need to show you something very

portant

تامیر دیریک کے سرہانے کھڑے ہو کر بے صبری کے ساتھ

کہتا ہے۔۔

mer not now please I want to sleep...

دیریک کا اٹھنا کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔۔

سوتے رہ جاؤ گے تو سب کچھ شروع ہو کر ختم بھی ہو جائے گا۔۔

تامیر اب کی بار بھاری بھرکم آواز میں کہتا ہے۔۔

کیا ہو گیا ہے کیوں صبح صبح شروع ہو گئے ہو۔۔۔؟؟؟

دیریک جھٹکے سے بیڈ پر سیدھا ہو کر بیٹھتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی دونوں ہاتھوں سے اپنے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے

اپنی آنکھیں مسلنے لگتا ہے۔۔۔

تمہارے ماں باپ کی موت کا کیس ری اوپن ہو رہا ہے۔۔

تامیر دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے جس کے ہاتھ تامیر کی بات پر

رک گئے تھے۔۔

کیاا!۔؟؟؟ ڈیریک کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

ہاں وہ کیس ری اوپن ہو رہا ہے میں نے اسے روکنے کی کوشش کی تھی

پر اس پر کام کرنے والے لوگ بہت تیز ہیں وہ فائل پولیس اسٹیشن سے

لے گئے تھے ہائے کورٹ میں لندن میں۔۔۔

تامیر آئی پیڈ ڈیریک کی طرف بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ڈیریک آئی پیڈ پکڑے بیڈ سے اتر کر دوسرے ہاتھ سے بالوں کو

ماتھے سے ہٹاتے ہوئے وہ شیشہ کی طرف بالکنی کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔

کہاں رہ اوپن ہو رہا ہے یہ کیس۔۔۔؟؟؟؟

ڈیریک آئی پیڈ پر کیس کو ری اوپن کرنے کی نیوز چلتی دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔۔

لندن میں ہائے کورٹ میں

انہوں نے اس کیس کے لیے اسپیشل ٹیم اپوئنٹ کی ہے اس بار

تامیر دیریک کے پیچھے کھڑے ہو کر اس کی پشت کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے---

کس کے کہنے پر---؟؟؟ دیریک مڑ کر تامیر کی آنکھوں میں اپنی

آنکھیں گاڑھے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے--

ڈائیگو کے کہنے پر آپ کے دادا اس کیس کو ری اوپن کروانا چاہتے ہیں

اپنے بیٹے کی موت کی وجہ جاننے کے لئے

تامیر دیریک کے ہاتھوں سے آئی پیڈ لیے اس پر کیس ری اوپن کے

اونر کا نام اور ڈیلٹیز دیکھاتے ہوئے کہتاہے--

اپنی موت کے آخری سیڑھی پر قدم رکھنے والے ہیں اور دوسروں کی موت

کی وجہِ تلاش کر رہے ہیں۔۔

دیریک آئی پیڈ میں دیکھتے ہوئے غصے میں کہتا ہے اور کہتے ہی آئی

پیڈ کو زور سے زمین پر دے مارتا ہے۔۔

کہاں ہیں وہ۔۔۔؟؟؟ دیریک تامیر کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

لائیبریری میں۔۔!!

تامیر پرسکون سا جواب دیتا ہے۔

کتابیں پڑھ رہے ہیں۔۔؟؟؟ کتابیں پڑھنا کا شوق ہے تو وہ پڑھے میرا ماضی

پڑھنے کا شوق نہیں پالنا چاہیے تھا ان کو۔۔۔

دیریک کہتے ہوئے لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا کمرے سے نکلے ننگے پیر

اے سی کی وجہ سے برف جیسے ٹھنڈے فرش پر

ننگے پیر چلتے ہوئے وہ سیڑھیوں سے نیچے اترے دائیں ہاتھ کی جانب

بنا دروازے کی لائبریری کی طرف دیکھتے ہوئے

وہ غصے میں آگے بڑھتا ہے۔۔

hat are you going now????.....

دیریک اپنے دادا کو دیکھتے ہوئے غصہ میں گھورتے ہوئے پوچھتا ہے۔

st Reading!!!...

ڈائیگو ریلکس سا جواب دیتے ہیں بنا دیریک کی طرف دیکھے

n not talking about that why are you creating fuss

my life again???....

ڈیریک زور سے دونوں ہاتھ ٹیبل پر مارتے ہوئے کہتا ہے۔

n not able to do anything in that age only you can

stroy your life because what you're doing

ou don't have to do that....

اب کی بار ڈائیگو نے کتاب سے نظر اٹھا کر ڈیریک کو دیکھا تھا صرف

نظر ہی اٹھائی تھی سر ابھی بھی اسی پوزیشن میں تھا۔

dn't I tell you do not interfere in my life???...

ڈیریک ٹیبل سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچتے غصہ

کو ضبط کرتے ہوئے کہتا ہے۔

s you told me and I accept your decision

t you didn't told me that I need to interfere in my son's

e or not????....

ڈائیگو کتاب ٹیبل پر رکھے کھڑے ہو کر آنکھوں سے نظر کا چشمہ

اتارتے ہوئے کہتے ہیں۔۔۔

d I believe I don't need your permission in that"...

کہتے ہوئے دیریک کے سامنے آ کھڑے ہوتے ہیں اور اس کی بولتی بند

کر دیتے ہیں۔۔۔

دیریک اپنے دادا کو دیکھتے ہوئے ہنس پڑتا اپنے زبان منہ میں

گھوماتے ہوئے وہ سخت تیش بھری نظروں سے

ڈائیگو کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھتا ہے۔۔

ay... let's do it again you want to distroy me again

allah know I'll distroy your all Generation..

my promise to you"....

's promise*...

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک اپنے دادا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے سخت کولڈ نظروں سے

چہرے پر ٹیڑھی سمائل جلادینے والی مسکراہٹ

سجائے ہوئے کھڑا تھا۔۔۔

n not gonna tell you again to

op that"....

ڈیریک ٹراؤزر کی جیب میں ہاتھ ڈالے ہوئے دو ٹوک لہجے

میں کہتا ہے۔۔

n also not gonna tell you about that again I'm not going

stop that..

ڈائیگو مکمل انکاری ہوئے واپس اپنی کرسی کی طرف بڑھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

ny...??? What exactly you want from me??..

ڈیریک غصے میں ٹیبل پر پڑی چیزوں پر ہاتھ مارے انہیں زمین پر

پھینکتے ہوئے سخت لہجے میں پوچھتا ہے۔

othing"...

سائیکو پرسکون انداز میں جواب دیتے ہیں اور دیتے ہی دیریک

کو دیکھتے ہوئے اپنی دونوں کہنیاں ٹیبل پر رکھے اپنے ہاتھوں

کو آپس میں جوڑے انگلیوں کو آپس میں الجھائے ہاتھوں کی مٹھیاں

بنائے اس ہو اپنا چہرہ ٹیکائے دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

mmmm maybe your marriage"...

ڈائیگو ابھی بھی پرسکون انداز میں جواب دیتے ہیں۔

n not going to marry someone!!...

دیریک اپنے دائیں ہاتھ کا مکہ بنائے ٹیبل پر مارتے ہوئے کہتا ہے۔

u are not doing that that's okay I'll try to do

mething something in your life..

ڈائیگو ٹیبل سے بازوؤں ہٹائے کرسی سے پشت ٹیکاتے ہوئے کہتے ہیں۔

y life is mine don't make me to hate you more..

دیریک اپنے غصے کو ضبط کرتے ہوئے مزید تلخ لہجے کا استعمال نا کرنے

اے خود کو روکتے ہوئے کہتا ہے۔۔

u want to hate me more than hate me

t if u want to stop me there's only one thing you can do

arry someone or make me shut my mouth..

ڈائیگو ائیبرو اچکاتے ہوئے ہلکی سی مسکراہٹ چہرے پر سجائے ہوئے ک

ہیں۔۔

kay marrying me is only a reason to make your mouth

ut okay I will marry someone...

"...

ڈیریک اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے ڈائیگو کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

کہتا ہے اور کہتے ہی وہ لائیبریری سے نکلنے کے لیے آگے بڑھتا ہے وہ آگے

جاتا ہے اور سامنے سے نوکر گولڈن کی ٹرے میں شراب کی بوتل اور

ایہ گلاس رکھے جس میں کچھ گھونٹ شراب ڈائیگو کے لیے

ڈال کر لا رہے ہوتے ہیں ڈیریک باہر کی طرف بڑھتے ہوئے ٹرے میں

شراب کا

گلاس اسے ہاتھ میں پکڑے ہوئے واپس اپنے کمرے کی طرف

بڑھتا ہے۔

ابھی وہ غصے میں پاگل ہوتے ہوئے کمرے میں داخل ہوا ہی تھا کہ

کمرے میں چلتی ہوئی ایل ای ڈی پر اس کی باتیں

ہورہی تھیں۔

دیریک سرسری سی نظر ایل ای ڈی پر ڈالتا ہے اور اسے نظر انداز

کیے وہ آگے بالکنی کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے کہ اب کی بات پر اس کے

قدم رک جاتے ہیں۔۔

s he Definitely like her mom....

e all know that his mom is a wonderful Actor in the

orld

d his mom is second wife of DJ father....

t who's his first wife???...

بالکنی کی طرف منہ کیے ہوئے دیریک اس کی ہر بات کا باآسانی سے

سن رہا تھا وہ اس کا دماغ خراب کرنے میں اہم کردار ادا

کر رہی تھیں۔۔

مجھے جاننا چاہتی ہو۔۔۔؟؟؟

دیریک شراب کا گلاس لبوں سے لگاتے

ہوئے صوفے پر آبیٹھتا ہے اور اپنے فون سے تامیر کو کمرے میں

بلاتا ہے۔۔

آپ نے بلایا۔۔۔؟؟ تامیر ایک منٹ سے پیلے پہلے اس کے بلانے پر

اس کے کمرے میں حاضر ہو چکا تھا۔۔

ہاں ایک کام ہے۔۔'دیریک اپنے فون میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

نی بولیں کیا چاہیے۔۔۔'

تامیر دونوں ہاتھ کمر پر باندھے ہوئے پوچھتا ہے۔

ایک لڑکی چاہیے ابھی اور اسی وقت چاہیے۔۔۔

دیریک کی نظر ابھی بھی اس کے فون پر ہی ٹیکی ہوئی تھی۔

کیاا۔۔۔؟؟؟ تامیر کو دیریک کی بات پر شاکڈ لگتا ہے وہ حیرانگی سے

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیوں نہیں لا سکتے ہو۔۔؟؟؟ دیریک فون سے نظریں ہٹا کر تامیر

کو دیکھتے ہوئے کولڈ لہجے میں پوچھتا ہے۔

لا سکتا ہوں پر کیوں چاہیے۔۔؟؟؟

تامیر دیریک کی طرف ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

شادی کرنے کے لیے۔۔"دیریک واپس فون پر نظریں جمائے گہری سانس

لیتے ہوئے کہتا ہے۔

شادی۔۔۔؟؟؟ تامیر کا منہ کھلے کا کھلا رہ جاتا ہے دیریک کی بات پر

اچانک سے کیوں آپ تو شادی ہی نہیں کرنا چاہتے تھے پھر کیوں۔۔؟؟

تامیر دیریک کے سامنے پیش والے

صوفے پر بیٹھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

پہلے نہیں کرنی تھی پر اب کرنی ہے آج کرنی ہے اور ابھی اور اسی

وقت کرنی ہے۔۔

دیریک گہری سانس لیتے ہوئے فون صوفے پر پھینکے صوفے سے

اٹھتے ہوئے سامنے ٹیبل سے شراب کا گلاس اٹھائے اسے لہراتے ہوئے کھڑکی

کی طرف بڑھتا ہے۔۔

پر میں اتنی جلدی لڑکی کہاں سے لاؤں گا اور چاہیے کون سی لڑکی۔۔؟؟

تامیر دیریک کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے بالکنی کی طرف بڑھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔۔

وہ چاہیے۔۔۔"دیریک مڑ کر ٹی وی نیوز کی اینکر کی طرف دیکھتے

ہوئے کہتا ہے جو اسی کی تعریف میں قصیدے

پڑھ رہی ہوتی ہے اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پر وہ۔۔۔۔؟؟؟

تامیر لڑکی کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے کہتے خاموش ہو

جاتا ہے کیونکہ دیریک کی آنکھوں میں خون اترنے لگا تھا۔

جاؤ اور لے کر آؤ اسے مجھے جاننے کا بہت شوق چڑھا ہے نا اس کو آج کی

رات قریب سے جاننے گی یہ مجھے بے حد قریب سے

دیریک کہتے ہی واپس اپنا رخ بالکنی کی طرف موڑ لیتا ہے۔

پر ایک مسئلہ ہے۔۔"

تامیر اسکرین کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیسا مسئلہ۔۔؟؟دیریک حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

اس کی تو شادی ہو رہی ہے آج۔۔۔"

تامیر ٹی اسکرین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے جہاں اسے

شادی کی مبارکباد پیش کی جا رہی تھیں۔۔۔"

تجسّس مجھے جاننے کا یہ اور شادی کسی اور سے کر رہی ہے۔۔؟

اس کی بارات کا جنازہ تو میں نکالوں گا۔۔۔

دیریک ہاتھ میں پکڑا شراب کا گلاس جس میں چند شراب کی گھونٹ

ابھی باقی تھے زور سے اپنے ہاتھ سے

توڑتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پتا لگاؤ اس کا کہاں کی ہے اور کہاں ہے ابھی جہاں بھی آج

رات اس کی شادی کو ماتم میں نا بدلہ تو میرا نام بھی

"دیریک جون" نہیں۔

چہرے پر مسکراہٹ ہونٹوں پر کفل کیا لگا لیا سب نے مُجھ پر سوال

اُٹھانا شروع کر دیے ہیں۔۔۔

عزت کسی کو راس نہیں ٹھیک ہے پھر سکون کی زندگی کے نہیں

بربادی کے منتظر ہیں تو پھر یہ ہی ٹھیک

آج کے بعد دیریک جون دنیا کو بھی اور اپنے گھر والوں کو بھی

اپنے اصل روپ سے ملوائے گا۔۔۔

خاموشی کی زبان نہیں سمجھتے ہیں اب ان کے حلق سے ان کی

آوازیں نا چھین لی تو میں بھی دیریک نہیں۔۔۔۔"

پتا لگاؤ اس کا یہ آج مرے گی"

دیریک حکمانہ انداز میں ٹی وی کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

وہ اس لڑکی کی زندگی تباہ کرنے کا فیصلہ کرچکا تھا

جس کی اس نے صرف آواز سنی ہے اس کا چہرہ تک نہیں دیکھا ہے

جس کو دیکھا نہیں اس کی بربادی بننے وہ لوگوں کی بربادی

کی شروعات اس سے کرنے لگا ہے۔۔۔۔

دیریک کے کانوں میں اس لڑکی کی ہنسی کی آواز گونج رہی جیسے سنتے

ہوئے وہ مزید غصے میں پاگل ہوتا جارہا ہے۔۔۔

ایک اور کھکھلا کر ہنسنے کی آواز آتی ہے اور دیریک بالکنی کی دیوار

کے ساتھ پڑا ہوا پھولوں کا واس اٹھا کر شور سے ایل ای ڈی کی

طرف پھینکتا ہے جیسے وہ ٹکڑوں میں تقسیم ہوتی زمین پر جاگرتی ہے۔

ایک طرف ایل ای ڈی کے ٹکڑے تھے اور دوسری طرف

دیریک کے خون کے قطرے زمین پر گر رہے تھے سانسیں پھولی ہوئی تھی

آنکھوں میں غصے تھا

تامیر پہلی بار دیریک کو اس طرح دیکھ رہا تھا اور دیکھتے

ہوئے وہ حیران نہیں خوش ہو رہا تھا۔۔

دیریک کو دیکھتے ہوئے وہ کمرے سے باہر نکل جاتا ہے نیوز اینکر کی

معلومات اکٹھی کرنے کے لیے

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل مت کریں یہ آپ ہر بار یہ سب کرکے میرا غصہ ٹھنڈا نہیں

کرسکتے ہیں۔۔۔

روحی باسیل کی قید سے نکلنے کے لیے پھڑپھڑاتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے دوسرا طریقہ بھی آزمایا تھا اسے ٹھنڈا کرنے کے لیے پر تم

نے ہر بار کی طرح مجھے ہی الجھا دیا خود میں

باسیل روحی کے دونوں ہاتھ اس کے سر کے اوپر بلند کیے اپنے ایک

ہاتھ میں پکڑے ہوئے اسے دروازے سے پن کیے ہوئے کھڑا ہوا تھا۔

جو آپ نے کیا تھا اس کے بعد میرا آپ سے بات کرنے کا دل بھی نہیں

کر رہا ہے معاف کرنا تو دور کی بات ہے۔۔

روحی لگاتار اپنے آپ کو آزاد کروانے کی کوششیں کرتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے وہ سب غصہ میں کیا تھا

تمہیں ڈانٹنے تک کی اجازت میں خود کو نہیں دیتا ہوں

تمہیں ہرٹ کرنا تو دور کی بات ہے۔۔

پر آپ نے کیا ہے میں نے بھی نہیں سوچا تھا آپ مجھ سے اتنے

تنگ ہو جائیں گے اور اتنی جلدی

روحی اب کی بار نم آنکھوں سے ٹوٹے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

اسے روتا دیکھ کر باسیل اس کے ہاتھوں کو

آزاد کر دیتا ہے۔۔

میں تنگ کیوں ہونگا تم سے میری جان تمہیں دیکھنے کے تمہیں

پاس آنے کے لیے میں نے کتنا انتظار کیا ہے

باسیل روحی جے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے ہوئے پیار

سے کہتا ہے۔

اور اس انتظار نے آپ کو اتنا بدل دیا ہے کہ اب لوگوں کے سامنے

مجھے بے عزت کریں گے۔۔؟؟

روحی باسیل کے ہاتھ اپنے چہرے سے ہٹاتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے اس لیے غصہ نہیں کیا تھا گڑیا مجھے تمہاری حرکتیں نہیں

تمہارا اتنے مردوں کے درمیان اکیلا ہونا پاگل کر رہا تھا۔

تمہیں میں نے ہر حال میں ہر چیز کے ساتھ قبول کیا ہے تمہیں

بے عزت کیسے کر سکتا ہوں میں۔۔

میں جانتا ہوں غصہ حد سے زیادہ ہو گیا تھا پر یقین مانو تمہاری

وجہ سے نہیں تمہارے لیے تھا

میں تمہیں تکلیف میں کسی بھی مشکل میں نہیں دیکھنا چاہتا ہوں

میں چاہتا ھوں تم خوش رہو جیسی ہو ویسی رہو

پر مصیبتوں سے دور میں نے تمہیں قریب سے دیکھنے کے لیے بہت

انتظار کیا ہے اب دیکھ رہا ہوں تو کسی اور چیز کو

تمہارے پاس نہیں دیکھ سکتا ہوں میں بھی۔۔۔

باسیل دوبارہ روحی کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے ہوئے اس کے

گالوں سے آنسوؤں صاف کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

روحی خاموشی سے بس اسے سننے جارہی تھی اور روئے جارہی تھی۔

تم پر کسی کی نظر برداشت نہیں ہے مجھے اور وہاں سب مرد تھے

میں کسی ایک کو برادشت نہیں کرسکتا اتنے ساروں کو

کیسے کرتا اور یہ سوچ سوچ کر کیسے پاگل نا ہوتا میں۔۔۔؟؟

جانتا ہوں حد سے زیادہ پوزیو ہورہا ہوں میں پر

مجھے ایسا کرنے والی بھی تو تم ہی ہو

آگر تم نے 4 سال کا وعدہ نا لیا ہوتا تو باسیل یقیناً پہلے والا ہوتا

اب ایک جنونی شخص نا ہوتا۔۔۔

روحی کی آنکھوں پر اپنے لب رکھتے ہوئے وہ گہری سانس لیے کہتا ہے۔

اب مجھے جنونی بنانے والی تم ہو تو کرو برداشت میرا

جنون بھی۔۔۔۔

باسیل روحی سے ایک قدم دور ہوتے ہوئے اسکے چہرے کو

آزاد کرتے ہوئے کہتا ہے۔

اس میں بھی میری غلطی ہے۔۔؟؟؟ روحی گردن موڑ کر اپنے بالوں

میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہاری ہی ہے پہلے جو تم تھی تب مجھے خود سے عشق کروایا تھا تم نے

اب تم جو بن گئی ہو یہ مجھے تمہارے لیے جنونی بناتا جارہا ہے کیا

کروں میں۔۔۔

باسیل روحی کے کپڑوں کی طرف دیکھتے ہوئے اس کے قریب آئے

پیٹ پر ہاتھ رکھے روحی کو دروازے سے واپس

پن کر دیتا ہے۔۔

کپڑوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے باسیل انسان جو ہوتا ہے وہ

ہر کپڑے میں ویسا ہی دیکھتا ہے۔

روحی باسیل کا ہاتھ پیٹ سے ہٹاتے ہوئے کہتی ہے اور ساتھ ساتھ

اس کی ٹھوڈی کے نیچے انگلی رکھے اس کی آنکھیں اپنی

آنکھوں سے ملاتی ہے۔

فرق تو بہت پڑتا ہے پہلی تم مجھے خوبصورت لگتی تھی اور اب

باسل کہہ رہا تھا کہ روحی اس کے منہ پر اپنے دونوں ہاتھ

رکھ کر اسے خاموش کروا چکی تھی۔

کچھ مت بولیں میں بدل لیتی ہوں انہیں۔۔۔"روحی بڑی بڑی آنکھیں کیے

باسل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور

کہتے ہی باسل کا ہاتھ پیٹ سے ہٹاتے الماری کی طرف بڑھنے کے لیے

قدم ہی اٹھاتی ہے کہ باسل روحی کے پیٹ سے ہاتھ

لے جاتے اس کی کمر کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھے

ہوئے اسے خود سے لگائے دروازے سے پن کر دیتا ہے۔۔۔

ابھی نہیں پہلے مجھے کچھ کرنے تو دو خود کے ساتھ

باسل روحی کے کندھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل نہیں عالیان انتظار کر رہا ہو گا۔۔"

روحی اسے روکنے کی ایک ناکام کوشش کرتی ہے۔

عالیان کھیل میں مصروف ہو گا تم اس کی ٹینشن مت لو میری

ٹینشن لو۔۔۔"

باسیل کہتے ہوئے اس کی گردن پر اپنے لب رکھے اس کے چہرے کے

قریب آتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل بندہ وقت تو دیکھ لیتا ہے آپ کبھی بھی شروع ہو جاتے ہیں۔

روحی آنکھیں بند کرتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے تمہارے ساتھ یہ سب کرتے ہوئے ہر وقت صحیح لگتا ہے

باسیل کہتے ہوئے روحی کے لبوں پر جھکے دھیرے دھیرے اس کی شدت

کر بڑھاتا جارہا تھا۔

روحی کی سانسوں پر قابض ہوئے وہ اسے مکمل خود میں سیراب

کرنے لگتا ہے۔

باسیل کے کندھے پر ہاتھ مارے روحی اسے روکے خود سے دور کرتے

گہری سانس لینے لگتی ہے۔۔

ہوگیا یا اور کرنا ہے ابھی۔۔۔؟؟ روحی گہری سانس لیتے ہوئے

باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

کیا۔۔۔؟؟؟؟ باسیل دوسرا ہاتھ بھی اس کی کمر پر رکھے روحی کو خود

کے سینے سے لگائے ہوئے پوچھتا ہے۔

رومینس آنکل رومینس کرلیا آپ نے یا اور کرنا ہے ابھی۔۔؟

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سر اٹھا کر پوچھتی ہے۔

ابھی تو کرنا ہے ابھی تو میں نے اسٹارٹ کیا ہے۔

باسیل دوبارہ اس کے ہونٹوں پر جھکنے والا ہوتا ہے کہ روحی باسیل کے ماتھے پر انگلی رکھے اسے روک دیتی ہے۔

آپ ختم کب کرتے ہیں ہر وقت تو آپ کے سر پر رومینس چڑھا رہتا ہے۔

روحی اپنا رخ دوسری طرف موڑتے ہوئے کہتی ہے۔

کیا کروں تمہیں دیکھ کر مجھ سے کنڑول ہی نہیں ہوتا ہے دل چاہتا ہے تمہیں ہر وقت اپنی باہوں میں قید رکھوں

باسیل گردن جھکا کر روحی جے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل بس کردیں اب آپ چھوڑیں مجھے

روحی سینے پر ہاتھ رکھ دور کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ابھی نہیں تھوڑی دیر بعد چھوڑ دوں گا۔۔

روحی کے گال پر کس کرتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر بھی چھوڑنے کی کیا ضرورت ہے آپ کہتے ہیں تو ہم دن رات

یہ ہی کرتے رہتے ہیں۔۔

روحی تنزیہ لہجے میں دانت بھینچتے ہوئے بولی

ہائے اللہ سچی۔۔۔"۔باسیل ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

غصے مت دلائیں چھوڑیں مجھے اس سے پہلے میں آپ کو گنجا کردوں

منہ دکھانے کے لائق نا چھوڑوں۔۔۔

روحی اب کی بار باسل کے سینے پر زور سے ہاتھ رکھے

اسے دور دھکیلتے ہوئے کہتی ہے۔

اس سٹیویشن میں تمہیں تھوڑا شرمانا نہیں چاہیئے غصہ کرنے

کے بجائے۔۔؟؟

باسل ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

اب اس بات پر میرے منہ سے کیا سننا چاہتے ہیں۔۔؟؟

روحی باسل کو کراس کرتی الماری کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں اس منہ سے اس وقت کچھ سننا تو نہیں چاہتا بس ابھی اور

اسی وقت خود میں قید کرنا چاہتا ہوں۔۔

باسل جھٹ سے روحی کے قریب آئے کمر سے پکڑے اس کا

رخ اپنی طرف متوجہ کرتے الماری سے پن کرتا وہ اس کے ہونٹوں پر قابض

ہو چکا تھا۔۔۔

باسیل بس کرجائیں۔۔۔

روح جھٹ سے اسے خود سے دور کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ابھی کچھ کسی ہی نہیں میں نے۔۔"باسیل معصومانہ انداز

میں کہتا ہے۔

کمرے سے باہر جائیں اگر نہیں چاہتے ہیں کہ میں انہی کپڑوں میں

گھر میں دندناتی پھیروں۔۔۔"

روحی غصے میں دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

جارہا ہوں دھمکیاں تو نا دیا کرو۔۔۔"

باسیل اس کا ہاتھ نیچے کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ہاتھ مت لگائیں باہر جائیں باسیل۔۔۔"

روحی حکمانہ انداز میں کہتی ہے۔۔

جارہا ہوں پر تم کپڑے چینج کر کے ہی آؤ گی اگر نہیں کیے تو

اگلی بار نا سانس ملے گی نا سکون کے لیے وقت۔۔۔"

باسیل کمرے سے باہر نکلتے ہوئے کہتا ہے۔۔

بڑھاپے میں انہیں جوان مردوں والے شوق چڑھ رہے ہیں حالت چیک

کرو ان کی حد ہے بھئی۔۔۔"

روحی الماری سے اپنے لیے کھلے سے لائٹ سوفٹ گیرے کلر کے

ٹراوزر شرٹ نکالے

وہ اس کا ڈارک کلر کا کوٹ بیڈ پر پھینکے ہوئے

واش روم میں گھس جاتی ہے۔۔

.....

یونیورسٹی کا مالک مل گیا۔۔؟؟؟ باسیل کولڈ لہجے میں حال میں

کام کرتے ہوئے لوگوں کو دیکھتے ہوئے سیڑھیوں سے

اترتے ہوئے وہ سمیر سے پوچھتا ہے۔۔

نہیں پتا چل رہا ہے اس کا سر بہت کوشش کی جارہی ہے پر پتا نہیں

وہ کس کونے میں جا چھپا ہے جبکہ اسے

ضرورت بھی نہیں ہے۔۔۔

سمیر باسیل کو سیڑھیوں سے اترتا دیکھتے ہوئے اس کی بات

کا جواب انتہائی پرسکون انداز میں دیتا ہے۔

جس کونے میں بھی ہے وہ اسے ڈھونڈو مجھے وہ چاہیے۔۔

باسیل کہتے ہوئے سمیر کے آگے چلتے ہوئے وہ اسی روم کی طرف بڑھتا

ہے جہاں وہ کچھ دیر پہلے عالیان کے ساتھ

ورک آؤٹ کررہا تھا۔۔

اس روم میں داخل ہوئے واش روم کے دروازے کے علاوہ

براؤن کلر کے بڑے سے دروازے کو کھولے وہ اندر داخل ہوتا ہے۔۔

ایک بہت بڑا روم جتنا بڑا وہ باہر سے جم روم تھا اتنا ہی بڑا وہ اندر سے

تھا باسیل اپنی کلائی کو مسلتے ہوئے اس روم میں داخل ہوتا ہے۔

پورا روم اس کے لیے آفس کی طرح سیٹ تھا جہاں کتابیں اور کمپیوٹرز

رکھے ہوئے تھے باسیل ان سب کے درمیان موجود ٹیبل اور اس کے

پیچھے بڑی سی کرسی پر آبیٹھتا ہے۔

لیپ ٹاپ آن کیے وہ اپنے پاکستان آفس کی فائلز کو دیکھنے لگتا ہے۔

سر ایک بات پوچھوں۔۔؟؟؟

سمیر باسیل کے سامنے ٹیبل کی دوسری طرف کھڑا ہوا اس سے

پوچھتا ہے۔۔

پوچھو۔۔"باسیل لیپ ٹاپ پر کام کرتے ہوئے دھیرے سے کہتا ہے۔

یونیورسٹی کے مالک کو پتا کیوں چاہیے آپ کو

روحی بی بی کو جس نے غلط کہاں تھا اسے سے آپ نے سزا دے دی تھی

اب اس یونیورسٹی کے پیچھے کیوں پڑے ہوئیں ہیں۔۔؟؟

سمیر باسیل کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

اس کی بات پر باسیل کی لیپ ٹاپ پر چلتی ہوئی انگلیاں رک جاتی ہیں۔

باسیل گہری سانس لیتے ہوئے سمیر کو دیکھتا ہے اور دیکھتے ہوئے

وہ کرسی سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور اپنے پیچھے کھڑکی کے

دروازے بند کیے وہ کھڑکی کے دروازے کے پیچھے ہی ایک چھوٹا

سا بٹن پریس کرتا ہے۔۔

بٹن دباتے ہوئے باسیل واپس ٹیبل کی طرف بڑھتا ہے دراز سے

ایک بلیک کلر کا ریموٹ نکالے وہ کھڑکی کی طرف رخ موڑے ہوئے

کھڑا ہو کر سمیر کو اپنے پاس آنے کا اشارہ کرتا ہے۔

باسیل اشارہ کرتے ہی واپس سامنے دیکھتا ہے تو ایک پروجیکٹر

آن ہوتا ہے پر بنا کسی پروجیکٹر ڈیوائس کے

باسیل کے اشارہ پر سمیر اس کے برابر میں آ کھڑا ہوتا ہے اور حیرانگی

سے اپنے اطراف میں دیکھتے ہوئے پروجیکٹر کو ڈھونڈتا ہے۔

لندن کی ٹاپ یونیورسٹیز میں سے ایک یہ یونیورسٹی بھی ہے

جہاں اس وقت 3767 اسٹوڈنٹس پڑھتے ہیں۔۔

پر پڑھتے کیا ہیں۔۔؟؟؟ باسیل سمیر کی طرف سوالیہ نظروں سے

دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میڈیسن۔۔۔"سمیر جھجھکتے ہوئے جواب دیتا ہے۔

بلکل میڈیسن پڑھتے ہیں لیکن وہ پڑھنے کے بعد ان اسٹوڈنٹس کے

ساتھ کیا ہوتا ہے۔۔؟؟

باسیل ایک اور سوال کرتا ہے۔۔

پھر اسٹوڈنٹس کی ہاسپٹلرز میں انٹرن شپ کا ٹیسٹ ہوتا ہے۔

سمیر پروجیکٹر کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

بلکل ایسا ہی ہوتا ہے پر دوسری یونیورسٹیز میں اس میں نہیں

باسیل کہتے ہوئے ٹیبل سے دور ہوتا ہے اور پروجیکٹر اسکرین

کی طرف بڑھتا ہے۔۔

اس یونیورسٹی میں ایسا کچھ نہیں ہوتا ہے یہاں کے لائق فائق

اسٹوڈنٹس جن کے ٹیسٹ میں اچھے نمبر آتے ہیں

اُنہیں یہ اپنے ہاسپٹلرز میں انٹرن شپ کی آفر دیتے ہیں۔۔

باسیل اسکرین کے سامنے کھڑے ہو کر کہتا ہے۔

مطلب۔۔؟؟؟سمیر حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

مطلب سمپل ہے آن لائن بزنس کرتے ہیں دنیا بھر سے اچھے اسٹوڈنٹس

کے کیریئر کو برباد کیے ان کی زندگیوں کو رکس میں ڈالے

یہ اپنا بزنس کرتے ہیں۔

اس یونیورسٹی کا مالک اس کو دنیا کی نظروں سے اوجھل ہوئے

اس آن لائن کام کو ٹرسٹٹیز کے حوالے کیے اس کو

انجام دیتا ہے۔۔

باسیل گہری سانس لیتے ہوئے دونوں ہاتھ ٹراؤزر کی جیب میں ڈالے

ہوئے کہتاہے۔۔

لیکن سر آگر یہ یونیورسٹی اچھی نہیں تھی تو آپ نے روحی

بی بی کو یہاں اکیلے کیوں آنے دیا۔۔؟؟؟

سمیر باسیل کی پیٹھ دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

کیونکہ مجھے اس یونیورسٹی تک پہنچنا ہے یہاں آنے کی اس میں

داخل ہونے کی وجہِ چاہیے تھی جو بن مانگے

مجھے روحی نے دی تھی۔۔

مجھے اس یونیورسٹی میں آنا تھا میں یہاں آنے کا سوچ رہا تھا

وجہ تلاش کررہا تھا اور اس یونیورسٹی والوں نے روحی کو یہاں

بلواکر مجھے بن مانگے وہ وجہ دے دی

میں اس موقع کو ضائع تو نہیں کرسکتا تھا۔۔

باسیل مڑکر سمیر کی طرف دیکھتے ہوئے اس کے چہرے پر آتے جاتے

تجسس و حیرانگی کے رنگ دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

تو سر کیا روحی بی بی کو بھی پتا ہے اس بارے میں کیا وہ جانتی

ہیں یہاں کیریئر نہیں بنتا ہے یا صرف زندگی تباہ ہونے کے لیے

تیار کی جاتی ہیں۔۔۔؟؟

سمیر ٹیبل سے ہٹ کر باسیل کی طرف ایک قدم بڑھائے

اس کے پیچھے کھڑے ہو کر پوچھتا ہے۔

باسیل کی نظریں دوبارہ اس پروجیکٹر بورڈ پر تھی جس پر یونیورسٹی

کا پورا بلیو پرنٹ گول گول گھوم رہا تھا۔

روحی نہیں جانتی ہے وہ یونیورسٹی کے بارے میں آگر جانتی ہوتی

تو یقینا وہ مجھے بتا چکی ہوتی

میری بیوی صرف زبان کی تیز ہے باقی وہ پوری معصوم قر سید ھی

سی ہی ہے اس طرح کی چیزوں کی پہنچ سے دور ہے وہ "

باسیل بلیو پرنٹ کو دیکھتے ہوئے گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے

مجھے اس کا مالک چاہئے اس ملک کے وہ کسی بھی کونے میں ہے اس کو

ڈھونڈو مجھے وہ ہر حال میں چاہیے

لوگوں کے ساتھ لکا چھپی کھیلنے کا بہت شوق ہے اس کو ایک کھیل

تو پھر ہم کھیل سکتے ہیں ان کے ساتھ

اسی گھومتی ہوئی یونیورسٹی کی طرح اگر اس کو نا گھوما کر

خاک کیا تو میرا نام بھی باسیل سکندر نہیں "

ڈی جے لڑکی کا پتا چل گیا۔۔۔؟؟

مینشن سے باہر نکلتے اپنی گاڑی کی طرف بڑھتا دیکھ کر تامیر دیریک کے قریب آتا ہوا کہتا ہے۔

تامیر کی بات پر دیریک کوئی جواب نہیں دیتا ہے اور نا ہی اس کی طرف دیکھتا ہے۔

وہ لندن میں ہے۔۔۔"تامیر کی آواز پر گاڑی کا دروازہ کھولتے ہوئے ہاتھ رک جاتے ہیں۔

اب ہر چیز سے یہ پھر انکار کردے گا۔۔

تامیر دل ہی دل میں خود سے کہتا ہے۔

ٹکٹس کرواؤ آج آفس کی بورڈ میٹنگ کے بعد ہم جائیں گے۔۔

دیریک گاڑی میں بیٹھتے ہوئے اپنے ڈارک نیوی بلیو کلر کے تھری پیس

کوٹ کے بٹن کھولتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا انکار نہیں کرو گے اب ہر بار تم جوش میں آتے ہو پھر سب

بیچ میں چھوڑ دیتے ہو۔۔

تامیر ڈرائیونگ سیٹ کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

ارادہ بن گیا ہے اب میرا اب کوئی نہیں بدل سکتا ہے۔

دیریک سیٹ سے سر ٹیکائے اپنی آنکھیں بند کیے ہوئے کہتا ہے۔

مطلب اب تم۔۔۔۔

اب میں سب تباہ کروں گا اس دنیا کا ہر فرد کو مجھ پر سوال اٹھائے

گا۔وہ بھی جو میری بربادی کا سوچے گا بھی اور وہ بھی اب سب تباہ

۔۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک اٹل لہجے میں تامیر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے اس وقت کے

ہی وہ آفس کی طرف نکل پڑتے ہیں ان کے پیچھے

ادینہ کی لگائی ہوئی گارڈ کی فوج بھی آفس طرف بڑھنے لگتے ہیں۔۔

....

ہم جلد سے جلد ان کو ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں۔۔

سمیر باسیل کی پشت دیکھتے ہوئے دونوں ہاتھ کمر پر چوڑی بوڈی

کیے اٹل لہجے میں کہتا ہے۔۔

کوشش نہیں نتائج چاہیے اس یونیورسٹی کا مالک چاہیے۔۔"

باسیل انگلی سے یونیورسٹی کی طرف اِشارہ کیے سمیر کو دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

جی سر۔۔"سمیر سر جھکا کر کہتا ہے۔

اس کو بند کرو کھڑکی کو نارمل کرو۔۔

باسیل ٹیبل پر ریموٹ پھینکے ہوئے آفس روم سے باہر کی طرف

بڑھنے لگتا ہے۔۔

سمیر کھڑکی کے پاس لگے بٹن کو جیسے ہی دباتا ہے

کھڑکی نارمل کھڑکی کی طرح ہو جاتی ہے۔

سمیر کھڑکی نارمل کیے باسیل کے پیچھے پیچھے روم سے باہر نکل جاتا ہے۔

باسیل زمین کو دیکھتے ہوئے آگے کی طرف بڑھتے ہوئے اپنی کلائی کو

مسلسل مسلے جارہا تھا۔

کسی گہری سوچ میں ڈوبا ہوا وہ آگے کی طرف بڑھتے ہوئے حال میں داخل ہونے لگتا ہے حال میں آکر وہ سیدھا صوفے پر عالیان کو بیٹھا دیکھ کر اس کے پاس جاتا ہے۔

باسیل کے ذہین میں باتیں گردش کر رہی تھی وہ عالیان کے پاس صوفے پر بیٹھ کر صوفے سے سر ٹیکائے حال کے درمیان میں گولڈن کلر ایک بڑا سارا جھومر جو لگ رہا ہوتا ہے مسلسل اسے دیکھنے لگتا ہے۔۔۔

بابا۔۔۔؟؟ عالیان دھیرے سے باسیل کو پکارتا ہے ہر وہ اسکی بات کا کوئی جواب نہیں دیتا ہے۔

بابا۔۔۔""عالیان ایک بار اور پکارتا ہے۔۔

ٹیڈی بابا مصروف ہیں آپ دیکھ نہیں رہے۔۔۔"

سیڑھیوں سے گیرے کلر کے ٹراؤزر شرٹ جس کا ہوڈی والا

کوٹ وہ پہنتے ہوئے اسے سیٹ کرتے ہوئے سیڑھیوں سے اتر رہی ہوتی

ہے عالیان کی دھیرے سی پکار وہ سنتے ہوئے اس کا

جواب دیتی ہے۔۔

روحی کی آواز پر باسیل کی جھٹ سے نظر اس پر جاتی ہے۔

ٹراؤزر شرٹ پہننا ہوا تھا لیکِن وہ کھلا تھا پھولا پھولا سا

روحی کے جسم ظاہر ہونا تو دور وہ ہے بھی یہ بھی سہی سے فیل نہیں ہورہا تھ

وہ ایک سوٹ میں دو انسانوں جیسی محسوس

ہورہی تھی باسیل گردن ٹیڑھی کیے مسکراتے ہوئے روحی کو

دیکھنے لگتا ہے۔۔

روحی باسیل پر سرسری سی نظر ڈالتے ہوئے عالیان کی طرف بڑھتی ہے۔

ناشتہ کرلیا آپ نے۔۔؟؟؟ روحی گڈھنا زمین پر ٹھکائے عالیان کا

چہرے اپنے ہاتھوں سے صاف کرتے ہوئے پوچھتی ہے۔

جی ماما۔۔۔"عالیان روحی کی طرف رخ کیے سر جھکا کر کہتا ہے۔

شاباش میرا بھالو اب کھیلیں۔۔۔؟؟؟

روحی عالیان کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں پکڑے اوپر کیے اس کی ا

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

پارک نہیں جانا۔۔۔"عالیان دھیرے دھیرے کہتا ہے۔

پھر کہاں جانا ہے۔۔؟؟؟ روحی اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے

پوچھتی ہے۔۔

کہیں نہیں جانا ہے۔۔"عالیان سر جھکا کر کہتا ہے۔

روحی عالیان کی خاموشی پر اس سے نظریں ہٹا کر باسیل کی طرف

دیکھتی ہے جو ان دونوں کو ہی دیکھے جارہا تھا۔۔

باسیل آپ نے اسے ڈانٹا ہے کیا منہ کیوں بنایا ہوا ہے اس نے۔۔؟؟

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی واپس عالیان

طرف نظریں گھوما لیتی ہے۔

تمہیں کیا میں عقل سے پیدل انسان لگتا ہوں بیگم صاحبہ۔۔؟؟

باسیل روحی کے بالوں کو اسکی گردن سے ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر اس نے منہ کیوں بنایا ہوُا ہے۔۔؟؟

روحی عالیان کے ہاتھوں پر بوسہ دیتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کی نظریں عالیان پر تھی جبکہ باسیل کی مسلسل

نظریں روحی کے چہرے پر ٹیکی ہوئی تھی۔

باسیل نظریں ہٹا لیں آپ کی ہی ہوں میں۔۔"

روحی باسیل کے گڈھنے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

اسی بات پر یقین کررہا ہوں میں۔۔۔"

باسیل ائیبرو اٹھاتےروحی ہوئے کہتا ہے۔۔

ہماری شادی کو 5 سال ہونے والے ہیں ابھی بھی یقین کی کوشش کرر

ہیں۔۔؟؟

روحی عالیان کو صوفے پر کھڑا کرتے ہوئے خود بھی کھڑی

ہو کر پوچھتی ہے۔

ہمم ابھی بھی کوشش میں ہی اٹکا ہوا ہوں۔

باسیل سر صوفے سے ہٹا کر کہتا ہے۔۔

اتنی بے یقینی کیوں ہے آپ کو۔۔؟؟؟ روحی اب کی بار باسیل

پر پوری توجہ دیتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کیونکہ۔۔۔۔"باسیل کہتے کہتے کھڑا ہوتا ہے اور دونوں ہاتھ کمر

پر باندھے روحی کی طرف بڑھتا ہے۔

اس کے قریب آئے اس کے چہرے کو سائیڈ سے دیکھتے ہوئے

وہ کہتے کہتے رک جاتا ہے۔۔

بے یقینی بنتی ہے میری تمہیں پانا ممکن نا ہوتا اگر میں تم سے

محبت پہلے کرلیتا۔۔۔

باسیل کی باتیں روحی کو حیران کر رہی تھی وہ عالیان کو

اپنے سے لگائے ہوئے باسیل کی طرف چہرہ کیے حیرانگی سے دیکھ رہی ہوتی

۔

میں نے تو سنا بنا مانگے جب کچھ ملتا ہے تو اس کی قدر نہیں رہتی

ہے پر آپ کو دیکھ کر کچھ اور لگ رہا ہے۔۔؟؟؟

روحی باسیل کی آنکھوں میں تو کبھی اس کے ماتھے پر بکھرے ہوئے

بالوں کے پیچھے ماتھے پر بنے ہوئے کٹ کی جانب

دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ناقدری میں میں نے 4 سال گزاریں تو ہیں تم سے دور

باسیل روحی کے چہرے پر بکھرے بالوں کو اس کے چہرے سے ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل الٹی سیدھی باتیں کیوں کر رہے ہیں آپ مجھ سے

روحی اب کی بار عالیان کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے جو اس سے لپٹا ہوا کھڑا تھا۔۔۔

باسیل بنا کوئی جواب دیے گہری سانس لیے روحی سے دور ہوتا گھر میں کام کرنے والے لوگوں کو دیکھنے لگتا ہے۔۔

اچھا باسیل سنیں رات کو شیزا مہرین اور احمر بھائی والے سارے آئیں گے تو ان کے ڈنر ہے لیے سامان لینا ہے

عالیان کو اپنے پاس رکھ لیں گے۔۔؟؟؟

روحی باسیل کی شرٹ پکڑے اسے اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔

خیریت ہے۔۔؟؟ باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا۔۔

جی جی خیریت ہے شیزا کی شادی ہونے والی ہے

اس کا ہوئے فرینڈ بھی جلد واپس لندن آرہا ہے تو کل آگیا تو کل شادی

ہوگی یا پھر ایک دو دن ٹھہر کر تو بس اس کی شادی کا اِہتمام

کرنا ہے تو اس لیے آج سب یہاں آئیں گے۔۔۔

روحی تفصیل سے ساری باتیں بیان کرتی ہے۔۔

ٹھیک ہے تو تمہیں کہیں جانے کی کیا ضرورت ہے گھر میں اتنے سارے

لوگ ہیں ان سب کو کہہ دو۔۔

باسیل گھر میں کام کرتے آدمیوں کی فوج کی طرف اشارہ

کرتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل مجھے پتا ہے وہ سب کیا کھاتے ہیں میں ڈنر خود بناؤں گی

تو اپنی مرضی کا سامان میں خود لاؤں گا۔۔

روحی کی بات پر باسیل حیرانگی سے اسکی طرف دیکھنے لگتا ہے۔

تم نے کھانا بنانا سیکھ لیا ہے۔۔؟؟

باسیل حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

میں نے سب کچھ سیکھ لیا کھانا بنانا بھی اور۔۔۔۔۔

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی وہ

بھی اپنی بات اُدھوری چھوڑ دیتی ہے۔

آپ ٹیڈی کا خیال رکھ لینا میں جلدی سے واپس آجاؤں گی

اس کے کھولنے اور گیمز سب ہیں تھوڑی دیر کھیلے گا پھر سو جائیں

گا یہ میں تب تک واپس آجاؤں گی۔۔

روحی عالیان کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے کہتی ہے۔

ٹھیک ہے جاؤ جلدی آجانا۔۔"باسیل عالیان کو اپنی گود میں

اُٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ کو کچھ چاہیے۔۔؟؟ روحی اپنے کوٹ کی جیبوں پر ہاتھ

مارتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کارڈ روم میں ہے۔۔"باسیل بول پڑتا ہے۔

پیسے ہیں میرے پاس میرا موبائل۔"

روحی ادھر اودھر نظریں دوڑاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

باسیل پورا گھر بکھیر دیا ہے اسے میرے لوٹنے سے پہلے ٹھیک کروالینا

میں صرف کھانا بناؤں گی اور کچھ نہیں کروں گی۔۔

روحی روتلو سا منہ بناتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کہہ رہی ہوتی ہے کہ پیچھے سے لڑکی اس کا فون لیے اس

کے پیچھے آکھڑی ہوتی ہے۔

ہو جائے گا جاؤ تم۔۔باسیل پیچھے لڑکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے

کہتا ہے۔

روحی مڑ کر اسکے ہاتھ سے فون لیتی ہے اور دوڑتے ہوئے

واپس چلی جاتی ہے۔۔

ٹھیک ہے جلدی آجاؤں گی۔۔روحی کہتے ہوئے عالیان کے گال پر

کس کیے باسیل کی آنکھوں میں اس کے چہرے کے قریب آئے

مسکراتے ہوئے دیکھ کر وہ گھر سے باہر کی طرف

قدم بڑھاتے ہوئے باہر چلی جاتی ہے۔۔

تم نے کیوں منہ پھولایا ہوا ہے۔۔؟ ؟؟ باسیل عالیان کے چہرے کی

طرف دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ گندے بابا ہیں۔۔"عالیان باسیل کی گود سے نکلے سیڑھیوں

سے اوپر اپنے چھوٹے چھوٹے پیروں میں دوڑتے ہوئے جانے لگتا ہے۔

کیاا۔۔؟؟؟ باسیل اسے جاتا دیکھ کر حیرانگی سے

خود سے کہتا ہے اور ایک لیڈی سرونٹ کو اس کے پیچھے جانے کا

کہتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک آفس پہنچ گئے ہیں۔۔"تامیر اس کی بند آنکھوں کی طرف

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

دیریک دھیرے دھیرے سے اپنی آنکھیں کھولے کچھ پل اسی پوزیشن میں

لیٹے ہوئے وہ اپنے آفس کی بلڈنگ کو دیکھنے لگتا ہے۔

ہر چیز سے اسے بے حد نفرت ہورہی تھی دل میں طوفان اٹھ رہا تھا

بے چینی بڑھتی جا رہی تھی اپنے اردگرد موجود ہر چیزوں سے اس

وقت اس کو سوائے نفرت اور کچھ نہیں ہورہی تھی اس کا دل

دنیا جلا کر راکھ کرنے کا ہورہا تھا پر ناجانے کیوں وہ اپنے غصے

کو ضبط کیے ہوئے کس وجہ سے وہ اپنے اندر کا طوفان دنیا سے

چھپا کر رکھے ہوئے تھا۔۔

ڈیریک گہری سانس لیتے ہوئے اپنی آنکھوں پر گوگل لگائے ہوئے

وہ گاڑی سے باہر نکلتا ہے اسے نکلتا دیکھ کر تامیر

بی گاڑی سے باہر نکلتا ہے۔۔

ڈیریک آگے اور تامیر اس سے ایک قدم پیچھے دونوں بلڈنگ ھے دروازے

کے باہر کھڑے ہوئے اپنے سامنے خود گا کھلنے

والے بڑے سے صاف شفاف شیشے کے دروازے کو دیکھتے ہوئے آگے

کی طرف بڑھتے ہیں۔۔

ڈیریک اپنے دائیں ہاتھ میں شہادت کی انگلی میں پہنی ہوئی

انگوٹھے کو انگوٹھے کی مدد سے گول گھوماتے ہوئے

زمین پر نظریں جمائے ہوئے وہ آگے کی طرف بڑھتا جارہا تھا۔۔

ڈیریک کو دیکھتے ہوئے بلڈنگ کے اندر کام کرتے ہوئے لوگ آس پاس

پھیرتے ہوئے لوگ سب وہی سر جھکائے ہوئے رک جاتے ہیں۔

لڑکیوں کے قدم تو رک گئے تھے لیکن ان کی نظریں ڈیریک کو

دیکھتے ہوئے مسلسل اپنے اس پاس کھڑی ہوئی لڑکیوں کی طرف اٹھ

رہی تھیں۔۔

ڈیریک بہت کم آفس آتا ہے یہ کہہ سکتے ہیں آپ آتا ہی نہیں تھا اس

کا چاچو ہی اسکے بابا کی وفات کے بعد

اس کے آفس کو سنبھالتے ہیں اب اچانک سے ڈیریک کی موجودگی

پر وہاں کام کرنے والے سبھی ورکرز کے ہاتھ اور نظریں

رک چکے تھے۔۔

دیریک بنا کسی کی طرف دیکھے ہوئے وہ آگے بڑھے میٹنگ حال کی طرف

بڑھتا ہے جہاں ا وقت میٹنگ چل رہی ہوتی ہے۔۔

ایک بڑے سے بڑے سے دروازے کی طرف وہ دبے دبے قدم رکھ رہا تھ

لیکِن اس کے قدموں کی آواز پھر بھی سنائی دے رہی تھی

صرف دیریک کو ہی نہیں حال روم میں بیٹھے ہوئے ہر شخص کو بھی

سب جو میٹنگ پر دھیان دے رہے تھے اب ان اب کا

دھیان اور نظریں دروازے کی طرف اٹھتی ہے۔۔

وہاں سے کوٗن آرہا ہے کس کے قدموں کی آواز ہے یہ بات سب کے

ذہین میں گردش کرنے لگتی ہیں۔۔

صرف وہاں موجود ورکرز اور انویسٹرز کے ہی نہیں

مالک کی کرسی کر دیریک کے بابا کا کزن جو اس کی ہر کمپنی کو

سنبھالتا ہے اسکی نظر اور توجہ دروازے کی طرف اٹھتی ہے۔۔

سب تجسّس و جستجو سے دروازے کو دیکھے جا رہے ہیں۔

ان سب کی بے چینی کو بڑھانے کے لیے دیریک دروازے کے بلکل سامنے

جا رکتا ہے انگلی میں گھوماتے ہوئے انگوٹھی کو وہ واپس اپنی جگہ

پر صحیح کرتا ہے اور دروازے کو دیکھتے ہوئے کوٹ کے بٹن

بند کیے وہ گہری سانس لیتا گردن جھٹکتا ہوا اپنے

دونوں ہاتھوں سے دروازے کو کھولے وہ حال میں زمین کا دیکھتے ہوئے

اندر داخل ہوتا ہے۔۔۔

دونوں کھلے دروازے کے دروازوں کے درمیان کھڑا ہوا دیریک

صرف اس کے سامنے کھڑے ہوئے لوگوں کو دیکھائی دے رہا تھا

دیریک کو دیکھتے ہی اس کے سامنے کرسی پر بیٹھے ہوئے شخص

ایک ایک کر کے کھڑے ہونے لگتے ہیں۔۔

آدمیوں کو کھڑا ہوتا دیکھ باقی کے لوگ مزید تجسّس سے

دروازے کی تعمیر دیکھتے ہیں۔۔

دیریک زمین سے نظریں ہٹاتے ہوئے اوپر دیکھتے ہوئے کولڈ نظروں سے

چہرے پر سنجیدگی سجائے ہوئے وہ

اپنے سامنے موجود لوگوں کو خون اترتی ہوئی نظروں سے دیکھتے ظ

ہوئے آگے کی طرف بڑھتا ہے دیریک کا ایک اور قدم

آگے بڑھتا ہے اور اسے دروازے کے درمیان سے گزرتے ہوئے وہ

سب کی نظروں کا مرکز بنتا ہے۔۔

ڈیریک کو دیکھتے ہوئے باقی کے کرسی پر بیٹھے ہوئے لوگ بھی

ایک ایک کر کے اٹھنے لگتے ہیں۔

ڈیریک ان سب کو دیکھتے ہوئے آگے بڑھتا ہے دو قدم وہ سیدھے

رکھتا ہے اور پھر بائیں جانب مڑتے ہوئے وہ

اپنے چاچو کو دیکھتے ہوئے اس کی طرف بڑھتے ہوئے ایک ہاتھ

سے کوٹ کے بٹن کھولتے ہوئے وہ ان کے قریب آتا ہے۔

حال روم میں 50 سے زائد لوگ موجود تھے جو ہر قسم کی عمر کے تھے

کچھ ڈیریک سے بڑے سے اس کے چاچو سے بھی بڑی عمر کے

اور کچھ چھوٹے تھے ایسے جنہوں نے اس فیلڈ میں ابھی

قدم رکھا ہی تھا اورُ قدم رکھتے ہی اب ان کا سامنا دیریک نامی خاموش

پر دو بول میں سامنے والی کی روح تک جلا کر راکھ

کر دینے والے انسان سے ان کا سامنا ہونے لگا تھا۔۔

دیریک کوٹ کے بٹن کھولتے ہوئے اپنے چاچو کی طرف بڑھتا ہے تامیر

بھی حال میں داخل ہوئے حال روم کے دروازے بند کیے

وہ وہی دروازے پر کھڑا ہو جاتا ہے۔۔

دیریک اپنے چاچو کے پاس جا کر انہی کرسی پر بیٹھے دیکھ کر ان کی

کرسی کی پشت پر ہاتھ رکھے وہ کرسی سمیت ان کا

رخ اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔۔

کوٹ کے بٹن کھولے ایک ہاتھ پنجے کی شکل میں ٹیبل پر رکھے

دوسرا کرسی کی بیک پر رکھے دیریک جھک کر

اپنے چاچو اسمیل کے چہرے کے قریب آئے ان کی آنکھوں میں دیکھتے ہو

وہ بولنے سے پہلے ٹیڑھی سمائل کرتے ہیں۔۔

ck you're Shit off from that chair"....

دیریک کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اپنے سامنے بیٹھے ہوئے انسان کو

اپنے ہاتھوں سے موت کے گھاٹ اتارے اپنے باپ کی کرسی سے اس کو

ہٹا دے پر اسے عزت کا خیال آجاتا ہے اپنی محنت سے بنائی ہوئی

باہری دنیا میں عزت جو اسے روکنے پر مجبور کر دیتی ہے۔

دیریک اپنے چاچو کے چہرے کے قریب ان کے کان کے پاس آئے

ایک انچ کے فاصلے پر چہرہ دور رکھے

دیریک سرگوشی نما انداز میں کہتا ہے۔

have yourself...

غصے میں کرسی کی سائیڈوں پر اپنے ہاتھوں کی گرفت مضبوط

کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

not"....

دیریک اب کی بار آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اسی انداز میں

کھڑے ہوئے کہتا ہے۔

t the hell out of here before I send you there directly"..

دیریک اب کی بار سیدھا کھڑا ہو کر اپنے دونوں ہاتھ پینٹ کی جیب

میں ڈالے وہ اٹل لہجے میں کہتا ہے۔

ou'll regret..

کرسی سے اٹھتے ہوئے دیریک کے قد کے برابر کھڑے ہو کر اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

ove to do that"...

دیریک ہنستے ہوئے کہتا ہے اس کے چہرے پر چھائی مسکراہٹ سامنے والے شخص تک کو جلا کر راکھ کرنے کا کام کرچکی تھیں۔۔

دیریک ایک ہاتھ پینٹ کی جیب سے باہر نکالے کرسی کو اس کی بیک سے پکڑے ہوئے زور سے دیورا کی طرف دھکیلتا ہے کرسی گھومتی ہوئی سیدھا زور سے دیوار سے جا لگتی ہے۔۔

e you all not going to welcome your real boss???....

ڈیریک دونوں ہاتھ ٹیبل پر کسی مضبوط پنجے کی طرح شیشے کے ٹیبل

پر رکھے ہوئے ڈیریک وہاں موجود ہر فرد پر نظریں گھوماتے ہوئے کہتا ہے

elcome DJ

elcome DJ"...

ڈیریک کو غصے میں اس کی سخت نظروں میں دیکھتے ہوئے اس کی

آنکھوں سے نظریں چراتے ہوئے اس کی نظر میں نا آنے کی

کوششیں کرتے ہوئے سب ایک ساتھ بول پڑتے ہیں۔۔

ڈیریک کو سب ایک ٹی وی ایکٹر کی حیثیت سے جانتے تھے کو ہر وقت

مسکراتے ہوئے سب کی نظروں کا مرکز بنا رہتا تھا۔

" وہ امیر زادہ نہیں جانتا تھا سچی مسکراہٹ کی قیمت

اس نے فقط پیسوں کی چاہ میں لوگوں کے بدلتے رویوں سے جھوٹی

مسکراہٹ چہرے پر سجانا سیکھا تھا "

لیکن بدلتے رویوں سے اکتا کر آج وہ اپنا صبر کھو کر ایک عام انسان

کی طرح جو غصہ آنے پر غصہ چہرے پر سجائے ہوئے اپنے سامنے موجود

ہر شخص کو نفرت بھری نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

جو اس نام اس کی پاوٗر کے آگے سر جھکائے ہوئے کھڑے تھے۔۔

کاغذ کے ٹکڑوں پر پلنے والے لوگ اپنے سے زیادہ پیسے والے کو ہمیشہ

جھک کر ہی سلام کرتے ہیں۔

چاہے وہ عمر میں ان سے کم ہی کیوں نا ہو۔۔۔"

ڈیریک نے چند سیکنڈز میں ہر شخص کو ترازو میں تول دیا تھا۔

لالچ کو ایک طرف اور نام کے عزت دار بشر کو ایک طرف ان سب

سے نظریں ہٹاتے ہوئے وہ گردن موڑ کر اپنے چاچو کو دیکھتا ہے جو دائیں

جانب اسی جگہ کھڑے ہوئے ڈیریک کو گھورے جارہے تھے۔

ou all have next 10 min

op your every single thing that make you related tu

s company after 10 min I'll make sure to get

ou all off from my Company...

ڈیریک سیدھا کھڑا ہو کر حکمانہ انداز میں دونوں ہاتھ کمر پر باندھے

ہوئے کہتا ہے۔

hat...??? What are you talking are you out of your

nd??..

اسیمل دیریک کو بازوؤں سے پکڑ کر اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔

on't you dare to touch me again

d don't Come in my way again and don't you dare to

estion me again"....

دیریک اپنے وجود پر اسمیل کے ہاتھ دیکھتے ہوئے سخت لہجے میں

ایک ہے بعد ایک بات غصے میں بلند آواز میں کہتا ہے اس کی آواز اتنی

بلند تھی کہ وہاں موجود ہر شخص کے کانوں تک باآسانی

پہنچ رہی تھی۔۔۔۔

اسمیل کی باتیں سنتے ہوئے اتنے لوگوں میں شرمندگی محسوس

کرتے ہوئے وہ اس کی بازوؤں سے اپنا ہاتھ ہٹا لیتا ہے۔۔

make sure to take revenge for that

really do that"...

اسمیل پیچھے کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے دیریک کے چہرے کی طرف

دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی حال روم سے باہر

نکل جاتا ہے اس کے پیچھے پیچھے اس کے خود کے کچھ انویسٹرز

بھی باہر چلے جاتے ہیں۔۔

hat are you all just take your shit and get the hell out

my company"....

اسمیل کو جاتا دیکھ کر دیریک دھاڑتے ہوئے وہاں موجود باقی

کے لوگوں کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔۔

اس کی ایک دھاڑ پر سب جلد بازی میں اپنا سامان اٹھاتے ہوئے وہاں

سے باہر نکلنے لگتے ہیں۔۔۔

ایک ایک کرکے سب باہر دوڑتے ہوئے چلے جاتے ہیں دیریک ان کے جا

کے بعد آنکھوں سے چشمہ اتارے

ٹیبل پر رکھے مڑ کر کھڑکی کھول کر وہاں کھڑکی میں ہاتھ رکھے وہ

سر جھکائے آنکھیں بند کیے گہری سانسیں لیے خود کو پرسکون کرتا ہے۔۔

دیریک کی حالت دیکھتے ہوئے تامیر اپنے کوٹ کے بٹن کھولتے ہوئے

اس کی طرف بڑھتا ہے۔۔

انسان کے لالچ کی کوئی حد مقرر ہوتی ہے بھی یا نہیں

تامیر کو اپنے پیچھے کھڑا محسوس کرتے ہوئے دیریک پوچھتا ہے۔

انسان کے لالچ کی کوئی حد نہیں ہوتی ہے

جس چیز کو پانے کے لیے وہ لالچ کرتا ہے وہ پا کر بھی اس کا دل نہیں

بھرتا ہے اسے پانے کی خواہش مزید بڑھتی جاتی ہے۔۔

تامیر دیریک کے کندھے پر ہاتھ رکھے اسے دھیمے لہجے میں کہتا ہے۔۔

میرے ڈیڈ نے یہ کمپنی سپورٹ کے لیے کھولی تھی غریب لوگوں کی

مدد کے لیے اور جن کا کوئی بھی نہیں اس کا سہارا

بننے کے لیے سب جانتے ہیں یہاں سے کسی امیر شخص کو کچھ

نہیں مل سکتا ہے پھر بھی اس ملک کا ہر امیر نامی گرامی شخص

یہاں اپنا پیٹ بھرنے کے لیے موجود ہے۔۔؟؟؟؟

دیریک مڑ کر تامیر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اب کیا کرنا ہے۔۔؟؟

تامیر دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھ بیٹھتا ہے۔

ان لوگوں کو اس کمپنی میں امیر لوگوں کو رکھنا ہے نا۔۔؟؟؟

اب یہاں ایک بھی امیر زادہ نہیں ہو گا چاہے لڑکا ہو یا لڑکی کوئی

امیر شخص نہیں ہو گا۔

تامیر کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی پل کے لیے وہ

رکتا ہے اور سوچتے ہوئے وہ دوبارہ کھڑکی سے باہر کے مناظر اونچی عمارتیں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔۔

ویکینسی شروع کرو ہمارے معیار کے مطابق کی پڑھائی کی جانے

والے ہر شخص کو اس کمپنی کا حصہ بناؤ

لیکن غریب عزت اور غیرت مند لوگوں کو مجھے اس کمپنی میں

کام کرنے کے لیے لوگ چاہیے جو جتنی محنت کرے

اسے اس کے مطابق اپنا منافہ بھی ملے

ہمارے پاس پیسوں کی کمی نہیں ہے لیکن جن کے پاس ہے ان کو

یہاں کا حصّہ بناؤ۔۔۔

دیریک گہری سانس لیے دونوں ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے ہوئے اٹل

انداز میں کہتا ہے۔

پیسے والے لوگ اس دُنیا میں ہمیشہ برے الفاظوں میں یاد رکھے

جاتے ہیں آج کے بعد یہ امیر زادہ اپنی فلمی دنیا کے علاوہ

ذاتی زندگی میں بھی اچھے الفاظوں میں سب کے ذہین پر ہر وقت

سوار رہنا چاہیے۔

میرے باپ کی محنت سے بنائے ہوئے نام کو مٹی میں ملنے نہیں دوں گا

انہوں نے محنت کرکے اس کمپنی کو اس مقام پر پہنچایا تھا

اب میں پیسوں سے اس کواور مزید اونچائی پر لے کر جاؤں گا۔

دیریک ایک قدم کھڑکی کی طرف بڑھاتے ہوئے گہری سانس لیتے

ہوئے کہتا ہے۔

پینٹ سے ہاتھ نکالے وہ دوبارہ کھڑکی میں رکھے جھک کر اپنے

سامنے کی بلڈنگوں کو دیکھتا ہے۔

یہ سب خریدنے میں کتنے پیسا لگے گا۔۔؟؟؟

دیریک اپنے پیچھے کھڑے ہوئے تامیر سے سوال کرتا ہے دیریک کے

سوال پر تامیر اس کے برابر آئے اس کے ساتھ کھڑے ہو کر بلڈنگ کو

دیکھنے لگتا ہے۔

اس میں تو آپ کا نسلی خزانہ خرچ ہو جائے گا۔۔

تامیر حیرانگی سے کہتا ہے۔۔

پھر یہ سب مل جائے گا۔۔؟؟ دیریک تامیر کی طرف گردن موڑ

کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

پھر تو کل کائنات آپ کی ہی ہو گی۔۔

پر پورے ملک کا کیا کریں گے آپ کے پاس تو کوئی محبوب ہی نہیں

جس کو لیے آپ کو دنیا خریدنے کی ضرورت پڑے۔۔۔"

تامیر دیریک کے چہرے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

اپنی سلطنت بنانے کے لیے محبوب کا ہونا ضروری ہے کیا۔۔؟؟؟

دیریک سیدھا ہو کر تجسّس سے پوچھتا ہے۔

سلطنت بنتی ہی تب ہے جب اس کو بنانے والا بادشاہ ادن رات محنت کرے

اور اس پر راج کرنے کے لئے ملکہ اسے سنبھال کر رکھے

کوئی بھی سلطنت ملکہ کے بغیر مکمل نہیں ہوتی ہے۔۔۔

تامیر مسکراتے ہوئے کندھے اچکاتے ہوئے کہتا ہے۔

میری کوئی ملکہ نہیں ہے میں اپنی سلطنت بنا ملکہ کے کھڑی

کروں گا اور اسے سنبھال کر بھی رکھوں گا۔۔

دیریک مڑ کر ٹیبل سے اپنا چشمہ اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر تو آپ میں اور مجھ میں کوئی فرق نہیں رہے گا آپ بھی صرف اسکی

حفاظت کے لیے رہ جائیں گے۔۔۔

تامیر دیریک کی پشت کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

محبت کرلیں سب اچھا لگنا شروع ہو جائے گا پھر دنیا حاصل کرنے

کی ضرورت نہیں پڑے گی ایک شخص ہی دنیا بن جائے گا

تامیر اب بھی اس کی پشت کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

میں کبھی کسی سے محبت نہیں کروں گا مجھے نفرت ہے اس لفظ سے

بھی اور اس سے جڑے ہر شخص سے بھی

ڈیریک مڑ کر ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے دوسرے میں

آنکھوں سے چشمہ ہٹائے کے لٹکائے ہوئے ایک ائیبرو اٹھا کر

کہتا ہے۔۔

تامیر ڈیریک کی بات پر خاموش رہتا ہے جواب تھا اس کے پاس

پر وہ پھر بھی خاموش رہتا ہے۔۔

ویکینسی کا کام شروع کرو اور جتنے بھی پرانے لوگ ہیں

سب کو کمپنی سے آج ہی باہر نکالو۔۔

ڈیریک اگے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے وہ بھی

خاموش ہو جاتا ہے اور اس کے قدم بھی رک جاتے ہیں۔۔

میری کبھی نا ہونے والے بیوی کے پاس بھی تو جانا ہے اسکو تباہ

و برباد کرنا بھی تو باقی ہے۔۔"

دیریک مڑ کر چہرے پر مسکراہٹ سجائے ہوئے کہتا ہے۔۔

فلائٹ کب کی ہے۔۔؟؟؟ دیریک اپنی زبان منہ میں گول گھوماتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ابھی کی ہے آدھے گھنٹے بعد کی

تامیر کلائی میں پہنی ہوئی گھڑی میں ٹائم دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

چلو پھر انتظار کا چیز کا ہے مجھے بدلنے میں اسکا ہاتھ بھی ہے تو کیوں نا اپنے گھٹیا پن کی حد اسی سے شروع کی جائے۔۔۔"

دیریک ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی آنکھوں پر گوگل لگائے ہوئے وہ حال روم سے باہر نکل جاتا ہے۔

تامیر وہی بت بنے کھڑے ہو کر دیریک کا بدلہ انداز دیکھ کر مسکرا رہا تھا۔

دیریک کے باہر جانے کے بعد وہ بھی باہر نکل پڑتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

ڈنر کے لیے سب اچھے تھے روحی ڈنر کا سارا انتظام اکیلے کرچکی تھی

سب نے ڈنر کرلیا تھا عالیان کو وہ سلا چکی تھی

عالیان کو سلانے کے بعد وہ سب کے لیے کافی بنائے و حال میں لے کر

داخل ہورہی تھی کہ لیڈی سرونٹ اس کے سامنے آکر اس کے

ہاتھ سے ٹرے لے کر حال میں لے جاتی ہے۔

روحی اپنے ہاتھ دھو کر سب کے پاس حال میں آتی ہے اور باسیل کے

ساتھ صوفے پر فاصلے کے ساتھ بیٹھ جاتی ہے۔۔۔

شیزا حال میں بکنگ ہوگئی تمہاری۔۔؟؟

روحی ٹیبل سے اپنے لیے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

سب کے کیے کافی بناتی ہے پر اپنے لیے وہ چائے بناتی ہے۔

بکنگ تو میں نے کروادی تھی لیکن جہاں کروائی تھی انہوں نے آج اچانک

سے وہ کینسل کردی بنا کسی بات کے

شیزا بھی ٹیبل سے کافی کا کپ اٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

وہ کیوں۔۔؟؟؟ روحی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

وہاں پر آج کسی کی شادی کے کسی مسلم فیملی کی ہی دو دن تک وہ لوگ مزی

وہاں فنگشنز کرنے والے ہیں تو اس لیے

شیزا مایوسی سے انداز میں کہتی ہے۔۔

تو ہمیں پورا حال تھوڑی چاہیے صرف ایک حال روم چاہیے

روحی کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

وہی تو بولا تھا میں نے میں کب سے وہاں بکنگ کروانے کے لیے مری جا

تھی

اب جب شادی کا وقت قریب آیا تو بھی ایسے

بکنگ ہو کر بھی کینسل ہوگئی۔۔

شیزا کا منہ رونے والا ہوگیا تھا۔۔

روحی اسے مایوس دیکھ کر گردن موڑ کر باسیل کو دیکھتی ہے

اور پھر مہرین اور احمر کو

جو اسے ہی دیکھ کر مایوسی سے سر لٹکا رہے تھے۔۔

اووو ہوو۔۔۔ایسے سب منہ تو نا بناؤ میری ڈالرنگ جہاں بولے گی وہاں

ہی اس کی شادی ہو گی۔۔

روحی چائے کا کپ ٹیبل پر رکھے شیزا ہے پاس جا کر اس کا

چہرہ اپنے ہاتھوں میں پکڑے ہوئے پیار سے ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

باسیل روحی کی بات پر مسکرا اٹھتا ہے۔۔

پر کیسے انہوں نے تو انکار کر دیا ہے۔۔

احمر روحی سے پوچھتا ہے۔۔

احمر بھائی میں نے ایسے بہت سے انکاروں کو اقرار میں

تبدیل کروایا ہے دونٹ وری ڈالرنگ میں ہوں نا تمہارے ساتھ میں

کراؤں گی تمہاری شادی وہاں پر۔۔۔

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔۔

باسیل میں جاؤں اگر کچھ ہوا تو آپ سنھبال لیں گے۔۔؟؟؟

روحی باسیل کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ہمم۔۔باسیل آنکھوں سے ہاں میں اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

کسی کو مرنا مت باقی جو دل میں آئے ہو کرلینا میں سنبھال لوں گا

باقی سب خود ہی۔۔۔"

باسیل روحی کے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل کی بات پر روحی کے چہرے پر مسکراہٹ چھا جاتی ہے

پر وہ جلد ہی خود کو کمپوز کر جاتی ہے۔۔

چلو لڑکیوں پھر گاؤں کی گنڈی بننے کا وقت آگیا ہے ان انگریزوں نے

ہمیں بلکل ہی کوئی چھوئی موئی سمجھ لیا ہے۔۔۔

روحی کھڑی ہو کر اپنے کپڑے ٹھیک کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

چلو پھر۔۔"مہرین بھی جھٹ سے کھڑی ہو جاتی ہے روحی کی طرح

الٹے کام کرنے میں اسے بھی بڑا مزہ جو آتا ہے۔۔

ہاں چلو ان مردوں کی ایسی کی تیسی اتنے مشکلوں سے میری شادی

ہورہی ہے اس میں بھی مسئلہ کررہے ہیں۔

شیزا بھی کافی کا کپ ٹیبل پر رکھے پرجوش انداز میں کہتی ہے۔

میں بھی چلتا ہوں تمہارے ساتھ۔۔

ہرگز نہیں۔۔۔!!!

احمر کہتے ہوئے کھڑے ہو رہے تھے کہ تینوں لڑکیاں ایک ساتھ بول پڑتی

۔

لڑکیوں دھیان سے مانا کے تم سب بہادر ہو لیکن تمہیں

کسی مرد کی ضرورت پڑے گی وہاں پر۔۔۔"

احمر واپس صوفے پر بیٹھتے ہوئے انہیں سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔

تم فکر مت کرو میری والی سب مردوں پر بھاری ہے۔۔

باسیل احمر کو دیکھتے ہوئے روحی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کے منہ سے میری والی سب کر روحی دوسری طرف اپنا رخ موڑ

کر اپنی آنکھیں میچ کر اپنی خوشی کو کنٹرول کرتی ہے۔۔

شکریہ میاں جی۔۔۔"

روحی سر جھکا کر کہتی ہے۔۔

جلدی واپس آجانا پر صحیح سلامت۔۔۔۔

باسیل اب کی بار تھوڑا سا سخت لہجہ استعمال کرتا ہے۔

جی جی فکر مت کریں آپ کی بیوی کو ایک پیس میں ہی واپس

لے کر آئیں گے۔۔

مہرین روحی ہاتھ پکڑ کر باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے جو مسلسل

روحی کو ہی دیکھے جا رہا تھا

مہرین کی بات پر باسیل روحی سے نظر ہٹا لیتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

ہر طرف روشنی ہی روشنی افراتفری کا ماحول چھایا ہوا تھا جہاں تک نظر

جائے وہاں تک لوگ ہی لوگ ہیں اور ان سب کے ہنسنے کی آوازیں س

دے رہی تھیں۔۔

حور تیار ہوگئی ہے۔۔؟؟؟

ایک 41 سالہ خاتون "صدف "لائٹ سوفٹ پستہ کلر کی لونگ میکسی

پہنے ہوئے کندھے پر دوپٹہ رکھے ہوئے تھے گلے میں سونے کے بھ

زیورات پہنے ہوئے کلائی میں موٹے موٹے سونے کے کڑے پہنے ہوئے

ہاتھ میں والٹ کے ساتھ فون پکڑے ہوئے حال میں

کام کرنے والے ورکرز سے پوچھتی ہے۔۔

جی وہ تیار ہے اس وقت اپنے روم میں ہیں فوٹو شوٹ ہورہا ہے

ان کا

ورکر روم کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ٹھیک ہے اندر ڈرنکس ختم ہوگئی ہیں وہ جلدی سے مہمانوں

کو سرو کریں۔۔۔

لہجہ حکمانہ تھا۔۔

جی میم۔۔۔"ورکر سر جھکا کر کہتا ہے اور کہتے ہی وہ حال

میں سیدھے ہاتھ کی طرف بڑھتا ہے آگے کی

طرف اس کے بڑھتے ہوئے اس کے کانوں میں زور و شور سے گانوں

کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔

جنہیں سنتے ہوئے وہ اپنے کانوں پر ہاتھ رکھے حال میں

داخل ہوتا ہے۔۔

پورا حال گولڈن کلر کی روشنی میں جگمگا رہا تھا

چاروں اطراف میں لوگ ہی لوگ تھے کچھ گانوں کے لیرکس

پر جھوم رہے تھے اور کچھ ہنستے ہوئے باتوں میں

مصروف تھے وہی کچھ لوگ اسٹیج پر کھڑے ہوئے

شادی کے ماحول میں بھی ایک کامیاب بزنس مین سے

اس کے برنس کی باتیں کررہے تھے۔

وہ جن س باتوں میں مصروف تھے وہ اور کوئی نہیں

"منہاج ابراہیم" تھے حور کے والد اور صدف کے شوہر

آپ کے ساتھ کام کرنے اک ہر کسی کا سپنہ ہے آپ لندن کے

ایک کامیاب بزنس مین جو ہیں۔۔۔

منہاج صاحب کے ساتھ انہی کی عمر کے برابر کھڑے ہوئے شخص

ان کی تعریفوں کے قصیدے پڑھ رہے ہوتے ہیں۔

بہت بہت شکریہ۔"

منہاج صاحب اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر سر آنکھیں سرسری

سی بند کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

ویسے آپ کی بیٹی کی شادی بھی آپ جیسے ایک کامیاب

بزنس مین سے ہونے جارہی ہے

آپ نے اپنا داماد بھی اپنے جیسا ہے کامیاب ڈھونڈا ہے۔

دوسرا آدمی منہاج صاحب کو دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

منہاج ابراہیم کی اکلوتی بیٹی کی شادی ہے میں اپنی بیٹی کے لیے کسی بھی ایر

غیرے مرد کا

رشتہ تو نہیں ڈھونڈ سکتا تھا اس کے کیے مجھے بھی اپنی

حیثیت کے مطابق داماد چاہیے

آخر کار دنیا میں نام ہے پہچان ہے ہماری

منہاج صاحب پر جوش لہجے میں کہتے ہیں۔

یہ تو ہے لیکن آج کل کے زمانے میں ماں باپ کی پسند سے

بچے شادی نہیں کرتے ہیں۔

آپ کی بیٹی کررہی ہے اس کا مطلب ہے وہ آپ کی فرمانبردار بیٹی ہے

لوگوں سے بے حد محبت کرتی ہے تب ہی تو وہ اپنی زندگی کا اہم فیصلہ

کے حوالے کیے

پرسکون ہے۔۔۔

پہلا شخص منہاج صاحب کی تعریف کرتے ہوئے ان کی گڈ بکس میں

آنے کی کوشش کرتے ہیں۔۔

میری بیٹی دنیا کی بیٹیوں کی طرح نہیں ہے وہ ایک قابلِ

ریپوٹر ہے اور جیسے سہی اور غلط ہر طرف کا علم ہے۔۔

منہاج صاحب اٹل انداز میں کہتے ہیں۔۔

حورین ابراہیم کبھی وہ کام نہیں کرے گی جس سے اس کے

باپ کا سر جھکے وہ میرا سر جھکانے سے پہلے

سر کٹوانا ضروری سمجھے گی۔۔

منہاج صاحب کا لہجہ پریقین تھا وہ اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں

بھینچے ہوئے کہتے اور کہتے ہی وہ دروازے کی طرف نظر اٹھاتے ہیں

جہاں سے ان کا ہونے والا داماد "اعجاز عبید "

ایک مسلمان مرد جو بلیک کلر کے تھری پیس سوٹ میں ملبوس بالوں کو

سے سیٹ کیے ہوئے سانولی رنگت لیکن پرکشش چہرہ کالی گہری آنکھیں

چہرے پر مسکراہٹ

سجائے ہوئے وہ منہاج صاحب کی طرف بڑھتا ہے۔

منہاج صاحب کے چہرے پر مسکراہٹ چھا گئی تھی اعجازِ کو دیکھتے ہوئے

اس کا داماد ہونا تھا یا کوئی اور

وجہ جو بھی تھی صرف وہ ہی جانتے تھے۔

اسلام و علیکم ساسر جی۔۔۔!!"

اعجاز منہاج کے پاس آئے اس کے گلے سے لگتے ہوئے سلام

کرتا ہے۔۔

دونوں کے چہروں پر شاطرانہ مسکراہٹ سج گئی تھی پل کے لیے کین دو

ہی جلد ہی وہ ضبط کر گئے تھے۔

وعلیکم السلام داماد جی۔۔۔!!!"

منہاج صاحب دور ہوتے ہوئے کہتے ہیں۔

اعجاز کے ساتھ اس کے چند دوست تھے ان کے علاؤہ اس کی فیملی کا اور ک

بندہ نہیں تھا اس کے ساتھ

لیکن پھر بھی اس بات سے وہاں کسی کو کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔۔

نکاحِ کی تیاریاں ہوگئی ہیں۔۔؟؟

اعجاز منہاج صاحب سے پوچھتا ہے۔

سب ہوگئی ہیں۔۔!!"

منہاج صاحب مسکراتے ہوئے جواب دیتے ہیں۔

آپ کی بیٹی نے کوئی تماشا تو نہیں لگایا دوبارہ۔۔؟؟

اعجاز منہاج صاحب کے ساتھ کھڑے ہوتے ہوئے کہتا ہے۔

اس کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو داماد اس کے پاس

انکار کا کوئی اوپشن نہیں ہے۔

منہاج صاحب اعجاز کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

فکر کرنے کی ضرورت مجھے ہے بھی نہیں بیٹی کا سودا

کیا گیا اگر آپ کی بیٹی مجھے نہیں ملے گی تو آپ

کو بزنس ڈیل نہیں ملے گی۔۔۔

اعجازِ ایک ائیبرو اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔

وہ ڈیل میری ہی ہے اس کو پانے کے لیے میں نے اپنی بیٹی کا

سودا کرنے سے پہلے ایک بار نہیں سوچا تھا

منہاج صاحب بھی اپنی ایک ائیبرو اٹھاتے ہوئے اعجازِ کو

یاد دھیانی کرواتے ہیں۔۔

یہ تو ہے دنیا کا پہلا باپ دیکھا ہے جو اپنے لالچ کی نظر

اپنی اولاد کو کر گیا ہے۔۔

اعجاز منہاج صاحب سے نظریں ہٹا کر سامنے لوگوں

کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

لالچ کی نظر نہیں کیا میں نے حور کو اپنی کامیابی کی نظر

کیا ہے اور وہ بھی اس کی مرضی سے

منہاج صاحب بھی اعجازِ سے نظریں ہٹا کر لوگوں کو دیکھتے

ہوئے کہتے ہیں۔۔

یہ تو وقت بتائے گا لالچ کی نظر کیا ہے یا محبت کی

اعجاز تنزیہ لہجے میں کہتا ہے۔۔

ویسے وہ ہے کہاں تیار نہیں ہوئی ہے کیا ابھی۔۔؟؟؟

اعجاز تجسس سے پر غصہ میں پوچھتا ہے۔

تیار ہورہی ہے آخر کار شادی ہے اس کی لندن کے ایک کامیاب

انسان سے لینے دو وقت اس کو

منہاج صاحب بنا اعجاز کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

وقتِ تیار ہونے میں ہی لگنا چاہیے یہ وقت انکار کی طرف

مڑا تو یاد رکھنا آپ کی ترقی کا راستہ سے قبرستان کی

طرف موڑ دوں گا۔۔۔

اعجاز اپنے آدمیوں کی طرف اِشارہ کرتا ہوا کہتا ہے جو بلیک کلر کے تھ

پیس سوٹ میں ملبوس

کوٹ میں گنیں چھپائے ہوئے کھڑے ہوئے تھے۔۔

منہاج صاحب انہیں دیکھتے ہوئے مسکرا دیتے ہیں۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور تیار نہیں ہوئی ہے کیا ابھی تک۔۔؟؟؟

صدف بیگم دلہن کے تیار ہونے والے روم کی طرف بڑھتے ہوئے

خود سے پوچھ رہی ہوتی ہیں۔

کہتے ہوئے وہ کمرے کے دروازے کے پاس پہنچے اسے دونوں

ہاتھوں سے کھولتی ہے جیسے ہی دروازہ کھلتا ہے ان کی نظر

سامنے صوفے پر لال سرخ رنگ میں لہنگے میں ملبوس جس پر گولڈن کل

باریک سا پر بے حد خوبصورت سا

زری کا کام کیے ہوئے لہنگے میں ملبوس بیٹھی ہوئی حورین ابراہیم

پر اپنی بیٹی پر پڑتی ہے جیسے دیکھتے ہوئے

صدف بیگم کے قدم پل کے لیے وہی رک جاتے ہیں۔

لال رنگ کا کام والا لہنگا پہنے ہوئے جس کی چولی چھوٹی تھی جس سے اس

گوری رنگت گورا پیٹ صاف واضح ہو رہا تھا۔

ہاتھوں میں کہنیوں تک مہندی لگائی ہوئی جس کا رنگ لال

سرخ سے بھی زیادہ

تھا ہلکی ہلکی مہندی کی خوشبوئیں ابھی بھی آ رہی تھی۔

کلائی میں کڑوں کے ساتھ دو دو درجن کی چوڑیاں پہنے ہوئے

دونوں ہاتھوں میں انگوٹھیاں پہنے ہوئے گلے میں بھاری بھر کم

سونے کا زیور پہنے ہوئے پیروں میں پائل پہننے ہوئے

کمر پر سونے کی کمر بندھ باندھے ہوئے حور لال رنگ کے دوپٹہ اوڑھے ہو

نظریں جھکائے ہوئے وہ خاموش سی اپنے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے وہ ا

آنسوؤں کو

ضبط کرنے کی کوشش کرتی ہے۔۔

صدف بیگم حور وہ دیکھتے ہوئے اس کی طرف بڑھتی ہے

اور اپنی بیٹی کو مکمل دلہن کا روپ اختیار کیے دیکھ کر وہ اسے نم آنکھوں

دیکھتے ہوئے بلکل اس کے سامنے کھڑی ہوتی ہیں۔۔

ماشاءاللہ "صدف بیگم حور کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہیں

اپنے سر پر اپنی ماں کا ہاتھ دیکھ کر حور سر اٹھا کر

بھیگی پلکوں سے ان کی طرف دیکھتی ہیں اور دیکھتے ہوئے وہ اپنے سر سے

ماں کا ہاتھ ہٹا دیتی ہے۔۔

گولڈن کلر کا خوبصورت سا پر لائیٹ سا میک آپ کیے ہوئے

لائٹ براؤن آنکھیں جن میں آنسوؤں سجائے ہوئے وہ بے ناک میں نتھ

ہوئے ہونٹوں پر لال سرخ رنگ کی لپس اسٹک لگائے ہوئے گالوں کو ہلکا

سا لال رنگ میں رنگے ہوئے حور

بسی سے صدف بیگم کی طرف دیکھتی ہے اور دیکھتے ہوئے وہ اپنے سر سے

کا ہاتھ ہٹا دیتی ہے۔

اتنی بے رُخی مت دیکھاؤں حور تمہاری ماں بھی تمہاری جتنی ہی مجبور

فرض کے آگے وہ بھی بے بس ہو جاتی ہے۔

صدف بیگم حور کے پاس صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہتی ہیں۔

امی یہاں سے جائیں۔۔"

حور گردن موڑ کر اپنی ماں کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے روکنے دو یہاں پر پھر تو تم نے مجھ سے دور ہو جانا ہے۔

صدف بیگم حور کا ہاتھ پکڑنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔

امی جائیں یہاں سے مجھے آج کے اس منحوس دن پر

مزید غصہ مت دلائیں ایسا نا ہو کہ مجھے رخصت کرنے کے

دن میرا جنارہ اٹھانا پڑ جائے آپ سب کو

حور ہاتھ میں لہنگا پکڑے ہوئے صوفے س اتھ کر غصے میں

صدف بیگم کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے

کہتے ہوئے اس کی آنکھوں سے آنسوؤں تیزی سے اس کے گالوں

پر بہنا شروع ہو جاتے ہیں۔۔

زبان کا استعمال اتنا کرو جتنی تمہیں اس کی اجازت دی ہوئی ہے۔۔

پیچھے سے دروازے سے اندر داخل ہوتے ہوئے منہاج صاحب

ایسی لڑکی اس دنیا میں بنی ہی نہیں ہے جو میرے دل پر

دستک دے سکے کبھی

ڈیریک تامیر سے نظریں چراتے ہوئے کہتا ہے۔

دستک تو ہوگئی ہے اور دروازے بھی پہلی بار میں ہی کھل

چکے ہیں۔۔

تامیر ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

منہ بند کرلو اپنا کچھ بھی بولنے لگتے ہو۔۔۔

ڈیریک تامیر کو کراس کرتے ہوئے صوفے کی طرف

بڑھتے ہوئے کہتا ہے

اگر ایسی بات نہیں ہے تو ان سب میں اس لڑکی کا کیا قصور ہے

تو ان سب میں اس لڑکی کا کیا قصور ہے اسے کیوں سزا دے

رہیں پیسوں کی تو ویسے بھی کوئی اہمیت نہیں ہے

نقصان کروڑوں روپے کا ہو یا چند کا آپ کے کوئی معنی نہیں رکھتے تو آپ ا

جھوٹے رشتوں میں کسی معصوم کو

شامل کیوں کررہے ہیں۔۔؟؟

تامیر دیریک کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

کیونکہ وہ بھی ان جیسی ہی ہے جو پیسوں کے لیے بک سکتی ہے دو بار وہ

بھی کرسکتی ہے

اسے شکر منانا چاہئے کہ میں اس سے پھر بھی شادی کروں گا اپنے مطلب

لیے ہی سہی مذہب تبدیل کروں گا

اس سے شادی کروں گا

دیریک سامنے ٹیبل سے پانی کی بوتل اٹھائے اسے کھولتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

میرے بدلنے کی وجہ "حورین ابراہیم" ہوگی پر دنیا کے لیے

اصل میں میں صرف ان سب کے لیے ہر وہ چیز کروں گا جن سے ان

نفرت ہے۔

ڈائیگو کو لگتا ہے وہ مجھ پر میرے ماں باپ کی موت کا دباؤ

ڈال کر جو دل میں آئے وہ کروائیں گے

تو غلط فہمی ہے یہ ان کی وہ ادینہ سے شادی کروانا چاہتے

ہیں میری اب میں دوسرے مذہب کی لڑکی سے شادی کر کے

ان کے ہر ارادے کو برباد کروں گا۔

دیریک پانی کی بوتل ہاتھ میں لہراتے ہوئے صوفے سے اٹھ

کھڑا ہوتا ہے۔

پر اس میں نقصان آپ کا بھی تو ہو گا

آپ کا مذہب بدل جائے گا آپ کرسچن سے مسلمان ہو جائیں گے

آپ اس کے تیار ہیں۔۔؟؟

تامیر دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میں کرسچن ہوں پر میں نے کبھی کسی مذہب کو نہیں مانا

میرا کوئی مذہب نہیں ہے

اب گر کسی کی وجہ سے اس چیز کو بدلنا جو کبھی تھی ہی نہیں

مجھے نہیں لگتا ہے اس میں کوئی برائی ہے۔

تامیر گہری سانس لیے واپس پانی کی بوتل منہ سے لگاتے

ہوئے کہتا ہے۔

میرے اپنوں کو برباد کرنے کی قسم کھا رکھی ہے میں نے

ایسے ہی تھوڑی لڑائی کا اختتام کرنے سے پہلے ہی ہار مان

جاؤں گا۔۔

دیریک بوتل ٹیبل ر رکھے ڈریسنگ کی طرف بڑھتے ہوئے

کہتا ہے۔

آپ نے جو کہا وہ میں سمجھ گیا ہوں پر ناجانے کیوں اس لڑکی کا استعمال ک

مجھے آپ پر بھاری پڑتا ہوا لگ رہا ہے۔

تامیر گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لیے کسی غیر مذہبی لڑکی کا

استعمال بھی تو کر سکتے ہیں ایک مسلمان لڑکی کیوں۔۔؟؟

تامیر کے سوال دیریک بڑے غور سے سن رہا تھا اور تامیر اس کے چہرے

نقوش کو بڑے غور سے دیکھ رہا تھا۔

دیریک خاموش تھا اس بات کا کوئی جواب نہیں تھا

اس کے پاس یا شاید تھا وہ دینا نہیں چاہتا تھا۔۔

اس کی خاموشی تامیر کو سمجھ آگئی تھی تامیر مسکراتے ہوئے

اس سے ایک اور سوال پوچھ بیٹھتا ہے۔

کیا آپ سچ میں ایک لڑکی کو پانے کی خاطر اپنا مذہب تبدیل

کرنا چاہتے ہیں۔۔؟؟

تامیر بے حد تجسّس سے پوچھتا ہے کیونکہ دیریک نے کبھی

کسی لڑکی کو دیکھنے تک کی اجازت خود کو

نہیں دی تھی اب وہ کسی کو پانے کے لیے مذہب تبدیل کر رہا تھا

وجہ وہ جو بتا رہا تھا تامیر کو یقین نہیں تھا اس پر

تامیر کی نظریں کہیں خیالوں کی دنیا میں کھوئے ہوئے دیریک

پر تھی۔۔

مجھے وہ لڑکی چاہیے اس کو پانے کی خاطر مجھے خود

کو بدلنا پڑا بدلوں گا پر اسے حاصلِ کر کے رہوں گا۔۔"

دیریک انکھ ونک کرتے ہوئے کہتا ہے خود کو ڈریسنگ ٹیبل کے شیشے میں د

ہے وہ اپنی سیریس بات کو مذاق کا

روپ دے رہا تھا۔

وہ مذاق میں یہ بات کر جاتا ہے پر وہ مذاق نہیں تھی وہ

دونوں اچھے سے سمجھ چکے تھے۔۔"

مجھے اس سے آج اور ابھی شادی کرنی ہے بلاؤ شادی

کروانے کو ابھی

دیریک اپنی کلائی سے گھڑی نکالتے ہوئے حکمانہ لہجے میں

کہتا ہے۔۔

ٹھیک ہے ابھی لاتا ہوں۔۔!!

تامیر کہہ کر کمرے سے باہر نکل پڑتا ہے اور دیریک بھی واش روم میں گ

جاتا ہے۔۔"

تامیر جیسے ہی مینشن سے باہر نکلتا ہے اس کی نظر گاڑی میں بیٹھی ہوئی حو

پڑتی ہے جو بت بنے ہوئے خاموش سی بیٹھی ہوئی تھی۔

تامیر مینشن کے اندر سے لیڈی سرونٹس کو بلاتا ہے جو

حور کو گاڑی سے باہر نکالے گیسٹ روم میں لے جاتی ہیں۔

دیریک بھی اپنی گاڑی میں سوار مینشن سے باہر

نکل جاتا ہے۔

گھر کی سرونٹس اسے ایک کمرے میں لائے اسے چھوڑ کر دروازہ

بند کیے وہاں سے چلی جاتی ہیں۔۔

دروازے سے کچھ قدم اندر وہ بے جان حالت میں اپنے

ہاتھوں میں لہنگے کو پکڑے وہ چھوٹے چھوٹے قدم

اٹھائے آگے کی طرف بڑھتی حور بے دھیانی میں بڑھ رہی ہوتی ہے کہ ا

ہی لہنگے میں اٹکے وہ سیدھا زمین پر

جا گرتی ہے۔

دونوں ہاتھوں میں پہنی ہوئی چوڑیاں جو آدھی پہلے ہی دیریک توڑ چکا تھا

کی کلائی اور اپنی ہتھیلی میں

باقی کی بچی ہوئی ٹوٹ کر کچھ ہاتھ میں چبھے زمین پر خون سے ساتھ ٹکڑوں

گرنے لگتی ہے

حور بے بس حالت میں روتے ہوئے وہ اپنے ہاتھوں باقی کی چوڑیاں نکالے

میں زمین پر پھینکنا شروع کرتی ہے

حور کا دل پھٹ رہا تھا اپنے باپ کے بارے میں سوچ سوچ

کر وہ پل کے لیے سنبھلی ہی تھی کہ اس کے سر پر

ایک نیا اور بھاری بھرکم پہاڑ آ گریا تھا اس کے اپنے باپ نے

حور اپنی قسمت کے بارے میں سوچتی ہے اور زور زور سے

رونا شروع کرتی ہے۔

اپنے پیروں سے سینڈل نکال کر وہ بھی دور پھینک دیتی ہے

سر سے دوپٹہ اتارے وہ وہی زمین پر پھینک کر اپنی ناک سے

نتھ نکالے کانوں سے جھمکے اتارے وہ ہر چیز

ہر زیور خود سے دور کر چکی تھی ماتھے پر صرف ماتھا ٹیکا

تھا باقی وہ سب اتار چکی تھی۔

حور سسکی لیتے ہوئے روتے ہوئے اپنے آپ کو سنبھالتے ہوئے

زمین سے اٹھنے کی کوشش کرتی ہے

پر پیر اس کے لڑکھڑا جاتے ہیں جو اسے ایک بار پھر سے

زمین بوس کرا چکا تھا۔

یا اللہ آپ مجھے کس چیز کی سزا دے رہے ہیں

کیا غلط کردیا ہے میں نے۔۔؟؟

حور دوبارہ اٹھنے کی کوشش کرتے ہوئے روتے ہوئے بولتی ہے۔

لوگوں کے ماں باپ تو اپنی اولاد کی خوشی کے لیے کچھ

بھی کرنے کو تیار رہتے ہیں تو میرے ماں باپ ایسے کیوں نہیں ہیں کی

میرے ماں باپ میری ہر وقت بولی

لگانے کو تیار رہتے ہیں اور اس بار تو وہ لگا چکے ہیں

اپنی ہی اولاد کو بیچ دیا انہوں نے

حور روتے ہوئے سسکیاں لیتے ہوئے اُٹھتے ہوئے دھیرے سے

کہتی ہے۔۔

اگر مجھے پیار سے رکھنا نہیں تھا اگر مجھے محبت اور عزت

نہیں دینی تھی تو مجھے پیدا کیوں کیا انہوں نے

آپ نے مجھے اس دُنیا میں بھیجا ہی کیوں اللہ جی

حور لہنگا ہاتھوں میں پکڑے اٹھتے ہوئے روتے ہوئے کہتی ہے

اس کی درد بھری آواز اس وقت صرف وہ ہی سن پا رہی تھی

کیوں مجھے ہر دن بے رحم موت دیتے ہیں کتنے سالوں سے خود

کو اپنے باپ کے ناپاک ارادوں سے بچاتی آرہی ہوں اب

میں تھک گئی ہوں اب میں اپنی حفاظت کیسے کروں اب

تو کوئی راستہ نہیں بچا ہے میرے پاس

حور ڈریسنگ ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے لگاتار روتے ہوئے بولتی

جارہی تھی۔

اچھی صورت دینے کا کیا فائدہ تھا اللہ جی جب قسمت ہی

خراب دینی تھی آپ نے

حور اپنے آپ کو ٹوٹی بکھری ہوئی حالت میں

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

سر سے پیر تک وہ ڈرسینگ ٹیبل کے سامنے کھڑی ہو کر اپنے

آپ کو شیشے میں دیکھتی ہے اس کی نظر اپنے پیٹ پر پڑتی ہے لہنگے کی

میں سے اس کا گورا پیٹ ڈریسنگ ٹیبل میں لگی ہوئی لائیٹس میں سفید انڈ

جیسا نظر آرہا ہوتا ہے

حور کی نظریں اپنے پیٹ پر بندھے ہوئے

سونے کے کمر بندھ پر جا رکتی ہے۔

حور اپنے ہاتھوں سے اپنا چہرہ صاف کرتی ہے بے دھیانی میں

اس کے ہاتھوں پر لگا اس کا خون اس کے چہرے پر

جا لگتا ہے۔۔

حور اپنے پیٹ سے کمر بندھ روتے ہوئے کھول ہی رہی ہوتی ہے کہ پیچھے

دروازے سے اندر

دیریک داخل ہوتا ہے۔۔

رو رہی ہو۔۔۔؟؟

دیریک دروازے کا لوک اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے پوچھتا ہے حور پر نظر

جانے سے پہلے اس کی نظر زمین پر بکھری ہوئی اس کی چیزوں پر تھی

جبکہ دروازے کھلنے کی آواز پر حور پلٹ کر دروازے کو دیکھنے

لگتی ہے۔۔

اس کا خون سے تر ہوتے ہاتھ اس کے پیٹ پر خون کی چھاپ

چھوڑنے لگتے ہیں۔۔

آپ کیوں پوچھ رہے ہیں آپ نے میرے آنسوؤں پوچھنے ہیں۔۔؟

حور سسکی لیتے ہوئے دھیرے سے اپنے آنسوؤں کو ضبط

کرتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

حور کی آواز پر دیریک سر اٹھا کر حور کی طرف دیکھتا

ہے بنا دوپٹہ کے وہ لال لہنگے میں ملبوس

نم آنکھیں لیے لال ہوتی ناک خون سے لال ہوتے گالوں سں

کو دیکھتے ہوئے دیریک وہی دروازے پر رک جاتا ہے۔

حور کے چہرے سے نظریں ہٹا کر وہ جیسے ہی دوسری طرف دیکھنے لگتا ہے

کی نظر حور کے پیٹ

کی طرف جا رکتی ہے جہاں خون اس کی کمر بندھ پر

اور اس کے پیٹ پر لگا ہوا تھا دیریک وہ دیکھتے ہوئے کمرے کا

دروازہ بند کیے حور کی طرف بڑھتا ہے۔

ارادہ تو نہیں ہے میرا لیکن اگر تم چاہتی ہو تو میں کرلیتا ہوں تمھارے لیے

دیریک حور کے بلکل سامنے کھڑے ہو کر اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہو

مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔۔

کوئی ضرورت نہیں ہے مجھے ہاتھ لگانے کی دور رہیں مجھ سے

حور دیریک کو خود سے دور دھکا دیتے ہوئے

غصے میں کہتی ہے۔۔

ایسے کیسے ضرورت نہیں ہے اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے

ہی تو تمہیں خریدا ہے۔

دیریک حور کی کمر کی طرف دیکھتے ہوئے پیچھے کی طرف

قدم اٹھائے ڈریسنگ ٹیبل پر بیٹھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں کوئی چیز نہیں ہوں جیسے آپ نے چند کاغذ کے ٹکڑوں کے

بدلے خرید لیا ہے۔۔۔!!"

حور غصے میں کہتی ہوئی دیریک کی طرف بڑھتی ہے

اس کی آنکھوں میں اپنی نم بھیگی معصوم سی آنکھیں ڈالے ہوئے غصے میں ک

ہے۔

حور کو غصے میں اپنی طرف آتا دیکھ کر دیریک منہ میں زبان گھوماتے ہے۔

اس کی ڈری ہوئی بہادری پر اشک ہو رہا تھا۔

دیریک کے چہرے پر الگ سی مسکراہٹ دیکھ کر حور اپنے قدموں کو

وہی روک دیتی ہے ہاتھوں میں لہنگا مضبوطی سے پکڑے ہوئے

اپنے قدموں کو پیچھے کی طرف اٹھانے لگتی ہے۔۔

پر میرے لیے ہو تم کیا کرسکتے ہیں اب ویسے تمھارے لیے ایک

سرپرائز ہے میرے پاس

دیریک ڈریسنگ سے دور ہوتا حور کی طرف بڑھنے لگتا ہے

اسے اپنی طرف آتا دیکھ حور پیچھے کی طرف قدم اُٹھاتی ہے۔

بھاڑ میں گئے آپ اور بھاڑ میں گیا آپ کا سرپرائز مجھے

جانے دیں یہاں سے

حور ڈرے ہوئے لہجے میں پیچھے کی طرف قدم اُٹھاتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

تم بھی اب میری بھاڑ کا حصّہ بن چکی ہو جانمن واپسی کی

خواہش مند مت رہو

دیریک حور کی طرف قدم بڑھاتا ہوا اور مزید ڈراتے

ہوئے کہتا ہے

اسے مذید نزدیک آتا دیکھ حور بنا پیچھے دیکھے ایک اور قدم اٹھاتی ہے کہ ا

ہی زمین پر پھینکے ہوئے دوپٹے م میں الجھ کر سر کے بل زمین

پر گرنے والی ہو جاتی ہے وہ گر جاتی اس سے پہلے ہی دیریک

اس کو کمر سے پکڑ کر زور سے اپنی طرف کھینچتے ہوئے

اپنے سینے سے لگاتا ہے۔

حور کو سنھبالنے کا موقع دیے بغیر ہی وہ اس کے جھکے حیران پریشان چہرے

دیکھتے ہوئے بول پڑتا ہے۔

اب جو بھی ہوں وہ میں ہی ہوں تمہارے لیے کیونکہ تمہارے

ماں باپ نے تو بیچ دیا ہے تمہیں مجھے

دیریک سر جھکائے حور کی چہرے کو اس کی آنکھوں کو

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

تمہیں چھوڑنا مطلب اپنا نقصان کروانا اور پیسوں کا نقصان برداشت نہیں

مجھ سے

دیریک حور کے چہرے پر لگا خون صاف کرتے ہوئے بولا

م۔۔میں آپ کے پیسے لوٹا دوں گی پلز مجھے جانے دیں یہاں سے

حور کہتے ہوئے مزید روتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے پیسے نہیں چاہیے۔۔!!!"

دیریک حور کے دوسرے گال کو صاف کرتے ہوئے پرسکون انداز میں بولا

پھر کیا چاہیے آپ کو مجھ سے۔۔؟؟

حور اس کا ہاتھ جھٹکتے ہوئے اس خود سے دور کرتے ہوئے پوچھتی ہے۔

تم۔۔۔؟؟؟ دیریک گہری سانس لیتا حور کو دیکھتے ہوئے

کمر پر ہاتھ باندھتے ہوئے کمرے کی بند کھڑکی کو دیکھے

اس کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

پر میں آپ کی نہیں ہوں۔۔!!"

حور غصے میں چیختے ہوئے کہتی ہے۔

فلحال نہیں ہو تو کیا ہوا کچھ ہی دیر میں تم سر سے پیر تک

میری ہونے والی ہو پھر تم پر مہر میں اپنی طرف سے

لگاؤں گا۔۔

دیریک کمرے کی کھڑکی کھولتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ نے مجھے صرف اپنی راتیں رنگین بنانے کے لیے خریدا ہے میرے

سے میں جانتی ہوں

آپ نے مجھ پر بہت پیسے لگائیں ہیں پر میں ویسی لڑکی

نہیں ہوں میں اچھی لڑکی ہوں۔۔۔۔

حور دیریک کی پیٹھ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی

وہ زمین پر گڈھنوں کے بل بیٹھ کر اپنا سر اپنے گڈھنوں میں ٹیکائے وہ

رونے لگ جاتی ہے۔۔

حور کی سسکیوں سے رونے کی آوازیں دیریک کو اپنے کانوں

میں باآسانی سنائی دے رہی تھی وہ خاموش تھا ایک دم خاموش وہ اس و

اس کمرے میں موجود ہو کر بھی نہیں تھا پورے کمرے میں دھیرے دھیر

حور کے رونے کی آوازیں

گونجے لگ گئی تھی وہ سن رہا تھا اس صرف سن ہی نہیں

رہا تھا بلکہ آنکھیں بند کیے وہ محسوس کر رہا تھا

حور کے تڑپ کر رونے کو

دیریک نے کبھی کسی کے رونے کی آواز نہیں سنی اگر سنی بھی ہے تو ان

کبھی غور نہیں کیا حور کے

رونے کی آوازیں وہ اس وقت بے حد غور سے سن رہا تھا اسے

عجیب سے بے چینی بھی ہو رہی تھی اسر کے رونے پر

بروقت اسے سکون بھی مل رہا تھا۔

دیریک کچھ پل وہی کھڑکی میں کھڑا رہ کر اپنی آنکھیں بند کیے وہ حو

محسوس کررہا تھا۔

اپنی آنکھیں کھولے وہ مڑ کر حور کو دیکھتا ہے اور دیکھتے ہوئے

وہ ایک گہری سانس لیتا ہے۔۔

یہ مجھے عیاش سمجھ رہی ہے پر میں عیاش مرد نہیں ہوں

میں اسے صفائی دوں اپنی یا چھوڑ دوں۔۔۔؟؟؟

دیریک حور کو دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں خود سے پوچھتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی اور باسیل دونوں واپس گھر پہنچ گئے تھے روحی گاڑی میں بیٹھتے ہی کچھ

دیر میں سو چکی تھی

گھر پہنچنے کے بعد بھی وہ گہری نیند میں سوئی پڑی تھی

باسیل گاڑی دروازے کے سامنے پارک کیے گاڑی کے دروازے کو

کھولے اپنی طرف سے نکلتا روح کی سائیڈ پر آئے اسے اپنی

باہوں میں اٹھائے وہ گھر میں لیے داخل ہوتا ہے۔

باسیل اندر داخل ہوتا ہے کہ صوفے پر بیٹھے ہوئے عالیان پر

اس کی نظر پڑتی ہے۔

عالیان اکیلا صوفے پر بیٹھے ہوئے ٹی وی دیکھ رہا ہوتا ہے

اس کے ساتھ والے صوفے پر لیڈی سرونٹ بیٹھی ہوئی تھی

جو تھکاوٹ سے چور ہوئے بیٹھے سو جاتی ہے۔

باسیل ایک نظر عالیان او لیڈی سرونٹ پر ڈالے روحی کو لیے

اوپر کمرے کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔

عالیان باسیل اور روحی کو دیکھ صوفے سے الٹا اتر کر اپنے چھوٹے چھو

قدموں سے وہ سیڑھیوں سے

چڑھتے ہوئے بڑی مشقت کیے وہ اپنے ماں باپ کے کمرے کی

طرف بڑھتا ہے۔

باسیل روحی کو بیڈ پر لیٹاتے ہوئے اس کے جوتے اور اس کا کوٹ اتار رہا

ہے

کہ پیچھے سے عالیان کمرے کے کھلے ہوئے دروازے سے

اندر داخل ہوتا ہے اور اندر آتے ہی وہ روحی کو پکارتا ہے۔

ماما۔۔۔؟؟؟ عالیان دھیرے سے کہتے ہوئے روحی کی

طرف بڑھ رہا ہوتا ہے۔

روحی کی نیند خراب نا ہو جائے اس لیے باسیل اس کے

بیڈ تک پہنچنے سے پہلے ہی عالیان کے پاس

جاتا ہے اور اسے اپنے ساتھ صوفے پر لیے بیٹھتا ہے عالیان کی نظریں

روحی پر ہوتی ہے وہ اس کے پاس جانا چاہتا تھا پر باسیل

کو پاس دیکھ کر وہ چپ ہو کر صوفے پر بیٹھ جاتا ہے۔

تم جاگ کیوں رہے ہو میں تو تمہیں سلا کر گیا تھا۔۔؟؟؟

باسیل صوفے پر بیٹھے عالیان کو دیکھتے ہوئے

اپنے شوز اتارتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میں ماما کے ساتھ سوؤں گا۔۔!!!

عالیان روحی کو دیکھتے ہوئے جواب دیتا ہے۔

کیوں بھئی میری بیوی کے ساتھ کیوں سوؤں گے تم چپ

کر کے اپنے جھولے میں جاکر سوؤں

باسیل عالیان کو دیکھتے ہوئے چھوٹی چھوٹی آنکھیں کیے

کہتا ہے۔

میں ماما کے ساتھ ہی سوؤں گا آپ کو کیا مسئلہ ہے آپ بھی

اپنی ماما کے ساتھ سو جائیں۔۔

عالیان سیریس فیس میں باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتا

اور کہتے ہی صوفے سے اترنے لگتا ہے۔۔

عالیان کی بات پر باسیل کا منہ کھلا رہ جاتا ہے۔

نا شادی پھر میں نے تم جیسی دشمن اولاد کو پیدا کرنے کے لیے کی تھی۔۔

باسیل عالیان کو روحی کی طرف بڑھتے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے کیا پتا آپ کو پتا ہو گا۔۔!!"

عالیان دھیرے سے کہتے ہوئے روحی کی طرف بڑھتا ہے۔

گندی اولاد جاؤ اور جا کر اپنے جھولے میں سوؤں میری بیوی کے ساتھ

سوؤں گے تم

باسیل عالیان کے آگے کھڑے ہو کر اس کا راستہ

روکتے ہوئے بولا

میں ماما کے ساتھ ہی سوؤں گا آپ کو کیا ہے۔۔۔؟؟

عالیان اپنا پورا سر اٹھا کر اپنے 2.5 فٹ کے قد سے اپنے 6 فٹ سے نکلتے

کے باپ کو دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے

کہتا جو اس وقت عالیان سے بھی چھوٹے بچے کی طرح

لڑائی کر رہا تھا۔

مجھے مسئلہ ہے میری بیوی ہے وہ۔۔۔!!!

باسیل انگلی سے روحی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

میری بھی ماما ہیں وہ۔۔۔!!

عالیان بھی اپنے پورے ہاتھ سے روحی کی طرف اِشارہ

کرتے ہوئے کہتا ہے۔

تمہاری ماں وہ میری وجہ سے ہی بنی ہے پر کاش میں تھوڑا اور

صبر کرلیتا تو تمہاری جیسی ہی دشمن اولاد تو نا

ملتی مجھے

باسیل اپنے لب بھینچتے ہوئے عالیان کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل کی بات عالیان کو سمجھ تو نہیں آئی تھی پر وہ

ب

پھر بھی باسیل کو غصے میں اپنی چھوٹی چھوٹی

آنکھوں سے گھور رہا تھا۔۔

کیا ہورہا ہے کیوں شور مچا رہے ہیں۔؟؟

روحی باسیل کی پیٹھ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اسے عالیان

کی موجودگی کا احساس ہی نہیں تھا۔۔

ماما انکل میں کو آپ کے ساتھ سونے نہیں دے رہے۔۔

عالیان روحی کو جاگتا دیکھ باسیل کی شیکایت لگاتے ہوئے

بیڈ کے پاس روحی کی طرف دوڑتا ہے۔

باسیل کا منہ کھلے کا کھلا رہ جاتا ہے عالیان کی بات پر وہ

واقع اس وقت اس کا دشمن ہی لگ رہا تھا۔

ٹیڈی آپ جاگ رہو سوئے نہیں۔۔!!!

روحی عالیان کو بیڈ پر چڑھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ماما آپ کے ساتھ سونا ہے۔۔!!

عالیان معصوم سے لہجے میں دھیرے سے کہتا ہے۔

تو میرا بھالو آجاتے نا ماما کے پاس ماما آپ کی ہی تو ہیں

بلکل بھی نہیں ہے اس کی ماں

صرف میری ہے۔۔۔!!!

باسیل عالیان کو غصے میں دیکھتے ہوئے منہ پھولاتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

انکل میرے ٹیڈی کو ایسے مت دیکھا کریں

روحی باسیل کے غصیلے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

یہ میرے حق پر ڈاکا ڈال رہا ہے اور میں غصہ بھی نا کروں

باسیل بیڈ کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل۔۔۔؟؟؟ روحی اب کی بار پیار سے پکارتی ہے۔

جی۔۔!!!باسیل بھی پیار سے جواب دیتا ہے۔

غصّہ مت کریں نا آپ۔۔۔!!روحی کا لہجہ انتہائی نرم تھا۔

ہائے صدقے اتنے پیار سے کہو گی تو جان بھی دے دوں گا

باسیل روحی کے پاس آئے اس کے ماتھے پر بوسہ دیتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

ماما یہ گندے ہیں۔۔!!!

عالیان باسیل کے روحی کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہی روحی کا

سہارا لیتے کھڑا ہوکر اس کے ماتھے پر ہاتھ پھیرتا ہے

جہاں باسیل نے اپنے لب رکھے تھے۔

اب دیکھ لو یہ یہ کام کرے گا تو میں بھی کچھ کروں گا

پھر۔۔۔!!!

باسیل عالیان کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

میری ماما کو ہاتھ نا لگائیں میں کچھ نہیں کروں گا

عالیان باسیل کو دھمکی دیتے ہوئے کہتا ہے۔

عالیان واقع میں ہی باقی بچوں سے مختلف سا وہ خاموش

رہنے والا بچہ تھا پر جب بولتا تھا وہ اپنے سے بڑوں

کو چپ کروادیتا ہے۔۔

"عالیان تین سال کا وہ واحد بچہ ہوگا جو اپنے باپ کو دھمکی دے رہا تھا

ماں کو کس کرنے پر"

ت۔۔۔۔

بس بس۔۔۔۔باسیل کچھ بولنے ہی والا تھا کہ روحی دونوں

باپ بیٹے کو چپ کروادیتی ہے۔۔

دونوں چپ ہو جائیں اور خاموشی سے سو جائیں اور

سونے دیں ٹیڈی آپ بھی چپ ہو جاؤ میری جان

ایسے نہیں کہتے ہیں بابا ہیں وہ آپ کے

روحی اسے بیڈ پر لیٹاتے ہوئے کہتی ہے۔

باسیل آپ بھی اپنی ہی اولاد سے مقابلہ کررہے ہیں قسم

سے حد کررہے ہیں سوجائیں آکر آپ بھی۔۔

روحی حکمانہ انداز میں کہتی ہوئی عالیان کو اپنی

باہوں میں بھرے وہ بھی لیٹ جاتی ہے۔

دیکھ لوں گا تمہیں دو فٹ کے اوگتے ہوئے پودے

باسیل عالیان کو دیکھتے ہوئے منہ میں بڑبڑاتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہو

الماری سے اپنے کپڑے لیے وہ

واش روم میں گھس جاتا ہے۔۔

کچھ ہی دیر میں منہ ہاتھ دھوئے کپڑے چینج کیے باسیل

کمرے کی لائیٹس بند کیے سائیڈ لیمپ جلائے وہ روحی کے

پیٹ کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھے اس کی

کمر سے سر ٹیکائے ہوئے باسیل بھی اپنی آنکھیں

بند کرلیتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

رونا بند نہیں کروں گی تم رو روک میرے کان کے پردے پھاڑ

دیے ہیں تم نے

دیریک حور کی طرف بڑھتے ہوئے اس کے سامنے کھڑے

ہو کر دونوں ہاتھ کمر پر رکھے کہتا ہے۔

نہیں میں نے ابھی اور رونا ہے۔

حور بنا منہ اوپر کیے دیریک کو جواب دیتی ہے۔۔

کس لیے رونا ہے۔۔؟؟ دیریک گلہ کھنکگارتے ہوئے حور کی کمر

اے نظریں ہٹاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

وہ۔۔م۔۔میں بک گئی ہوں نا اس لیے رونا ہے۔

حور سر اٹھا کر آنسوؤں سے تر چہرے نم آنکھوں سے دیریک کو

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہیں کس نے کہا ہے کہ تم بک گئی ہو اپنی بولی لگتی ہوئی

دیکھی ہے تم نے۔۔؟؟؟

دیریک دوبارہ حور کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں۔۔لیکن آپ نے کہا تھا نا مجھے کہ بابا نے آپ کو بیچ دیا ہے۔

حور سسکی لیتے ہوئے کھڑی ہوتے ہوئے کہتی ہے۔

میں کچھ بھی بولوں گا اور تم مان جاؤں گی تم پاگل ہو۔۔؟؟؟

دیریک حور کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے پر اس کی پاس نہیں

جاتا ہے حور کو کراس کرتے ہوئے وہ صوفے کی طرف بڑھتا ہے۔

تا پھر ایسا نہیں ہوا ہے میرے ساتھ۔۔؟؟؟

حور مڑ کر دیریک کو صوفے پر بیٹھتے دیکھ کر پوچھتی ہے۔

نہیں کچھ بھی نہیں ہوا ہے تمہارے ساتھ کوئی بولی نہیں

لگی ہے تمہاری رونا بند کرو اب۔۔

دیریک صوفے سے پشت ٹیکاتے ہوئے بولا

تو پھر آپ مجھے یہاں کیوں لائیں ہیں۔۔؟؟

حور ایک کے بعد ایک سوال کرتی ہے۔

کیونکہ تم مجھے پسند آگئی تھی تو میں نے تمہیں اٹھا لیا تھا

سمپل۔۔۔!!!

دیریک کندھے اچکاتے ہوئے کہتا ہے۔

اس کا مطلب ہے آپ نے مجھے کڈنیپ کیا ہے۔۔۔؟؟؟

حور ایک کے بعد ایک سوال کیے جارہی تھی۔۔

ہاں۔۔۔!!!دیریک بے زار لہجے میں جواب دیتا ہے۔

مطلب آپ نے مجھ پر گندی نظر رکھی ہوئی تھی شرم نہیں

آتی ہے آپ کو۔۔؟؟؟

حور غصے میں کہتی ہوئی دیریک کی طرف بڑھتی ہے

پر دیریک کو غصہ میں دیکھ وہ اپنے قدم روک دیتی ہے۔

گندی نظر۔۔۔؟؟؟؟ دیریک غصے میں پر حیرانگی

سے حور کی بات دہراتا ہے۔

ہاں گندی نظر آپ کی وجہ سے مجھے ہارٹ اٹیک آگیا تھا

مجھے لگا تھا کہ میں نا بک گئی ہوں۔۔۔"

حور ڈرے ہوئے لہجے میں ٹہر ٹہر کر کہتی ہے۔

دیکھو لڑکی کچھ بھی مت بولو میرے کرارد پر سوال

مت اٹھاؤ

دیریک کہتے ہوئے صوفے سے اٹھ کھڑا ہو کر حور کی طرف

بڑھتا ہے۔۔

آپ کی وجہ سے میں نے خود پر کتنے سوال اٹھائیں ہیں

میں بھی آپ پر سوال اٹھاؤں گی۔۔

حور نظریں اُٹھاتے جھکاتے ہوئے کہتی ہے۔

اچھا بس چپ پہلے تو رو کر دماغ خراب کر رہی تھی اب

بول کر رہی ہو چپ ہو جاؤ ورنہ میں اپنے طریقے سے

کرواؤں گا۔۔

ڈیریک حور کے بلکل قریب آکر اس کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے دانت پیستے ہوئے کہتا ہے۔

آپ مجھے جانے دیں میں چپ ہو جاؤں گی ورنہ میں رو رو

کر بول بول کر آپ کو پاگل کر دوں گی

حور ڈیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور

کہتے ہی فورا جھکا لیتی ہے۔

جانے تو میں تمہیں کہیں نہیں دوں گا کڈنیپ

کیا ہے مذاق نہیں۔۔

ڈیریک کی نظریں اس کی جھکی ہوئی پلکوں پر تھی

ہیں پر کیوں۔۔؟؟

دیکھیں اگر میرے بابا سے کچھ نکلوانے کے لیے مجھے کڈنیپ

کیا کے تو سن لیں میرے بابا اول درجے کے کنجوس ہیں کچھ

نہیں دیں گے وہ آپ کو۔۔۔!!!"

حور سر اٹھا کر دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے حور کی اٹھی ہ

پلکیں دیریک کی پلکیں

جھکا دیتی ہیں دیریک آنکھیں بند کیے کھول کر حور سے

نظریں چراتے ہوئے دروازے کی طرف بڑھتا ہے۔

مجھے ان سے نہیں تم سے کچھ چاہیے۔

دیریک دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

میرے پاس کچھ نہیں ہے میں تو خود غریب ہوں۔۔

حور اپنے کھالی ہاتھوں کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے تمہارے پیسے نہیں تم چاہیے تم سے شادی کرنی ہے

پر تمہاری مرضی سے

دیریک مڑکر حور کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں آسانی سے نہیں ملوں گی آپ کو مجھ سے شادی کی

بہت بڑی قیمت ادا کرنی پڑے گی

حور دیریک کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

جو قیمت میں نے ادا کی ہے اور جو کرنے والا ہوں اس کے بعد

تو تم مجھے مل جانی چاہیے۔۔۔!!!"

ڈیریک حور کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہتا ہے اس کی

بات کا مطلب صرف وہ ہی جانتا تھا

حور کے سر کے اوپر سے گزر گئی تھیں اس کی باتیں

حور حیران کن نظروں سے ڈیریک کو دیکھنے لگتی ہے۔

کچھ دیر میں وہ شادی کروانے والے آجائیں گے حولیہ

درست کرلو اپنا اور اس میں مرضی بھی شامِل کرلو اپنی

کیونکہ شادی ہوگی آج رات ہی ہوگی

انکار کی گنجائش ہوگی۔۔"

ڈیریک سنجیدگی سے کہتے ہوئے ایک نظر حور کو اور اس کے کمرے کے

کو دیکھتے ہوئے وہ

کمرے سے باہر نکل جاتا ہے۔۔

کیا میری شادی ہو گی مجھے لگا تھا کہ یہ مجھے بنا شادی کے

رکھنے والے ہیں اپنے ساتھ۔۔۔۔!!!"

حور دیریک کے جاتے ہی سسکیاں لیتے ہوئے کہتی ہے۔

مطلب بابا نے مجھے نہیں بیچا۔۔؟؟؟

حور مڑ کر اپنے آپ کو ڈریسنگ ٹیبل کے شیشے میں دیکھتے

ہوئے خود سے پوچھتی ہے۔

حور کے کمرے س نکلے دیریک اپنے کمرے میں پہنچا ہی تھا کہ پیچھے سے ت

اس کے کمرے کے دروازے

پر دستک دیتا ہے

آجاؤ۔۔۔" دیریک حکمانہ لہجے میں کہتا ہے۔

ڈی جے مولوی آگئے ہیں لے آؤ انہیں۔۔؟؟

تامیر کی بات پر دیریک کے دل کی دھڑکنیں تیزی سے بڑھنے لگتی ہے۔۔

بار بار مت پوچھو ارادہ نہیں بدلنے والا ہے۔

دیریک صوفے اور بیڈ کے آگے درمیان میں کھڑے ہوکر تامیر کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ٹھیک ہے میں لے کر آتا ہوں ان کو۔۔" تامیر کہتے ہی پلٹ کر جانے لگتا ہے۔

روکو۔۔۔!!!" دیریک گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے۔

جی۔!!"تامیر مڑتے ہوئے بولا

حور کے باپ نے اسے بیچا ہے اور میں نے اس کی قیمت

دی یہ غلطی سے اس کو کہیں سے بھی پتا نہیں چلنا اگر اسے

یہ بات پتا لگی یا پھر اس کا باپ اب اس کے آس پاس

نظر آیا تو اچھا نہیں ہو گا تمہارے لیے

میری ہونے والی بیوی کے آس پاس مجھے کوئی بھی مرد

یا اس کو تکلیف دینے والا انسان نظر نہیں آنا چاہیے۔

دیریک حکمانہ انداز میں تامیر کو دیکھتے ہوئے اس کی آنکھوں

میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

بے فکر رہے آپ کی حفاظت کی زمہ داری میری ہے آپ سے

جڑی ہر شخص کی حفاظت کی زمہ داری میری ہی ہے۔۔

تامیر سر جھکا کر کہتا ہے اور کہتے ہی وہ مولوی کو لینے

کے لیے پہلے کمرے سے پھر گھر سے باہر نکل جاتا ہے

تامیر کی گاڑی میں بیٹھے ہوئے مولوی کو لیے وہ سیدھا دیریک

کے کمرے میں جاتا ہے۔۔

دیریک بے چین سا کمرے میں ٹہلتے ہوئے مولوی کے آنے کا

انتظار کر رہا ہوتا ہے۔

اسلام و علیکم۔۔۔"

مولوی صاحب کمرے میں داخل ہوتے ہی دیریک کو دیکھتے

ہوئے سلام کرتے ہیں۔

جوابا دیریک خاموش رہتا ہے۔

آپ اپنا مذہب تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔؟؟

مولوی صاحب دیریک کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

جی۔۔" دیریک پرسکون انداز میں جواب دیتا ہے۔

اپنی مرضی سے کرنا چاہتے ہیں۔۔؟؟

مولوی صاحب دیریک کے سامنے کھڑے ہو کر پوچھتے ہیں۔

جی ہاں۔۔" دیریک اب بھی پرسکون سا جواب دیتا ہے۔

بہت خوب آجائیں بیٹھ کر اس نیک کام کو انجام دیتے ہیں۔

مولوی صاحب خود صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتے ہیں دیریک

ان کے پیچھے ان کے ساتھ کچھ فاصلے پر صوفے پر

جا بیٹھتے ہیں۔۔

مولوی صاحب ڈیریک کو مسلمان بنانے کے کام کو شروع کرتے ہیں

یہاں وہ اسے کلمہ شہادت پڑھاتے ہیں کہ کلمہ کی آواز پر نیچے

حال میں موجود لوگ سنتے ہوئے حیرانگی سے

ایک جگہ اکھٹے ہونے لگتے ہیں۔۔

اور وہاں کمرے میں حور ڈیریک سے شادی ہونے کے

خیال پر بے چین ہوئے رو رو کر نڈھال حالت میں ادھر اودھر

پھر رہی ہوتی ہے۔

وہ جس شخص کی پہچان سے انجان تھی اس کے شادی کا

خیال اسے عجیب آزمائش لگ رہی تھی پر

اس بات سے وہ بے خبر جس شخص کو اپنی آزمائش سمجھ

رہی تھی وہ اسی کی خاطر اپنا راتوں رات مذہب تبدیل کرتا ہے

تاکہ اس لڑکی سے شادی کیے وہ ایک جائز رشتہ بناسکے "

مبارک ہو آپ کو اسلام کی طرف بڑھایا ہوا آپ کا قدم اللہ تعالیٰ

ضرور قبول کریں گے اور آپ کی ہر آزمائش میں

ہر مشکلات میں آپ کے ساتھ رہ کر آپ کی مدد کریں گے

آمین۔۔مولوی صاحب کہتے ہیں کر دیریک کچھ نہیں کہتا ہے۔

آپ اپنا مسلمانی نام رکھ لیں تاکہ آپ کا نکاحِ ہم کر سکے

مولوی صاحب دیریک کے آگے مسلمانی نام کا ایک کارڈ

ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

کوئی بھی رکھ دیں نام سے کیا فرق پڑتا ہے۔

ڈیریک کارڈ کے بجائے مولوی صاحب کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

فرق پڑتا ہے بیٹا ہر نام کا مطلب ہوتا ہے اس کی پہچان

ہوتا ہے آپ نہیں رکھنا چاہتے ہیں تو میں رکھ دوں۔۔۔؟؟

مولوی صاحب مسکراتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

تو آپ رکھ دیں کوئی بھی۔۔"

ڈیریک مولوی صاحب کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

تمہیں دیکھ کر میرے ذہین میں ایک ہی نام آتا ہے۔

مولوی صاحب مسکراتے ہوئے جواب دیتے ہیں۔

کون سا نام۔۔؟؟ ڈیریک تجسّس سے پوچھتا ہے۔

ارکان" محمد ارکان"

مولوی صاحب ڈیریک کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر مسکراتے

ہوئے کہتے ہیں۔

اس کا مطلب کیا ہے۔۔؟؟؟ ڈیریک تجسّس سے پوچھتا ہے۔

ایک مضبوط سہارا اور مضبوط پلر

ایک بہترین محافظ ایک مضبوط بادشاہ

مولوی صاحب ڈیریک کی پیٹھ کو تھتپھپاتے ہوئے کہتے ہیں۔

محمد ارکان۔۔"ڈیریک ان کا دیا اپنا نام دہراتے ہیں

اور دہراتے ہی وہ سر جھکا کر مسکرادیتا ہے۔

کیا اب میں مسلمان ہوں۔؟؟؟ ڈیریک دوبارہ سر اٹھا کر

مولوی صاحب کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میں نے تمہیں مسلمان بنا دیا ہے پر اچھے اور سچے مسلمان

بننا اب تمہارے ہاتھ میں ہے

مولوی صاحب دیریک کی پیٹھ سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے کہتے ہیں۔

کیا اب میں حور سے شادی کرسکتا ہوں۔۔؟؟؟

دیریک کے ذہین میں یہ ہی سوال کھٹک رہا تھا وہ بے دین شخص

تھا دین کی اہمیت سے دور کر وہ بے دین شخص

ایک لڑکی کی وجہ سے دین دار بن گیا تھا وہ جسکی وجہِ سے بنا تھا وہ اب ا

بھی اپنا بنانا چاہتا تھا۔

تم کرسکتے ہو۔۔مولوی صاحب اس کی بے چینی سمجھتے

ہوئے کہتے ہیں۔

حور کو لے کر آؤ۔۔"

دیریک تامیر سے حکمانہ انداز میں کہتا ہے۔

تامیر ہاں میں سرہلاتے ہوئے کمرے سے باہر نکل جاتا ہے۔

لڑکی کے لیے مذہب بدلا ہے۔؟؟؟

مولوی صاحب دیریک کو آپس میں ہاتھوں کو مسلتے

دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔۔

جی۔۔۔"دیریک اپنے ہاتھوں کو روکتے ہوئے کہتا ہے۔

وجہ جو بھی ہو تم اب مسلمان ہوں بے بے دینوں کا کوئی دائرہ نہیں ہوتا

جو وہ چاہیں وہ کرسکتے ہیں پر

مسلمانوں کے لیے ایسا نہیں ہے مذہب تبدیل کرنے سے کسی کو صرف اپنا

ضروری نہیں ہوتا ہے اس میں بہت سے قربانیاں بھی دینی پڑتی ہیں اور س

سے بڑی قربانی نکاح کے رشتے میں ہی ہوتی ہے۔

بیویوں کے حقوق سے فلحال تو ناواقف ہو پر کوشش کرنا

وقت سے ساتھ ساتھ جب جان جس کے لیے مذہب

بدل سکتے ہو اس کے لیے خود کو بھی بدلنا

اس کی حفاظت رکھنا محبت کرنا اور ان سب سے بڑھ کر

اس کی عزت کرنا

محبت کے بغیر رشتے چل سکتے ہیں ہر عزت کے بغیر اس دُنیا

میں کوئی ایسا رشتہ نہیں جو چل سکے

ایک اچھے مسلمان مرد بننا اور ایک بہترین شوہر محافظ بھی

مولوی صاحب بلکل دھیرے سے ٹھہر ٹھہر کر اسے سمجھانے کی

کوشش کرتے ہیں۔

دیریک کو ان کی باتیں اچھی لگتی ہیں آج سے پہلے کسی

نے اس سے تحمل سے بات تک نہیں کی تھی

سمجھانا تو دور کی بات ہے۔

دیریک مسکرارہا تھا مولوی صاحب کہ باتیں سن کر

میں اپنی پوری کوشش کروں گا ایک اچھا مسلمان بننے کی

بہترین مسلمان تو نہیں بن سکتا ہوں پر جس کے لیے مذہب

بدلا اس کے بہترین شوہر ضرور بدلوں گا

اس کی حفاظت بھی کروں گا محبت بھی کروں گا اور دل

سے اس کی عزت بھی کروں گا۔

دیک سر جھکائے اپنی ہتھیلیوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے جہاں حور

چوڑیوں سے لگے چوٹ کے

نشان موجود تھے۔۔

دیریک ان نشانوں کو دیکھ کر مسکرادیتا ہے۔

تامیر کمرے سے جیسے ہی نکلتا ہے نیچے حال میں کھڑے سرونٹس

کو آپس میں باتیں کرتے دیکھ تامیر کولڈ فیس میں سیڑھیوں سے نیچے اتر

ہیں۔

تامیر کو دیکھ سب اپنے کاموں کی طرف بھاگ ہ

پڑتے ہیں۔

حور اپنے دونوں کندھوں پر دوپٹہ لیے کمرے میں ٹہلتی رہی ہوتی ہے

دروازے پر دستک سے وہ رک کر حیرانگی سے

دروازے کی طرف دیکھنے لگتی ہے۔

تامیر کمرے کا دروازہ کھولے حور کو دیکھتے ہوئے اس کی طرف دو قدم بڑ

ہے اور وہی رک جاتا ہے۔

ڈی جے آپ کو بلا رہے ہیں۔

تامیر حور سے نظریں ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔

حور اپنی آنکھیں بند کیے کھولتے ہوئے تامیر کی طرف ایک

قدم بڑھاتی ہے۔

ان سے کہیں کے میں بلارہی ہوں نکاح کے ساتھ کچھ بات کرنی ہے۔

حور تامیر کے جھکے ہوئے سر کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

انہوں نے آپ کو بلایا ہے۔۔

تامیر اب کی حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں چلنے کے لیے تیار ہوں کر پہلے انہیں آنا پڑے گا یہاں

پھر میں چلوں گی۔۔

حور اٹل لہجے میں تامیر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

جی ٹھیک ہے میں بلاتا ہوں ان کو۔۔

تامیر کہتے ہوئے کمرے سے باہر نکل جاتا ہے اور سیدھا

دیریک کے کمرے میں جاتا ہے۔

تامیر کو اکیلا دیکھ کر دیریک خود ہی اٹھ کر اس کے پاس۔جاتا ہے۔۔

وہ آپ سے نکاحِ سے پہلے ملنا چاہتی ہے۔

دیریک کے بولنے سے پہلے ہی تامیر بول پڑتا ہے اس کی بات تھوڑی سے

سنتے ہوئے دیریک گہری سانس لیتے ہوئے

لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا دیریک سیدھا حور کے

کمرے میں جاتا ہے بنا دروازے پر دستک دیے دیریک کمرے

میں داخل ہوتا ہے۔۔

آب آ کیوں نہیں رہی ہو تم۔۔؟؟

ڈیریک کمرے میں داخل ہوتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ سے کچھ بات کرنی تھی۔۔!!!

حور ڈیریک کو اپنی طرف آتا دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

میری جان کچھ دیر انتظار کرلو تین بول کی اور تھوڑے سے

وقت کی بات ہے پھر میں دن رات تمہارے پاس تمہارے

ساتھ ہی ہونگا جتنی باتیں کرنی ہے کر لینا

ڈیریک حور کے قریب آکر اس کے کندھوں سے دوپٹہ اتارتے

ہوئے کہتا ہے۔

آپ مجھ سے پیار کرنے لگ گئے ہیں۔۔؟؟؟

حور ڈیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

نہیں تو۔۔!!!

دیریک حور کا دوپٹہ اپنے ہاتھوں میں پکڑے اسے سیدھا

کرتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر مجھ سے شادی کرنے کی کوئی خاص وجہ۔۔۔؟؟

حور کی نظریں دیریک کے چہرے پر ہی ٹیکی ہوئی تھی۔

تمہارا محافظ بننے کا دل کر رہا ہے

دیریک حور کے سر پر دوپٹہ اوڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

جھوٹ بول رہے سوداگر محافظ نہیں بن سکتے ہیں کبھی بھی

میں جانتی ہوں اصل وجہ بتائیں وجہ پسند آئی

تو شادی کروں گی۔۔

حور دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

سچ کہہ رہا ہوں آج تک کسی کی حفاظت نہیں کی ہے کسی

محبت نہیں کی ہے اب کرنا چاہتا ہوں۔

دیریک کے ہاتھوں میں حور کا چہرہ تھا وہ حور کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھ سے محبت کرنا چاہتے ہیں۔۔؟؟؟

حور دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کوشش کرنا چاہتا ہوں۔۔

وہ اسی انداز میں جواب دیتا ہے۔

ناکام رہے گے مجھے محبت سے نفرت ہے اس پر اعتبار نہیں

کرتی میں

میں محبت نہیں کروں گی آپ سے

حور اپنے آپ کو دیریک سے دور کرتے ہوئے کہتی ہے۔

یقین تو مجھے بھی نہیں ہے تو چلو ایک ایڈونچر کر کے

دیکھ لیتے ہیں

تو محبت سے نفرت کرنے والے لوگ ایک رشتے میں بندھ کر

محبت پر یقین کریں گے یا پھر اور زیادہ نفرت

وقت کے ساتھ پتا چل جائے گا۔

دیریک گہری سانس لیتے ہوئے حور کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

یقیناً نفرت ہی کریں گے۔۔"

حور پر یقین کے ساتھ کہتی ہے۔

مجھے تو محبت کے چانسز زیادہ لگ رہے ہیں۔

ڈیریک کندھے اچکاتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ سے شادی کروں گی لیکن اپنے لیے میں جانتی ہوں میرے

بابا نے مجھے بیچ دیا ہے

حور شرمندگی سے سر جھکاتے ہوئے دھیرے سے کہتی ہے۔

اب میرے پاس کوئی جگہ نہیں ہے کہیں جانے کی

آپ سے شادی کروں گی پر سچی شادی نہیں کروں گی جیسے ہی میں اپنا ٹھ

ڈھونڈ لوں گی آپ کو اپنے راستے

مجھ سے الگ کرنے ہونگے

حور اپنے سر پر دوپٹہ ٹھیک کرتے ہوئے کہتی ہے۔

تو ایک سودا تم بھی کرنا چاہتی ہوں مجھ سے۔۔؟؟

دیریک تجسّس سے پوچھتا ہے۔

اپنی حفاظت کرنا چاہتی ہوں آپ سے دنیا سے جب تک کر نہیں

لیتی تب تک میں آپ پر بوجھ جب اپنی حفاظت کے

قابل بن جاؤں گی سارے بوجھ بھی اتار دوں گی اور مجھے

خریدنے کی قیمت بھی

سب لوٹا دوں گی۔۔!!"

حور کی نظریں مسلسل دیریک کے چہرے پر ٹیکی ہوئی تھی۔

دیریک بھی غور سے اس کی باتیں سن رہا تھا۔

ٹھیک ہے جب تک تم اس قابل نہیں بنتی تب تک تم میری

تم بس مجھے اپنا شوہر مان لو

محبت میں خود کروالوں گا تمہیں خود سے

دیریک چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ سجاتے ہوئے کہتا ہے۔

میں سوداگروں سے محبت نہیں کرتی جو مجھے خرید

سکتا ہے اس نے جانے مجھ سے پہلے ایسے ہی کتنوں کو

خرید کو برباد کیا ہوگا۔۔

حور سیریس فیس میں کہتی ہے۔

اتنی جلدی مجھ پر سوال مت اٹھاؤ میں غلط انسان ہوتا

تو اس وقت تم اس حولیہ میں میرے سامنے نہیں ہوتی

ڈیریک حور کو لہنگے میں ملبوس سر سے پیر تک اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

میں جانتی ہوں آپ کی نیت خراب ہو رہی ہے مجھ پر

تب ہی تو نکاحِ کرنا چاہتے ہیں۔

حور اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھتے ہوئے کہتی ہے۔

اگر جان گئی ہو مجھے اور میرے ارادوں کو مت آزماؤ مجھے کیونکہ یہ آزما

میرے لیے نہیں تمہارے لیے ہو گی۔

ڈیریک حور کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

اممم۔۔ہمم۔۔میرے لیے نہیں آپ کے لیے ہی ہونے والی ہے

آگر مجھے کبھی نا ہاتھ لگانے کا میری مرضی کے بغیر میرے

قریب نا آنے کا وعدہ کرتے ہیں تو میں شادی

کرنے کے لیے تیار ہوں آپ سے

حور بھی دیریک کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

اگر تم یہ سوچنے لگی کہ میں ایک اچھا انسان بن کر میں تمہاری بات مان جا

تو غلط فہمی ہے تمہاری

دیریک کہتے ہوئے حور کے مزید قریب آتا ہے اس کی

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اس کی طرف قدم بڑھاتا ہے۔

"میں تمہارے قریب بھی آؤں گا اور صرف قریب

نہیں بے حد قریب دونوں کے درمیان کے فاصلے ختم کرنے جتنا قریب"

دیریک بلکل قریب آتے ہوئے کہتا ہے۔

حور اسے مزید قریب آتا دیکھ کر اپنے قدم پیچھے کی جانب

بڑھانے لگتی ہے۔۔

تمہیں ہاتھ اپنے لب بھی لگاؤں گا۔

دیریک کی نظریں حور کی آنکھوں پر ٹیکی ہوئی تھی۔

"تمہیں سر سے پیر تک اپنے ہر رنگ میں

رنگوں گا بھی"

دیریک سر سے پیر تک حور کے اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی ایک قدم کے فاصلے پر رک جاتا ہے۔

"اور ان سب سے ضروری تمہیں خود سے محبت نہیں

عشق کرواؤں گا ایک عاشق کی طرح تمہیں اپنے لیے دیوانہ بھی بناؤں گا"

دیریک چیلنج نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اب بتاؤ شرافت سے نکاحِ کرو گی یا بنا رشتے کے شدتیں

برداشت کرو گی کیونکہ یہ سب تو ہو گا

تم میری ہو یہ ہم دونوں جانتے ہیں واپسی کا راستہ تمہارے

پاس ہے بھی نہیں اور آگر ہوتا تو میں تمہیں

اس راستے پر جانے نہیں دینا تھا۔۔

دیریک گہری سانس لیے اپنے سامنے حیران و پریشاں

کھڑی حور کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

فیصلہ تمہارا ہے شادی کرکے مجھے جائز طریقے سے عزت لوٹنے دو اپنی

ناجائز کاموں کو انجام دینے میں

میرا ویسے بھی کوئی جواب نہیں ہے۔۔

ڈیریک اپنی شرٹ کا پہلا بٹن کھولے حور کو مزید ڈراتے

ہوئے کہتا ہے۔

ڈیریک دوسرے بٹن کو کھولنے ہی والا تھا کہ حور جلدی سے ڈیریک کے

پر ہاتھ رکھے اسے دوسرا

بٹن کھولنے سے روک دیتی ہے۔

میں کروں گی شادی بنا کسی شرط کے

حور بڑی بڑی آنکھیں کیے ڈیریک کی آنکھوں میں دیکھے

بول پڑتی ہے۔۔

شاباش میری شہزادی یہ ہی امید تھی تم سے چلیں اب

ڈیریک دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

حور اس کے سینے سے ہاتھ ہٹاتے اپنے لہنگے کو ہاتھ میں پکڑے

وہ ننگے پیر آگے کی طرف چھوٹے چھوٹے قدم

اٹھانے لگتی ہے۔۔

دیریک اسے کچھوے کی چال چلتا دیکھ پیچھے سے آکر حور کر اپنی باہوں

اٹھاتا کمرے سے باہر پھر

سیڑھیوں سے اوپر لیے بڑھنے لگتا ہے۔۔

یہ کیا حرکت ہے۔۔؟؟؟

حور اپنے آپ کو دیریک کی باہوں میں دیکھتے ہوئے

غصے میں کہتی ہے۔

یہ تمہارے جنت کی طرف بڑھتے ہوئے قدم ہیں۔۔

ڈیریک اسے سیڑھیوں سے اوپر کیسے بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

کچھ بھی مت بولیں چھوڑ دیں مجھے ورنہ آپ کا حشر نشر

کر دوں گی۔۔

حور ڈیریک کی کندھے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہتی ہے۔۔

4 فٹ کی چویا زیادہ جھانسے کی رانی بننے کی ضرورت نہیں ہے چپ ہو جاؤ۔

ڈیریک اسے سیڑھیوں سے اوپر اتارتے ہوئے کہتا ہے۔

چلو اب۔۔۔!!!ڈیریک آگے کمرے کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

حد ہو گئی ہے زبردستی کی شادیوں میں تو اب کوئی عزت

ہی نہیں رہے نا بات کی اور نا ہی بندے کی

حور لہنگا ہاتھوں میں پکڑے ہوئے آگے کی طرف بڑھ رہی ہوتی ہے

کہ اس کا دوپٹہ پیچھے سے کھینچ جاتا ہے جس سے اس کے

آگے کی طرف بڑھتے ہوئے رک جاتے ہیں۔۔

کر تو رہی ہو شادی پھر یہ مجنو والی حرکتیں کیوں کر رہے ہیں۔۔؟؟

حور اپنے سر پر دوپٹہ پکڑنے کی کوشش کرتے ہوئے بنا پیچھے دیکھے

بولتی ہے۔۔

دیریک کا کوئی جواب نا پا کر حور فورا پلٹ کر پیچھے

دیکھتی ہے جہاں دیریک کی شرٹ کے بٹن میں

اس کے دوپٹہ اٹکا ہوا تھا۔۔

حور شرمندگی سے دیریک کو دیکھتے ہوئے اپنا سر جھکا لیتی ہے۔

دیریک گردن موڑ کر حور کو دیکھتا ہے جو سر جھکائے ہوئے

کھڑی ہوئی تھی۔۔

پہلے مجنو بنا تو مجھے اپنا حرکتیں بھی کرلوں گا۔

دیریک حور کا دوپٹہ بٹن سے نکالتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہوئے حور کے قریب آئے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے

اپنے ساتھ اپنے کمرے میں لے جاتا ہے۔۔

حور کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کی نظر سیدھا سامنے

صوفے پر بیٹھے ہوئے مولوی پر پڑتی ہے

انہیں دیکھتے ہوئے حور ایک گہری سانس لیتی ہے اس کی سانسوں کو سنتے ہو

دیریک مسکرارہا ہوتا ہے پر جلد ہی اپنی ہنسی ضبط

کرلیتا ہے۔

حور کو صوفے پر بیٹھاتے ہوئے اس کے برابر میں

پر فاصلے کے ساتھ بیٹھ جاتا ہے۔۔

نکاحِ شروع کریں بچوں۔۔؟؟؟

مولوی صاحب حور اور دیریک کو دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

دیریک ہاں میں سر ہلا دیتا ہے جبکہ حور دھڑکتے دل

سے کبھی مولوی کو تو کبھی دیریک اور تامیر کو دیکھ رہی ہوتی ہے۔۔

"دیریک جون عرف ؛ محمد ارکان ولد اکمیر جون"

مولوی صاحب کے دیریک کی نام لینے پر حور داپ کے لیے

سوچ میں پڑ جاتی ہے۔۔

آپ کا نکاحِ حورین ابراہیم ولد منہاج ابراہیم کے ساتھ

1 کڑوڑ سکہ رائج الوقت طے کیا جاتا ہے کیا آپ کو یہ نکاحِ

قبول ہے۔۔؟؟

ایک سیکنڈ انکل

حور مولوی صاحب کی بات مکمل ہوتے ہی بول پڑتی ہے۔

آپ پاگل ہیں اتنے پیسے کون لکھا لکھواتا ھے۔۔؟؟

حور بڑی بڑی آنکھیں کیے پوچھتی ہے۔

کم ہیں۔۔؟؟؟ دیریک حور کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں بہت زیادہ ہیں یہ

کیونکہ جتنا میں آپ کو پاگل کرنے والی ہوں یہ جلدی جمع

نہیں ہونگے مجھ سے آپ سے جان چھڑوانے کے لیے

حور معصوم سی شکل بنائے دھیرے سے مماتے ہوئے کہتی ہے۔

کون کمبخت تم سے جان چھڑوانا چاہتا ہوں۔۔

مولوی صاحب آپ 1 کڑوڑ کے بجائے 10 کر دیں اچھا ہے نا

تھوڑا اور وقت مل جائے گا مجھے

دیریک مسکراتے ہوئے حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

حور حیران کن نظروں سے دیریک کو دیکھتے ہوئے اپنی

گردن جھٹک لیتی ہے۔۔

ٹھیک ہے۔۔مولوی صاحب کہتے ہوئے دوبارہ نکاحِ پڑھوانا

شروع کرتے ہیں۔۔

دیریک جون عرف؛ محمد ارکان ولد اکمیر جون"

آپ کا نکاحِ حورین ابراہیم ولد منہاج ابراہیم کے ساتھ

10 کڑوڑ سکہ رائج الوقت طے کیا جاتا ہے کیا آپ کو یہ نکاحِ

قبول ہے۔۔؟؟

مولوی صاحب دیریک کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

قبول ہے۔۔!!

قبول ہے۔۔!!!

قبول ہے۔۔!!"

نکاحِ کرتے وقت دیریک کی نظریں حور پر تھیں جبکہ حور کی اپنے ہاتھوں پر دیریک کے تین بار قبول ہے بولنے پر حور بھی ایک لمبی گہری سانس لیتی ہے اور سر اٹھا کر دیریک کو دیکھتی ہے۔۔

اب آپ کی باری ہے بیٹا۔۔۔!!

مولوی صاحب مسکراتے ہوئے پیار سے کہتے ہیں۔

حور سر اٹھا ایک نظر مولوی صاحب کو دیکھتی ہے۔

حورین ابراہیم ولد منہاج ابراہیم آپ کا نکاح دیریک جون عرف محمد ارکان کے ساتھ 10 کڑوڑ سکہ رائج الوقت طے پایا جاتا ہے کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے۔۔؟

مولوی صاحب کی باتیں سنتے ہوئے حور دیریک کی طرف

دیکھتی ہے جو تجسّس بھری نگاہوں سے اسے ہی دیکھ

رہا ہوتا ہے۔۔

حور پہلے کچھ پل خاموش رہتی ہے پھر دیریک سے نظریں

ہٹاتے ہوئے بول پڑتی ہے۔

قبول ہے

قبول ہے

قبول ہے۔۔!!!"

حور کے تین بول پر دیریک لمبی گہری سانس کھینچتا ہے۔

مبارک ہو آپ دونوں آج سے آپ ایک دوسرے کے نکاحِ میں

آچکے ہیں۔۔۔"

مولوی صاحب مسکراتے ہوئے کہتے ہیں۔

نکاحِ کے کاغذات پر دستخط کروائیں تینوں دعا کے لئے ہاتھ

اُٹھاتے ہیں مولوی صاحب دعا کرتے ہیں جنہیں وہ دونوں

غور سے سنتے ہوئے ایک ساتھ آمین کہتے ہیں۔۔

نکاح کے جاتے ہی مولوی صاحب جانے لگتے ہیں جنہیں

دیریک خود مینشن سے باہر تک چھوڑ کر آتا ہے۔۔

سب کے کمرے سے جاتے ہی حور اسی پوزیشن میں صوفے پر لیٹ جاتی

اور لیٹتے ہی آنکھیں بند کیے وہ گہری نیند میں

سوجاتی ہے۔۔

ڈیریک اپنی شرٹ کی بازوؤں کھولتے ہوئے جیسے ہی کمرے

میں داخل ہوتا ہے حور کو سوتا دیکھ کر وہ اس کو

دیکھتے ہوئے بیڈ سے کمفرٹر اٹھائے وہی صوفے پر حور

پر لا کر اوڑھا دیتا ہے اور خود کمرے سے نکلے ساتھ والے

کمرے میں جاکر شوز پہنے ہوئے وہ ویسے ہی بیڈ پر

جا لیٹتا ہے اوور لیٹتے ہی وہ بھی گہری نیند میں

سو جاتا ہے۔۔

"یہ دل بھی کیا لکیر کا فقیر ہے

اخیر ہے"

یہ جو ہاتھ میں نصیب کی لکیر ہے

اخیر ہے"

جو نہیں کرتا تھا محبت پر یقین آج وہ کسی کے لیے مذہب

بدل بیٹھا

یہ محبت کی کہانی بھی کیا عجیب ہے

اخیر ہے "

♡_____♡.....♡_____♡

ایک نئ صبح کی شروعات ہو چکی ایک شور سے بھری ہوئی صبح

باسیل اکیلا کمرے میں بیڈ پر تکیہ میں منہ دیے گہری نیند میں سویا پڑا تھ

اس کی نیند شور پر برباد ہونا شروع

ہوگئ تھی۔۔

باسیل بے زار انداز میں تکیہ سر سے نکالے اپنے منہ پر رکھتا ہے کہ آواز

سے چھٹکارا مل جائے پر نہیں آوازیں وقت کے

ساتھ ساتھ بڑھتی جارہی تھی۔

باسیل غصے میں گہری سانس لیتے ہوئے نیند سے اٹھ کر

بیڈ پر بیٹھ جاتا ہے اور غصے میں آگ بگولہ ہوتے ہوئے وہ

ننھے پیر کمرے سے باہر نکلتا ہے سیڑھیوں سے اوپر

دوسرے فلور پر کھڑا ہوا وہ نیچے حال ہے مناظر دیکھتے ہوئے

دونوں ہاتھ کمر پر رکھے غصہ کو کنٹرول کرنے لیے گہری سانس

لیتا ہے۔

نیچے حال میں روحی فل آواز میں ایل ای ڈی پر گانہ چلائے

ہوئے گھر کے لیڈی سرونٹس کے ساتھ

عالیان کو گود میں اٹھائے وہ قہقہ لگا کر ہنستے ہوئے

ڈانس کرنے میں مصروف ہوئی پڑی تھی۔

روحی عالیان کو خوش ہنستا مسکراتا دیکھ باسیل کا سارا غصہ ہوا ہو چکا تھا۔۔

انسان نہیں بنو گی تم۔۔؟؟

باسیل سیڑھیوں سے اترتے ہوئے پوچھتا ہے۔

باسیل میں آواز پر سارے سرونٹس اپنے اپنے کام پر

بھاگ جاتے ہیں۔

بن جاؤں گی۔۔!!!

روحی عالیان کو صوفے پر بیٹھاتے ہوئے دھڑکتے دل سے اور

اتھل پتھل ہوتی سانسوں سے کہتی ہے

جو سانس کرنے کی وجہ سے بگڑ چکی تھی۔

ہاں تو بن جاؤ تاکہ مجھے بھی کوئی سکون کی سانس

ملے۔۔

باسیل روحی کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو سانس چاہیے۔۔؟؟

روحی سائیڈ ٹیبل پر پڑے پانی کا گلاس اٹھا کر پیتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

ہاں پر سکون کے ساتھ۔۔!!!

باسیل عالیان کے سامنے کھڑے ہو کر اس کے بالوں میں

ہاتھ مارتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اگر مجھ سے چاہیے تو ایک ہی چیز ملے گی یا تو سانس

لے لیں یا پھر سکون۔۔

روحی پانی کا گلاس لبوں سے ہٹاتے ہوئے شرارتی انداز میں

مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

میرا سکون تو تم ہی ہو پر آج کل میری اس گندی اولاد کی وجہِ دور ہو تم

سے

باسیل روحی کی طرف ایک قدم بڑھاتے ہوئے دھیرے سے

عالیان کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

میری جان میرے بیٹے کو کچھ مت بولیں اپنے سکون سے

زندگی بھر کے لیے محروم ہو جائیں گے۔۔

روحی باسیل کا ہاتھ عالیان سے ہٹاتے ہوئے باسیل

کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

دھمکی دے رہی ہو۔۔؟؟؟

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

نہیں بس بتا رہی ہوں میرے ٹیڈی کو برا بولیں گے تو میں

آپ کو نہیں چھوڑوں گی۔۔

روحی اپنی ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

چھوڑوں گا تو میں تمہیں نہیں ایک بار ہاتھ لگ جاؤ تم

میرے

باسیل اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے

امیری جان میرے بیٹے کو کچھ مت بولیں اپنے سکون سے

زندگی بھر کے لیے محروم ہو جائیں گے۔۔

روحی باسیل کا ہاتھ عالیان سے ہٹاتے ہوئے باسیل

کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

دھمکی دے رہی ہو۔۔؟؟؟

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

نہیں بس بتا رہی ہوں میرے ٹیڈی کو برا بولیں گے تو میں

آپ کو نہیں چھوڑوں گی۔۔

روحی اپنی ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

چھوڑوں گا تو میں تمہیں نہیں ایک بار ہاتھ لگ جاؤ تم

میرے

باسیل اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کی بات پر روحی جھٹ سے عالیان کے کانوں پر ہاتھ رکھ کر اپنی

ضبط کرتے ہوئے باسیل کو

گھورتے ہوئے کہتی ہے۔۔

میں ہاتھ نہیں آؤں گی آپ کے

روحی عالیان کو مسکرا کر دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

چیلنج کر رہی ہو۔۔؟؟

باسیل صوفے سے پشت ٹیکائے سر ٹیکاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

کردیا چیلنج۔۔!!!"

روحی عالیان سے نظریں ہٹا کر باسیل کو دیکھتے ہوئے بولی

ٹھیک ہے پھر آج رات کے لیے تم خود کو تیار کرلو آج رات میں چیلنج

جیتوں گا اور تمہیں بھی

باسیل روحی کو سر سے پیر تک دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور

کہتے ہی باسیل گہری سانس لیے صوفے سے پشت

ٹیکاتا ہے۔۔

کدھر جارہی ہو اتنا تیار ہوکر۔۔۔؟؟؟

لائٹ پرپل کلر کے تھری پیس سوٹ میں ملبوس لونگ کوٹ

پہنتے روحی کو دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

لڑکے تاڑنا۔۔۔!!!"

روحی مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

کیوں یہ ایک لڑکا کافی نہیں ہے تاڑنے کے لیے۔۔؟؟؟

باسیل اپنے دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

یہ لڑکا ہوتا تو کیا ہی بات ہوتی میرے تو سارے ارمانوں کی

ایسی کی تیسی کردی ہے آپ نے

روحی گردن جھٹکتے ہوئے آنکھیں میچتے ہوئے کہتی ہے۔

ابھی تو میں نے تمہاری ایسی کی تیسی کی ہی نہیں

آج کا دن گزرنے دو پھر رات میں تمہاری ایسی کی تیسی

کروں گا۔۔۔"

باسیل گہری سانس بھرے گردن موڑ کر عالیان کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے

اسے ہی ٹیڑھی نظروں سے

دیکھ رہا ہوتا ہے۔۔

اس طرح کیوں گھور رہے ہو تم مجھے۔۔؟؟؟

باسیل عالیان کو دیکھتے ایک آنکھ اٹھائے پوچھتا ہے۔

آپ میری ماما کو گھور رہے ہیں تو میں آپ کو گھوروں گا۔

عالیان باسیل کو گھورتے ہوئے دھیرے سے بولتا ہے۔

میں اپنی بیوی کو گھور رہا ہوں تمہیں کوئی مسئلہ ہے۔۔؟؟

باسیل روحی کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے جو ان دونوں

کی لڑائی مزے سے صوفے پر بیٹھے دیکھ رہی ہوتی ہے۔

جی ہے مت دیکھیں ان کو میری ماما کو کوئی دیکھتا ہے مجھے پسند نہیں آتا

عالیان منہ پھلائے دونوں ہاتھ سینے پر باندھتے

ہوئے کہتا ہے۔

میں کوئی نہیں تمہارا ذاتی باپ ہوں اور تمہاری ماں کا

شوہر گھورنے کا حق ہے مجھے

باسیل کا غصہ اب سر چڑھنے لگا گیا تھا عالیان دھیرے سے

بولتا ہے پر باسیل کو غصے میں پاگل کر دیتا ہے۔

روحی صوفے پر بیٹھے ہوئے باپ بیٹے کی لڑائی دیکھتے

ہوئے بامشکل اپنی ہنسی کو ضبط کرتی ہے۔

نہیں ہے آپ کو میری ماما کو دیکھنے کا حق صرف میرا ہے۔

عالیان اب کی گردن موڑ کر باسیل کو دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔

کیوں تمہارا ہے شوہر میں ہوں پہلا حق میرا ہے پھر تمہارا ہے۔

باسیل تھوڑا پرسکون ہوا تھا کہتے ہوئے

میری ماما میری ہے بس بات ختم۔۔۔!!!

عالیان کہتے ہوئے صوفے سے اتر کر سیدھا سامنے بیٹھی روحی

کے پاس جاتا ہے اور روحی سے لپٹ جاتا ہے۔۔

اووو۔۔دو فٹ کے اوگتے ہوئے پودے میری بیوی سے دور رہو

میرے سامنے لپٹا مت کرو اس سے

باسیل عالیان کو روحی کے گلے سے لگتا دیکھ غصہ میں کہتا ہے۔۔

تمہاری وجہ سے میں اس کو کچھ بھی نہیں کر سکتا ہوں اور

تم بار بار اس سے چپک جاتے ہو دور رہو میری بیوی سے

باسیل صوفے پر پڑی گدی کو اپنے ہاتھوں میں مضبوطی سے

جکڑے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کی بات پر اور اسکی شکل دیکھتے ہوئے روحی کا

قہقہہ ہوا میں بلند آواز میں لگتا ہے۔

میں تو چپکو گا یہ میری ہیں آپ دور رہیں میری ماما سے

عالیان روحی کی گود میں بیٹھتے ہوئے کہتا ہے۔

دور تو بیٹا اب تم رہو گے آج ہی تمہیں اسکول روانہ کرتا ہوں۔

باسیل واپس صوفے سے پشت ٹیکاتے ہوئے کہتا ہے۔

میں نہیں جاؤں گا۔۔

عالیان سر اٹھا کر روحی کو دیکھتے ہوئے دھیرے سے

کہتا ہے۔

تمہارا تو باپ بھی جائے گا۔۔!!"

باسیل اپنے دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

انہی کو بھیج دیں پھر ان کو ضرورت ہے میں پہلے ہی

بہت اسمارٹ ہوں۔۔

عالیان روحی سے لپٹے اس میں خود کو چھپاتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

باسیل کا منہ عالیان کہ باتوں پر کھلے کا کھلا رہ جاتا ہے۔

تم تو بولتی تھی یہ زیادہ بولتا نہیں ہے پھر اب اس کو کیا ہو گیا۔۔۔؟؟؟؟

باسیل روحی کو دیکھتے ہوئے ہاتھ میں گدی پکڑے عالیان کی

طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

انکل یہ بلکل ویسا ہی تھا جیسا میں نے آپ کو بتایا آپ کے

سامنے اس کی اتنی زبان چلنے لگ گئی ہے۔۔

روحی عالیان کا چہرہ اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے اس کے ماتھے پر بوسہ د

ہوئے کہتی ہے۔

روحی۔۔؟؟

باسیل زور سے کہتے ہوئے صوفے سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

باسیل۔۔۔۔"روحی پیار سے پکارتی ہے۔

ٹیڈی ماما کو جانا ہے آپ اب بابا کو تنگ نہیں کریں ٹھیک ہے

میں جلدی سے واپس آؤں گی پھر ہم پارک چلیں گے

ٹھیک ہے۔۔!!

روحی کہتے ہوئے ہائے فائے کے لیے عالیان کی طرف اپنا ہاتھ

بڑھاتی ہے جس پر وہ زور سے ہنستے ہوئے تالی مارتا ہے۔

ہائے ماں صدقے میرا چھوٹا سا بھالوں۔۔۔!!

روحی عالیان کے گالوں پر کس کرتے ہوئے کہتی ہے۔

باسیل روحی کو عالیان اور دیکھتے ہوئے مسکرا رہا تھا

عالیان باسیل کو دیکھنے کے اس کی طرف جیسے ہی مڑتا ہے

باسیل سیریس فیس میں اس کو دیکھنے لگتا ہے۔۔

بس کردیں باسیل۔۔!!

روحی عالیان کو صوفے پر بیٹھاتے ہوئے کھڑی ہوتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

اس کو بھی تو بولا کرو کچھ تم مجھے ہی بولتی ہو بس

باسیل معصومانہ انداز میں کہتا ہے۔

میں اس کو کیوں کچھ بولو اب جا کر تو وہ بولنے لگا ہے ابھی

سے اس کو پھر سے چپ کروادوں۔۔

روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے اپنے کپڑے سیٹ

کرتے ہوئے کہتی ہے اور اپنے کوٹ کی جیب میں ہاتھ ڈالے

اپنے موبائل ڈھونڈنے لگتی ہے۔

میرا فون۔۔۔؟؟؟

روحی خود سے سوال کرتی ہے۔

کمرے میں رہ گیا ہے۔۔روحی خود سے کہتے ہوئے باسیل کو کراس کرتے ہو

وہ کمرے کی طرف بڑھتی ہے۔

روحی کے پیچھے پیچھے باسیل بھی عالیان کو ایک نظر دیکھتے ہوئے روحی کے

کمرے کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔

روحی کمرے میں بیڈ کے سائیڈ ٹیبل سے اپنا فون اٹھا کر

جیسے ہی پلٹتی ہے اچانک سے باسیل کو دیکھے

روحی ڈرتے ہوئے دھڑکتے ہوئے دل سے دو قدم پیچھے کی ہوئی

تھی کہ باسیل کمر میں ہاتھ ڈالے روحی کو اپنے سینے سے لگا چکا تھا۔۔

ڈ...ڈرا دیا آپ نے مجھے

روحی دھڑکتے دل سے باسیل ہے سینے پر تھپڑ مارتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

میں نے منع کیا تھا نا ایسے کپڑے پہننے کے لئے

پھر کیوں پہنے ہیں....؟؟

باسیل سر جھکا کر روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سے پوچھتا ہے۔

آپ کو میرے کپڑوں سے کیا مسئلہ اور میرے پاس ایسے ہی

کپڑے ہیں تو یہ ہی پہنوں گی نا..!!"

روحی بڑی بڑی آنکھیں کیے کہتی ہے۔

مجھے تمہارے کپڑوں سے مسئلہ نہیں ہے

مجھے مسئلہ خود سے ہے۔۔

باسیل روحی کی کمر کو پل کے لیے آزاد کیے اس کے کوٹ کے نیچے سے اس

کمر کو مضبوطی سے پکڑتے

ہوئے کہتا ہے۔

"کیا مطلب...؟؟"

روحی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

"مطلب یہ میری جان تمہیں دیکھ کر اور ایسے دیکھ

کر میرا خود پر سے کنڑول ختم ہو جاتا ہے"

پھر میرا دل تمہارے ساتھ بہت کچھ کرنے کو

کرتا ہے۔

باسیل روحی کی کمر پر اپنی انگلیاں چلاتے ہوئے کہتا ہے۔

"بس چپ ہو جائیں کچھ مت بولیں آگے

روحی باسیل کے ہاتھ کو دور کرتے ہوئے اسے کراس کرتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

روحی ایک قدم ہی دور رکھتی ہے کہ باسیل اسے دوبارہ کمر

سے پکڑے سائیڈ ٹیبل کے ساتھ والی

دیوار سے پن کر دیتا ہے۔۔

میرے بول تو سنتا نہیں جاتا ہے جب کرنے پر آگیا

تو کیا بنے گا تمہارا

روحی کے دونوں ہاتھ دیوار پر باندھے ہوئے اس کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"کچھ نہیں کریں گے آپ۔۔۔

روحی ہاتھ چھوڑوانے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔

"تمہیں اتنی غلط فہمی کس نے دی ہے۔۔؟؟؟

"شرٹ کا بٹن کھولتے ہوئے روحی کی گردن کی

طرف جھکے گردن پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"باسیل نہیں آپ پھر شروع ہوگئے ہیں اتنے بے

شرم کیوں ہیں آپ"

"باسیل کے لبوں کو محسوس کرتے ہوئے اس کی شرٹ

مٹھی میں جکڑے آنکھیں بند کیے کہتی ہے"

"بے شرم نہیں میری جان رومینٹک

بولو مجھے"

"کہتے ہی روحی کے ہونٹوں پر قابض

ہوچکا ہے"

"آپ مجھے کچھ بولنا کو موقع دیں گے تو بولو گی"

باسیل کو خود سے دور کرتے گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے۔

اگر مجھے خود سے دور رکھنا ہے تو مت پہنا کرو

ایسے کپڑوں مت لگا کرو اتنی خوبصورت

باسیل روحی کی گال پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"تو اب میں تیار بھی نہیں ہوسکتی ہوں۔۔!!!"

روحی غصیلے انداز میں کہتی ہے۔

"ہوسکتی ہو میری جان لیکن صرف میرے لیے

اب کپڑے بدل لو اگر دن کو رات میں نہیں بدلنا چاہتی اپنے لیے

گال کو آزاد کرتا اس کی گردن پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں نہیں بدلوں گی کپڑیں۔۔۔!!!

روحی منہ بناتے ہوئے کہتی ہے۔۔

تو پھر میں بدل دیتا ہوں ویسے بھی سب کچھ دیکھا ہوا ہی ہے۔۔۔

باسیل اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آنکل۔۔۔۔؟؟ روحی رونے والی ہوگئی

جی انکل کی جان میں جانتا ہوں تمہیں یہ پسند ہے اور مجھے

بھی تم ان میں پسند ہوں

پر تمہیں میرے علاوہ کوئی اور نا پسند کرلے اس بات کا

مجھے ڈر لگتا ہے اس لیے بدلنے تو پڑے گے کپڑے تمہیں ورنہ

میں بدل دوں گا۔۔

باسیل روحی کا کوٹ اتارتے ہوئے بنا اس کے چہرے کی طرف

دیکھے

کوئی نہیں کرتا مجھے پسند اتنی بھی خوبصورت نہیں ہوں میں

روحی چڑتے ہوئے کہتی ہے۔

کوئی کر نا لے نا تو اس لیے احتیاط کرنی پڑے گی مجھے

اور کسی بھی بات کی یا چیز کی احتیاط بہت

ضروری ہوتی ہے اس لیے شاباش میرا بچہ کپڑے بدلو

شام تک تمہارے دوسرے کپڑے آجائیں گے اب سے تم میری

والی گڑیا بنو گی انگریزی گڑیا نہیں۔۔۔

باسیل روحی کی روتلو شکل دیکھ کر اس کے ماتھے

ہر بوسہ دیتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ بہت برے ہیں۔۔"

روحی باسیل کے سینے پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہارے لیے نہیں پر تمہارے لیے تو میں اس سے بدتر بھی

بن جاؤں گا میں "

باسیل روحی کے گال کھینچتے ہوئے کمرے سے باہر کی طرف

قدم بڑھاتے ہیں۔۔

آہ ہ۔۔

رک جائیں نا آج کے لیے پہننے دیں کل سے جو آپ بولیں گے

وہ پہن لوں گی۔۔!!!

روحی دونوں ہاتھ ہوا میں بلند کیے باسیل کا راستہ

روکتے ہوئے چہرے پر مسکراہٹ سجائے کہتی ہے۔۔

تمہیں کیا میں پاگل لگتا ہوں جو تمہاری مسکراہٹ پر پگھل

جاؤں گا۔۔؟؟؟

باسیل دونوں ہاتھ کمر پر رکھے روحی کے چہرے پر

سجی مسکراہٹ کو دیکھتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھے

کہتا ہے۔۔

پاگل تو ہیں آپ مسکراہٹ پر نا سہی کس کردیتی ہوں اس

پر تو پگھل جائیں گے ویسے بھی ٹھرکی ہیں آپ "

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔۔

ٹھیک ہے کرو پھر کس۔۔۔!!

باسیل کہتا ہی ہے کہ روحی اس کے لبوں پر اپنے لب رکھ چکی تھی۔۔۔

روحی کی حرکت پر باسیل کے چہرے پر بھی مسکراہٹ

چھا جاتی ہے۔

کردی کس اب مان گئے۔۔

روحی مسکراتے ہوئے تجسّس سے پوچھتی ہے۔

نہیں۔۔!! کپڑے بدلو۔۔"

باسیل سیریس فیس میں کہتا ہوا کمرے سے باہر نکلنے لگتا ہے۔

بڈھے کھوسٹ کہیں کے عمر کے ساتھ ساتھ بڑھاپے

کا روگ سر چڑھ رہا ہے۔۔

روحی باسیل کے جاتے ہی ممناتے ہوئے غصہ میں کہتی ہے۔

مس وائفی سنائی دے رہا ہے مجھے

باسیل دروازے کو کھولے اس کا لوک ہاتھ میں پکڑے ہوئے

روحی کی پشت کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

جی تو یہ میں نے سنانے کے لیے ہی کہا ہے "

روحی مڑ کر غصے میں گھورتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے پیر پٹکھتے ہوئے

باسیل کی طرف بڑھتی باسیل کو باہر جانے کا اشارہ کرتے ہوئے

روحی زور سے خود ہی باسیل کو باہر کی طرف

دھکا مارتی ہے۔۔

باسیل کے کمرے سے باہر ہوتے ہی روحی باسیل کے منہ پر

زور سے غصے میں کمرے کا دروازہ بند

کر دیتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

تھوڑی دیر بعد روحی بلیک کلر کے کھلے سے ٹراؤزر شرٹ

پہننے ہوئے پیروں میں جوگر پہنے ہوئے بلیک کلر کا کوٹ پہنتے

ہوئے وہ سیڑھیوں سے نیچے اتر رہی تھی۔

روحی کی نظریں مسلسل زمین کی طرف تھی اور روحی کو آتا دیکھ کر باسیل

نظر

روحی پر ٹیکی ہوئی تھی۔

دونوں باپ بیٹے صوفے پر بیٹھے ہوئے روحی کو اتارتا دیکھ بس دیکھتے ہی ر

ہیں۔۔

وہ کچھ بھی پہن لے اپنے شوہر اور اپنے بیٹے کے لیے وہ

دنیا کی سب سے خوبصورت عورت لگتی ہے۔۔

روحی بنا باسیل کی طرف دیکھے سیڑھیوں سے اترتے ہوئے سامنے کی طر

بڑھتے ہوئے صوفے سے اپنا بیک بیگ اٹھائے

وہ مینشن سے باہر نکل جاتی ہے۔

روحی جو غصہ میں جاتا دیکھ باسیل عالیان کو سرونٹ

کے حوالے کرکے روحی کے پیچھے باہر نکل پڑتا ہے۔۔

روحی گاڑی کی طرف بڑھ رہی تھی اور باسیل اس کی طرف بڑھ رہا تھا گھر

جیسے ہی باسیل اپنا قدم

باہر رکھتا ہے وہ سیدھے ہاتھ سے سب گارڈز کو سر جھکا کر

پلٹنے کا اشارہ کردیتا ہے اس کے ایک اشارے پر سب

گارڈز پلٹ کر دیورا کی طرف منہ کیے کھڑے ہو جاتے ہیں۔۔

آنکھیں دیکھ وہ بے چین ہو چکا تھا۔۔۔!!!!!!"

♡_____♡.....♡_____♡

ایک اور نئ صبح کی شروعات ہو چکی تھی پوری حویلی میں

پرسکون ماحول تھا صرف ایک ہی شخص کی کھکھلاہٹ

کی آوازیں گونج رہی تھیں وہ شخص اس حویلی کی ننھی شہزادی" نتاشہ بدر"

جو بدر اور آئمہ کی چھوٹی سی شہزادی ہے صرف ان کی نہیں

روحی کے بعد وہ ہی پوری حویلی کی شہزادی ہے کیونکہ

وہ دیکھنے میں تو اپنی ماں پر گئی ہے پر حرکتوں میں

روحی پر اس کے تین سال کے ہونے میں ابھی کچھ دن باقی

تھے لیکن اس کی باتیں توبہ تھی

بولنا شروع کرتی تو بولتی ہی جاتی ہے۔۔

اس کی معصوم سی باتوں کا ہر کوئی دیوانہ تھا وہ حویلی

کے ساتھ ساتھ گاؤں میں اپنی باتوں کی وجہِ سے

بڑی مشہور تھی۔۔

اپنی دادی اور چاچی دادی کے ساتھ اکثر پنچائیت فیصلوں

پر جو جاتی تھی جب بھی جاتی تھی اپنی من پسند

چیز نا ملنے پر رو دھو کر تماشہ ہی لگاتی ہے جس سے پنچائیت شہزادی تاشہ

ڈرامے بازیوں سے سب برباد ہو جاتا ہے۔

وہ اپنے خاندان کی سب سے چھوٹی سکندر

جو عمر اور قد میں بھلے ہی چھوٹی ہو پر ابھی سے وہ بڑوں کو اپنی ڈرامے بازی

سے

حیران کر دیتی ہے۔۔

روحی کی پرچھائی کے نام سے پورے گاؤں میں فیمس ہے۔

تاشہ کبھی تو سانس لے لیا کرو اتنا کیسے بول لیتی ہو۔۔؟؟

آئمہ کیچن سے فروٹ چاٹ کا بول لیے باہر حال میں بیٹھی ہوئی

تاشہ اور ہیرا بیغم کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

ماما میں تو بولتی ہی نہیں ہوں۔۔!!!

تاشہ ہیر بیغم کی گود میں بیٹھے ہوئے معصومانہ انداز

میں کہتی ہے۔

نہیں تمہارا بھوت ہوتا ہے وہ جو پورے دن پوری حویلی کو

سر پر اٹھائے پھیرتا ہے۔۔

آئمہ فروٹ بول ٹیبل پر رکھتے ہوئے گندا سا منہ بنا کر کہتی ہے۔

بولنے دیا کرو آئمہ اسی کی وجہ سے ہماری رونقیں واپس

لوٹی ہیں۔۔

ہیرا بیغم تاشہ کے گال پر لب کشائی کرتے ہوئے کہتی ہے۔

امی یہ رونقیں نہیں بھونچال لانے والی باتیں کرتی ہے۔۔

آئمہ ابھی بھی گندا سا منہ بنا کر کہتی ہے۔

چلو آؤ دماغ نا کھاؤ فروٹ کھاؤ

آئمہ ہاتھ بڑھا کر تاشہ کو اپنی طرف بلاتے ہوئے کہتی ہے۔

تم اسے کھلاؤں میں زارا سلطانہ کو دیکھ آؤ

کل سے وہ نظر ہی نہیں آئی مجھے

ہیرا بیغم صوفے سے اٹھتے ہوئے کہتی ہیں اور کہتے ہوئے وہ

حویلی سے نکل کر دوسری طرف بڑھنے لگتی ہے۔

دروازے پر پہنچی ہی تھی کہ سامنے سے بدر سفید کلر کے

کارٹن کے سوٹ میں ہاتھ میں ڈارک براؤن کلر کا

تھری پیس لٹکائے ہوئے حویلی میں داخل ہوتا ہے۔

اسلام و علیکم امی

بدر ہیرا بیغم کو دیکھتے ہوئے رک کر سلام کرتا ہے۔

وعلیکم السلام ماحول گرم ہے اپنا دماغ ٹھنڈا رکھنا ورنہ

میرا دماغ گرم ہو جائے گا۔۔

ہیرا بیغم بدر کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے دھیمے لہجے میں

کہتی ہیں۔۔

میں ماحول ٹھنڈا کرلوں ٹینشن نا لیں۔۔!!!

بدر مسکراتے ہوئے کہتا ہے اور اندر داخل ہوتا ہے ہیرا بیگم بھی حویلی

دوسری طرف بڑھنے لگتی ہیں۔۔

اسلام و علیکم۔۔۔!!!

بدر سلام کرتے ہوئے صوفے پر کوٹ پھینکے صوفے پر بیٹھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

بابا۔۔۔!!!تاشہ بدر کو دیکھتے ہی اس سے لپٹ جاتی ہے۔

ہائے میرا بچہ میری جان

بدر تاشہ کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے اسے اپنی گود میں

بیٹھاتا ہے۔

واپس کیوں آئیں ہیں۔۔؟؟؟

آئمہ فروٹ چاٹ کا بول ٹیبل پر واپس پٹکھتے ہوئے غصے

میں کہتی ہے۔

کیونکہ یہ گھر ہے میرا۔۔!!!

بدر تاشہ کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے مسکراتے

ہوئے جواب دیتا ہے۔

تاشہ اپنے آپ باپ کے سینے سے سر ٹیکائے آئمہ کے چہرے پر

آتے جاتے غصے کے تاثرات کو دیکھنے لگتی ہے۔

اچھا تو یہ یاد آگیا آپ کو اور یہ یاد ہے میں کون ہوں۔؟؟

آئمہ دانت بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

تمہیں کیسے بھول سکتا ہوں میں ایک ہی تو بیوی ہے میری

بدر مسکراتے ہوئے جواب دیتا ہے۔

چلیں شکر ہے یہ یاد آگیا ہے آپ کو میں بیوی ہوں آپ کی

مجھے لگا یاداشت چلی گئی

آئمہ فروٹ بول اُٹھائے کیچن کی طرف بڑھتے ہوئے

چڑے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

یہ لفظوں کا سہارا لے کر چھپ چھپ کر تانے کیوں مار

رہی ہو جو بولنا ہے سیدھا سیدھا بول دو

بدر تاشہ کو صوبے پر بیٹھاتا آئمہ کے پیچھے کیچن میں

بڑھنے لگتا ہے۔

میں نے سیدھا سیدھا بول دیا نا تو سن نہیں پائیں گے

آپ۔۔۔!!!

آئمہ شیلف پر بول پٹختے ہوئے کہتی ہے۔

تم بولو میں سن لوں گا۔۔

بدر دونوں ہاتھ کمر پر باندھے چہرے پر مسکراہٹ

سجائے کہتا ہے۔

تو بتائیں کل رات کس ماں کے ساتھ تھے جو میرا فون بھی

نہیں اٹھا رہے تھے اور گھر بھی واپس نہیں آرہے تھے۔؟؟

آئمہ غصہ میں اپنے لب بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

میری تو ایک ہی ماں تھی وہ تو تمہارے ساتھ تھی میں تو اکیلا تھا۔۔

بدر مسکراتے ہوئے آئمہ کے گال پر کس کرتے

ہوئے کہتا ہے۔

میرے سامنے زیادہ معصوم بننے کی ضرورت نہیں ہے

آئمہ بدر کے سینے پر ہاتھ رکھے اسے خود سے

دور کرتے ہوئے بدر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

شرافت سے بتائیں کہاں تھے آپ ورنہ ابھی پوری حویلی کو

چلا کر بتاؤں گی کہ ان کا یہ ایک عدد بیٹا آوارہ ہو گیا ہے

بیوی بچے ہیں لیکن پھر بھی۔۔۔۔!!!!

بس چپ۔۔۔!!

بدر کمر میں ہاتھ ڈالے آئمہ کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے

کہتا ہے۔

میں نے بولنے کو کہا تھا یہ نہیں کہا تھا کہ تم میری عزت کا

جنازہ نکال دو

بدر آئمہ کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے غصیلے انداز

میں بولتا ہے۔

ابھی تک تو میں نے نہیں نکالا لیکن اگر مجھے بتا یا نہیں کہ کل صبح سے

اپنا تشریف کا ٹوکرا لیے کہاں تھے تو میں

جو جنارہ نکالنا ہے اس کے کیے آپ کو کندھا کوئی بھی نہیں دے گا۔

آئمہ دونوں ہاتھوں بدر کے سینے پر رکھے اسے

خود سے دور کرنے لگتی ہے۔

اتنی بری کیوں ہوگئی ہو بندہ ہوں تمہارا یقین تو کرنا چاہیے

تمہیں مجھ پر تھوڑا سا ہی کرو پر کرو۔۔۔

بدر خود آئمہ کو خو دست دور کرتے ہوئے اپنی آخری الفاظوں

ہر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

نہیں ہے مجھے یقین آپ پر سیدھے سے آپ مجھے بتاتے ہیں

یا میں سب کو آپ کے قصیدے سناؤں۔۔۔

آئمہ بدر کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

ڈرا کیوں رہی ہو تم مجھے سچی بول رہا ہوں اکیلا ہی تھا

بدر اپنے قدم پیچھے کی طرف بڑھتے ہوئے آئمہ سے نظریں

چراتے ہوئے کہتا ہے۔۔

حد ہو گئی ہے یقین ہی نہیں کرتی ہے مجھ پر جلاد کہیں کی

گردن موڑ کر حال میں صوفے پر بیٹھی ہوئی تاشہ

کو دیکھتے ہوئے بدر جلدی سے ڈرے ہوئے انداز سے مضبوط بنے

کھڑا ہوتا ہے۔۔

بدر جواب نہیں دیں گے مجھے۔۔؟؟

آئمہ غصے میں پوچھتی ہے۔۔

یار تمہیں ہنی مون پر کے جانے کی تیاری کررہا تھا اسی میں

مصروف تھا کل کا پورا دن ایمرجنسی میں پاسپورٹ

تیار کروائیں ہیں تو اس لیے لیٹ ہوگیا میں

بدر گہری سانس لیے تاشہ سے نظریں ہٹاتے ہوئے آئمہ کے

چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے جو لگاتار اسے گھورے

جارہی تھی۔

شادی کے 4 سے 5 سال بعد اب فائدہ ہنی مون پر لے جانے کا

آئمہ بدر کی بازوؤں پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

آہ ہ دیر تو ہوگئی ہے پر وہ کہتے ہیں نا

"دیر آئے درست آئے "

وہی والا کام ہونے جارہا ہے بس یہ ہی سوچ لو اور موڈ ٹھیک

کرکے پیکنگ کرو آج رات کی فلائیٹ ہے

کل شادی میں دلہے سے پہلے انٹری دینی ہے ہمیں۔۔!!

بدر آئمہ کے گال کھینچتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

کس کی شادی۔۔؟؟

آئمہ تجسس سے پوچھتی ہے۔

شیزا کی اس کی شادی ہے اس نے انوائیٹ کیا ہے اور باسیل

بھائی نے ہی جلدی پاسپورٹ بنوانے میں مدد کی

بدر گال سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے آئمہ کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے

ہوئے دھیرے سے کہتا ہے۔۔

باسیل بھائی نے بلایا ہے۔۔؟؟؟ وہ لوگ تو خود پاکستان آنے

والے ہیں تو پھر ہمیں کیوں بلا رہے ہیں۔۔؟؟

آئمہ حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے تجسس سے

پوچھتی ہے۔

بدر جواباً خاموش رہتا ہے وہ ایک گہری سانس لیتے ہوئے آئمہ کے سر

سے ہاتھ ہٹائے اس کی آنکھوں میں دیکھتا ہے پر کوئی

جواب نہیں دیتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

جواب دیں خاموش کیوں ہوگئے ہیں۔۔؟؟؟

آئمہ بدر کی بازوؤں پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

روکو سوچ تو لوں کیا جواب دینا ہے۔۔!!

بدر گردن موڑ کر تاشہ کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ہاں مل گیا جواب۔۔!!

بھائی نے کہا ہے عالیان کی برتھ ڈے منانے ہے تو وہ چاہتے ہیں

اس میں سب شامل ہوں سب ہو نہیں سکے

امی والے تو سارے پہلے ہی ہو کر آئیں ہیں تو اب ہمیں بلا رہے

ہیں اس کی سالگرہ میں شامل ہونے کے لیے

بدر آئمہ کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

میری شکل پر بیوا قوف لکھا ہوا ہے۔؟؟

آئمہ شہادت کی انگلی سے اپنے چہرے کی طرف اشارہ کرتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

لکھا ہوا تو نہیں ہے لیکن اگر تم خود کو سمجھ رہی ہو تو اس میں کچھ نہیں کر

ہوں۔۔

بدر آئمہ کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑتے ہوئے کہتا ہے۔

بدر تنگ مت کریں پہلے ہی پریگنینسی کا کی وجہ سے میرا

دل اور دماغ ہر وقت خراب رہتا ہے باقی آپ آکر

مجھے تنگ کرلیا کریں'۔

آئمہ بدر کے ہاتھوں سے اپنا چہرہ چھوڑواتے ہوئے بے زار

انداز میں کہتی ہے۔

تب ہی تو میں تمہیں کچھ دنوں کے لیے ہی سہی کہیں دور

لے کر جانا چاہتا ہوں تاکہ تمہارا دل اور دماغ

پرسکون ہو جائے۔

بدر آئمہ کے چہرے کو چھوڑے شلف پر ہاتھ رکھے آئمہ کو

مسکراتی ہوئی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے گھور کیوں رہے ہیں۔۔؟

آئمہ بدر کی نظریں خود پر مسلسل دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

گھور تو نہیں رہا دیکھ رہا ہوں۔۔

بدر شلف سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔

میں بچی نہیں ہوں ایک بچے کی ماں ہوں مجھے دیکھنے کا

اور گھورنے کا فرق اچھے سے پتا ہے۔۔

آئمہ کہتے ہوئے فریج کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

ہاں تو پتا ہو وہ بچہ میرا ہی ہے میری ہی وجہ سے تم اماں

بنی ہو۔۔!!!

بدر آئمہ کو دیکھتے ہوئے کمر پر ہاتھ باندھتے ہوئے کہتا ہے۔

بدر آئمہ کی پشت دیکھتے ہوئے اپنا رخ اس کی طرف موڑتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

پوائنٹ پر آئیں زیادہ باتیں نا کریں میرے ساتھ میرا موڈ

نہیں ہے آپ کے منہ لگنے کو۔۔

فریج سے دودھ کا جگ نکالے دروازے کو زور سے

بند کرتے ہوئے کہتی ہے۔

میرا تو موڈ اور ارادہ دونوں ہے تم نہیں لگتی تو میں لگ جاؤں منہ تمہارے

کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

بدر شرارتی انداز میں اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہتا ہے۔

اسے پتا ہے آئمہ پریگنینسی میں حساس اور مزید چڑچڑی

ہوگئی ہے اس لیے وہ جان بوجھ کر اسے تنگ کرتا ہے

تاکہ آئمہ کا موڈ ٹھیک کر سکے

پر وہ کیا جاننے اس کی حرکتوں سے موڈ ٹھیک نہیں مزید

برباد ہو جاتا ہے اس کا

میں چائے نہیں بناؤں گی۔۔!!

آئمہ بدر کی آنکھوں میں غصہ سے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے چائے کا نام لیا۔۔؟

بدر بھی اسی انداز میں پوچھتا ہے۔

آپ کو کیا لگتا ہے اتنے سال میں نے ایسے ہی گزار دیے ہیں

آپ کے ساتھ آپ کے مکھن لگانے کے پیچھے کی وجہِ سمجھ نہیں آتی ہے

"

ہائے میں صدقے جاؤں کتنی سمجھدار ہوگئی ہو تم

اب ایک کپ چائے تو بنادوں۔

آئمہ کی بات مکمل ہوتے ہی بدر اس کے چہرے کو پیالے نما

انداز میں مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

اچھا اور زہر کتنے چمچ ڈالوں اس میں۔؟؟

آئمہ اپنے لب بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

زہر ڈالوں گی تو اپنا نقصان کرواؤں گی بیوہ ہو جاؤ گی تم اس لیے زہر چھ

گڑھ ڈال دو تھوڑا سا

شوہر کی خدمت کرو گی تو ڈائریکٹ جنت ملے گی کیوں

زہر دے کر دوزخی بننا چاہتی ہو۔۔

آئمہ کے گالوں کو اپنے ہاتھوں میں دباتے ہوئے اپنی ہنسی

کو ضبط کر کرنے کی ناکام کوششیں کرتے ہوئے کہتا ہے۔

پچھلے 4 سے 5 سالوں میں میں نے جتنی چائے آپ کے لیے بنائی ہے نا ج

تو مجھے ویسے ہی مل جانی چاہیے۔

آئمہ بدر کے ہاتھوں سے اپنا چہرہ چھوڑواتے ہوئے غصیلے

میں لال سرخ ہوتے ہوئے کہتی ہے۔

اور اسی چائے میں مجھے زہر ڈال کر دینے کی دھمکیاں دیتی

آرہی ہو وہ کس کھاتے میں ہے بی بی۔۔؟؟

بدر منہ پھلائے ہوئے پوچھتا ہے۔

دل تو میرا ابھی بھی یہ ہی کرنے کو کررہا ہے پر اپنی اولادوں

کی وجہ سے میرے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں ورنہ یہ ایک نیک کام میں نے ض

کرنا تھا۔

آئمہ چولہہ آن کرتے ہوئے زور سے چائے بنانے والا چھوٹا سا

سورس پین جو چولہے کے پاس شلف پر ہی تھا وہ چولہے پر

پٹختے ہوئے کہتی ہے۔۔

اللہ اللہ۔۔۔!!!بدر آئمہ کے غصے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی کیچن سے الٹے پیر باہر نکل جاتا ہے۔۔

چڑیل کہیں کہ کہتا تھا میں تو صرف یہ۔تو سچ مچ کی

چڑیل بنتی جارہی ہے۔۔

بدر تاشہ کی طرف بڑھتے ہوئے بڑبڑاتے ہوئے خود سے کہتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

ایک خوبصورت سی صبح کا آغاز لندن میں بھی ہو چکا تھا

صبح کے 10 بج رہے تھے عالیان پہلے ہی اٹھ خود ہی

کمرے سے باہر نکلے نیچے حال میں صوفے پر بیٹھے ایل ای ڈی پر کارٹون

رہا ہوتا ہے۔

روحی باسیل کی بازوؤں پر سر رکھے ہوئے محبت بھری نگاہوں

سے مسلسل گہری نیند میں سوتے ہوئے باسیل کو دیکھ

رہی ہوتی ہے ساتھ ہی ساتھ شہادت والی انگلی سے باسیل

کے ماتھے پر بنے ہوئے اس کے پرانے چوٹ کے نشان پر

اپنی انگلی پھیر رہی ہوتی ہے۔۔

روحی کی نظریں باسیل کے چہرے پر تھی اور ہاتھ اس کے

ماتھے پر بکھرے بالوں کے درمیان اس چوٹ کے

نشان پر

اپنے ماتھے پر کچھ محسوس کرتے ہوئے باسیل دھیرے دھیرے

سے اپنی آنکھیں کھولتا ہے۔

اس کی آنکھیں کھلتی دیکھ روحی جلدی سے باسیل کے چہرے

سے اپنا ہاتھ ہٹائے اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھے اپنی آنکھیں بند کر لیتی ہے۔۔

باسیل اُٹھتے ہی روحی کو اپنے پاس دیکھے مسکرا اٹھتا ہے

روحی بے چہرے پر رکھے اس کے ہاتھ پر بوسہ دیتے ہوئے

اپنی بازوؤں فولڈ کیے روحی کو اپنے سینے سے لگائے مزید اپنے قریب ک

ہے۔۔

ناٹنکی میری نیند برباد کر کے خود سونے کے ناٹک کر رہی ہو۔۔؟؟

باسیل کی آنکھوں میں ابھی بھی نیند کی گنودگی تھی

جو اس کے لہجے میں بھی محسوس ہو رہی تھی۔

باسیل کی آواز پر روحی اپنے چہرے پر سے ہاتھ ہٹائے مسکراتے

ہوئے باسیل کو دیکھتی ہے۔

گڈ مارننگ۔۔!!!!

روحی باسیل کے سینے پر سر رکھے ہوئے ہلکا سا اٹھا کر

پیار سے کہتی ہے۔

گڈ مارننگ وائفی۔۔!!!باسیل روحی کے ماتھے پر بوسہ دیتے

ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو ابھی بھی نیند آرہی ہے۔؟؟

روحی باسیل کے سینے پر ہاتھ اس کی بند ہوتی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ہمم تھوڑی تھوڑی۔۔!!باسیل بامشکل اپنی آنکھیں کھولتے

ہوئے کہتا ہے۔

تو آپ سو جائیں میں آرام سے میں باہر چلی جاتی ہوں۔۔

روحی کہتے ہی باسیل کی باہوں سے نکلنے کی کوشش کرتی ہے پر باسیل روحی

کمر کے گرد کیا اپنی بازوؤں کا حصار اور مضبوطی

سے باندھے اسے دور جانے نہیں دیتا بلکہ خود کے اور

مزید نزدیک کر دیتا ہے۔۔

تمہارے دور جانے سے سکون کی نیند تھوڑی آئے گی مجھے سکون تو تم

تمہاری خوشبو سے ملتا ہے۔۔

باسیل اپنی نیند میں بھری آنکھیں کھولے روحی کی آنکھوں

میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کی نظریں روحی کے چہرے پر اور اس کی بات پر ٹھہری روحی کی نظ

اپنے ہاتھوں پر

پیٹ میں تتلیاں اڑنے لگ گئیں تھیں روحی خوئشی کی چمک

اس کے چہرے پر باآسانی دیکھائی دے رہی تھی۔

تم بلش بھی کرتی ہو۔۔؟؟

باسیل کی آنکھیں اب مکمل طور پر کھلنے لگ گئی تھی۔

میں تو بلش نہیں کر رہی ہوں۔!!

روحی اپنی ہنسی چھپاتے ہوئے اپنے گالوں پر

ہاتھ رکھتے ہوئے اپنی بڑھتی ہوئی ڈھرکنوں کو قابو میں کرنے کی کوش

کرتے ہوئے کہتی ہے۔

تو جھوٹ بھی بول لیتی ہو۔۔؟؟

باسیل روحی کی دھڑکنوں کو سنتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں میں جھوٹ نہیں بولتی ہوں۔

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور

کہتے ہی واپس نظریں اس کے چہرے سے ہٹا لیتی ہے۔

تو پھر یہ گال لال سرخ کیوں ہو رہے ہیں۔۔؟؟

باسیل گالوں کو ٹچ کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

یہ نیچرل ہیں۔۔!!روحی مسکراتے ہوئے کہتی ہے اور پھر

باسیل کی قید سے نکلنے کی کوشش کرتی ہے۔

ایسا ہے تو مجھے ٹچ کر کے چیک کرنے دو یہ نیچرل ہیں

یا پھر تم بلش کر رہی ہو۔۔"

باسیل روحی کے چہرے کی طرف جھکتے ہوئے کہتا ہے۔

نہیں رک جائیں مجھے کام سے جانا ہے یہ مت کریں

روحی باسیل کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے اس کی آنکھوں میں د

ہوئے کہتی ہے۔

کبھی تو یہ بھی کہہ دیا کرو کہ باسیل آج کا دن میں دو نے

صرف آپ کے ساتھ آپ کے پاس رہنا ہے کوئی کام

نہیں کرنا نا آپ نے نا میں نے

باسیل روحی کے چہرے پر جھکے ہوئے اس انداز سے کہتا ہے کہ

روحی کا قہقہہ ہوا میں بلند آواز میں لگتا ہے۔

کتنے خراب ہیں آپ سیدھا سیدھا کیوں نہیں کہتے کہ میں

چاہتا ہوں کہ تم میرے ساتھ رہو

میرا نام کیوں بدنام کررہے ہیں۔۔!!

بنا تکیہ کے بیڈ پر لیٹی ہوئی نظریں اٹھا کر باسیل کی

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

تمہارے ساتھ ادھورے الفاظوں میں باتیں کرنا اچھا لگتا ہے

جب کم لفظوں میں میری باتوں کا مطلب تم سمجھ جاتی ہو

مجھ پر تم اپنی ایک اور چھاپ چھوڑ جاتی ہو۔۔

باسیل آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے وہ اس طرح دیکھ

رہا تھا جیسے پہلی بار وہ اسے اتنی قریب سے

دیکھ رہا ہو۔۔

روحی بھی خاموش ہوگئی تھی وہ مسکرا رہی تھیں اس کی

نظروں کی قید میں قید ہو کر

آپ کی ادھوری باتوں کا مطلب میں سمجھ جاتی ہوں پر جب آپ مکمل با

کرتے ہیں آپ مجھ پر اپنا

رنگ چھوڑنے لگتے ہیں جس میں مکمل رنگنا مجھے بے حد پسند

ہے۔

آپ کی بار روحی کی بات پر باسیل خاموش تھا اس کے

چہرے پر مسکراہٹ کے ساتھ ساتھ سکون اور اطمینان تھا

جو سکون روحی کو دیکھتے ہوئے اس کے دل میں

اترتا ہے۔۔

آپ نے اب کیا ایسے ہی مجھے دیکھتے رہنا ہے چھوڑیں مجھے

روحی باسیل سے نظریں ہٹا کر اپنا رخ دوسری طرف کرتے

ہوئے کہتی ہے وہ جیسے ہی باسیل سے نظریں ہٹاتی ہے

روحی نظر باسیل کی شرٹ پر لگے خون پر جاتی ہے۔

چہرے سے خون تو صاف کرچکا تھا لیکِن کپڑوں پر خون کے

لگے داغ وہ صاف کرنا بھول گیا تھا۔

آ۔۔آپ کو چوٹ لگی ہے۔۔؟؟؟

خون دیکھتے ہوئے روحی فوراً سے پریشانی میں مبتلا

ہوئے باسیل کے کپڑوں کو دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

جواباً باسیل خاموش رہتا ہے روحی کے چہرے پر اپنے لیے فکر

دیکھ کر وہ مسکرارہا تھا۔

آپ مسکرا کیوں رہے ہیں کچھ پوچھ رہی ہوں میں

روحی باسیل کو مسکراتا دیکھ مزید پریشانی سے کہتی ہے۔

میں ٹھیک ہوں۔۔!!

باسیل روحی پر سے ہٹتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل شرٹ پر خون لگا ہوا ہے آپ کی آپ کہہ رہے ہیں آپ ٹھیک

۔۔؟؟

روحی گڈھنوں کے بل بیٹھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں ٹھیک ہوں گڑیا یہ میرا خون نہیں ہے۔۔

باسیل بیڈ کراؤن سے ٹیک لگاتے ہوئے کہتا ہے۔

انکل جھوٹ مت بولیں آپ مجھے پتا ہے چوٹ لگی ہے آپ کو

دیکھائیں مجھے۔۔!!

روحی باسیل کی طرف گڈھنوں کے بل چلتے ہوئے

اس کے قریب آکر بیٹھتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے چوٹ نہیں لگی ہے یہ دیکھو چوٹ نہیں ہے۔۔۔!!

باسیل بیڈ کراؤن سے دور ہوتا روحی کا ہاتھ پکڑ کر اپنے پیٹ پر رکھے ا

چوٹ

نا محسوس کرواتا ہے۔

تو یہ خون۔۔؟؟ ٹوٹے پھوٹے لہجے میں پوچھتی ہے۔

کسی پالتو کتے کا ہے زبردستی راستے میں آگیا تھا تو ٹانگ

زخمی ہوگئی تھی اس کی اسے راستے سے ہٹانے کی کوشش میں

اس کا خون مجھ پر آگرا۔۔۔!!

باسیل سنجیدگی سے اپنے پیٹ کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

روحی کی نظر تو اس کے چہرے پر تھی پر دھیان اس

کی باتوں پر نہیں تھا۔۔

باسیل پیٹ سے نظر اٹھا کر روحی کی طرف دیکھتا ہے تو

روہ نم آنکھوں سے اسے دیکھ رہی ہوتی ہے۔

ک۔۔کیا ہوا۔۔۔؟؟؟

باسیل پوچھ ہی رہا تھا کہ روحی گڈھنوں کے بل کھڑی ہوتی

باسیل کے گلے سے جا لگتی ہے۔

اس کے گلے لگتے ہی باسیل کے چہرے سے سنجیدگی غائب

فکر اور پریشانی جگہ گھیر لیتے ہیں۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

ایک نئ صبح کی شروعات تو کسی اور کی زندگی میں بھی

ہوئی تھی پر وہ خوبصورت صبح تھی یا نہیں وہ دونوں ہی

نہیں جانتے تھے۔۔

حور بلیک کلر کے قمیض شلوار پہنے ہوئے آدھے پیٹ تک

کمبل اوڑھے ہوئے وہ بائیں کروٹ لیے گہری نیند سوئی پڑی تھی۔

وہ گہری نیند میں سو رہی تھی اور کوئی تھا جو پوری رات

اپنی نیند کو برباد کیے بس اسے ہی دیکھے جارہا تھا۔

حور کے اچانک سے بے ہوش ہونے پر دیریک کو پریشان کر دیا تھا پوری ر

وہ اسے دیکھتے ہوئے گزار دیتا ہے۔۔

ابھی بھی وہ صوفے پر بیٹھے ہوئے خود بھی بلیک کلر کے ٹراؤزر شرٹ

ہوئے وہ ٹانگوں پر لیپ ٹاپ

رکھے صوفے سے پشت ٹیکائے ہوئے اپنے کام میں مصروف تھا کبھی لیپ ٹ

کو تو کبھی سوتی ہوئی حور کو

دیکھ رہا ہوتا ہے۔

ڈی جے۔۔۔؟؟؟

دروازے پر دستک کے ساتھ ہلکی سی آواز آتی ہے۔

دیریک حور کو دیکھتے ہوئے لیپ ٹاپ صوفے پر رکھے دروازے

کو کھولنے کے لیے اس کی طرف بڑھتا ہے۔

دروازے کھولے دروازے سے سر ٹیکائے دیریک تامیر کو دیکھتا ہے۔

تھوڑی دیر نیچے آسکتے ہیں ایک مسئلہ ہوگیا ہے۔۔

تامیر دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے پریشانی

سے کہتا ہے۔

کیا ہوا ہے۔۔؟؟ تامیر کی پریشانی کو محسوس کرتے ہوئے

دروازے سے سر ہٹائے پوچھتا ہے۔

آپ خود دیکھ لیں۔۔!!

تامیر حال کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

تامیر کی بات پر دیریک کمرے سے باہر نکلے دروازے کو لاک

کیے دیریک سیڑھیوں سے نیچے اترتا ہے۔

کیا ہوا یہاں تو کچھ بھی نہیں ہے۔۔

سیڑھیوں سے اترتے ہوئے حال میں نظریں دوڑاتے ہوئے کہتا ہے۔

آخری سیڑھی پر پہنچا ہی تھا کہ اس کے ایل ای ڈی پر چلتی ہوئی نیوز اس

کانوں میں پڑتی ہے۔

e to Heart Disease Diago Gon is dead......

دیریک کے کانوں میں اتنے الفاظ ہی پڑتے ہی کہ اس کا دماغ

اسی پل بند ہو جاتا ہے۔

وہ دو قدم اور آگے کی طرف بڑھتا ہے اور ایل ای ڈی پر چلتی

ہوئی نیوز میں ڈائیگو کی ڈیڈ باڈی کو

دیکھنے کی کوشش کرتا ہے پر ڈائیگو کا چہرہ نہیں اس کو

لکڑی کے بکس میں ڈالنے کے مناظر دیکھائے دیتے ہیں

جنہیں دیکھتے ہیں دیریک کا ہوا میں بلند آواز میں قہقہہ

لگتا ہے۔۔

تامیر دیریک کو ہنستا دیکھ سر جھکا جاتا ہے۔

یہ بھی ہارٹ اٹیک سے ہی مرے ہیں۔۔؟؟؟؟

دیریک ہنستے ہوئے ایل ای ڈی کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

یہ بھی مر گئے۔۔؟؟

اب چہرے سے ہنسی غائب ہوچکی تھی سنجیدگی پریشانی

چھانے لگی تھی۔۔

کل رات انہیں آپ کی شادی کی خبر ملنے کے بعد انہیں

ہارٹ اٹیک آیا ہے۔۔۔!!!

تامیر دیریک کی طرف بڑھتے ہوئے اس کے پیچھے کھڑے

ہو کر کہتا ہے۔

اور تم نے مان لیا۔۔؟؟؟ دیریک مڑ کر غصیلے انداز

میں پوچھتا ہے۔

میرے ماننے نا ماننے سے کیا ہوتا ہے امیروں کی افوا ہے اور

ان کی افواہیں سچ ہوتی ہیں وہ سچ ہو یا نا ہو

ان کا کہا اور کیا ہر چیز سچ ہوتی ہے جیسے کہ اب ایک اور افھوا

پھیلنے کے پورے چکروں میں ہے۔

تامیر دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا مطلب ہے۔۔؟؟؟ ڈیریک حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

مطلب یہ آپ ان سب کا سکون برباد کرنے والے تھے اپنی شادی کا

بتا کر انہوں نے آپ کا برباد کر دیا ڈائیگو کی موت کا الزام لگا کر

تامیر صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے صوفے سے اپنا آئی پیڈ

اٹھائے اس پر ڈائیگو کی موت کے آرٹیکلز

جس پر بڑوں الفاظوں میں مور کی وجہ ڈی جے کی شادی لکھا ہوتی ہے۔

آرٹیکلز آئی پیڈ میں دیکھتے ہوئے آئی پیڈ ڈیریک کی طرف بڑھاتا ہے۔۔

ڈیریک تامیر کے چہرے سے نظریں ہٹا کر آئی پیڈ میں جیسے

ہی دیکھتا ہے اپنا نام موت کی وجہِ کا سبب دیکھتے ہوئے

اس کی نظریں اسی پر تھم جاتی ہے۔۔

دیریک کی نظریں آئی پیڈ پر ہوتی ہے کہ اتنے میں تامیر پر

فون بج پڑتا ہے تامیر فون کان سے لگاتے ہی اگلے ہی پل

فون ڈی جے کی طرف بڑھتا ہے۔۔

بنا تامیر کو دیکھے فون کان سے لگاتا ہے فون کی دوسری طرف سے آنے

آواز پر ڈی جے آئی پیڈ سے نظریں ہٹاتا ہے اور غصیلے نظروں سے تامیر

دیکھتا ہے۔

کیسا لگا میرا سرپرائز۔۔؟؟؟

فون کے دوسرے طرف سے" اسمیل البے " کی آواز آتی ہے جس پر دیر

کے دماغ کی رگیں تن گئی تھیں وہ دانت بھینچتے ہوئے اپنی آنکھیں بند کر

تھا۔۔

ڈی جے خاموش رہتا ہے وہ سن رہا تھا اسمیل البے کی

فاتحانہ ہنسی کی گونج پر وہ خاموش تھا۔

تم نے مجھ سے کرسی چھیننی میں نے تم سے کرسی کو

بنانے والا چھین لیا

کیسا لگا میرا سرپرائز۔۔۔؟؟؟

اسمیل ڈائیگو کے آفس میں اس کی کرسی کو ہی الٹے

ہاتھ سے گول گول گھوماتے ہوئے ہنستے ہوئے پوچھتا ہے۔

دیریک اب بھی خاموش تھا۔

آہ ہ۔۔ویسے تمہارا سرپرائز بھی کسی سے کم نہیں تھا

دنیا میں تم تو ویسے بھی ہر وقت چرچو میں رہتے تھے آج ایک بار پھر سے

نیوز پر سوشل میڈیا پر تم چھائے

ہوئے ہو۔۔

تمہیں اُردو آتی ہے۔۔؟؟؟ دیریک اپنے ہاتھ میں فون بھینچتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

تمہارے لیے ہی سیکھی ہے تم جو ہر وقت الگ الگ زبان میں

باتیں کرتے رہتے تھے وہ جاننے کا تجسس رہتا تھا تو سب

جو جو زبانیں تمہیں آتی ہیں وہ سب سیکھ لی میں نے

میں ہوں نا کمال کا۔۔۔!!

اسمیل کہتے ہوئے ڈائیگو کی کرسی کھینچے اس پر بیٹھ

جاتے ہیں۔۔

شادی کی مبارکباد قبول کرو میرے کبھی نا ہونے والے

داماد۔۔۔!!!

کرسی پر گول گھومتے ہوئے وہ مسکراتے ہوئے کہتے ہیں۔

ڈائیگو کو کیوں مارا۔۔؟؟؟

دیریک آئی پیڈ تامیر کو پکڑائے خود دروازے کی طرف

بڑھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میں نے تم نے۔۔!!تم نے مارا ہے اپنے سگے دادا کو

اسمیل کرسی کو روکے اپنی دونوں ٹانگیں ٹیبل پر رکھے

کرسی پیچھے کی جانب جھکاتے ہوئے وہ چھت کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

تم نے مجھ سے اپنے باپ کی کرسی سے ہٹایا تھا نا دیکھو

اب میں نے تمہارے دادا کی کرسی کو اپنے نام کرلیا ہے

اب کیا کرو گے تم۔۔؟؟؟

اسمیل دیریک کی خاموشی کو اس کی ہار سمجھتے ہوئے

ہنستے ہوئے پوچھتا ہے۔

ڈی جے خاموش تھا وہ سر جھکائے ہوئے دروازے کی طرف بڑھ رہا ہوتا ۔

اب وہ کرسی واپس لوں گا۔۔!!

دیریک ٹراؤزر کی جیب میں ہاتھ ڈالے دروازے کے بلکل

سامنے لگے پانی کے فوارے کے آگے دروازے کے درمیان میں کھڑ

ہوئے سر اٹھا کر گہری سانس لیتے ہوئے فوارہ کو دیکھتے ہوئے پرسکون ا

میں

جواب دیتا ہے۔

تم کوشش کرنا چاہتا ہو تو کرلو البتہ ہارنے کے علاؤہ تمہیں

اور کچھ نہیں ملے گا کیونکہ اب ہار تمہارا مقدر ہے

جیسے تم نے اس لڑکی سے شادی کرکے اپنے

ہاتھوں سے اپنی زندگی میں شامل کیا ہے۔۔

اسمیل کرسی سے بائیں ہاتھ کی جانب ایک بڑی سی کھڑکی

کی طرف بڑھتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

تمھیں کس نے کہا وہ لڑکی میری ہار ہے۔۔۔؟؟؟

دیریک چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ سجائے پوچھتا ہے۔

کیونکہ وہ ہے تمہاری بربادی کی شروعات اسی سے ہونے

والی ہے۔۔

اسمیل کھڑکی میں کھڑکی سے باہر کے مناظر کو دیکھتے

ہوئے بولے

کوشش میں نہیں تم کر کے دیکھ لوو "اسمیل البے "

کہ وہ میری ہار ہے یا جیت

کیونکہ مجھے اچھے سے پتا ہے وہ کیا ہے میری اور کیا ہے

میرے لیے

ڈیریک کے چہرے پر مسکراہٹ فخریہ مسکراہٹ جو اسمیل کو

دیکھائی تو نہیں دے رہی تھی پر اسے محسوس ہو رہی تھی۔

اور یہ جو جس کرسی پر بیٹھ کر اسے اپنا بنانے کی خواہش

دل میں پیدا کیے بیٹھے ہیں اطلاع کے لیے عرض ہے وہ

میری ہی ہے بس مجھے اس کی چاہ نہیں ہے اس لیے اس

وقتِ میں اس کے قریب نہیں ہوں تم ہو۔۔

ڈیریک کی بات پر اسمیل جھٹ سے گردن موڑ کر کرسی کی

طرف دیکھتا ہے کرسی کو دیکھنے سے پہلے اس کی

نظر اسی کرسی کے پیچھے لگی ہوئی ڈی جے کی ایک بڑی سی

تصویر کو دیکھنے لگتا ہے۔

فلحال تصویر سے ہی کام چلا لو جلد مجھے اس تصویر کی

جگہ کھڑا پاؤ گے

دیریک ایک ائیبرو اٹھائے ہلکی سی سمائل کرتے ہوئے

کہتا ہے

میں وہ وقت ہی نہیں آنے دوں گا تم پر کہ تم مجھے اس کرسی

ہے آس پاس بھی نظر آؤ۔۔۔!!

اسمیل ڈی جے کی تصویر کو گھورتے ہوئے غصے میں

کہتا ہے۔۔

وہ وقت آئے گا اور تمہارے مرنے سے پہلے آئے گا اب کھلے عام جنگ

آغاز تم نے کیا ہے تو بھگتے اپنی ہار کو

دیریک کہتے ہی فون کاٹنے کے لیے کان سے ہٹاتا ہے۔

فلحال تو اس ہار کے مزے تم لو عزت بہت پیاری ہے نا تمہیں

اب سرئے عام اس کا تماشا بنتے دیکھو

اسمیل کی آواز پر دیریک دوبارہ فون کان سے لگائے ایل ای ڈی کی طر

دیکھتا ہے جہاں اس کی خبریں

چل رہی تھی۔

اسمیل کی باتیں سنتے ہوئے ایل ای ڈی سے نظریں ہٹائے

دیریک سر جھکائے آنکھیں بند کرتے ہوئے گہری سانس بھرتا ہے

اس کو خاموش پاکر اسمیل قہقہ لگا کر ہنستے ہوئے کال بند کردیتے ہیں۔۔

ایششششش۔۔۔۔دیریک فون کی اسکرین کی طرف دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

پہلے دماغ کم خراب تھا جس اس آدمی نے اور کر دیا ہے

دیریک فون کی طرف دیکھتے ہوئے بے زار انداز میں کہتا ہے

اور کہتے ہی پلٹ جاتا ہے۔

پلٹتے ہی اس کی نظر ایل ای ڈی میں چلتی اس کی نیوز

پر پڑتی

بند کرو اس کو ساونڈ پہلے درد سے سر پھٹا جا رہا تھا باقی

یہ سب میری جان کا عذاب بنیں گے۔۔

ڈی جے تامیر کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو جرمنی نہیں جانا چاہیے۔۔؟

تامیر اس کو اپنی آتا دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

کس لیے۔۔؟؟ دیریک فون آگے بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ کے دادا کے لیے "

تامیر اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

وہ مر گئے ہیں مرو ہوئے لوگوں کا چیپٹر کلوز ہوجاتا ہے میری زندگی سے ک

تعلق نہیں ہوتا میرا ان سے پھر

دیریک گردن موڑ کر ایل ای ڈی کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ناشتہ تیار کرواؤ بھوک لگ رہی ہے میری بیوی بھی بھوکی ہے

پہلے رو رو کر خود کی حالت کی ہوئی ہے پھر روئے گی

تو اب برداشت نہیں ہوگا مجھ سے

ڈی جے تامیر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے دھیمے لہجے

میں کہتا ہے۔

ناچاہتے ہوئے بھی تامیر کے چہرے پر مسکراہٹ چھا جاتی ہے

ڈی جے کو خود سے زیادہ کسی اور کے لئے فکر مند

دیکھتے ہوئے

آپ کی عزت بھی داؤ پر لگی ہے آپ کے دادا کے قتل کا الزام

لگا ہے اور یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔۔

تامیر مسکراتے مسکراتے سنجیدگی سے کہنے لگتا ہے۔

اس وقت وہ دوبارہ نا روئے یہ میرے لیے اہم مسئلہ ہے باقی

رہی میری عزت کی بات اور مجھ پر لگے الزام کی

تو یہ ہم دونوں جانتے تھے یہ ایک دن ہونا تھا اور آج وہ دن

ہے پریشانی لے کر مسئلے کا حل تو نہیں نکل جائے گا۔

پر حل نکل جائے گا اس کا کچھ سوچتے ہیں تم ناشتہ

تیار کرواؤ۔۔۔

دیریک تامیر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے

ہی سیڑھیوں کی طرف بڑھے وہ اپنے کمرے کا رخ کرتا ہے۔

تو بے دل شخص کا دل مردہ نہیں ہوا دل ہے جو دھڑکتا بھی ہے

اور کسی کی فکر بھی کرتا ہے۔

ڈی جے کو جاتا دیکھ تامیر فل ہی دل میں خود سے کہتا ہے

اور کہتے ہی سر جھٹکے ایل ای ڈی بند کیے وہ کیچن میں موجود

شیف اور سرونٹس کے سر پر سوار ہوئے ناشتہ تیار کروانے

لگتا ہے۔

ڈے بے جے کے کھانے تک کی زمہ داری تامیر نے خود کی ہوئی

باہر کھانا ہو یا گھر تامیر خود اس کے لیے کھانا اپنی نظروں

کے سامنے تیار کرواتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک تامیر سے بات کیے جیسے ہی کمرے میں پہنچتا ہے وہ حور کے سونے

خیال سے دھیرے سے کمرے کا دروازہ کھولے اندر داخل ہوتا ہے

اندر آتے ہی اس کی نظر

ڈریسنگ ٹیبل کے شیشے کے سامنے کھڑی حیران پریشان حور کو دیکھتا ہے ا

دیکھتے ہوئے گہری سانس بھرے وہ

کمرے کا دروازہ بند کرتے ہوئے صوفے کی طرف بڑھتا ہے۔

کیا ہوا تمہیں۔۔۔؟؟

ڈی جے صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میرے کپڑے کس نے بدلے ہیں۔۔؟؟

حور ڈی جے کی طرف دیکھتے ہوئے غصیلے انداز میں

اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

یہ نیک کام میرے علاوہ اور کون کرسکتا ہے وائفی

ڈی جے صوفے سے اپنا فون اٹھاتے ہوئے اسکرین کی طرف نظریں

جمائے ہوئے بیڈ کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

ک۔۔کیا آپ نے میرے کپڑے بدلے ہیں۔۔؟؟؟

حور حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

ہاں میں نے ہی بدلے ہیں اتنی حیران کیوں ہورہی ہو۔۔؟؟

دیریک فون سے نظریں ہٹا کر حیران کھڑی حور کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے

پوچھتے ہی واپس فون

میں دیکھنے لگتا ہے۔

آ۔۔آپ کی ہمت کیسے ہوئی میرے کپڑے بدلنے کی سمجھتے

کیا ہیں آپ خود کو۔۔؟؟؟

حور کہتی ہوئی دیریک کی طرف اپنے

قدم بڑھاتی ہے اس سے کچھ فاصلے پر کھڑی ہو کر غصے میں چلاتے ہوئے کہ

ہے۔

تمہارا شوہر تمہارا نیا نیوالا دلہا میری جان اس سے بڑھ

میں خود کو اور کیا سمجھوں گا۔

دیریک شرارتی انداز میں چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ بکھرے

کہتا ہے اس کی مسکراہٹ حور کو چبھ رہی تھی مزید غصے میں

پاگل کرررہی تھی۔

دیریک اپنی بات مکمل کیے حور کی طرف جیسے ہی پلٹتا

ہی ایک زور دار تھپڑ سیدھا دیریک کے منہ پر لگتا ہے۔

تھپڑ لگتے ہی دیریک کے ہاتھ میں پکڑا زور سے زمین پر جا گرتا ہے دیر

اسی وقت میں جیسے تھم گیا تھا

نظریں زمین کی جانب جھکی ہوئی تھی کانوں میں سنسناہٹ سی محسوس ہو

تھی۔

دیریک کو کبھی کسی نے اس کی مرضی کے خلاف ٹچ بھی

نہیں کیا تھا آج کسی نے اس کے منہ پر تھپڑ

دے مارا یہ بات اس کو غصہ کو اس وقت مزید بڑھانے کے لیے کافی تھی۔

دیریک کے سامنے کھڑی حور اپنی اس حرکت پر خود حیران رہ جاتی ہے

جے کے جھکے سر کو دیکھتے ہوئے

وہ اس کے ردعمل کے ڈر سے اپنے ہاتھوں میں اپنا دوپٹہ مضبوطی سے جکڑ

ہوئے کھڑی تھی۔

دیریک کولڈ فیس میں جیسے ہی سر اٹھا کر حور کو

دیکھتا ہے حور جھٹ سے سر جھکائے اپنے ہاتھوں کی مٹھیوں کی گرفت مض

کرتے ہوئے وہ پھر سے رونے لگ جاتی ہے۔۔

دیریک حور کو روتا دیکھ اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے ہوئے اس کے نزد

بڑھتا ہے اس کے سامنے

کھڑے ہوکر دو پل اس کو روتا دیکھتے ہوئے وہ اپنے مٹھیوں میں

قید ہاتھوں کو اس کے چہرے کے قریب لاتا دھیرے دھیرے وہ اپنے ہاتھ

کی مٹھیاں کھولے حور کے چہرے کو اپنے

ہاتھوں میں پکڑے حور کے ماتھے پر بوسہ دیتا ہے۔

حور کی آنکھیں اسی پل بند ہوگئی جن سے آنسوؤں تیزی سے

بہنا شروع ہوگئے تھے۔۔

"جانتا ہوں غصہ میں ہو تم میری وجہ سے چاہو تو مجھے ایک اور تھپڑ لگال

رونا بند کرو

تمہارے آنسوؤں مجھے تکلیف دے رہے ہیں "

دیریک حور کی بند آنکھوں سے بہتے آنسوؤں کو دیکھتے

ہوئے حور کے رونے کی وجہ سے اپنی بڑھتی ہوئی ڈھرکنوں کو محسوس کر

ہوئے انتہائی نرم لہجے میں کہتا ہے۔

دیریک کے اس رویے کو دیکھتے ہوئے حور روتے ہوئے اسی

پل آنکھیں کھولے اس سے دور ہو جاتی ہے۔

آپ بھی مارنا چاہتے ہیں تو مار لیں یہ جھوٹا نرم رویہ اختیار

نا کریں میرے ساتھ نفرت ہے مجھے اس طرح کہ جھوٹے احساس سے

پیچھے کی طرف قدم

بڑھاتے ہوئے روتے ہوئے کہتی ہے۔

وہ اس سے ایک ہی دن میں اتنی خوفزدہ ہوگئی تھی کہ اب

ڈی جے کا ہر عمل اسے صرف جھوٹ لگ رہا تھا۔

دیریک کو اپنی حرکتوں پر شرمندگی ہورہی تھی حور کو

ڈرتا روتا دیکھ کر وہ چپ کروانے اسے اس کے پاس بھی

نہیں جاپارہا تھا اور نا کچھ بول پارہا تھا۔

حور کے گال پر بہتے ہوئے اس کے ایک ایک آنسوؤں دیریک

کو خود ہے کردار پر سوال کرنے پر اکسا رہے تھے۔

جانتا ہوں میں اچھا انسان نہیں ہوں میں شاید عورتوں کی عزت کرنی

آتی ہے مجھے

میری نظر کسی عورت کا کوئی درجہ نہیں ہے شاید ی لیے کیونکہ میں نے

کسی کو درجہ دیا ہی نہیں ہے

دیریک حور کو روتا دیکھتے ہیں چھوٹے چھوٹے قدم اس کی

طرف اٹھاتا دھیمے لہجے میں اس کے چہرے کو مسلسل

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

پر میں نے تمہیں اپنی زندگی میں سب سے بڑا درجہ دیا ہے

اپنی بیوی کا درجہ مجھ پر یقین کرنا تو ویسے ہی تم پر فرض

ہو جاتا ہے۔

دیریک حور کے سامنے کھڑے ہو کر اس کی نم آنکھوں سے دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔

کسی پر یقین کرنے میں وقت لگتا ہے پر مجھے آپ پر یقین

ہوگیا ہے اس بات کے لیے نہیں کہ آپ اچھے ہیں

آپ نے مجھ سے شادی کر کے مجھے اپنی بیوی کا درجہ دیا ہے

بلکہ اس بات کا آپ نے مجھے خریدا ہے اور خریدی ہوئی چیز کی نا تو عز

ہوتی ہے اور نا کوئی درجہ

حور اپنے آنسوؤں پر قابو پاتے ہوئے نم لہجے میں کہتی ہے۔

صحیح کہہ رہی ہو میری نظر میں نا تو کسی چیز کی کوئی

قیمت ہے نا کسی انسان کی

پیسہ سے خریدی ہر چیز صرف ضرورت اور وقتی استعمال

کے لیے ہوتی ہے میرے لیے

دیریک آخری الفاظ پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی حور سے نظ

ہٹاتے گردن موڑے گہری سانس

لیے وہ کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے اپنا رخ کھڑکی

کی طرف موڑتا ہے۔۔

لیکِن جب میں کسی چیز کو پانے میں تھوڑی سی بھی محنت کرتا ہوں تو وہ

بخود میرے لیے اہم ہوجاتی ہے پھر دھیرے دھیرے جب وہ میری عادت

لگتی ہے

تو پھر میں اس کے جنونی ہوتا جاتا ہوں

میرے علاؤہ کوئی اور اسے دیکھے اس کی اجازت بھی میں

کسی کو نہیں دیتا ہوں۔۔

ڈی جے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

حور کے آنسو تھم گئے وہ غور سے دیریک کی باتیں سن

رہی ہوتی ہے اس کی پشت کو دیکھتے ہوئے

میں تمہارا عادی ہونا چاہتا ہوں

تمہارے لیے جنونی ہونا چاہتا ہوں

تم پر اپنے علاوہ ہر شخص حرام کرنا چاہتا ہوں

دیریک مڑ کر حور کے چہرے کی طرف جیسے ہی دیکھتا ہے

حور گہری سانس لیتے ہوئے سر جھکا لیتی ہے اپنے ہاتھوں میں

مضبوطی سے دوپٹے کو جکڑنے لگتی ہے۔۔

سر اٹھا لو شوہر ہوں تمہارا سر اٹھا کر مجھے دیکھنے سے

تمہارا قتل نہیں ہو جائے گا۔۔

دیریک حور کی طرف ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے ہلکا سا مسکراتے

ہوئے اس کا ایک قدم اٹھا تھا کہ حور کی نظریں

فوراً سے اٹھ کر دیریک کی آنکھوں سے آنکھوں سے ٹکراتی ہے۔

حور کی نظریں جیسے ہی اس سے ٹکراتی ہیں وہ اسی

پل اسی جگہ پر ساکت ہوجاتا ہے دیریک کے دل کی دھڑکنیں اتنی تیزی

بڑھنے لگ گئی تھیں کہ دو لوگوں کی موجودگی

میں کمرے میں بنی خاموشی تو توڑے دونوں بآسانی

سنائیں دے رہی تھی۔۔

دیریک گہری سانس لیتے ہوئے اپنے دل پر ہاتھ رکھے سانس لینے کی کوش

کرتا ہے پر وہ نہیں لے پارہا تھا وہ اس کی

آنکھوں میں کھوتا جارہا تھا۔

جو اپنا سر ہمیشہ جھکائے رکھتی تھی

جن آنکھوں کو کسی سے ٹکرانے کی اجازت نا تھی کسی کی نظر

سے نظر ملانے کی اجازت نا تھی

آج وہ نظریں اٹھی بھی تو ایسے سامنے کھڑے شخص کی

سانسیں

بھلانے پر مجبور کر گئی۔۔

دیریک اپنے دل کو سہلاتے ہوئے حور سے نظریں

ہٹائے سانس لینے کی کوشش کررہا تھا پر وہ نا سانس لے پارہا

تھا نا نظریں ہٹا پارہا تھا۔۔

حور کچھ پلوں میں خد ہی اپنی نظریں جھکا لیتی ہے وہ

جیسے ہی جھکاتی ہی دیریک کو اپنے دل میں درد

محسوس ہوتا ہے وہ اپنی آنکھیں میچے گہری سانس لیے ہوش

کی دنیا میں واپس آنے کی کوشش کرتا ہے۔

حور۔۔؟

دیریک اپنے آپ کو کمپوز کیے حور کی جانب کی دیکھے اسے

پکارتا ہے۔

دیریک کی آواز پر وہ فوراً سر اٹھا کر اس کی

جانب دیکھتی ہے۔

دیریک جو کہنے والا تھا وہ بھلنے لگا تھا پر وہ جلد ہی خود کو

کمپوز کر جاتا ہے۔

تیار ہو جاؤ حولیہ ٹھیک کرلو ناشتہ تیار ہے ناشتہ کرلو

دیریک حور سے نظریں ہٹائے زمین سے اپنا فون اٹھانے کے لیے

بڑھتا ہے۔

مجھے بھوک نہیں ہے۔۔!!

حور اپنے کندھے پر دوپٹہ سیٹ کرتے ہوئے واش روم

کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔۔

"میرا غصہ مجھ پر نکالوں خود پر نہیں"

دیریک حور کو جاتا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"مجھے کسی پر کچھ نہیں نکالنا آپ جائیں کرلیں ناشتہ

فکر کا جھوٹا ناٹک کرنے کی ضرورت نہیں ہے"

حور مڑ کر دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

"میں جھوٹی فکر نہیں کرررہا سچ میں فکر ہو رہی ہے

اور فکر کرنا چاہتا ہوں۔

حور کی طرف بڑھتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہتا ہے۔

وہ اب اونچی آواز میں بات کرنے سے بھی گریز کررہا تھا۔

بدلے میں مجھ سے بھی کچھ چاہیے ہو گا

آپ کو پر میرا پاس کچھ نہیں ہے آپ کو دینے کے لیے"

حور اپنے کھالی ہاتھ دیریک کو دیکھاتے ہوئے بولی

مجھے تم سے کچھ نہیں چاہیے میں لالچی لوگوں

میں سے نہیں ہوں۔

حور کی طرف اب بھی قدم اٹھا رہا تھا۔

"لالچی نا ہوتے تو اس وقت میں یقینا یہاں نا ہوتی

آپ کے اور میرے راستے الگ ہوتے آپ کا مجھ میں لالچ تھا

"تب ہی ہم دونوں آج یہاں ایک کمرے میں

موجود ہیں

حور اپنی جگہ پر کھڑی ہوئی دیریک کے چہرے کو دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

آنکھیں سوجی ہوئی تھی کلر سفید ہوتا جارہا تھا

آنکھوں پیلی جبکہ ناک اور گال لال سرخ ہوئے پڑے تھے۔

حلق تک خشک ہوا پڑا پانی کا گھونٹ تک اس نے اپنے

گلے میں اتارا نا تھا۔۔

اتنی نفرت کرتی ہو مجھ سے میری بات پر یقین ہی نہیں آرہا ہے۔؟؟

دیریک بے یقینی سے حور کے سامنے پر کچھ فاصلے پر کھڑا ہو کر

پوچھتا ہے۔

پہلے نہیں کرتی تھی نا آپ سے نا ہی کسی اور سے

آج پہلی بار کسی سے نفرت کرنے لگی ہوں اور انشاء اللہ

پوری شدت سے کروں گی۔۔

حور ایک دم کولڈ لوک میں آئے دیریک کے چہرے کو دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔

یقین ہے تمہیں تم یہ کر پاؤں گی۔۔؟؟

دیریک ایک ائیبرو اچکاتے ہوئے مسکراتے ہوئے پوچھتا ہے۔

پہلی بار کچھ کرنے کا ارادہ کیا کوشش تو پوری کروں گی۔

حور دیریک کی طرف ایک قدم بڑھاتے ہوئے

کہتی ہے۔

کوشش کر کے دیکھ لو انشاء اللہ میں تمہیں خود سے نفرت

کی جگہ محبت کرواؤ گا اور وہ بھی شدت والی

دیریک مسکراتے ہوئے حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

اٹل لہجے میں کہتا ہے۔۔

حور مزید کچھ نا بولتے ہیں الٹے پیر وہ مڑ کر ڈریسنگ روم

میں بننے واش روم میں داخل ہوجاتی ہے۔۔

خود تو مجھے زور دار تھپڑ مار کر خود سے محبت

کروا گی اور اب مجھ سے نفرت کرنے کی باتیں کر رہی ہے۔

دیریک اپنے گال پر ہاتھ رکھے اسے سہلاتے ہوئے کہتا ہے۔

پاگل کہیں کی۔۔۔!!

واش روم کے بند دروازے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی صوفے کی جانب بڑھے صوفے سے لیپ ٹاپ اٹھائے

وہ کمرے کا دروازہ بنا بند کیے باہر نکل جاتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

کیا ہوا گڑیا۔۔۔؟؟؟

باسیل روحی کو مکمل اپنے حصار میں قید کرتے ہوئے اس

کی پیٹھ سہلاتے ہوئے فکر مندی سے پوچھتا ہے۔

روحی جواب نہیں دیتی ہے اور زور سے رونے لگ جاتی ہے۔

کیا ہوا روح کیوں رو رہی ہو مجھے تو چوٹ بھی نہیں

لگی ہے۔۔۔!!!!

باسیل بالوں میں ہاتھ پھیرے پیار سے پوچھتا ہے۔

آپ کو سچ میں چوٹ نہیں لگی ہے۔۔؟؟؟

روحی سبکی لیتے ہوئے باسیل کے چہرے کی طرف دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

نہیں کچھ بھی نہیں ہوا مجھے

باسیل روحی کے آنسوؤں سے بھیگتے ہوئے گالوں کو

صاف کرتے ہوئے پیار سے جواب دیتا ہے اور جواب دیتے ہی

وہ مسکرادیتا ہے۔

آپ مسکرا کیوں رہے ہیں۔۔؟؟

روحی اپنے ہاتھوں سے اپنی آنکھیں اور گال صاف کرتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

مجھے پتا ہے تمہیں میری فکر ہے لیکن اتنی کے اتنا رونے لگ

جاؤ گی یہ نہیں پتا تھا۔۔

باسیل روحی کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے

روحی کے گال پر کس کرتے ہوئے کہتا ہے۔

میں اس لیے نہیں رو رہی تھی باسیل

روحی باسیل کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوتے ہوئے بیڈ سے

اترنے لگتی ہے۔

پھر کیوں رو رہی تھی۔۔؟؟؟

باسیل روحی کو بیڈ سے اترتا دیکھتے ہوئے حیرانگی سے

پوچھتا ہے۔

میں اس لیے نہیں رو رہی تھی کہ آپ کو چوٹ لگی ہے میں

اس لیے تو رہی تھی میرے علاوہ آپ کا کوئی خون چوسے

یا نکالے یہ مجھ سے برداشت نہیں ہوتا ہے۔

روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے وہ اپنے

اپنی ہنسی کو ضبط کرتے ہوئے الٹے قدم اٹھائے

دروازے کی طرف بڑھنے کی کوشش کرتی ہے۔

تمہاری ایسی کی تیسی۔۔!!

باسیل کہتے ہی جھٹ سے بیڈ سے اترے دو لمبے ڈگ بھرتا

ہوا روحی کے پاس پہنچے اسے ایک بازوؤں سے پیٹ سے پکڑے خود سے

ہوا

سیدھا واش روم کی طرف لیے بڑھتا ہے۔

باسیل نے اتنی مضبوطی سے اسے پکڑا ہوا تھا کہ روحی جے پیر

زمین سے اوپر لے وہ پاؤں ہلاتے ہوئے حیرانگی سے

باسیل کو دیکھ رہی ہوتی ہے جو اسے واش روم میں گھسے

شاور کے لیے بڑھ رہا ہوتا ہے۔

انکل یہ کیا کر رہے ہیں۔۔؟؟

روحی باسیل کے ہاتھ پر ہاتھ مارے خود کو چھڑوانے کی کوشش

کرتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہارا دماغ درست کر رہا ہوں۔

باسیل روحی کو شاور کے نیچے کھڑا کیے اس کی آنکھوں میں

شرارتی انداز میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

میرا دماغ درست ہی ہے آپ کا خراب لگ رہا ہے مجھے تو

روحی سر اٹھا کر شاور کو دیکھتی ہے

ایسے خراب کرنے والی بھی تو تم ہی ہو نا آیا کرو

اتنا قریب کہ میری نیت خراب ہو جائے

روحی جیسے ہی اپنا سر اٹھاتی ہے باسیل روحی کی کمر کے گرد اپنی دونوں بازو

کا حصار باندھے روحی کی گردن جھکے روحی کو دیوار سے پن کردیتا ہے۔

روحی کی سانسیں رک گئ تھیں باسیل کی قریبی پر

وہ اپنی آنکھیں میچے ہوئے گہری سانس لیتے ہوئے باسیل کی شرٹ کو مضبو

سے اپنی مٹھیوں میں جکڑتی ہے۔

ب۔۔باسیل۔۔۔روحی ٹھہرے لہجے میں باسیل کو

پکارتی ہے۔۔

جی۔!!باسیل اس کی گردن کو آزاد کرتے روحی کی آنکھوں

میں دیکھتے ہوئے پیار سے پوچھتا ہے۔

باسیل میں نے نیچے جانا ہے عالیان کو ناشتہ کروانا ہے

اور پھر۔۔

روحی بول ہی رہی تھی کہ باسیل کے ہونٹوں پر قابض ہوئے اس کے

باقی کے الفاظ اپنے اندر قید کر چکا تھا۔۔

پہلے اس کے باپ کو تو اس کا ناشتہ دے دو وہ بھی

کافی دن سے بھوکا پیاسا ہے۔۔

باسیل روحی کے لبوں کو آزاد کرتا اس کے چہرے کے قریب

اس کے ہونٹوں کو فوکس میں لیتے ہوئے شرگوسی سے

کہتا ہے اور کہتے ہی پھر اس کے ہونٹوں پر قابض ہوجاتا ہے۔

روحی باسیل کی شرٹ کو مضبوطی سے پکڑے اپنی آنکھیں

بند کرگئی تھی

پر جلدی ہی خود کو کمپوز کیے وہ باسیل کے سینے پر ہاتھ

مارے اسے خود سے دور کرنے لگتی ہے۔۔

باسیل نہیں کریں نا پلزز م۔۔میں نے جانا ہے۔

روحی روتلو سی شکل بنا ممناتے ہوئے کہتی ہے۔

چلی جانا منع کب کیاہے لیکن اس وقت نہیں جو میں کررہا ہوں

وہ کرنے دو مجھے

روحی کی گردن پر جھکے اپنے لب رکھتے ہوئے وہ دھیرے

سے کہتا ہے۔۔۔

روحی باسیل کی سانسوں کی تپش پر اپنی شرٹ

کو اور مضبوطی سے جکڑنے لگی تھی۔۔

اب کب نہیں کرتے ہیں یہ سب ہر وقت تو رومینس آپ کے

سر چڑھا رہتا ہے۔

روحی اپنی آنکھیں بند کیے باسیل کی قربیی پر

سیراب ہوتے ہوئے کہتی ہے۔

کیا کروں 4 سالوں کا حساب بھی تو لینا ہے تم نے جتنا تڑپایا

ہے مجھے اس کی سزا بھی تو ملنی چاہیئے تمہیں

باسیل کہتے ہوئے روحی کی گردن کو آزاد کرتا اس کے چہرے کو دیکھتے ہو

وہ روحی کی کمر کے پیچھے سے

شاور کا وال کر دیتا ہے۔

شاور کا پانی جیسے ان پر گرنے لگتا ہے باسیل روحی پر

پھر قابض ہونے لگتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور ڈارک نیوی بلیو کلر کی سمپل گھیر والی لونگ فراک پہنے ہوئے پیروں

گولڈن رنگ کا خسہ پہنے ہوئے

ایک کندھے پر دوپٹہ سجائے جو پیچھے سے زمین کو کب رہا تھا کانوں اور گلے

کھالی چھوڑے

بنا کسی میک آپ کو شاور لیے فریش ہوئے سیڑھیوں سے نیچے

اتر رہی تھی۔

مہندی کا رنگ ابھی بھی گہرا تھا اس کے وہ انہی مہندی لگلے زخمی

ہاتھوں سے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے انہیں چہرے سے

ہٹاتے ہوئے سیڑھیوں سے اترتے ہوئے پورے مینشن کا معائنہ کررہی تھی۔۔

حال میں صوفے پر بیٹھے ہوئے دیریک اور تامیر دونوں لیپ ٹاپ پر دیکھتے ہوئے کام ہے حوالے سے باتیں کرنے میں مصروف ہوئے پڑے تھے۔

حور کو آتا دیکھ تامیر خود ہی جلدی سے صوفے سے اٹھ کر کیچن والی سائیڈ پر چلا جاتا ہے اور دیریک حور کو سر سے پیر دیکھتے ہوئے صوفے سے پشت ٹیکا لیتا ہے۔

دیریک دھیرے سے مسکرارہا تھا حور کی سادگی اس کو متوجہ کررہی تھی اس کی طرف

یہ سچ میں سادگی میں اتنی خوبصورت ہے یا میرا دماغِ ہو گیا ہے۔۔؟؟

حور کو دیکھتے ہوئے خود سے سوال کرتا ہے۔

حور آخری سیڑھی پر پہنچتے ہی وہ حیران کن نظروں سے

مینشن میں داخل ہوتے ہوئے درمیان میں لگے جھومر کو

دیکھ رہی تھی جو سفید رنگ کی روشنیوں میں چمکے

بے حد خوبصورت لگ رہا تھا۔

حور اس کو دیکھتے ہوئے ہلکا سا مسکراتی ہے پر جیسے ہی

اس سے نظر ہٹ کر حال میں دوسری جانب جاتی ہے دیریک اور حور کی

ایک دوسرے جیسے ہی ٹکراتی ہیں

دیریک کو دیکھتے ہوئے حور کی سانسیں روک گئی تھی چہرے پر

دو پل کے لیے آئی مسکراہٹ کہیں گم ہوگئی تھی

جبکہ دیریک کی نظریں اس سے ٹکراتے ہی اس کے چہرے پر

آتی ہوئی مایوسی کو دیکھتے ہوئے احتراماً جھکنے لگتی ہے۔

وہ صوفے سے پشت ٹیکائے حور سے نظریں ہٹائے لیپ ٹاپ

کی اسکرین کی طرف دیکھنے لگ جاتا ہے

کچھ پل ویسے ہی بیٹھے ہوئے وہ اپنے آپ کو کمپوز کیے

لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے دوبارہ حور کو دیکھتا ہے

اسے وہی بت بنے کھڑے دیکھ کر وہ اس کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

اس کے قدموں کی آہٹ سنتے ہوئے حور دوپٹہ کے نیچے

کیے ہاتھ میں مضبوطی سے فراک کو جکڑ لیتی ہے۔

دیریک کو پھر بھی اس کی بند مُٹھی نظر آجاتی ہے وہ حور

کو دیکھتے ہوئے اس سے دور کھڑا ہو جاتا ہے۔

مجھے لگا تھا کہ تم شاید نہیں آؤ گی۔۔!!!

وہ اس کا ڈر سمجھ رہا ہوتا ہے اسے خود سے مزید نا ڈراتے ہوئے دیریک

لہجے میں کہتا ہے۔

میں واپس چلی جاتی ہوں۔۔!!!

حور کہتے ہی فورا پلٹ کر پہلی سیڑھی پر قدم رکھنے والی

ہوتی ہے کہ دیریک

حور کو ٹچ کرنے کے بجائے اس کا دوپٹہ پکڑ لیتا ہے۔

رک جاؤ۔۔!!دیریک کے ہاتھ میں اپنا دوپٹہ محسوس

کرتے وہ پہلے ہی رہ چکی تھی۔

حور کا دل تیزی سے دھڑکنے لگ گیا تھا اپنی آنکھیں بند کیے گہری سانس

ہوئے وہ دو پل

اسی پوزیشن میں کھڑی رہتی ہے تاکہ اپنے آپ کو کمپوز کرسکے

دیریک کی نظریں اپنے ہاتھوں میں پکڑے حور کے

دوپٹہ پر ہوتی ہے ریشمی دوپٹہ اس کے ہاتھ سے دھیرے دھیرے

خود پھیسل رہا تھا وہ اسے پھسلتا دیکھ کر

مسکرارہا تھا ڈی جے اپنے ہاتھ میں دوپٹہ قید ہی کرنے والا

تھا کہ حور پلٹ کر اسے دیریک کے ہاتھ سے کھینچ

لیتی ہے۔

حور خاموش رہتی ہے دیریک کو دیکھتے ہوئے وہ خاموش

تھی پر اس کا پیٹ تھا جو زور شور سے آوازیں

کررہا تھا۔

اپنے پیٹ پر ہاتھ وہ آنے والی آوازوں کو روکنے کی کوشش کرتی ہے پر

رک نہیں رہی تھی حور کی شرمندگی کی

وجہ بنتی جارہی تھی۔

چلو کھانا کھا لو یہ اندر سے باہر نکل آئیں گے ورنہ

دیریک ڈائنگ ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

حور اس وقت کہنا چاہتی تھی کہ میں نہیں کھاؤں گی پر ٹیبل پر

گرم و گرم کھانا لگتا دیکھ کر حور کے منہ میں

پانی آنے لگ گیا تھا۔

حور اپنے کندھے پر دوپٹہ سیٹ کرتے ہوئے ڈائننگ ٹیبل کی

طرف چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائے بڑھتی ہے۔

دیریک بیچ والی کرسی پر بیٹھتا ہے حور کو دیکھتے ہوئے

پر حور دیریک کی طرف نہیں دیکھتی ہے اور اس کے سامنے والے

کرسی پر جا بیٹھتی ہے۔۔

دیریک کی نظریں مسلسل حور کے چہرے پر تھی جب حور کی

نظریں کھانے پر تھی۔۔

حور کی کھانے کو دیکھ ٹمٹماتی ہوئی نظروں کو دیکھ وہ مسکراتے ہوئے

نظریں اس پر سے ہٹاتا ہے۔

گھر کی لیڈی سرونٹ آکر دونوں کی پلیٹ میں کھانا ڈالے

کھانا ڈالتے ہی حور پہلے دیریک کو دیکھتے ہوئے جو اس وقت اس سے نظر

ہٹائے بیٹھا دی جے سے نظریں ہٹاتے وہ سر جھکا کر مسکراتے ہوئے کھانا

شروع کرتی ہے۔

حور کھانے لگتی ہے اس کے بعد دیریک بھی کھانا شروع کرتا ہے۔

تامیر کیچن سے نکلے ان دونوں پر سرسری سی نظر ڈالے وہ

حال میں صوفے کی طرف بڑھتا ہے جہاں دیریک

کا لیپ ٹاپ پڑا ہوا تھا۔۔

کھانا کھاتے ہوئے حور گردن موڑ کر تامیر کو دیکھتی ہے

یہ آپ کے بھائی ہیں۔۔؟؟؟

حیرانگی سے دیکھتے ہوئے وہ دیریک سے پوچھتی ہے۔

کون تامیر۔۔؟؟؟ دیریک حور کے سوال پر انگلی سے

تامیر کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

حور کے سوال پر تامیر کے کان بھی کھڑے ہوگئے تھے۔

جی۔۔!!!جوس کا گلاس لبوں سے لگاتے ہوئے ہاں میں سر ہلاتے

ہوئے کہتی ہے۔

ہاں بھائی ہے۔دیریک مسکراتے ہوئے جواب دیتا ہے۔

اور آپ کے ماما بابا وہ کہاں ہیں۔؟؟

حور گلاس ٹیبل پر رکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

حور کے سوال پر دیریک اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے چمچ پر گرفت مض

کرنے لگتا ہے۔

تمہارے علاوہ اور کوئی نہیں ہے اب میری زندگی میں

دیریک حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں بھی نہیں ہوں میں صرف پیسے لوٹا دینے کی وقت تک ہوں

جب پیسے دے دوں گی آپ کو چلی جاؤں گی میں

یہاں سے دور سب سے دور

حور دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے کہتی ہے۔

تمہیں کوشش کرنی ہے جانے کی تو تم کر کے دیکھ لو

پر یہ یاد رکھو میں تمہیں کہیں بھی نہیں جانے دوں گا جو

میرا ہے وہ میرا ہے اور میرا ہی رہے گا

ڈیریک پلیٹ میں چمچ میں رکھے اٹل لہجے میں کہتے

ہوئے وہ کرسی سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

حور بھی اپنا کھانا چھوڑ کر ڈیریک کو دیکھنے لگتی ہے۔

ویسے تمہیں لگتا ہے کہ تم رپورٹنگ سے اتنا پیسہ کما لوں

گی کو تم مجھے اپنی قیمت سے کر مجھ سے

رہائی پا سکو۔۔؟؟؟

ڈیریک حور کی طرف بڑھتے ہوئے سخت نظروں سے دیکھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

ماحول کو گرم ہوتا دیکھ کر تامیر لیپ ٹاپ اٹھائے اسٹڈی روم

کی طرف بڑھ جاتا ہے۔

آپ کو کس نے کہا کہ میں رپورٹنگ سے پیسے کماؤں گی۔۔؟

حور کہتے ہوئے دیریک کے سامنے کرسی سے اٹھ کھڑی ہوتی ہے۔

تو کیا کرو گے بینک لوٹو گی یا کسی کا قتل کرو گی۔۔؟

دیریک اپنے دونوں ہاتھ ٹراؤزر کی جیب میں ڈالے

تجسّس سے پوچھتا ہے۔

کاش کہ میں قتل کرنے کا ہنر رکھتی تو یقیناً اس وقت کسی کی

ہوس کا نشانہ نا بنی ہوتی

حور کی باتوں پر دیریک کے دماغ کی رگیں تن گئی تھیں

وہ اپنے ٹراؤزر کی جیب میں ڈالے ہاتھوں کی مٹھیاں

بھینچنے لگتا ہے۔۔

اور رہی بات بینک لوٹنے کی تو آپ کو اس کی فکر کرنے کی

ضرورت نہیں ہے میں کہیں سے بھی لاؤں آپ

کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑنا چاہیے۔

حور اپنی کھالی سوجھی ہوئی آنکھیں دیریک کی آنکھوں میں

ڈالے اٹل لہجے میں کہتی ہے اور کہہ کر اس کو کراسس کیے

آگے بڑھنے لگتی ہے دیریک کو کراس ہی کرنے لگتی ہے پر

اس سے دو قدم کے فاصلے پر کھڑی ہو جاتی ہے۔

میں ریپوٹر نہیں ہوں مجھے کبھی گھر سے باہر قدم رکھنے

نہیں دیا ہے کسی نے کوئی مجھے

رپورٹنگ کرنے کی اجازت کیسے دے گا اور وہ بھی میرے

بابا جیسا انسان

حور سر اٹھا کر دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے

جو حیرانگی اور تجسّس کے ملے جلے تاثرات کے ساتھ

اس کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔

تم رپوٹر نہیں ہوں۔۔؟؟؟

دیریک تجسّس سے پوچھتا ہے۔۔

نہیں میں نہیں ہوں۔۔!!!حور پرسکون انداز میں جواب دیتی ہے۔۔۔!!!"

♡_____♡.....♡_____♡

ک۔کیا مطلب تم وہ رپورٹر نہیں ہو جس نے میرے بارے میں

انٹرویو کیا تھا۔۔؟؟؟

ڈیریک حور کی طرف متوجہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

سوال کرتا ہے۔

مُجھے کسی کی زندگی سے کوئی غرض نہیں ہے میں خود کے جینے کی لیے سانس

تلاش کرتی ہوں

آپ کی زندگی میں شامل ہوکر ان کو برباد نہیں کرنا چاہتی

حور ڈیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے دھیمے لہجے میں

کہتی ہے۔۔

پر اب تم شامل ہوگئی ہو۔!!

ڈیریک اٹل لہجے میں کہتا ہے۔

وقتی طور کے لیے واپس چلی جاؤں گی۔

حور نظریں چراتے ہوئے کہتی ہے۔

غلط فہمی ہے یہ تمہاری کہیں نہیں جاؤں گی تم میں نہیں

جانے دوں گا اگر جانے کا نام بھی لیا نا

وائفی تو اچھا نہیں ہو گا تمہارے لیے

دیریک حور کی طرف بڑھتے ہوئے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سخت

انداز میں کہتا ہے۔

آپ چاہتے کیا ہیں مجھ سے۔؟؟

حور بے زار لہجے میں پوچھتی ہے۔

جواب جاننے کی ضرورت ہے ابھی بھی کچھ دیر پہلے

سب بیان کر چکا ہوں تمہیں

ڈیریک ٹراؤزر کی جیب سے ہاتھ نکالے اپنی ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے بولا

اور میں نے آپ سے کچھ کہا تھا آپ وہ بھول گئے ہیں۔؟؟

حور بھی اٹل لہجے میں مدمقابل کھڑے ہوئے شخص

کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے غصے میں پوچھتی ہے۔

نہیں یاد ہے جس پل سے تم میری زندگی میں شامل ہوئی ہے تُمہارے س

گزرا اس وقت سے ہر پل ہر لمحہ تمہارا

ہر لفظ مُجھے ذہین نشین ہو چکا ہے۔

تم مجھے یاد ہونے لگی ہو اور میں ایک بار یاد کی ہوئی

باتیں نہیں بھولتا ہوں۔۔

دیریک مزید ایک قدم حور کی جانب بڑھاتے ہوئے ایک

ایک لفظ شدت سے کہتا ہے۔

لفظوں کے جال مت بیچھائے آپ کو بتا چکی ہوں

اچھے رویہ سے آپ سے کسی سے کوئی امید نہیں ہے مجھے

حور اپنے قدم دیریک سے دور کرتے ہوئے کہتی ہے۔

دور مت جاؤ وائفی مجھ سے پہلے بھی کہہ چکا ہوں مجھ

سے جتنا دور جاؤں گی اتنا قریب بے حد قریب آؤں

گا میں تمہارے

دیریک حور کی طرف بڑھنے لگتا ہے پر وہ اس کے چہرے پر

تھکی ہاری ہوئی مسکراہٹ دیکھ کر وہ رک جاتا ہے۔

آپ کی بات تو ماننی پڑے گی مجھے آخر کار میں آپ کی

خریدی ہوئی ہوں مجھے قریب لانے کے لیے ہی تو مجھے

اپنے اس مینشن میں لائیں ہیں نا۔۔؟؟

حور دیریک کو دیکھتے ہوئے اس کی جانب قدم بڑھاتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

ویسے شادی کرنے کی ضرورت نہیں تھی آپ کو پیسے بھرے

ہیں جو دل میں آئے وہ کرسکتے ہیں آپ

پھر کیوں کی مجھ سے شادی۔۔؟؟

حور کہتے کہتے خود ہی رک جاتی ہے۔

آہ ہ۔۔مجھے وہ رپورٹر سمجھ کر مجھ سے شادی کی ہے پر

میں تو وہ ہوں ہی نہیں اب۔۔؟؟

حور چہرے پر مسکراہٹ سجائے مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

اب کیا۔۔؟؟؟

دیریک تجسّس سے پوچھتا ہے۔

اب استعمال کریں اور آزاد کریں "

حور چہرے سے مسکراہٹ غائب کرتے ہوئے گہری سانس لیتے

ہوئے کہتی ہے۔

تمہیں مجھ سے آزادی چاہیے۔؟؟؟ دیریک حور کی

دوبارہ نم ہوتی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

ہمم مجھے سب سے آزادی چاہیے

حور کی آنکھوں میں نمی مزید بڑھنے لگ گئی تھی۔

ٹھیک ہے میں نے تمہارے لئے 2 ملین پاؤنڈ دیے ہیں لوٹا دوں

میرے پیسے تمہیں خود رہا کر دوں گا

باعزت طریقے سے وہ بھی

حور کی آنکھیں حیرانگی سے پھٹ گئیں تھیں۔

کیا۔۔؟؟؟ وہ حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

جی ہاں میرے 2 ملین پاؤنڈ مجھے واپس کر دو جس دن

پیسے دے دو گی اس دن تمہیں چھوڑ دوں گا

اور جب تک تم نہیں کرتی تم میری صرف میری بن کر رہو گی وہ بھی ا

بیوی کی حیثیت سے

منظور ہے تمہیں۔۔؟؟

ڈیریک دونوں ائیبرو اٹھاتے ہوئے حور کی طرف ہاتھ بڑھاتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ پھر چھوڑ دیں گے مجھے خود ہی۔۔؟؟

حور کبھی ہاتھ کو تو کبھی ڈیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

ہاں آگر تم نے میرے 2 ملین پاؤنڈ واپس کر دیے تو

اور آگر نہیں کر پائی تو۔۔؟؟؟

ڈیریک کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی حور سوال کر بیٹھتی ہے۔

"تو تم پوری زندگی کے لیے میری"

دیریک کندھے اچکاتے ہوئے پرسکون انداز میں کہتا ہے۔۔

میں لوٹا دوں گی آپ کے پیسے

حور دیریک سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہتی ہے۔

لیکن آپ بھی۔۔۔۔

حور بولتے ہوئے دیریک ہے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھوڑوائےوہ

سر جھکا کر بولنے لگتی ہے کہ دیریک اس کی بات

کا مطلب سمجھتے ہوئے خود بول پڑتا ہے۔

میں قریب نہیں آؤں گا اپنی حد میں رہوں گا لیکن اگر تم نے

کوئی حد پار کی جیسا کہ میرے علاوہ کسی کی آنکھوں میں دیکھا میرے علاوہ کسی

کے اتنے پاس نظر آئی

تو اس دن سے ہر لحاظ ختم کردوں گا پھر پاس آؤ اور

کتنا پاس تم اندازاہ بھی نہیں لگا سکتی ہو۔۔!!!

حور کے بلکل قریب اپنے اور اس کے درمیان ایک فٹ کا

فاصلہ قائم کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

مجھے کسی کے قریب جانے کا شوق نہیں ہے۔

حور سر اور نظریں اٹھا کر دیریک سے دھیرے سے کہتی ہے۔

ہونا بھی نہیں چاہیے ورنہ اپنی آن سکرین رومینٹک فلم

تمہیں لائیو دیکھاؤں گا۔۔

تھوڑا سا جھک کر حور کے قد کے برابر آئے اس کی کھالی گہری لائٹ برا

آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتاہے۔۔

میں فلمیں نہیں دیکھتی۔۔!!حور دیریک کی آنکھوں سے نظریں

ہٹائے نظریں جھکاتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے دھیرے سے کہتی

۔

میں جو فلم دیکھاؤں گا تمہیں اس کے بعد تم ہر دن وہ

دیکھنے کی خواہش مند ہو جاؤ گی۔۔

دیریک حور کو اس کی جھکی پلکوں کو اس کے معصومیت سے بھرے چہرے

دیکھتے ہوئے شرارتی لہجے میں کہتا ہے دیریک حور کو اس طرح دیکھ رہا تھا

وہ

کوئی معجزہ ہو ایک ایسا معجزہ جیسے دیکھنے کے لیے ناجانے وہ کب سے بے

ہو۔۔"

وہ اس کی بے چینی دیکھتے ہوئے اس سے دور ہوتے گہری سانس

بھرتا ہے۔

اپنا ناشتہ ختم کرو۔۔!!دیریک اپنا رُخ موڑتے ہوئے لائبریری کی

طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہہ کر وہ لائبریری کی

طرف بڑھنے لگتا ہے کہ حور پیچھے سے اس کی کمر سے شرٹ

کو پکڑے اس کے بڑھتے ہوئے قدموں کو روک دیتی ہے۔

سنیں۔۔حور ہچکچاتے ہوئے دھیرے سے پکارتی ہے۔

حور نے دیریک کے قدموں کے ساتھ ساتھ اس کی سانسیں

بھی روکنے کی ایک چھوٹی سی معصوم سی

کوشش کی تھی جس میں وہ اچھے سے کامیاب ہو چکی تھی۔

سنائیں۔۔!!!ڈیریک اپنے آپ کو کمپوز کرتے ہوئے حور کی طرف

پلٹتے ہیں بولا

و۔۔وہ مجھے گھر جانا ہے۔۔!!

ڈیریک کے مڑتے ہی اس کی شرٹ خودبخود اس کے ہاتھ

سے چھوٹ جاتی ہے۔

حور لڑکھڑائے لہجے میں کہتی ہے۔

تم پھر سے شروع ہو گئی ہو منع کر دیا ہے نا کہیں نہیں

جاؤ گی۔"

ڈیریک تھوڑا سخت لہجے میں کہتا ہے۔

وہ۔۔م۔میں نے اپنا سامان لینا ہے۔

وہ سر جھکائے ہوئے دھیمی آواز سے کہتی ہے۔

کوئی ضرورت نہیں ہے پرانے سامان کی جو چاہیے مجھے

بتاؤ میں منگوا کر دوں گا۔

حور کے جھکے سر کو دیکھتے ہوئے اپنی آواز

دھیمی رکھ کر کہتا ہے۔

ن۔۔نہیں مجھے وہ کے پیسوں کا نہیں چاہیے وہ ہی چاہیے

حور سر اٹھائے ضدی انداز میں کہتی ہے۔

میرے پیسوں کا کیوں نہیں کیا اس میں کانٹے لگے ہوئے ہیں

جو تمہیں چبھ جائیں گے۔۔؟

غصے میں جلے بھنے تاثرات سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ا۔ایسی بات نہیں ہے مجھے مزید آپ سے کچھ نہیں چاہیے بس میں زیادہ

برداشت نہیں کر سکتی ہوں

حور اب دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

شوہر ہوں تمہارا حق سمجھ کر استعمال کرو بوجھ سمجھوں گی تو زندگی بھر

تلے دبتی جاؤ گی کیونکہ میں بہت کچھ کرنے والا ہوں تمہارا لیے۔۔

لہجہ اٹل تھا سامنے کھڑی ہوئی حور کو اپنی باتوں میں گھمانے

میں باخوبی اپنا کردار ادا کر رہے تھا۔

م۔میرے لیے کچھ بھی کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے

حور غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔

روک سکتی ہو مجھے۔۔؟؟؟

ڈیریک ہلکا سا مسکراتے ہوئے دونوں آنکھیں اس اُٹھاتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

حور جواباً خاموش تھی وہ اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے

غصے میں بس دیکھ رہی تھی دیکھتے دیکھتے وہ

ڈیریک کو دھکا دیتے ہوئے واپس سیڑھیوں سے ہوتے ہوئے

اپنے کمرے کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔

حور جاتی ہے پر ڈیریک اسے پلٹ کر نہیں دیکھتا ہے وہ

اسی انداز میں کھڑا رہتا ہے جب تک حور کے

قدموں کی آواز آنا بند نہیں ہوتی ہے۔

حور کے قدموں کی آواز بند ہوئی تھی اور ڈیریک نے اپنا رُخ

لائیبریری کی طرف موڑا تھا۔

لائیبریری میں داخل ہوتے ہی جو پہلی کتاب ہاتھ لگی وہ

اٹھائے دور سے ہی تامیر کی طرف زور سے

پھینک مارتا ہے۔

آہ ہ۔۔کتاب زور سے بائیں بازوؤں پر لگتے ہی تامیر پھٹی ہوئی

آنکھوں سے کھلے منہ سے دیریک کو دیکھنے

لگتا ہے جو غصے میں اس کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔

ک۔۔ک کیا ہوگیا ہے بھائی۔۔۔؟؟؟

تامیر ہڑبڑاتے ہوئے صوفے سے کھڑا ہوتے ہوئے پوچھتا ہے۔

بیواقوف ،گدے ،سانڈ جیسے آدمی تمہیں میں نے اس

ریپورٹر لڑکی کو اٹھا کر لانے کا کہا تھا نا کہ کسی معصوم

لڑکی کو۔۔!!

ڈیریک ایک اور کتاب تامیر کی طرف پھینکتے ہوئے کہتا ہے

جو اب کی بار وہ کیچ کر چکا تھا۔۔

تو حورین ابراہیم وہی ہے نیوز ریپورٹر۔۔!!

تامیر بڑی بڑی آنکھیں کیے اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

پر وہ کہہ رہی ہے وہ ریپورٹر ہی نہیں ہے۔!!

ڈیریک تامیر کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

ایسا کیسے ممکن ہے وہ وہی ریپورٹر ہے وہی نیوز اینکر جس نے آپ کے

باپ پر سوال اٹھائے تھے۔۔"

تامیر حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے

ہی لیپ ٹاپ کو اپنے ہاتھ میں اٹھائے

اس پر وہی ڈیٹیلز سرچ کرنے لگتا ہے جیسے دیکھنے کے بعد

وہ دیریک کو لیے لندن آیا تھا۔

یہ دیکھیں نیوز اینکر حورین ابراہیم یہ وہی ہے۔۔!!!

تامیر لیپ ٹاپ کا رخ ڈی جے کی طرف کیے حورین کی تصویر دیریک

دیکھاتے ہوئے کہتا ہے۔

حور کی سفید تھری پیس سوٹ میں تصویر دیکھ کر وہ

حیرانگی سے لیپ ٹاپ تامیر کے ہاتھ سے لے لیتا ہے۔

حور نے کہا تھا وہ ایسے کپڑے بھی نہیں پہنتی ہے تو پھر یہ

سب کیا ہے۔۔؟؟؟

دیریک تجسّس و جستجو کے عالم میں حور کی تصویر کو دیکھتے

ہوئے خود سے سوال کرتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل فریش ہوئے تیار ہو کر فل بلیک کلر کے تھیری پیس سوٹ

پہنے ہوئے جس کا کوٹ چھوٹے صوفے پر رکھا ہوا تھا اور خود

عالیان کے ساتھ بڑے صوبے پر بیٹھا ہوا مستیاں کررہاتھا۔

پوری حویلی میں آج پہلی بار عالیان کے قہقہ گونج

رہے تھے۔

جنہیں سنتے ہوئے روحی بھی بلیک کلر کی سمپل سی لونگ فراک

پہننے ہوئے جیسی وہ پاکستان میں پہننے پھیرتی تھی

بالکل ویسی بلیک کلر کی لونگ فراک پہنے گورے چٹے پیروں میں بلیک کلر

خسہ پہننے ہوئے دونوں ہاتھوں میں چھ چھ کالی چوڑیاں ڈالے ہوئے گلے میں

روح باسیل "

کا بے حد خوبصورت سا نیک لیس پہننے ہوئے کانوں کو کھالی

چھوڑے بالوں کو کھلا چھوڑے اپنے دونوں کندھوں پر دوپٹہ

سیٹ کرتے ہوئے روحی عالیان کی ہنسی پر مسکراتے ہوئے

سیڑھیوں سے نیچے اتر رہی تھی۔

باسیل عالیان سے مستی میں پورا تھا وہ اس سے سرسری سی نظر ہٹا کر سر اٹھا

ہے کہ روحی کو سر تا پیر

اپنے رنگ میں دیکھے اس کے چہرے کے ساتھ ساتھ اس کی

آنکھیں بھی چمک اٹھتی ہے اور بے ساختہ اس کے منہ نکالتا ہے۔

"ماشاءاللہ " باسیل کی نظر روحی پر دیکھتے ہوئے عالیان

بھی مڑ کر روحی کی طرف دیکھتا ہے۔

اپنی ماں کو دیکھتے ہوئے وہ دوڑتا ہوا اس کے پاس

جاتا ہے۔

جب تک عالیان پہنچتا ہے روحی آخری سیڑھی پر پہنچ

چکی تھی بھاگتے ہوئے عالیان کو اپنی طرف آتا دیکھ اس

کے پاس پہنچنے پر اسے گود میں اٹھائے وہ دوسرے صوفے

کی طرف لیے بڑھتی ہے۔۔

ماما آپ بہت پیارے لگ رہے ہو۔۔!!

عالیان روحی کے گال پر کس کرتے ہوئے کہتا ہے۔

وہ کس کرتا ہے پیچھے صوفے پر بیٹھا باسیل اپنا گلہ کھنکارتا ہے جس پر ر

کے چہرے پر نا ختم ہونے والی مسکراہٹ چھا جاتی ہے۔

شکریہ میری جان " روحی کہتے ہوئے عالیان کے ہاتھوں

کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے اس کے ہاتھوں پر کس

کرتی ہے۔

باسیل بھی ان دونوں کو دیکھتے ہوئے مسکرارہا تھا

ناشتہ کرلیا آپ نے۔۔؟؟ روحی عالیان کے کپڑوں کی طرف دیکھتے

پوچھتی ہے۔

ہمم بابا نے کروایا۔۔!!عالیان بلکل دھیمے لہجے میں کہتا ہے

کہ باسیل تک اس کی آواز نا جائے

مطلب بابا بابا بن رہے ہیں آپ کے دشمنوں والے کام

چھوڑ دیے ہیں۔۔

روحی بھی دھیرے سے بڑی بڑی آنکھیں کیے کہتی ہے۔

یہ تعریف تھی یا پھر۔۔۔

باسیل کہتے ہوئے صوفے سے اٹھ روحی عالیان کی طرف بڑھ

رہا ہوتا ہے کہ اس کی آواز پر روحی پلٹ کر باسیل کو

دیکھتی ہے اسے دیکھتے ہی روحی ہے چہرے پر مسکراہٹ چھا

جاتی ہے جیسے وہ دانتوں تلے دبائے ضبط کرنے کی چھپانے

کی کوشش کرتی ہے۔

باسیل روحی کی ہنسی پر مسکراتے ہوئے اس کی جانب بڑھتا ہے اور اس

پیچھے کھڑا ہو جاتا ہے۔

ان پر ظلم مت کرو ان پر ظلم کرنے کا حق صرف میرا ہے

باسیل سرگوشی نما انداز میں تھوڑا سا جھک کر روحی کے

کان کے قریب آکر کہتا ہے۔

اس کی بات پر چہرے پر سجی مسکراہٹ مزید گہری ہو جاتی ہے۔

آپ نے ناشتہ کیا۔۔؟؟؟ روحی مڑ کر باسیل کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے بامشکل اپنی ہنسی دباتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ہاں کیا تو ہے پر بھوک ابھی بھی ہے

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے شرارتی لہجے میں

کہتا ہے۔

ٹھیک ہے تو آپ کا کر ناشتہ کریں اور میں اپنا کام یاد

ہو تو کل شادی ہے اور تیاریاں میں نے کرنی ہیں۔۔

روحی عالیان کو صوفے سے اٹھاتے باسیل کی گود میں

دیتے ہوئے کہتی ہے۔

تم نے ناشتہ نہیں کرنا ہے۔؟؟؟ باسیل عالیان کو گود میں

اُٹھاتے ہوئے روحی کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں میرا پیٹ بھر گیا ہے۔!!

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

خدا حافظ ٹیڈی بیئر۔۔۔!!!روحی انگلیوں کے بل کھڑی ہو کر

باسیل کہ گود میں عالیان کے گال پر کس کرتے ہوئے

کہتی ہے۔

روحی عالیان کو کس کیے اپنے پیر زمین پر سہی سے رکھنے

والی ہوتی ہے کہ باسیل عالیان کا رخ دوسری جانب موڑے

روحی کے لبوں پر لب کشائی کرتا ہے۔

روحی باسیل کے لبوں کو محسوس کرتے ہوئے باسیل ہے سینے

پر ہاتھ مارتے اسے خود سے دور کرتی ہے اور اپنے

اطراف میں نظریں دوڑاتی ہے۔

باسیل جگہ بھی دیکھ لیا کریں آپ کبھی۔!!

روحی گھوریا کرواتے ہوئے کہتی ہے۔

جگہ میں دیکھ لوں گا تم بس مجھے دیکھتی رہا کرو

باسیل آنکھ ونک کرتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ نہیں سدھریں گے م۔۔میں جارہی ہوں

روحی عالیان کے ہاتھ پر کس کرتے ہوئے جلدی سے حال سے

باہر نکلے گاڑی کی طرف بڑھتی ہے۔

ڈرائیور پہلے ہی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا ہوتا ہے روحی کا بیگ گاڑی میں ہی

ہوا تھا کل سے وہ گاڑی کی پچھلی

سیٹ پر بیٹھتے ہی بیگ میں سے آئی پیڈ نکالے

اس پر ویڈنگ حال کے ڈیکوریشن ڈیزائین دیکھنے لگتی ہے

اتنے میں اس کے آئی پیڈ پر ہی ان لائن کال آنے لگتی ہے

روحی یونیورسٹی کا نام دیکھ کر گہری سانس لیتے ہوئے

کال اٹھاتی ہے۔

llo??..

روحی فون اُٹھاتے ہی بے زاری سے کہتی ہے۔

this Roohi Sikandar??..

فون کی دوسری طرف سے آواز آتی ہے۔

s I'm!!!..

روحی گہری سانس لیے کہتی ہے۔۔

ease come university sir wants to meet you"..

فون کے دوسری طرف سے جلدی جلدی میں آواز آتی ہے۔

hom sir??..

روحی تجسّس سے پوچھتی ہے۔

iversity Owner "Irak Yourgun"

نام پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

k Yourgun!!!...

kay I'm coming".

روحی نام دہراتے ہوئے کہتی ہے۔

ڈرائیور گاڑی اسٹارٹ کیے گاڑی حویلی سے باہر

لیے بڑھتا ہے اس کے پیچھے دو گاڑیاں مزید گارڈز کی

حویلی سے باہر نکلتی ہیں۔

اسکول جانے کے بارے میں کیا خیال ہے تمہارا۔؟؟

روحی کے جاتے ہی باسیل کی گود میں چڑھے ہوئے عالیان کو دیکھتے ہو

پوچھتا ہے۔

ماما کہتی ہیں برے خیالوں سے دور رہنا چاہیے ورنہ

آپ کو نقصان ہو جاتا ہے۔۔

عالیان باسیل کی گود سے نکلتے ہوئے کہتا ہے۔

واہ واہ۔۔۔اپنے مقصد کے مطابق دونوں ماں بیٹے

کسی بھی بات کا رخ کیسے اپنی طرف موڑ لیتے ہو

صدقے جاؤں میں تم دونوں کے

باسیل عالیان کو اپنے چھوٹے چھوٹے پیروں سے دوڑتے کھیلتے

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

چیچ۔۔باسیل ہنستے ہوئے مڑ کر صوفے کے پاس سائیڈ

ٹیبل سے اپنا موبائل اٹھانے کے لیے بڑھا ہی تھا کہ

دروازے سے سمیر جلد بازی میں داخل ہوتا ہے۔۔

سمیر کو دیکھتے ہوئے ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے قدم

رک جاتے ہیں باسیل کے اور مڑ کر وہ سیریس فیس میں

سمیر سمیر کو اپنی طرف بڑھتا دیکھنے لگتا ہے۔

کیا ہوگیا ہے تمہیں اتنی جلدی میں کیوں ہو۔۔؟؟؟

باسیل سمیر سے نظریں ہٹا کر ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

و۔۔وہ کل جس آدمی کو کڈنیپ کیا کوئی اسے لے گیا ہے

سمیر بوکھلاتے ہوئے باسیل کی پشت دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ٹیبل سے موبائل اٹھاتے ہوئے ہاتھ ایک بار پھر تھم گئے تھے

باسیل کے وہ مڑ کر سخت نظروں سے سمیر کو

دیکھنے لگتا ہے۔۔

کون لے گیا۔۔؟؟؟ باسیل حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

جوابا سمیر خاموشی سے سر جھکا لیتا ہے۔

تم۔۔۔۔باسیل دھاڑنے والا تھا کہ حال میں عالیان کو دیکھ کر

وہ خاموش ہو جاتا ہے۔۔

ke him and change his clothes..

باسیل حکمانہ انداز میں حویلی میں کام کرتی لیڈی

سرونٹ کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

لیڈی سرونٹ جلدی سے عالیان کو گود میں اٹھاتے

عالیان کو روم میں لے جاتی ہے عالیان کا سیٹ کیا ہوا چھوٹا

سا پر بے حد خوبصورت روم میں جہاں اس کے کپڑے اور

جوتے وغیرہ سب موجود تھے۔

عالیان کے جانے تک باسیل خاموش رہتا ہے اس کے جاتے ہی

وہ خون اترتی نظروں سے سمیر کو دیکھتا ہے

جو سر جھکائے ہوئے کھڑا تھا۔

اس آدمی کی انفورمیشن بھی نہیں ہوگی یقینا۔۔؟؟

باسیل اپنی شرٹ کے شروع کے بٹن کو کھولتے ہوئے سمیر

کی طرف بڑھتا ہے۔

باسیل کو اپنے طرف آتا دیکھ کر سمیر پیچھے کی طرف قدم

اٹھانے لگتا ہے قدموں سے پہلے وہ سر اُٹھاتا ہے

جیسے ہی نظر اٹھاتا ہے باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

اس کے قدموں کے ساتھ ساتھ اس کی سانسیں بھی رکنے

لگتی ہیں۔

♡_____♡.....♡_____♡

کچھ پوچھا ہے تم سے۔۔؟؟

باسیل سخت لہجے میں پوچھتا ہے اور دوسرا بٹن

کھولے سمیر کے سامنے کچھ فاصلے پر کھڑا ہوتا ہے۔

و۔۔وہ انفورمیشن تو مل گئی تھی لیکن۔۔

لیکِن۔۔؟؟؟ باسیل اس کے ادھورے الفاظوں کو پکڑے

پوچھتا ہے۔

وہ باسیل سر اس نے آدمی کا خاکہ بتایا ہے اس کا نام نہیں

ہم نے پوری کوشش کی تھی

اس سے نام جاننے کی پر اس کا ایک ہی جواب تھا وہ بھی

نہیں جانتا ہے نام

اس کو سر سے پیر تک خون میں تر کر دیا گیا تھا جسم چھیننی

ہوچکا تھا اس کا اس نے ہر سوال کا ہر بار ایک ہی جواب دیا تھا کہ وہ نہ

جانتا ہے۔

سمیر ہمت جوڑے باسیل کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

کیا خاک بتایا ہے اس نے۔۔؟؟

باسیل گہری سانس لیتے ہوئے اپنے غصے کو کنٹرول

کرنے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

جو اس نے بتایا ہے ہوبہو اس کا نقشہ بتاؤ بھی اور تصویر

میں بھی اتارو

باسیل کہتے ہوئے مڑ کر ڈائنگ ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے

حکمانہ انداز میں کہتا ہے۔

جی سر تصویر کا پہلا ہی کہہ چکا ہوں خاکہ نگاری جلد ہی

پیش کردی جائے گی آپ کے سامنے اور اس کا خاکہ

کچھ اس طرح بتایا تھا۔۔

6 فٹ سے نکلتا قدم تقریباً ساڑھے 6 فٹ تک لمبے لمبے ہاتھ

جن میں اس کی ساری نسیں صاف واضح رہتی ہے

کالے گھنے بال جو ہمیشہ جیل سے سیٹ رہتے ہیں

براؤن آنکھیں ہو قسم کے نشانات سے صاف پاک صرف چہرہ ہی

نہیں اس کے ہاتھ پیر ہر چیز صاف ستھری

سر سے پیر تک برینڈیڈ چیزیں پہننے والا اور ایک الگ سی

قسم کا پرفیوم لگانے والا جس کی خوشبو سمجھ تو

نہیں آتی ہے لیکن ہوتی بہت پیاری ہے۔

سمیر کہتے کہتے رک جاتا وہ خود اس شخص کو اس کے نقوشوں

کو امیجن کرنے لگتا ہے پر۔وہ نہیں کر پاتا ہے۔

خاموش کیوں ہو گئے۔۔؟؟ باسیل ڈائننگ ٹیبل پر پڑے ہوئے

جگ میں سے پانی گلاس میں ڈالتے ہوئے پوچھتا ہے۔

باسیل کی آواز پر سمیر ہوش کی دنیا میں آتا ہے پر خاموش

رہتا ہے۔

اس کے علاوہ بھی کچھ ہے۔۔؟؟

باسیل گلاس لیے صوفے کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

ہاں اس کے پر دل کے مقام پر اس نے یہ ٹے ٹو بنایا ہوا ہے

ایک "کیکڑے" کا ٹے ٹو

سمیر سوچتے ہوئے باسیل کو بتاتا ہے۔

کیکڑا۔۔؟؟؟ باسیل حیرانگی سے اس کی بات دہراتا ہے۔

اسے لے جانے وقت کی کوئی سی سی ٹی وی فوٹیج ہے۔؟؟

باسیل صوفے سے پشت ٹیکاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

جی سر ہے۔۔!!سمیر کہتے ہوئے کوٹ کی جیب سے موبائل

نکالے موبائل پر کیمرے کی فوٹیج آن کرتے ہوئے

باسیل کی طرف بڑھتا ہے۔

باسیل صوفے سے پشت ہٹاتے ہوئے اپنی ٹانگوں پر دونوں

بازوؤں رکھے موبائل میں فوٹیج دیکھنے لگتا ہے۔

دو منٹ دیکھتا ہی ہے اور فون بند کیے وہ زمین کی جانب

دیکھنے لگتا ہے۔

اور دیکھتے ہوئے وہ قہقہ لگا کر ہنس پڑتا ہے۔

کھیل کھیلنا چاہتا ہے وہ بھی ایک کھلاڑی کے ساتھ

میرے ساتھ۔۔۔؟؟؟

باسیل کولڈ لک میں زمین کو دیکھتے صوفے سے اٹھ کھڑا

ہوتا ہے ہاتھ بڑھا کر فون سمیر کو واپس

کرتا ہے اور حویلی کی بند کھڑکی کی طرف بڑھنے لگتا ہے جو باہر گارڈن کا

دیکھاتی ہے۔

مجھے کھیلوں کو کھیلنا اور ان کو جیتنا بہت اچھے سے

آتا ہے اس نے نام کے علاوہ باقی اپنا سب پیش کر کے اپنا پہلا قدم رکھ

ہے

باسیل کھڑکی کے پاس پہنچے اسے دونوں ہاتھوں سے

پکڑے

زور سے کھولنے لگتا ہے۔

اب میری باری ایک قدم آگے رکھنے کی

باسیل گہری سانس لیتے ہوئے دونوں ہاتھ کھڑکی میں

رکھے تھوڑا جھکتے ہوئے کہتا ہے۔

سر آپ کیا کریں گے۔۔؟؟ سمیر تجسّس سے پوچھتا ہے۔

کھیلوں گا ایک ایسا کھیل جس میں مہرا ایک ہو گا اسے پکڑنے

والے انیک

باسیل کھڑکی سے باہر کڑکتی دھوپ میں ہوا میں لہراتے ہوئے درختوں پود

گارڈن میں موجود ہر شے کو

دیکھتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی کو یونیورسٹی پہنچے ہوئے آدھا گھنٹہ ہوگیا تھا

وہ "اراک یورگن" کے آفس میں بیٹھے ہوئے وہ وہاں کی ہر ایک شے

کا اچھے سے جائزہ لے رہی تھی۔

ایک بہت بڑا اور ایک بے حد خوبصورت سا سمپل سا کمرہ

پورا کمرہ لائٹ گیرے رنگ میں رنگا ہوا تھا اس میں ایک طرف صوفے س

کیا ہوا تھا اس کے بلکل سامنے

اراک یورگن کی کرسی اور ٹیبل اس کے دائیں ہاتھ پر چھت سے

زمین تک بک شیلف بنی ہوئی جس میں کتابیں بھری

پڑی تھیں۔

روحی کمرے کی ہر چیز کو دیکھ دیکھ کر انتظار میں

تھک چکی تھی وہ بے زار انداز میں صوبے پر بیٹھی ہوئی تھی۔

اُفف حد ہوگئی ہے بھائی میں کیا ویلی ہوں جو ایسے ہی

یہاں ان کا انتظار کررہی ہوں اور وہ آنے کا

نام ہی نہیں لے رہے ہیں۔۔!!!

روحی غصے میں بے زاری میں صوفے سے اٹھتے ہوئے کہتی ہے

اگر میرے انکل کا انتظار کرنا ہوتا تو میں پوری زندگی کرلیتی

لیکِن کسی اور آدمی کا مجھ سے نہیں ہوتا ہے سر پھاڑ دوں گی میں ان کا

روحی ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے ہوئے آفس روم سے باہر

جانے کے لیے قدم بڑھاتی ہی ہے کہ پر رک واپس اسی

صوفے پر گر جاتی ہے۔

میرا کام ہے تو مجھے انتظار کرنا پڑے گا۔

روحی روتلو سے انداز میں خود سے کہتی ہے اور صوفے سے

پشت ٹیکاتی ہے۔

کچھ دیر مزید انتظار کے بعد روحی پھر صوفے سے اٹھ

کھڑی ہوتی ہے۔

بیٹھے رہنے سے تو کچھ نہیں سوائے میرے دماغ خراب

ہونے کے امیروں کے آفس کا جائزہ لے لینا چاہیے

روحی کمر پر ہاتھ باندھے ہوئے "اراک" کے ٹیبل کی طرف دبے دبے ق

اٹھاتی ہے۔

بندہ کتنا امیر ہے کتنی ساری چیزیں رکھی ہوئی ہے اس نے تو

روحی حیرانگی سے ٹیبل پر پڑی ہوئی مہنگی

مہنگی چیزیں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

بھائی تو امیر لگ رہے ہیں ہاں ہمیں ہی تو لوٹ کر امیر ہو رہا ہے

واہ رے قسمت پیسے بھی ہم دیں محنت بھی ہم کریں

پھر مصیبتیں بھی ہمیں ہی جھیلنی پڑیں گی واہ واہ

روحی گھوم پر پورے روم میں نظریں گھوماتے ہوئے کہتی ہے۔

چیزیں تو ساری اچھی ہیں

پر مجھے نہیں پسند مہنگی چیزیں سب بکواس ہے

روحی گندا سا منہ بنا کر گھومتے ہوئے اراک کی کرسی کی طرف

بڑھتی ہے کرسی کے پاس پہنچ کو وہ ایک نظر گھوم کر

دروازے کی طرف دیکھتی ہے جہاں کوئی نہیں تھا

وہ جیسے ہی واپس کرسی کی طرف دیکھتی ہے

دروازے سے اندر ایک لمبا چوڑا کسرتی باڈی والا انسان

داخل ہوتا ہے دروازے سے اندر روم میں ایک قدم

ہی رکھے ہوئے تھا کہ کرسی کے پاس روحی کو دیکھے اس

کے قدم وہی رک جاتے ہیں دونوں ہاتھ سینے پر باندھے ہوئے

روحی کو دیکھنے لگتا ہے۔

روحی کسی کو نا پا کر اس کرسی کی پشت پر ہاتھ رکھے

کرسی کو گھوماتے ہوئے وہ اپنے منہ میں پاوٹ بنائے

وہ کرسی روکے اس پر بیٹھ جاتی ہے اور بیٹھتے ہی وہ کرسی

پر گھومتے ہوئے ہنستے ہوئے وہ اراک کی کرسی کا مزہ

لے رہی تھی

ابھی وہ ایک بار اور گول گھومی ہی تھی کہ دروازے میں کھڑا

شخص لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا روحی کی طرف بڑھتا ہے

روحی کی طرف کرسی کی پشت دیکھے وہ روحی کے پیچھے

کھڑا ہو کر زور سے کرسی کو گھمائے روحی کا رخ اپنی طرف

موڑتا ہے۔۔

آہ ہ ہ۔۔۔۔روحی اچانک سے کرسی گھومنے پر ڈرتے ہوئے

کہتی ہے۔

روحی کا رخ جیسے ہی اس آدمی کی طرف مڑتا وہ اپنی آنکھیں

زور سے میچے ہوئے ڈری ہوئی سانسیں لیتے ہوئے

بامشکل سر اٹھا کر اس آدمی کو دیکھتی ہے۔

6 فٹ سے نکلتا ہوا قد چوڑی کسرتی باڈی گورا رنگت کلین شیو چہرہ

ہر نشانات سے پاک صاف آنکھوں پر گوگل لگائے ہوئے

کالے گھنے بالوں کو جیٹ سے سیٹ کیے ہوئے دونوں ہاتھ سینے

پر باندھے سر جھکائے وہ کرسی پر بیٹھی ہوئی روحی کو

دیکھ رہا تھا جو جیسے چوری پکڑی جانے پر اپنی سانسیں

روکے ہوئے تھی۔

روحی ڈرتے ہوئے اپنی آنکھیں ٹمٹماتی ہوئی کرسی سے

اٹھنے لگتی ہے کہ اراک سینے سے ہاتھ ہٹائے روحی کی طرف جھکتا ہے

اسے اپنی طرف دیکھتے ہوئے روحی دوبارہ کرسی پر دبک پر

بیٹھ جاتی ہے ۔

ho are you princess???...

اراک اپنا بائیاں ہاتھ ٹیبل پر رکھے روحی کے چہرے کے

سامنے آتا اس کی اتھل پتھل ہوتی سانسوں کو اس ڈری سہمی

نظروں میں دیکھتے ہوئے وہ کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔۔

روحی کی سانسیں ہی روکنے لگی تھی وہ سن کر بھی اس کی بات نہیں سن

تھی وہ سب اراک کے چہرے کو

دیکھے جارہی تھی اس کی قید میں خود کو دیکھتے ہوئے

روحی کو مذید عجیب سی فیلنگ اس رہی تھی۔

ease step back from me...

روحی اراک کے چہرے سے نظریں ہٹاتے ہوئے دھیمے لہجے میں

کہتی ہے۔

y i need to do that when you are sitting on my chair!!!...

اراک گردن موڑ کر روحی کی اٹھتی گرتی پلکوں کو

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

sorry!!!...

روحی نظر اٹھا کر کہتی ہے پر فوراً سے شرمندگی کے مارے

دوبارہ سر جھکا لیتی ہے۔۔

okay"...

روحی کا جھکا سر دیکھ کر اراک روحی سے دور ہوتا ہے

اپنی آنکھوں سے چشمہ اتارے روحی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

اراک کے دور ہوتے ہی روحی جھٹ سے کرسی سے اٹھے ٹیبل کے دوسری طرف جا کھڑی ہوتی ہے اس کا دل اتنی تیزی سے دھڑک رہا ہوتا ہے کہ ابھی پسلیاں توڑ باہر نکل آنے کو تیار تھا۔۔

آ۔۔آپ کی تعریف۔۔؟؟؟

اراک چشمہ ٹیبل پر رکھے اپنا کوٹ اتارتے ہوئے روحی کو بنا دیکھے پوچھتا ہے۔

ہیں۔۔؟؟؟ آپ کو اردو آتی ہے۔؟؟؟

کیوں اردو اتنی مشکل زبان ہے جو ہر کسی کو نہیں آتی ہو گی۔۔؟؟

اراک ایک ائیبرو اٹھاتے ہوئے کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

ن۔۔نہیں میرا مطلب یہ نہیں تھا م۔۔تو بس۔۔

روحی شرمندگی سے حیرانگی پر آجاتی ہے پر جیسے ہی

اراک اس کے چہرے کو دیکھتا ہے نظریں مزید ملنے سے پہلے ہی وہ سر

لیتی ہے۔

میں روحی سکندر ہوں۔۔روحی گہری سانس لیے پر سکون

ہوکر بتاتی ہے۔

میرا مطلب ہے آپ کون ہیں یہاں کیا کررہی ہیں۔۔؟؟

اراک کرسی پر بیٹھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میں میڈیکل کی اسٹوڈنٹ ہوں میرے پیپیرز میں مسئلہ

آیا ہے جو اس کے لیے کچھ پیپیرز پر سائن کرنے کے لیے بلایا ہے

روحی اراک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے بتاتی ہے جو

لیپ ٹاپ میں نظریں جما چکا تھا۔

اس کی جھکی ہوئی پلکوں کو دیکھتے ہوئے روحی پل کے

لیے خاموش ہو جاتی ہے۔

اس کی خاموشی کو محسوس کرتے ہوئے اراک سر اٹھا کر

روحی کی طرف دیکھتا ہے روحی اراک کی آنکھوں کا کلر

دیکھنے کے لیے اس کی آنکھوں میں دو پل کے لیے دیکھتی

جبکہ سامنے والا ایک ہی نظر میں اسے سر سے پیر تک

دیکھ لیتا ہے۔

نظریں جھکا لیں مجھ پر کسی کی نظریں پسند نہیں

اراک لیپ ٹاپ پر روحی کے نام کا فارم اوپن

کرتے ہوئے لیپ ٹاپ اس کی طرف بڑھاتا ہے۔

ان پیپیرز کی بات کر رہی ہیں۔؟؟ اراک اپنے دونوں ہاتھ ٹیبل

پر رکھے انہیں آپس میں جوڑے ہوئے

روحی کے چہرے کو اس کی آنکھوں کو دیکھتے ہوئے کہتا

ہے جو لیپ ٹاپ کی اسکرین پر جمی ہوئی تھیں اسے

دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

یہ پیپیرز تو میں نے پہلے ہی کلیئر کر دیے تھے اب ان میں

ہی مسئلہ آرہا ہے۔؟؟

روحی لیپ ٹاپ ہاتھ میں اٹھائے پیپرز کو اچھے سے دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

پہلے جو پیپیرز آپ کو دیے گئے تھے وہ دوسرے مالک کے

تھے جو فیک ڈاکیومنٹ بناتے ہیں

یہ اوریجنل ہیں۔۔!!!

اراک کرسی سے اٹھتے ہوئے بک شیلف کی طرف بڑھتے

ہوئے کہتا ہے۔

کیا مطلب ہے اس بات کا۔۔؟؟

روحی لیپ ٹاپ واپس ٹیبل پر رکھے حیرانگی سے پوچھتی ہے۔۔

مطلب یہ کہ مس روحی آپ کے پیپیرز فیک تھے جن کی بنا

پر آپ کا کرئیر بننے والا نہیں تباہ ہونے والا تھا

یہ اوریجنل ہیں ان پر سائن کریں تاکہ ہم پروسیجر شروع کریں۔۔

اراک بک شیلف میں سے ایک بک نکالتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے نہیں لگتا ہے کہ وہ غلط ہیں میں نے دیکھ کر ان پر

سائن کیے تھے۔۔

روحی اراک کی پشت کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے ۔

آپ کو وہ ٹھیک لگتے ہیں تو وہ ٹھیک ہونگے اگر آپ کا

اپنا کیرئیر شروع ہونے سے پہلے ہی ختم کرنا چاہتی ہیں تو آپ

شوق سے کریں۔۔

اراک روحی کو دیکھتے ہوئے اس کی طرف بڑھتے ہوئے

کہتا ہے اس کا لہجہ انتہائی پر سکون تھا نا چہرے پر کوئی

تاثرات تھے۔

آپ وقت لے لیں سمجھ لیں پھر سائن کر لیجی‍ئے گا

اراک روحی جے بلکل سامنے کھڑے ہو کر اس کی گرین گہری

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

روحی خاموشی سے اس کے چہرے کو دیکھ رہی تھی اور

دیکھتے

ہوئے وہ ہلکا سا مسکرا کر اپنی گردن پھیر لیتی ہے۔

ٹھیک ہے سر میں جلد ہی آپ کو بتاؤں گی فلحال ضروری ہے

یہ میرے لیے پر کسی سے کیے وعدے سے زیادہ نہیں

میں چلتی ہوں آپ باقیوں کی زندگی میں آئے مشکلات کو ختم کرلیں تب ک

مجھے بھی فیصلہ لینے میں آسانی

ہو جائے گی۔

روحی بھی پرسکون سانس لیتے ہوئے اراک کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔

امید کرتی ہوں کوئی مسئلہ نہیں ہو گا وقت کم ہے پر کوئی بعد

جلدی کا کام ویسے بھی شیطان کا ہوتا ہے۔

یقیناً مجھ سے پہلے بھی یہاں کے اسٹوڈنٹس کے ساتھ

یہ مسئلہ آرہا ہو گا میں اکیلی نہیں ہونگی اس میں اس لیے آپ

ان کا پہلے کرلیں پھر میرا کرلینا۔۔

روحی دونوں ائیبرو اٹھاتے ہوئے اراک کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

شک کررہی ہیں آپ۔؟؟ اراک کتاب پکڑے ہاتھ کمر پر باندھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

شک۔۔۔؟؟ شک تو بنتا نہیں ہے رولز کے حساب سے پہلے سب

ہوچکا ہے اب جب جانے کی باری آئی تو اچانک سے مسائل

کیسے آگئے بس یہ سمجھنے سے قاصر ہوں

روحی دھیمے لہجے میں ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہتی ہے۔

پر آپ مالک ہیں آپ نئ جینزریشن کی مدد کررہے ہیں ان

کے علم میں اضافہ کررہے ہیں انہیں مجھے کچھ بننے کا راستہ

دیکھانے والے ہیں آپ یقیناً آپ کو شک تو نہیں ہونا چاہیے

روحی صوفے کی طرف اپنا بیگ لینے کے لیے بڑھتے ہوئے کہتی ہے اور

آپ پر شک ہوتا ہے کسی کو تو سمجھ جائیں

اس کی وجہ آپ خود دے رہیں ہیں کوئی اور نہیں

روحی کہتے ہی وہ سرسری سی نظر دیریک پر ڈالے

روحی آفس روم سے باہر نکل جاتی ہے۔

روحی کے جاتے ہی اراک ہاتھ میں کتاب پکڑے ہوئے وہ اپنی

کرسی کی طرف بڑھے کرسی پر بیٹھتے ہی ڈرار سے

نظر کا بلیک کلر کے ہلکے سے فریم والا چشمہ لگائے چہرے پر

ہلکی سی مسکراہٹ سجائے وہ کتاب کھولے اسے

پڑھنے لگ جاتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

آ۔۔آپ ان سے پوچھ کیوں نہیں لیتے وہ چھپا کیوں رہی ہیں۔۔؟؟

تامیر دیریک کو حیران پریشان دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا پوچھوں میں اس سے وہ بولتی کم ہے اور روتی زیادہ ہے

اسے کچھ بھی کہنا مطلب اپنے آپ کو برباد کرنا

رہنے دو جہاں میری زندگی میں اتنے جھوٹ ہیں وہاں ایک اور سہی۔۔

دیریک لیپ ٹاپ تامیر کو دیتے ہوئے کہتا ہے۔

ہر رشتہ جھوٹ کی بنا پر چل سکتا ہے اس دنیا میں پر میاں

بیوی کا نہیں۔۔

تامیر لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے سنجیدگی سے کہتا ہے۔

میاں بیوی کا بھی چل سکتا ہے اگر جھوٹ یا تو میاں کی یا

پھر بیوی کی بھلائی کے لیے ہو تو۔۔!!

دیریک تامیر کو کراس کرتے ہوئے صوفے کے سامنے

پڑے ٹیبل کی طرف بڑھتا ہے جہاں شراب کی بوتل دیکھے

وہ اسے اٹھانے کے لئے بڑھتا ہے۔

اس میں کیا بھلائی ہے وہ پہلے ہی دن جھوٹ کا سہارا لے

رہی ہیں آگے یہ جھوٹ جب بڑھ جائیں گے تو کیا ہوگا۔؟؟

تامیر مڑ کر دیریک کی پشت کو دیکھتے ہوئے بولتا ہے

تامیر کی نظر ابھی دیریک کے ہاتھ میں شراب کی بوتل

پر نہیں گئی تھی۔۔

آگے۔۔؟؟ تم آگے کی بات کر رہے ہو وہ میرے ساتھ ایک دن

ایک پل نہیں رہنا چاہتی نفرت کرتی ہے وہ مجھ سے

دیریک شراب کی بوتل کا ڈھکن کھولتے ہوئے اس کے منہ

سے لگاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

یہ کیا کر رہے ہیں۔۔؟؟ تامیر جلدی سے دیریک کے پاس آتا اس

کے ہاتھ سے بوتل کھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

منہ سے بوتل لگی ہی تھی کہ تامیر اسے کھینچ چکا تھا۔

یہ کیا حرکت ہے۔۔؟؟؟ دیریک حیران کن نظروں سے

دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

اب آپ مسلمان ہیں آپ یہ نہیں پی سکتے ہیں۔۔"

تامیر گہری سانس لیتے ہوئے لیپ ٹاپ اور بوتل دونوں ٹیبل

پر رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا مطلب ہے اب اس بات کا۔؟؟؟

ڈیریک بے زار انداز میں پوچھتے ہوئے صوفے پر

گرتا ہے۔۔

مطلب آپ کی شراب بند کلب بند بار میں جانا بند

کوئی بھی ایسی جگہ جس کی آپ کو اجازت نہیں آپ کا وہاں

جانا بند۔۔۔!!!

تامیر ڈیریک کو دیکھتے ہوئے ایک ایک بات پر زور دیتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

اور میرا یہ سب بند کیوں۔؟؟؟

دیریک جھک کر اپنے دونوں ہاتھ اپنے پٹو پر رکھے جھکتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

کیونکہ اب آپ مسلمان ہیں کل رات ہی میں نے ساری ریسرچ کی ہے

کے لیے جس جس کی اجازت مذہب میں

نہیں اب آپ وہ نہیں کرسکتے ہیں۔۔

تامیر اٹل لہجے میں ہلکا سا مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔۔

دیریک خاموشی سے اس کا چہرہ دیکھتا ہے جس کی دھیرے دھیرے

مسکراہٹ گھیری ہوتی جارہی تھی۔

سانڈ جب میں غصہ میں ہوں تو سامنے سے ہنسا مت کرو

میں تمہاری جان لے لوں گا کسی دن

دیریک اپنے لب بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

ریپورٹرز کہاں تک پہنچیں ہسٹری نکال لی ہوگی انہوں نے میری ایک بج

ریپوٹر دوسری یہ دنیا ریپورٹر بنی پڑی ہے۔

سب ریپورٹر ریپوٹر کھیل رہے ہیں میرے ساتھ

دیریک صوفے سے پشت ٹیکاتے ہوئے کہتا ہے۔

ان کا حال نا ہی جاننے تو بہتر ہے جتنی جلدی سے اس دُنیا

میں اچھائی پھیلتی ہے اس سے دوگنی اسپیڈ سے

برائی جھوٹ پھیلتا ہے۔

تامیر دوبارہ لیپ ٹاپ اٹھائے دیریک کے پاس صوفے پر

بیٹھتے ہوئے کہتا ہے۔

اب کیا کرسکتے ہیں یہ دنیا ہے جینا ہے تو سب کرنا پڑے گا

دیریک گردن موڑ کر تامیر کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

وہ سب تو ٹھیک ہے مجھے ڈر ہے کہیں اس کی وجہِ سے آپ کے

نیو فلم کے کانٹریک نا کینسل ہو جائیں۔۔"

تامیر فکر مندی سے لیپ ٹاپ میں نظریں جمائے ہوئے کہتا ہے۔

جرمنی میں جو کر دیکھیں گے یہ فلمی دنیا کے مسائل

ابھی جو حقیقت میں ہیں میری ان کا بتاؤ۔۔

ڈیریک تامیر کی طرف اپنا رخ موڑ کر اپنی ٹانگ فولڈ

کرتا تامیر کو بولتا ہے۔

میں حقیقی دنیا کے مسائل ہی بتا رہا ہوں آپ کی جرمنی میں

نیو فلم کی سکرپٹ لندن بیسڈ ہے کل میٹنگ کے لیے

جانا ہے اور دو دن بعد سے شوٹنگ شروع ہے آپ کی

تامیر فلم کانٹریک ڈیریک کے آگے بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

تم نے مجھے اس کے بارے میں پہلے تو نہیں بتایا تھا۔۔!!!"

ڈیریک بنا لیپ ٹاپ میں دیکھے تامیر کو گھورتے ہوئے

بولتا ہے۔

امم۔۔ہمم۔۔میں نے بتایا نہیں تھا آپ کو۔۔!!

تامیر گلا کھنگھارتے ہوئے صوفے پر پیچھے کی طرف کھسکتے

ہوئے کہتا ہے۔

تم مروں گے تم میرے ہی ہاتھوں سے مرو گے سانڈ۔!!!

ڈیریک وہی لیپ ٹاپ تامیر کو مارنے والے انداز میں اس کی

طرف کرتا ہے پر مارتا نہیں ہے رک جاتا ہے۔

آہ ہ ہ۔۔کیا مصیبت ہے ڈیریک کہتے ہوئے صوفے سے اٹھ

کھڑا ہوتا ہے۔

میرا مینشن سے باہر نکل کر لوگوں کی نظروں میں آنا سوائے

سوالوں کی بوچھاڑ کے اور کچھ نہیں کرے گا

وہ سارے سوال ایک ایک کر کے سب کے سامنے آئیں گے جو میں

نہیں چاہتا کہ دنیا کے سامنے آئیں۔

دیریک گہری سانس لیتے ہوئے اپنے ہاتھوں سے اپنے ماتھے

پر آئے بالوں کو ہٹاتے ہوئے ٹہلتے ہوئے کہتا ہے۔

تامیر صوفے پر بیٹھا خاموشی سے اس کو دیکھے اس کی

پریشانی کو سمجھ رہا تھا۔

پر یہ سب فیس تو کرنا پڑے گا آپ کو

ماضی کی سب کی خاص بات یہ ہے کہ وہ ماضی ہو کر بھی

ماضی نہیں ہوتا ہے

اس سے نکلنے کی کوشش میں تو بڑے بڑے لوگ ہار گئے ہیں

آپ تو پھر بھی ان کے سامنے کچھ نہیں۔۔

تامیر صوفے سے اٹھتے ہوئے دیریک کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

تم میری بے عزتی کررہی ہو۔۔؟

دیریک اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

نہیں بے عزتی نہیں ہے اور اس کرنے کے بارے میں سوچ بھی

نہیں سکتا ہے۔

پر حقیقت ہے ماضی ایک بار دہرایا ضرور جاتا ہے

چاہے کچھ بھی ہو جائے تجربہ سے بتا رہا ہوں آپ کو

تامیر سنجیدگی سے مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

تمہارا تجربہ ہے تو یقیناً میرے استعمال میں ضرور آئے گا

شکریہ۔۔!!

ڈیریک تامیر کے سینے پر ہاتھ مارتے ہوئے مسکراتے ہوئے

کہتا ہے۔

ٹھیک ہے کل سے ان مشکلات کو دیکھیں گے آج نہیں

ڈیریک کہتے ہوئے الٹے پیر لائبریری سے باہر نکلنے لگتا ہے۔

ایک کام کرو حور کے اسٹوڈیو جاؤ اس کی معلومات لینے

کے لیے

ڈیریک دروازے کی طرف بڑھتے بڑھتے رک جاتا ہے

اور مڑ تامیر کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ اس سے خود نہیں پوچھیں گے۔۔؟؟؟ تامیر

دونوں ہاتھ کمر پر باندھتے ہوئے کہتا ہے۔

پوچھ لیتا اگر وقت مناسب ہوتا اسے کچھ بھی کہہ کر اپنے

اور اس کے راستے مزید جدا نہیں کرنا چاہتا ہوں۔۔

دیریک مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

سوچ اچھی ہے پر۔۔

پر ور کچھ نہیں پہلی بار کسی کے بارے میں سوچ رہا

ہوں سوچ لینے دو مت ٹوکو مجھے

دیریک کہتے ہی واپس پلٹ جاتا ہے اور لائیبریری سے باہر

نکل جاتا ہے اور سیدھا کمرے کا رخ کرتا ہے جس کا دروازہ

کھلا ہوا تھا لاک نہیں تھا

دیریک اندر داخل ہونے سے پہلے دروازے کو نوک کرتا ہے

پر اندر سے کوئی جواب نہیں آتا ہے۔

ایک بار اور کرتا ہے۔۔

جواب اس بار بھی کوئی نہیں آتا ہے۔

دیریک حور کی کل کی حالتِ کا سوچتے ہوئے دیریک کا دل دھڑک اٹھا تھا

جھٹ سے کمرے

کا دروازہ کھولے اندر داخل ہوتا ہے تو سیدھا اس کی نظر

بیڈ کے آگے زمین پر سفید رنگ کی صاف ستھری چادر

پر نیوی بلیو کلر کے کپڑوں میں ملبوس حور اپنی ظہر کی

نماز ادا کر رہی تھی آنکھوں میں آنسوؤں بھرے پڑے

جو ایک کے بعد ایک کرکے اس کے گال کو چھوتے ہوئے

اس کی گود میں گر رہے تھے۔۔

حور کو نمازِ پڑھتا دیکھ کر دیریک کے دل کی دھڑکنیں نارمل

ہونے لگتی ہے وہ حیرانی سے پر پرسکون انداز میں

حور کو دیکھتے ہوئے دھیرے سے کمرے کا دروازہ بند کرتا

دبے دبے قدم اٹھاتا حور کے پیچھے والے صوفے کی

طرف بڑھتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور کو نمازِ پڑھتا دیکھ وہ مسکراتی ہوئی نظروں سے حور

کو دیکھتے ہوئے اس کے پیچھے صوفے پر بیٹھے ٹانگ پر ٹانگ

رکھے وہ صوفے سے پشت ٹیکائے وہ ہلکی سی گردن موڑ کر

حور کو دیکھنے لگتا ہے۔

حور کی آنکھوں سے گرتا ایک ایک آنسو دیریک کو گرتا ہوا

نظر آرہا تھا۔

آنسوؤں کو دیکھتے ہوئے وہ پھر بھی پرسکون انداز میں

مسکرا رہا تھا۔

حور سلام پھیرے بنا اپنے ہاتھوں پر تسبیح کریں حور ڈائریکٹ

دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتی ہے اپنی آنکھیں بند کیے وہ وہ اپنے

چہرے کے قریب کندھے سے نیچے ہاتھ کیے ہوئے وہ دعا

مانگ رہی تھی لیکِن لفظوں سے اس کا اقرار نہیں کررہی تھی وہ سسکیاں

ہیں ہوئے خاموشی سے دعا مانگ رہی تھی لگاتار 10 منٹ تک وہ دعا کے

ہاتھ اٹھائے

روتے ہوئے اپنی اذیتوں کی اپنی تکلیفوں کی شکایت

کرنے میں مصروف رہتی تھی۔

حور کی سسکیوں کی آواز پر دیریک کے چہرے کی مسکراہٹ

گھیری ہوتی جارہی تھی۔

حور اپنی لمبی دعا کے بعد جیسے ہی ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرتی ہے اسے د

ہوئے دیریک اپنے آپ کو جلد کمپوز

کیے مسکراتے ہوئے چہرے سے سیریس فیس میں

آجاتا ہے۔

حور چہرے پر ہاتھ پھیرے جیسے ہی اپنی گردن موڑتی ہے

اس کی نظر صوفے پر بیٹھے ہوئے دیریک پر پڑتی ہے جو اسے

ہی دیکھ رہا ہوتا ہے۔

کیا مسئلہ ہے گھور کیوں رہے ہیں آپ۔۔؟؟ حور سبکی لیتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

گھور تو نہیں رہا ہوں اچھی نظروں سے دیکھ رہا ہوں

دیریک پرسکون انداز میں صوفے سے کمر ہٹائے آگے کی طرف جھکتے ہو

کہتا ہے۔

اچھی نظریں یہ مجھے کہیں سے نہیں لگ رہی ہیں

مت دیکھیں مجھے ایسے۔۔!!"

حور سفید چادر سے اٹھتے ہوئے اسے فولڈ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

میں تو دیکھوں گا حق حاصل ہے مجھے کل رات تم نے

خود دیا تھا بھول گئی ہو۔۔؟؟

حور کو الماری کی طرف جاتا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

نہیں یاد ہے کل رات دیا تھا پر آج صبح لے بھی لیا ہے وہ بھول گئے

آپ۔۔؟؟

حور الماری میں چادر رکھے دروازہ بند کرتے ہوئے پلٹ کر

دیریک کو دیکھتے ہوئے بولی

نہیں یاد ہے مجھے سب یاد ہے تمہاری ہر بات یاد ہے مجھے

لیکن تم بھول رہی ہو ٹچ کرنے سے منع کیا ہے

نظر بھر دیکھنے سے نہیں

دیریک صوفے سے اٹھتا کمر پر ہاتھ باندھے ہوئے حور کی

طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھ سے دل مت لگائیں۔۔!!

نماز کی طرح دوپٹہ اوڑھے ہوئے آنسوؤں سے بار بار صاف کرنے

پر لال ہوتے گالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتی ہے۔

وہ تو میں لگا چکا ہوں بہت جلد تم بھی مجھ سے اپنا دل لگا لو

بنا پلک جھپکائیں مسلسل حور کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

اس سے 3 فٹ کے فاصلے پر کھڑے ہو کر

کہتا ہے۔

کھلی آنکھوں سے سپنے نہیں دیکھے جاتے ہیں۔۔

حور سخت لہجے میں کہتی ہے۔

میں تو بند آنکھوں سے بھی نہیں دیکھتا تھا تم مجھے سپنوں

کی دنیا میں لے کر جا رہی ہو تم سپنے دیکھا

رہی ہو۔۔

حور کی طرف بڑھنے لگتا ہے پر کمر پر بندھے ہاتھوں کی مٹھیاں زور سے

ہوئے اپنے آپ کو روک دیتا ہے۔

سارا الزام اب مجھ پر لگا رہے ہیں کمال ہیں آپ تو۔!!

حور تنزیہ لہجے میں کہتی ہوئی دروازے کی جانب قدم

بڑھاتی ہے۔

الزام نہیں لگا رہا ہوں سچ بتا رہا ہوں تم وجہ بنی ہو میری

ہر چیز کی

حور دروازے کے ہینڈل کو ہاتھ میں کھولنے ہی والی تھی کی دیریک کی بات

اس کے ہاتھ رک جاتے ہیں۔

مجھے آپ کا کچھ نہیں بننا۔۔"

حور دو ٹوک لہجے میں دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

بن تو تم گئی ہو میری خوشیوں کی وجہ کے ساتھ ساتھ میرے سکون کی بھی

حور کی بھیگی ہوئی پلکوں کو دیکھتے ہوئے وہ آخری بات

دھیمے لہجے میں سر جھکا کر کہتا ہے۔

پر جس سے میں محروم ہوں۔

دیریک کی آواز اتنی تھی جتنی وہ خود سن پاتا ہے۔

حور کو آواز تو نہیں آئی تھی اس کی لیکن وہ دیریک کو دیکھتے ہوئے

ایک لمبی گہری سانس بھرتی ہے۔

آپ باتوں میں مجھے الجھا کر اگر یہ سوچ رہے ہیں کہ

میں آپ کی زندگی کا حصہ بن جاؤ گی آپ کی قیدی بن کر

آپ کے ساتھ رہنے کے لیے تیار ہو جاؤں گی تو

غلط فہمی ہے یہ آپ میں سچ سے میں دل سے آپ سے بے حد

نفرت کرتی ہوں شاید اپنے بابا سے بھی زیادہ

اب آپ سے کرتی ہوں۔۔

حور دروازے کے ہینڈل کو چھوڑے اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے

وہ اپنے غصے کو کنٹرول کرتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے تمہیں کہا ہے پہلے بھی حور مجھے اپنے باپ سے مت

ملواؤں تم مانو گی نہیں میری بات۔؟؟

دیریک کا لہجہ سخت تھا وہ غصے میں گھورتے ہوئے

کہتا ہے جہاں آنکھوں میں تھوڑی دیر پہلے احترام تھا وہ

محبت بھری نگاہوں سے دیکھ رہا تھا اب وہاں غصہ نے

جگہ لے لی تھی۔۔

دیریک کہتے ہوئے اپنی کمر سے ہاتھ ہٹائے حور کی طرف بڑھنے

لگتا ہے۔

'آ.. آپ دور رہ کر بھی بات کر سکتے ہیں

قریب آنے کی ضرورت نہیں ہے آپ کو ..!"

حور دیریک کو غصے میں اپنی جانب بڑھتا دیکھ کر ڈرتے

ہوئے بولی

' جس چیز کی ضرورت نہیں ہوتی ہے وہ میں

خود نہیں کرتا ہوں "

دیریک حور کے چہرے پر ڈر کے ایک ایک نقوش کو

بغور دیکھتے ہوئے اٹل انداز میں کہتا ہے۔

"ک.. کیا مطلب ہے..؟؟"

مزید قریب آتے ہوئے قدموں کو دیکھتے ہوئے بوکھلائے

لہجے میں پوچھتی ہے۔۔"

"مطلب یہ وائفی تمہیں اپنے بارے میں تھوڑا

سا بتانا اس وقت مجھے ضروری لگ رہا ہے۔۔

حور کے سامنے اس کے قریب کھڑے ہو کر ایک ہاتھ سے کمرے کا

تھوڑا سا کھلے دروازے کو بند کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"م..مجھے کچھ بھی نہیں جاننا ہے آپ کے

بارے میں آپ بس دور رہیں مجھ سے

حور کہتے ہی دوسری طرف دیریک کا ہاتھ نا پا کر نکلنے کی

کوشش کرتی ہے وہ نکلتی اس سے پہلے ہی

ڈیریک حور کے چہرے سے تھوڑے سے فاصلے پر دوسری

جانب دروازے پر اپنا ہاتھ رکھے حور کو

اپنے سامنے قید کر چکا تھا۔

ڈیریک کی قربیی پر حور اپنی سانس بند کیے خود دروازے سے پن ہو جاتی

۔

وہ قریب تھا لیکن اتنا نہیں کہ حور کو وہ چھو سکے

چہرے سے اس کے ہاتھ دور تھے اور اس کے جسم سے وہ

خود فاصلہ قائم کیے کھڑا تھا۔۔

جاننا تو پڑے گا تمہیں آخر کار پوری زندگی کا سوال ہے۔

ڈیریک حور کی ڈر کے مارے بگڑتی کیفیت کو سمجھتے

ہوئے کہتا ہے۔

" میں نے آپ کو بتا چکی ہوں میں آپ کی

زندگی کا حصہ نہیں بنو گی کچھ وقت کی بات ہے چلی جاؤ گی۔

حور اپنی سانسیں خود روکے بامشکل دیریک کی آنکھوں میں

دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے بولتی ہے۔

"تمہیں میں اتنا کمزور لگتا ہوں کہ اپنی پسند

کو اتنی آسانی سے چھوڑ دوں گا

دیریک کی باتوں پر حور سر جھکا لیتی ہے۔

"جس لڑکی کے لیے میں نے مذہب بدلنے سے پہلے

آپ بار نہیں سوچا اسے آسانی سے چھوڑ دوں گا بیواقوف لگتا ہ

تمہیں۔۔؟؟

دیریک حور کے جھکے ہوئے چہرے کی جانب دیکھ کر بولتا ہے۔

"مذہب بدلا مطلب...؟؟"

حور حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

جن آنکھوں میں دو سیکنڈ پہلے ڈر تھا اب وہاں حیرانگی

جگہ لے چکی تھی۔

"میرے مطلبوں میں الجھوں گی تو الجھ کر ہی

رہ جاؤ گی بس اس وقت اتنا سمجھ لو دور جانے کا ارادہ

ترک کردو اور مجھ سے جھوٹ بولنے کا بھی

'جن چیزوں سے نفرت ہے مجھے وہ مت کرو

کیونکہ تمہارے ساتھ زور زبردستی میں نہیں کرنا چاہتا ہوں

حور سے دور ہوتے ہوئے اس کے سوال کو آگنور کرتا ہے۔

"آپ دھمکی دے رہے ہیں..؟؟"

حور گہری سانس بھرتی دروازے سے دور ہوتی ہے۔

نہیں تمہارے بھلے کے لیے سمجھا

رہا ہوں۔

انتہائے پرسکون لہجے میں جواب دیتا ہے ۔

"آ... آپ ڈرا رہے ہیں۔۔"

حور دھڑکتے دل سے کہتی ہے۔

"ابھی تک تو ڈرانے کے ارادے سے نا تمہیں

دیکھا ہے نا تمہاری طرف قدم بڑھائیں ہیں لیکن ہاں

اگر تم نے ڈر کر جھوٹ بول کر مجھ سے دور جانے

کے لیے قدم بڑھائیں

دیریک حور کو سخت نظروں سے دیکھتے ہوئے اس کی

طرف مکمل متوجہ ہوئے بڑھتے ہوئے بولتا ہے

" ڈی جے کی اچھی اور رومینٹک سائڈ تو پوری دنیا

نے دیکھی تمہیں وہ دیکھاؤں گا جس کا تصورِ بھی کسی نے نہیں کیا ہو گا

دیریک کا اشارہ نیوز اینکر والے حور کے جھوٹ پر تھا۔

وہ ایک قدم ہی اُٹھاتا ہے کہ حور خود ہی دروازے سے

پن ہو جاتی ہے۔

اپنی سانسوں کو وہ ایک بار پھر روک چکی تھی۔

دیریک اسے ڈرتا دیکھ رک جاتا ہے گردن موڑے شیشے کی

دیوار جیسی کھڑکی کو دیکھے وہ آنکھیں بند کیے

گہری سانس لیتا ہے۔۔

اتنا ڈرتی کیوں ہو تم مجھ سے میں کوئی آدم خور جانور ہوں۔۔؟؟؟

دیریک چھوٹی چھوٹی آنکھیں کیے پوچھتا ہے۔

م۔میں تو نہیں ڈرتی۔۔"

حور ڈر کا گھونٹ حلق سے اتارتے ہوئے کہتی ہے۔

ہاں میں تو اندھا ہوں نا کل سے تمہارا یہ ہی حال ہے میں

کھا تھوڑی جاؤں گا تمہیں اگر تم مجھ سے ڈرو گی نہیں۔۔"

دیریک گہری سانس بھرتے ہوئے کہتا ہے۔

کھا جانے والی نظروں سے تو دیکھتے ہیں جیسے بس میرے ہاتھ آنے کا انتظار

رہے ہیں اور پھر کہہ رہے

میں آدم خور تو نہیں۔۔

حور ممناتے ہوئے دروازے سے دور ہوتے ہوئے کہتی ہے۔

کچھ کہا تم نے۔۔؟؟ دیریک حور کے جھکے سر

کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں تو میں تو بولتی ہی نہیں ہوں۔۔۔"

حور جھٹ سے بڑی بڑی آنکھیں کیے دیریک کو دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔

حور کی بڑی بڑی آنکھیں دیکھ دیریک بامشکل

اپنی ہنسی دباتا ہے۔۔

مجھے کام سے جانا ہے لیٹ ہو جائے گا تم کھانا کھا لینا

دیریک کہتے ہی ایک آئیبرو اٹھائے حور کے جواب کا انتظار کرتا ہے۔

م۔۔میں نے جواب دینا ہے۔۔؟؟

حور اپنی طرف شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

میرے سوال کرنے پر بنتا تو تمہارا جواب دینا ہی ہے۔

دیریک پرسکون سا کہتے ہوئے حور کی جانب قدم بڑھا جاتا ہے

جس پر حور کا دھیان بھی نہیں جاتا ہے۔

آپ جائیں بھلے مت آنا واپس مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے

حور کے جواب پر دیریک کے چہرے کی ہنسی اور اس کے حور کی جا

اٹھائے ہوئے قدموں پر اسے

افسوس ہونے لگتا ہے۔

بہت بہت شکریہ مجھے ایسا جواب دینے کا

دیریک دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی گردن جھٹکتے وہ

کمرے سے باہر جانے کے لیے بڑھتا ہے۔

دیریک کو دروازے کی طرف بڑھتا دیکھ حور جلدی سے سائیڈ

پر ہو جاتی ہے۔

ڈیریک اس کی حرکت کو دیکھتے ہوئے ایک نظر گھور کر

حور کو دیکھتا ہے اور اپنے دانت پیستے ہوئے وہ کمرے کا

دروازہ کھولے کمرے سے باہر نکل جاتا ہے۔

ڈیریک کے جاتے ہی حور دروازے کو لوک کیے جا کر صوفے پر دونوں

صوفے پر رکھے وہ خود میں

خود کو قید کرنے لگتی ہے۔۔

کمرے کا بند دروازہ دیکھتے ہوئے ڈیریک باہر کھڑا کھلے

منہ سے افسوس بھری نگاہیں دروازے پر ڈال رہا تھا۔

کیا ہوا ڈی جے۔؟؟؟

لائبریری سے نکلتے ہوئے تامیر کی نظر سیڑھیوں سے اوپر

کھڑے ڈی جے پر پڑتی ہے۔

نظر پڑتے ہی وہ پوچھ بیٹھتا ہے۔

یہ۔۔یہ ڈرتی ایسے ہے مجھ سے جیسے میں اس کو کچا کھا

جاؤں گا۔۔!!!

دیریک تامیر کو دیکھتے ہوئے دائیں ہاتھ سے

بند دروازے کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

نئ نئ شادی ہے نا وقت تو دیں اس کو۔۔!!

تامیر ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

تو میں وقت دینے کو تیار ہوں وہ وقت مانگے تو سہی

وہ تو ڈر کر میرے اور اس کے ہر قریب آنے والے راستے کو

بند کر رہی ہے۔۔

دیریک سیڑھیوں سے اترتے ہوئے تامیر کے چہرے پر

نظریں جمائے کہتا ہے۔

تو آپ تو راستہ کھول دیں پیار سے

تامیر شرارتی انداز میں بولا

لیکچر تو تم مجھے ایسے دے رہے ہو جیسے خود نے پی ایچ ڈی

کر رکھی ہو شادی کے معاملے میں

دیریک گندا سا منہ بنائے تامیر کے سامنے کھڑے ہو کر بولا

میں نے آپ کی فلموں سے ہی سیکھا ہے لڑکی کو امپریس

کرنے کا طریقہ کاش آپ بھی سیکھ لیتے وہ آج مجنو والی حرکتیں

نا کر رہے ہوتے۔۔"

تامیر ناک چڑھائے گندا منہ بنا کر بولا

واہ بیٹا میری بلی مجھ ہی کو میاو۔۔"

تامیر کو منہ بناتا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

خیر چھوڑو آجاؤ ڈیٹ پر چلتے ہیں ہم دونوں "

دیریک تامیر کے کندھے پر گھوما کر اپنی بازوؤں رکھے مسکرا

کر کہتا ہے۔

میرا دماغ خراب ہے زندگی میں پہلی بار ڈیٹ پر جاؤ گا

وہ بھی ایک آدمی کے ساتھ۔۔!!

تامیر کو تو جیسے کرنٹ لگ گیا ہو دیریک کی بات پر وہ

کرنٹ کھا کر دیریک سے دور ہوتے ہوئے کہتا ہے۔

اوو ڈائنا سور کی نئ نسل مجھے بھی کوئی شوق نہیں ہے

سانڈ جیسے آدمی کے ساتھ ڈیٹ پر جانے کا

جبکہ میں اب شادی شدہ ہوں اور ایک عدد خوبصورت معصوم

سی بیوی ہے میری پاس

دیریک تامیر کے سینے پر زور سے تھپڑ مارتے ہوئے جلے بھنے

انداز میں کہتا ہے۔

تو اس خوبصورت سی بیوی کو ڈیٹ پر کے کر جائیں میرا کردار کیوں

مشقوق بنا رہے ہیں۔۔"

تامیر اپنے سینے پر ہاتھ مسلتے ہوئے کہتا ہے۔

کیونکہ میں نے اس سے کہا ہے میں کام سے جا رہا ہوں آنے میں

لیٹ ہو جائے گا جب کہ میرے پاس کوئی کام نہیں ہے اس

وقت کرنے کے لیے تو تم چلو میرے ساتھ

ڈیٹ پر

دیریک کہتے ہی تامیر کا رخ دروازے کی طرف موڑے اسے

زور سے دھکا دیتا ہے۔

بھلا ویلے آپ ہیں میں نہیں میرے پاس کام ہے کرنے کو

ڈیٹ ویٹ کے لیے ٹائم نہیں ہے میرے پاس

تامیر مڑ کر دیریک ہے چہرے کو دیکھتے ہوئے بولا

تم چلو چپ کر کے پہلے آج کا دن ڈیٹ کریں گے پھر ہم کام

کریں گے جانمن۔۔"

دیریک تامیر کے گال کو ٹچ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

تامیر ایک بار پھر جھٹکے سے دیریک سے دور ہوتا بوکھلائے

انداز میں اس کو دیکھنے لگتا ہے۔۔

کیا ہو گیا ہے بھائی کیوں مجھ پر اتنا پیار لوٹا رہے ہو۔۔؟

تامیر کپڑے جھاڑتے ہوئے حیرانگی سے کہتا ہے۔

مجھے پیار آرہا ہے تم پر تو میں کیا کروں."

تامیر کی طرف بڑھتے ہوئے شرارتی لہجے میں کہتا ہے۔

کیا کروں کو کیا مطلب کنٹرول کرو میری عزت کا

لوٹو۔۔"

تامیر پیچھے کی جانب قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

میں تو لوٹوں گا۔۔"

دیریک ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

اگر مجھ پر اتنا ہی پیار آرہا تھا تو مجھ ہی سے شادی کر لیتے

کسی اور سے شادی کرنے کی کیا ضرورت تھی۔؟؟؟

تامیر دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے بڑی بڑی آنکھیں کیے

پوچھتا ہے۔

وہ کیا کہتے ہی اس رشتے کو۔؟؟

دیریک رک کر تامیر کو دیکھتے ہوئے سوچنے لگتا ہے۔

ہاں ایک گھر والی اور ایک باہر والی

والی تو مجھے ملی نہیں کوئی نہیں باہر والے سے کام چلا لوں گا۔۔

دیریک تامیر کے چہرے پر عجیب و غریب تاثرات کو دیکھتے

ہوئے اپنی ہنسی پر قابو پاتے ہوئے کہتا ہے۔

اے اوپر والے اٹھا لے مُجھے یا بچا لے مجھے

تامیر کہتے ہی گہری سانس لیتے ہوئے فورا مینشن سے باہر

کی طرف بھاگ پڑتا ہے۔

تامیر کو بھاگتا دیکھ دیریک کا بلند آواز میں قہقہہ لگتا ہے جو پورے مینشن

سنائی دیتا ہے۔

تامیر کے پیچھے پیچھے دیریک بھی گھر سے باہر اسی حالت

میں ٹراوزر شرٹ پہنے ہوئے پیروں میں سلیپرز پہنے

ہوئے نکل پڑتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

رات کے 10 بجنے والے تھے روحی نڈھال حالت میں تھکی ہاری

ہوئی گاڑی کی بیک سیٹ پر ہی سو جاتی ہے۔

واپس حویلی پہنچتے ہی ڈرائیور کہ آواز پر وہ اپنی آنکھیں

کھولے نیند کی گنودگی میں وہ گاڑی سے نکلے حویلی میں

داخل ہونے لگتی ہے۔

دروازے پر پہنچی ہی تھی کہ اندر اندھیرا دیکھتے ہوئے وہ

حیرانگی سے مڑ کر اپنے پیچھے دیکھتی ہے روحی کی گردن

پیچھے گھومی وہ سرسری سی نظر اپنے پیچھے

دیکھتے ہوئے واپس جیسے ہی آگے دیکھتی ہے موبائل کی

روشنی میں اس کے بلکل سامنے ایک قدم کی دوری پر

کھڑا سفید روشنی میں سفید چہرہ دیکھ روحی

کی زور دار چیخ نکلتی ہے چیخ کے ساتھ ساتھ اس کا زور

دار مکہ بھی سامنے دیکھتے ہوئے چہرے پر پڑتا ہے جو

کھلی آنکھوں سے اسی پل زمین بوس ہو رہا تھا

سلو مو میں اسے گرتا دیکھ کی روحی کے دل کی دھڑکنیں تیزی

سے بڑھ چکی تھی اس کا دل اتنی تیزی سے دھڑکنے

لگا تھا کہ جیسے ابھی پسلیاں توڑ باہر نکل جائے گا۔

روحی کی چیخ پر حویلی کی لائٹس آن ہوتی ہے لائٹس آن

ہوتے ہی آئمہ ہنستے ہوئے روحی جے سامنے آتی ہے

پر زمین پر گرے بدر کو کھلی آنکھوں سے بے ہوش دیکھ اس کا

منہ کھلے کا کھلا رہ جاتا ہے۔

بہن بیوہ تو نہیں کردیا ابھی سے۔۔"

آئمہ بدر کو دیکھتے ہوئے پھٹی آنکھوں سے بدر کو دیکھتے ہوئے روحی کو کہتی

ہے۔

بدر اٹھیں۔۔۔!!آئمہ اس کے گالوں کو تھتھپاتے ہوئے

فکر مندی سے کہتی ہے۔۔

روحی بت بنے زمین بوس ہوئے بدر کو دیکھتی ہے

جو ایک ہی مکہ میں نوک آؤٹ ہوچکا تھا۔

روحی اپنی آنکھیں بند کیے گہری سانس لیتے ہوئے ہوش کی دنیا میں آتی

اور اپنے دل کی دھڑکنوں کو نارمل کرتی ہے

روحی جیسے ہی اپنی آنکھیں کھولتی ہے بدر کو بے ہوش

دیکھ پریشان سا ہوتی روحی جلدی سے زمین پر گڈھنوں کے

بل بیٹھے بدر کی کھلی آنکھوں میں جھانکتی ہے۔

یہ مر تو نہیں گئے۔۔؟؟

آئمہ پریشانی سے روحی سے پوچھتی ہے۔

اچھے لوگ دنیا سے جلدی جاتے ہیں برے نہیں یہ اول درجے کا

کمینہ ہے یہ نہیں مرتا

روحی آئمہ کو دیکھتے ہوئے پرسکون انداز میں کہتی ہے۔

کہہ تو تم ٹھیک رہی ہو

آئمہ بھی پرسکون ہوجاتی ہے روحی کی بات پر

بندر اٹھ۔۔۔!!!

روحی بدر کے گال کو تھپتھپاتے ہوئے کہتی ہے۔

بدر کوئی ریکشن نہیں دیتا ہے۔

بندر کی شکل کے گندے نالے والے آدمی اٹھ جا اس سے سانس

روکنے کا ناٹک کیا نا تو تو مر جائے گا

روحی زور سے بدر کے سینے پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

چڑیل سی شکل کی عورت معافی مانگنے کے بجائے

کوس رہی ہے۔۔

بدر غصے میں گھورتے ہوئے زمین پر اسی پل اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

معافی اور تجھ سے جا نیا جنم لے کر آ۔۔"

روحی اپنے ہاتھ جھاڑتے ہوئے کہتی ہے۔

بدر کی ایسی کی تیسی ہوتی دیکھ آئمہ مسکراتے ہوئے پرسکون

سی ہوتی مسکراتے ہوئے صوفے پر جا بیٹھتی ہے۔

اور ایک سیکنڈ۔۔۔؟؟؟

یہ عورت کس کو بولا بے۔۔؟؟؟

روحی کمر پر ہاتھ رکھے غصے میں پوچھتی ہے۔

تجھے بولا پرانے درخت پر الٹی لٹکی ہوئی چڑیل

بدر منہ چڑھاتے ہوئے بولا

م۔۔۔میں پرانے درخت کی الٹی لٹکی ہوئی چڑیل۔۔؟؟

روحی انگلی سے اپنی طرف اشارہ کرتے ہوئے بدر کی بات

دہراتی ہے۔۔

ہاں تو تو تو۔۔۔!!

بدر اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے اپنے موبائل کی لائٹ

بند کیے صوفے کی طرف بڑھنے لگتا ہے کہ

روحی اسے پیچھے بالوں سے پکڑے اپنی طرف کھینچتی ہے۔

جس پر بدر کی چیخ نکلتی ہے۔

آئمہ بدر کی چیخ پر کرنٹ کھا کر جلدی سے صوفے سے اٹھ کھڑی ہوتی ہے

میں کیوں روکو بھائی بہن کو معاملہ ہے اور یہ آدمی مار کھانا

ڈیزور کرتا ہے۔

آئمہ بدر کو گھوریا کرتے ہوئے خود سے کہتی ہے اور مسکراتے ہوئے

دربارہ صوفے پر بیٹھ جاتی ہے۔

یہ دنیا کی پہلی بیوی ہوگی جو اپنے شوہر کو مار پڑواکر

خوش ہورہی تھی۔۔

کیا بولا تو نے انسان کی شکل میں جانور دوبارہ بولنا

زارا۔۔"

روحی بالوں کو کھینچتے ہوئے کہتی ہے۔

انسانی روپ میں چڑیل تو تو ہے نا سکون سے جیتی ہے

نا جینے دیتی ہے کالی ناگن

بدر اپنے بالوں کو چھوڑوانے کی کوشش

کرتے ہوئے کہتا ہے۔

واہ بیٹا۔۔!!4 سال روحی دور کیا ہوئی تو نے مجھے انسان

سے چڑیل بنا دیا

روحی غصیلے انداز میں کہتی ہے۔

نہیں میں نے چڑیل تجھے بچپن سے ہی بنایا ہوا ہے

تو پیدائشی چڑیل تھی چڑیل ہے اور ہمیشہ چڑیل ہی رہے گی

بدر اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

میں چڑیل تو بھی سونر گٹر کے سب سے گندے والے کیڑے

روحی دوسرے ہاتھ سے بھی بدر کے بالوں کو

جکڑے ہوئے غصے میں دانت بھینچتے ہوئے کہتی ہے۔

آئمہ ان دونوں کو دیکھتے ہوئے ان کی باتیں سنتے ہوئے

اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اپنی ہنسی کو

روکنے کی کوشش کرتی ہے۔

روحی کی بچی چھوڑ میرے بال۔۔"

بدر روحی کے ہاتھ کو پکڑنے کی کوشش کرتے ہوئے بولا

پہلے سوری بول۔۔"

روحی بالوں پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے کہتی ہے۔

چپل سی شکل کی سوری تو تجھے میری جوتی بھی نہیں بولے گی۔۔"

بدر پیچھے سے ہاتھ گھمائے روحی کے ہاتھ کو پکڑتے

ہوئے بولا

چپل سی شکل۔۔؟؟؟ ہا۔۔۔!!!روحی گہری سانس لیتے ہوئے

بدر کو گھورتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے لگتا ہے تو روحی کا گاؤں کی گنڈی روپ بھول گیا ہے

تب ہی کیچنی کی طرح زبان چلا رہا ہے لیکِن

تو روک روحی کو اب بچوں کی طرح لڑنا نہیں پروپر طریقے سے مارنا آگیا۔

روحی بدر کو بالوں سے پکڑے پیچھے کی طرف کھینچتے ہوئے

پیچھے کی جانب دھکا دیے زور سے بدر کے پیٹ میں

مکہ مارتی ہے۔

روحی کے مکہ پر آئمہ کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا تھا۔

روحی دھیرے دھیرے مار لے میری ماں کیوں مجھے بیوہ کرنے

کے چکروں میں ہے تو۔۔۔!!!

آئمہ بدر کی حالت دیکھتے ہوئے پریشانی سے کہتی ہے۔

آئمہ کی بات پر بدر حیرانگی سے آئمہ کو دیکھنے لگتا ہے۔

تجھے میں بیوہ نہیں ہونی دوں گی فیوچر ڈاکٹر ہوں

تو ٹینشن نا لے۔۔"

روحی اپنے دونوں ہاتھوں سے چہرے پر آتے بالوں کو

ہٹاتے ہوئے کہتی ہے۔

پھر ٹھیک ہے۔۔"روحی کی بات پر آئمہ پرسکون ہوگئی تھی

چڑیل عورت مہمانوں کو مارتی ہے وہ بھی مجھ جیسے گاؤں

کے سردار کو۔۔"

بدر اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھے اپنے درد کو کنٹرول کرتے ہوئے

بلکل دھیمے لہجے میں کہتا ہے۔۔

گاؤں میں نسوار بیچنے کی شکل لیے گاؤں کا سردار بنا

بیٹھا ہے منہ دیکھ کر گھر سے باہر نکلا کر

غلط فہمیاں بڑھتی جا رہی ہیں آیا بڑا سردار تو۔۔"

روحی گندا سا منہ بناتے ہوئے بدر کو پیٹ کے بل جھکا دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔

تو بے عزتی کر رہی ہے میری۔۔؟؟

بدر سیدھا ہوتے ہوئے کہتا ہے۔

فیل ہو رہی ہے تجھے۔۔؟؟روحی بدر کے چہرے کو دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

تو نے مجھ پر ہاتھ اٹھا کر اچھا نہیں کیا اب تو

گئی بیٹا۔۔"

بدر کہتے ہی اپنی شرٹ کی بازوؤں کہنیوں تک فولڈ کرتے

ہوئے روحی کی طرف بڑھتا ہے۔

آہ ہ ہ۔۔۔اسے اپنی طرف آتا دیکھ روحی سے بھاگتے ہوئے

صوفے کے پیچھے جا کھڑی ہوتی ہے۔

ان دونوں کو بھاگتا دیکھ کر آئمہ ڈائننگ ٹیبل کے پاس جا کر کرسی کھینچے سک

سے اس پر بیٹھ جاتی ہے۔

آج بدر کی حمایت کرنے کے بلکل موڈ میں نہیں تھی کیونکہ

وہ خود بڑی شدت سے بدر کا حشر کرنا چاہتی تھی

پر شوہر کی حیثیت سے وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ پاتی ہے

جو آج بگاڑ رہا ہے اس کو وہ روکنا نہیں چاہتی تھی۔

شرم کر شادی شدہ بہن کو مارے گا۔"

روحی بدر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اپنی ہنسی

کو دباتے ہوئے کہتی ہے۔

شادی شدہ بہن کو شرم نا آئی شادی شدہ ایک بچے کے باپ کو

اور خود سے بڑے دس دن بھائی پر تشدد کرتے ہوئے

جبکہ اب وہ ایک نہیں چار چار گاؤں کا سردار بن گیا ہے۔

بدر کہتے ہوئے صوفے کے پیچھے روحی کو پکڑنے کے لیے

بڑھتا ہے کہ روحی پیچھے سے بھاگے وہ حال میں لگے درمیان میں ٹیبل کے

کھڑی ہوتی ہوئی بولی

ایک کام کر جا اور پہلے گٹر کے پانی سے منہ دھو کر آ تاکہ تیری نیند

بھری

آنکھیں کھولیں اور سپنوں کی دنیا سے تو

باہر نکلے

روحی گہری سانسیں لیتے ہوئے کہتی ہے۔

سپنوں کی دنیا سے تو تو باہر نکلے گی آج فیری ٹیل کی

نکلی شہزادی

بدر روحی کو پکڑنے کے لیے اس کی طرف لپکتا ہے پر وہ

پہلے ہی بھاگ کر سیڑھیوں کی طرف بھاگتی ہے

روحی بدر کو دیکھتے ہوئے بھاگتی ہے کہ آخری سیڑھی

پر کھڑے باسیل سے زور سے ٹکراتی ہے جس سے ٹکرا کر

وہ گرنے والی ہوتی ہے پر باسیل اسے جلد ہی اپنی

باہوں میں قید کیے گرنے سے بچا چکا تھا۔

روحی کی سانسیں اور بدر کے قدم باسیل کو دیکھتے ہوئے

دونوں رک چکے تھے۔

باسیل ایک دم کولڈ نظروں سے ان دونوں کو دیکھے جارہا تھا۔

انکل میں نے کچھ نہیں کیا وہ مجھے مار رہا تھا۔۔"

روحی سر اٹھا کر باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

معصوم سی شکل بنائے کہتی ہے۔

بھائی میں نے نہیں اس نے مجھے مارا ہے۔۔

بدر بھی اسی وقت اپنی صفائی پیش کرتا ہے۔

دونوں سدھروں گے نہیں ماں باپ بن گئے ہو تم دونوں کے بچے ہو گئے

لیکن خو کا بچپنا نہیں گیا ہے۔۔

باسیل روحی کی کمر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے دونوں کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

افففوو۔۔۔آپ دوسرے دادا ابو نا بنیں

ہم نہیں سدھیریں گے۔۔"

روحی باسیل سے دور ہوتی بدر کی طرف بڑھتی بدر کی

جانب ہائے فائے کے لیے ہاتھ بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

بلکل ہم پرفیکٹ ہیں۔۔"روحی کے ہاتھ پر تالی مارتے ہوئے کہتا ہے۔

میں چھوڑوں گا نہیں تجھے چڑیل ملکہ کے بدلا ہو گا

بدر دانت بھینچتے ہوئے روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے غصے میں کہتا ہے

میں کون سا تجھے چھوڑ دوں گی لندن کے بر تج سے تجھے

دھکا نا دیا نا تو میرا نام بھی روحی باسیل سکندر نہیں

روحی بھی دانت بھینچتے ہوئے دھیرے سے بدر کو گھورتے ہوئے کہتی ہے۔

میرے ہی بھائی کا نام لے کر مجھے ہی دھمکی دے رہی ہے

چالاک لومڑی

بدر روحی کی آنکھوں میں اپنی چھوٹی چھوٹی آنکھیں

ڈالے غصیلے انداز میں کہتا ہے۔

تمہارا بھائی میرا شوہر ہے اب میں دوں گی دھمکی

ان کا نام اپنے نام کے ساتھ جوڑ کر

روحی بدر کے ہاتھ پر اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے لب

بھینچ کر کہتی ہے۔

روحی۔۔۔؟؟؟باسیل روحی کے نام پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے

جس سے وہ فوراً سے بدر سے اپنا ہاتھ ہٹائے باسیل کی

طرف متوجہ ہوتی ہے۔

ارے میں تو تم سے ملی ہی نہیں۔۔"

روحی آئمہ کو دیکھتے ہوئے ڈائننگ ٹیبل کی طرف اس کی

جانب بڑھتی ہے اور جا کر آئمہ کے گلے سے لگ جاتی ہے۔

میری پیشی میں میری گواہ بن جانا ایسا نا ہو میں

کٹگھیرے میں کھڑا ہوں اور تمہیں شوہر یاد آ جائے

روحی آئمہ کے گلے سے لگی دھیرے سے کہتی ہے اور کہتے

ہی آئمہ سے دور ہوتی ہے۔

تم فکر مت کرو میں تمہارے ساتھ ہوں

آئمہ آنکھوں سے اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

شکریہ۔۔"روحی مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

آئمہ روحی سے نظر ہٹا کر بدر کی طرف دیکھتی ہے جو اسے

چیل کی نظروں سے گھور رہا ہوتا ہے۔

تم مجھے کمرے میں ملو تم تباہ ہو۔۔۔"

بدر آئمہ کو دیکھتے ہوئے زیر لب بڑبڑاتے ہوئے کہتا ہے اس

کی بات کو سمجھتے ہوئے آئمہ کو اسی پل کھانسی آنا شروع ہو جاتی ہے

روحی اسے کھانستا دیکھ اسی پل کیچن سے اس کے لیے

پانی لے کر آتی ہے آئمہ کو صوفے پر بیٹھاتے ہوئے

وہ اسے پانی کا گلاس دیتی ہے۔

باسیل بھی گیرے کلر کے ٹراؤزر شرٹ پہنے ہوئے صوفے

کی طرف بڑھتا ہے۔

روحی بھی باسیل ہے پاس صوفے پر پر اسے فاصلہ قائم

کرتے ہوئے بیٹھ جاتی ہے۔

ویسے میں نے تو پوچھا ہی نہیں اور تم لوگوں نے مجھے بتایا بھی نہیں

اچانک سے کیسے آگئے انکل آپ کو پتا تھا۔۔؟؟

روحی بدر آئمہ کو دیکھتے دیکھتے باسیل پر آجاتی ہے

جو اسے ہی دیکھے جا رہا تھا۔

بھائی نے ہی بلایا تھا تمہیں کوئی مسئلہ ہے۔۔!!!"بدر اتراتے ہوئے کہتا ہے۔

تم خود مسئلہ ہو میرے لیے تم سے بھی بڑھ کر کچھ

ہوسکتا ہے۔۔

روحی دونوں آئیبرو اٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

تیری تو۔۔۔!!بدر کچھ کہنے لگتا ہے پر باسیل کی نظریں

اپنی جانب اٹھتی دیکھ وہ خاموش ہوجاتا ہے۔

بس کردیں آپ دونوں لڑنا بند نہیں کریں گے۔۔"

آئمہ بدر کو صوفے کی طرف کھینچتے ہوئے کہتی ہے ۔

اس سے کیوں نہیں کہتی ہو مجھ معصوم پر غصہ کررہی ہو

بدر معصومیت کی انتہا کیے بولا تھا۔

کیونکہ وہ سمجدار ہے اسے پتا ہے کون معصوم ہے اور کون

نہیں۔۔

روحی آنکھیں ٹمٹاتی ہوئی نظروں سے اپنی ہنسی

ضبط کرتے ہوئے کہتی ہے۔

انکل ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں آپ مجھے۔۔؟

روحی لب بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

بولنے کی بھی ایک حد ہوتی ہے پر تم کیا جانو وہ کیا ہوتی ہے۔

باسیل گہری سانس بھرتے ہوئے بولا

بلکل جیسے آپ کے کنجوس پن کی بھی کوئی حد ہوتی ہے

پر آپ کیا جاننے وہ کیا ہوتی ہے۔

روحی بھی باسیل کی نکل اتارتے ہوئے گہری سانس لیتے

ہوئے کہتی ہے۔

آئمہ تاشہ کہاں ہے۔۔؟؟

روحی پرسکون انداز میں پوچھتی ہے۔

اور میرا ٹیڈی کہاں ہے۔۔؟؟

اب کی بار باسیل کو دیکھتے ہوئے پریشانی سے پوچھتی ہے۔

وہ دونوں سو رہے ہیں میں نے سلا دیا ہے ان کو۔"

آئمہ پر سکون سا جواب دیتی ہے۔

تم لوگ ٹائم آ گئے تھے مجھے بتانا چاہئے تھا میں جلدی کام

ختم کر کے آتی تم لوگوں کو ائیرپورٹ پر پک کرنے آتی میں

روحی معصوم سی شکل بنائے کہتی ہے۔

تم آتی اور ہماری ائیرپورٹ پر ہی لڑائی ہو جاتی اس لیے

تمہیں نہیں بتایا گیا تھا۔۔"

بدر اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتا ہے۔

یقیناً تمہاری وجہ سے ہی ہوتی لڑائی شروع تم کرتے اور

ختم میں کرتی تم سرئے عام گنجا کر کے

روحی اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتی ہے۔

تو۔۔۔!!!"بدر بولنے لگتا ہے کہ باسیل روحی کو

بازوؤں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا ہے۔

بس بس لڑائی کرنا بند دو حشر دیکھو اس کے منہ کا لال ہوا

پڑا ہے اب سکون کرنے دو اس کو

باسیل روحی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے در کی طرف

اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

میرا دل تو چاہ رہا تھا کہ میں اس کا منہ کالے توے جیسا

کردوں جس طریقے سے اس بندر نے مجھے ڈرایا تھا۔۔

روحی منہ چڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

کالا نا سہی لال تو تم کر چکی ہو۔۔"

آئمہ سر جھکا کر دھیرے سے کہتی ہے پر پاس بیٹھا بدر

اس کی بات سن لیتا ہے۔۔

تم چلو اوپر میرے جان تمہاری ہنسی کو آنسوؤں میں

نا بدلا تو میرا نام بندر۔۔۔۔!!!

آہ ہ میرا مطلب بدر نہیں۔۔۔"

بدر آئمہ کی طرف ہلکا سا جھکتے ہوئے بلکل دھیرے دھیرے

سے کہتا ہے۔۔

کھانا کھایا آپ سب نے۔۔؟؟؟

روحی باسیل سے نظریں ہٹاتے ہوئے بدر آئمہ کو دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

ہم نے سب کچھ کرلیا ہے بس اب آرام کریں گے۔

آئمہ بدر سے نظریں ہٹا کر روحی کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے

کہتی ہے۔

ٹھیک ہے تم لوگ آرام کرلو کل شیزا کی شادی ہے صبح ٹائم

سے اٹھیں گے میں حال جاؤں گی اور تم شیزا اور مہرین کے پاس پارلر چلی

کچھ دیر ان مردوں سے آزادی ملے گی

اور بہت مزہ آئے گا۔۔۔

روحی خوشی سے بھرپور لہجے میں کہتی ہے۔

کس سے آزادی چاہیے۔۔؟؟؟ باسیل روحی کی بات پر صوفے

سے پشت ہٹاتے ہوئے روحی کی طرف جھکتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

آہ ہ۔۔میں بھی تھک گئی ہوں میں فریش ہونے جاتی ہوں

صبح کام پر بھی جانا ہے۔

روحی باسیل کی بات کو اگنور کرتے ہوئے صوفے سے اٹھ

کھڑی ہوکر کہتی ہے۔

میں بھی تھک گئی مجھے بھی آزادی چاہیے۔۔"

آئمہ بھی کہتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوتی ہے۔

آجاؤ پھر ہم اپنی زندگی جیتے ہیں ان کو چھوڑ دو

روحی آئمہ کی طرف بڑھے اس کی بازوؤں میں ہاتھ ڈالتے

ہوئے کہتی ہے اور سیڑھیوں کی جانب بڑھنے لگتی ہے۔

انکل آپ نے کھانا کھایا۔۔؟؟

روحی جاتے جاتے رک کر مڑ کر باسیل ہو دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

جواب چاہیے۔۔؟؟؟ باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

نہیں پیزا کولڈ ڈرنک کے ساتھ۔۔"

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

منگوا دیتا ہوں تم فریش ہو جاؤ۔۔"

باسیل اپنے ٹراؤزر کی جیب سے موبائل نکالتے ہوئے

مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

شکریہ۔۔"روحی ہنستے ہوئے کہتے ہوئے باسیل سے نظریں

ہٹاتی ہے اور آئمہ کے ساتھ دوسرے فلور کی طرف بڑھنے

لگتی ہے۔۔

بدر اور باسیل دونوں ان دونوں کو جاتا دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی اور آئمہ بدر اور باسیل کو حال میں چھوڑے خود

اپنے اپنے کمروں میں آرام کرنے کے لیے چلی جاتی ہیں۔

دونوں بھائی حال سے نکال کر باہر گارڈن ایریا میں ٹہلتے ہوئے

چیخ کی آواز اتنی تیز تھی کہ سامنے بیٹھے اراک کو اپنی

آنکھیں بند کر کے اسے برداشت کرنا پڑا

روحی اس کی بند ہوتی آنکھوں کو دیکھ کر مزید

زور سے چیخ مارتے ہوئے جلدی سے اٹھنے کی کوشش کرتے

ہے وہ بھاگنے لگتی ہے کہ پیروں میں پہننے دو اسٹیپ والی جوتی دونوں اس

پیر سے نکل جاتی ہے وہ ننگے پیر اپنے پچھلی طرف مزید اندھیرے کی

طرف بھاگنے لگتی ہے بھاگنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ وہ لگاتار

چیختی جارہی تھی۔۔

لڑکی خاموش۔۔"

روحی کچھ قدم ہی دور گئی تھی کہ اراک ایک ہی لمبا

سے بھرتا روحی کو بازوؤں سے پکڑے جھٹکے سے اس کا رخ اپنی

طرف موڑتے دھاڑ کے ساتھ کہتا ہے۔

روحی کی سانسیں مزید اتھل پتھل ہونے لگ گئی تھی اپنی

بازوؤں پر اراک کا ہاتھ دیکھتے ہوئے

روحی کی بگڑتی ہوئی کیفیت دیکھتے ہوئے اراک اس کی

بازوؤں کو آزاد کرتا ہے اور اس سے دور جا کھڑا

ہوتا ہے۔۔

ریلیکس میں انسان ہوں جن نہیں جو اتنا ڈر رہی ہو۔۔۔"

اراک روحی سے دور جاتا اس کے چہرے پر نظریں جمائے

کہتا ہے۔

آپ پاگل ہیں اور ہیں کون۔۔۔؟؟؟

روحی گہری سانس لیے اراک کے چہرے کو باغور دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

اووو۔۔۔چشمے والا جن۔۔؟؟ وہ یونیورسٹی والے لمبے آدمی۔۔؟؟

روحی اپنے ہاتھوں کو آپس میں جھاڑنے لگتی ہے پر ہتھیلیوں

پر لگی زمین سے رگڑ پر اس کے ہاتھ چھل گئے تھے جس کی وجہ

سے وہ درد میں کراہنے لگتی ہے۔

روحی کی بات پر اراک گہری سانس لیے وہ لائٹر کا پھونک مار کر بجھاتے ہو

کولڈ نظروں سے اس کے چہرے کو

دیکھنے لگتا ہے۔

ایک سیکنڈ۔۔؟؟ روحی اپنے ہاتھوں پر نظریں جمائے ہوئے

چیل کی نظروں سے اراک کو دیکھتی ہے جو اسے

ہی دیکھ رہا ہوتا ہے۔

آپ نے مجھے مارنے کی کوشش کی ہے۔۔۔؟؟

روحی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

ک۔۔کیا۔۔؟؟؟ اراک بھی حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

میرا فون کہاں ہے۔۔؟؟؟ روحی کہتے ہی اپنے اطراف میں

نظریں گھوومانے لگتی ہے۔۔

فون کا کیا کرو گی۔؟؟ اراک روحی کو فون ڈھونڈتے

دیکھ کر پوچھتا ہے۔

پولیس کو فون کروں گی دُنیا سے ایک خوبصورت لڑکی کو

بھری جوانی میں مارنے کی کوشش کی انشاء اللہ پوری

زندگی جیل میں سڑیں گے آپ اور ایک مزے کی

بات بتاؤ۔۔"

روحی اپنی گاڑی کے پاس جہاں وہ گری تھی وہاں زمین پر موبائل تلاش کر

ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی وہ مڑ

کر اراک ہو دیکھتی ہے جو دونوں ہاتھ

سینے پر باندھے ہوئے پرسکون سا روحی کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔

بتاؤ۔۔!!"روحی کو دیکھتے ہوئے آرام سے کہتا ہے۔

میرے پاس ایک عدد شوہر بھی ہے جو کہ ایک جج ہے بھی ہیں اور سب

مزے کی بات وہ مجھ سے بے حد محبت

کرتے ہیں آگر مجھے کچھ بھی کرنے کا سوچا بھی نا آپ

نے تو وہ آپ کی جان لینے سے پہلے ایک بار نہیں

سوچیں گے۔

روحی اراک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھی جس کے

چہرے پر فاتحانہ مسکراہٹ چھانے لگ گئی تھی۔

وہ میری کیا جان لے گا میں تو اس کی جان اس سے چھیننے

کی پوری کوششوں میں ہوں۔"

اراک روحی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں خود

سے کہتا ہے۔۔

"آپ مسکرا کیوں رہے ہیں..؟؟"

روحی ایک ہاتھ کمر پر رکھے جلے بھنے تاثرات کے ساتھ

دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

"میں تو نہیں مسکرا رہا ہوں"

اراک فوراً سے سیریس فیس میں آتے ہوئے واپس اپنی

گاڑی کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

"ہاں میں تو آندھی ہوں نا جو مجھے نظر نہیں آرہا ہے

یہ اپنے جن جیسے چہرے پر مسکراہٹ سجائے ہوئی ہے نظر آرہی ہے مجھے"

روحی کمر سے ہاتھ ہٹاتے تنزیہ لہجے میں اراک کو جاتا دیکھ کہتی ہے۔

"اوو ... میرے چہرے کی بے عزتی نہیں

کرسکتی تم"

اراک غصے میں پلٹ کر روحی کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

"اچھا..اور جو مجھے مار کر میرے وجود کی

بے عزتی کرنے کے چکروں میں تھے آپ اس کا کیا..؟"

روحی اس کی گھوریا نظر انداز کرتے ہوئے خود غصے میں

گھورتے ہوئے سخت لہجے میں کہتی ہے۔

"میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا مجھے کیا پتا تھا کہ

سامنے بیچ سڑک پر اکیلی انسان کھڑی ہے یا چڑیل "

اراک روحی کے غصے کو نظر انداز کرتے ہوئے ٹیڑھی سمائل

کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"سچ میں اندھے ہوگئے ہیں کیا میں کس اینگل

سے چڑیل نظر آرہی ہوں آپ کو..؟؟"

روحی اراک کی طرف قدم بڑھائے اس کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

"یہ گوری رنگت ننگے پیر یہ کھلے بال

میرے خیال سے تو یہ سب چڑیلوں کی نشانیاں ہوتی ہیں"

اراک سر سے پیر تک اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"میں سر پھاڑ دوں گی آپ کا اگر میری خوبصورتی

کو کچھ بھی بولا"

روحی کا غصہ اب اس کے سر چڑھنے لگا تھا۔

"چڑیلوں کی خوبصورتی کو میں کچھ نہیں بولتا ہوں

دل سے عزت کرتا ہوں میں ان کی سچ میں "

اراک اب باقاعدہ مسکرا رہا تھا۔

"بس چپ ہو جائیں میں مار مار کر گنجا کر دوں

گی ورنہ آپ کو "

ایک تو اراک کی باتیں دوسرا اس کے چہرے پر سجی مسکراہٹ

روحی کو غصے میں پاگل کر رہی تھی۔

4 فٹ کی لڑکی ساڑھے 6 فٹ کے آدمی کو گنجا کرنے

کی دھمکیاں دے رہی ہے حالات چیک کرو "

اراک روحی کو غصے میں دیکھتے ہوئے بھی چپ نہیں ہو رہا تھا

وہ دو ٹوک بات کرنے والا شخص آج کسی سے بے تکی بات

پر آدھی رات کے پہر بات کر رہا تھا۔

"آپ میرا مذاق نہیں اڑا سکتے ہیں۔۔۔"

روحی اب پاگل ہوگئی تھی وہ اراک کی طرف بڑھتے ہوئے اس کی آنکھ

میں دیکھتے ہوئے

سخت لہجے میں کہتی ہے اراک کہ باتیں سن کر اس کا

دماغ شاٹ ہونے والا ہو گیا تھا۔۔

"جس کے ساتھ مذاق نیچر کرتی ہو اس کے ساتھ میں مذاق

کر کے کیا کروں گا کالی راتوں کی چڑیل ملکہ "

اراک جھک کر روحی کے چہرے کے بلکل سامنے کھڑا

ہو کر اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے

ہی ایک دم خاموش ہو کر وہ بلکل فریز ہو کر روحی کی آنکھوں میں اس

چہرے پر غصہ کو دیکھنے لگ جاتا ہے۔

مجھے اس طرح مت گھورے چشمہ والے جن

میں بڈھوں کی عزت کرتی ہوں ورنہ یقین مانیں میں اپنے

بابا اور اپنے شوہر کے علاوہ دنیا کے کسی بھی مرد

کی ٹکے کی عزت نہیں کرتی ہوں۔۔

روحی اٹل لہجے میں دو ٹوک انداز میں کہتی ہے۔

روحی کی بات پر اراک سر جھکاتا ہوا روحی کی طرف سے

اپنے قدم پیچھے کی جانب بڑھاتا ہے۔

گھر جانا ہے۔۔؟؟ اراک موضوع تبدیل کرنے کے لیے

پوچھتا ہے۔

جانا پر انجان شخص کے ساتھ نہیں۔۔"

روحی کا انداز ابھی بھی دو ٹوک سخت ہی تھا۔

انجان نہیں ہوں ملکہ بہت جلد پتا لگ جائے گا کون ہوں میں

تمہاری زندگی کا

اراک کولڈ انداز میں دھیرے سے کہتا ہے۔

روحی اس کی بات پر حیران کن نظروں سے اسے دیکھنے

لگتی ہے۔

شوہر نہیں آئے گا تمہارا چلنا ہے تو چلو ورنہ بے شک اصل

چڑیل کا یہاں بیٹھ کر انتظار کرو

لندن میں انسانوں اور جنوں کی دوستی کی مثالیں ویسے

ہی بہت ہیں اب ایک اور سہی

اراک اپنا کوٹ اتارتے ہوئے اپنی گاڑی کی طرف بڑھتے ہوئے

کہتا جاتا ہے۔

کیا مطلب۔۔؟؟ روحی اس کی بات سنتے ہی اپنے اطراف

میں دیکھنے لگتی ہے۔

سنسنان اندھیری سڑک سائیڈوں پر ہوا سے ہلتے ہوئے درخت

ہوا کی دھیرے دھیرے سے

آتی ہوئی آوازیں ایک عجیب سا ڈروانا سا منظر پیش

کررہی تھی۔۔

جن رکیں۔۔۔!!!روحی کہتے ہی ننگے پیر اراک کی طرف دوڑنے

لگتی ہے۔۔

اراک گاڑی کا بیک سیٹ ک دروازہ کھولے اپنا کوٹ اندر

پھینک ہی رہا ہوتا ہے کہ روحی کی

آواز پر اسکی جانب دیکھنے لگتا ہے۔۔

مجھے بھی شہر تک ساتھ لے جائیں میرا ایک عدد بچہ ہے

میں اسے اکیلا نہیں چھوڑ سکتی اتنی سی عمر میں

روحی معصوم سی شکل بنائے اراک کی طرف بڑھتے ہوئے

اپنے پیچھے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اراک اس کی معصوم سی شکل دیکھ کر اسے پیچھے سڑک

پر پڑی جوتی پہننے کا اشارہ کرتا ہے۔

رہنے دیں میرے پاس ویسے بھی بہت ساری ہیں یہ پرانی

ہوگئی ہے آپ چلیں اللہ آپ کا بھلا کریں گے

معصوم لوگوں کی مدد کرنے کے لیے

روحی کہتے ہوئے خود ہی گاڑی کی بیک سیٹ پر جا بیٹھتی ہے۔

معصوم۔۔؟؟ اراک اپنی آنکھیں بند کیے اسکی بات دہراتے

ہوئے ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھے گاڑی اسٹارٹ کرتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور اپنے کمرے میں پر ڈریسنگ ٹیبل کی سامنے کرسی پر

تیار ہوئے بیٹھی ہوئی

لائٹ سوفٹ گیرے کلر کا خوبصورت سی سمپل سی لونگ فراک گھیر والی

ہوئے جس کا فرنٹ گلہ چھوٹا سا تھا

اور بیک اس کی ڈیپ تھا اور دوپٹہ بیڈ پر ہینگر میں پڑا ہوا تھا گولڈن برا

کلر کا سوفٹ سا

بے حد خوبصورت میک آپ کیے ہوئے بالوں میں ہلکے ہلکے

سے کرلز کیے ہوئے کانوں میں پرل ائیرنگ پہنے ہوئے حور

مکمل تیار ہوئے کرسی سے پشت ٹیکائے ہوئے اپنی آنکھیں بند کرکے بیٹھی ہ

تھی۔

a'am you are ready"..

حور کے پیچھے کھڑی لڑکیوں میں سے ایک ڈریسنگ ٹیبل

کے شیشے میں حور کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اس کی بات پر حور دھیرے سے اپنی آنکھیں کھولے

اپنے آپ کو شیشے میں دیکھتی ہے۔

d you like that??..

لڑکی حور کی کھلی آنکھوں کو دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

حور اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیتی ہے اور اپنے آپ کو خاموشی

شیشے میں دیکھنے لگتی ہے نا چہرے پر مسکراہٹ

تھی نا آنکھوں میں کوئی چمک

حور کو خاموش پاکر ساری لڑکیاں اپنا سامان باندھے واپس

جانے کی تیاری کرنے لگتی ہیں۔

حور لڑکیوں کے جانے کے بعد کرسی سے اٹھ کر وہ مڑ کر

بیڈ کی طرف دوپٹہ لینے کے لیے بڑھتی ہے۔

بیڈ سے دوپٹہ اٹھائے اور کھول کر اسے اپنے سائیڈ کندھے پر

ڈالے زمین پر بیڈ کنارے گیرے کلر کی ہیلز دیکھے وہ

پہنتے ہوئے حور فوراً کمرے سے باہر نکل جاتی ہے۔

سیڑھیوں کو دیکھتے وہ سیڑھیوں سے اتر رہی ہوتی ہے کہ

کندھے پر رکھا دوپٹہ پھسل کر ہاتھ کو چھوتا ہوا آخری سیڑھی سے دو

سیڑھی اوپر وہ گر جاتا ہے۔۔

حور اسے اٹھانے کے لیے جھکتی ہے کہ اس سے پہلے دیریک

حور کے سامنے جھک کر اسے اٹھا رہا ہوتا ہے۔

دیریک کو اپنے سامنے دیکھ کر حور اپنے آپ کو بنا دوپٹہ

کے پا کر شرمندہ سی ہوتی ہوئی اپنی سانسیں روکنے

کی کوشش کرتی ہے۔

دیریک بنا حور کی طرف دیکھے زمین سے دوپٹہ اٹھائے

ایک سیڑھی اوپر چڑھ کر پیچھے کی جانب سے اس

کا دوپٹہ اس کے کندھوں پر پھیلاتا ہوا دیریک پھر اس کے چہرے کو دیکھتا ہے۔

حور کا چہرہ ایکسپریشن سے پاک تھا جب کہ دیریک کے دل میں اور چہرے پر بھی خوشی کی لہر دوڑنے لگتی ہے۔

حور کی آنکھیں دیریک کی آنکھوں میں تھی وہ کولڈ نظروں سے ہر احساس سے دور اس کو دیکھ رہی تھی جبکہ دیریک کی نظریں محبت بھری عزت بھری تھی وہ ہر بار حور کو ایسے ہی دیکھتا ہے جیسے اس کا پہلی بار دیدار کررہا ہوں۔

"خوبصورت لگ رہی ہو"

دیریک حور کے دوپٹہ کو چھوڑتے ہوئے پیار سے مسکراتے

ہوئے کہتا ہے۔

"تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ہے میری"

حور سخت لہجے میں کہتی ہوئی سیڑھیوں سے اترنے لگتی ہے۔

آگے وہ تھی اور پیچھے اس کی فراک سیڑھیوں پر بکھری

ہوئی۔

"بیوی ہو تعریف کرنا تو بنتی ہے تمہاری"

دیریک حور کو جاتا دیکھ کر دونوں ہاتھ اپنی کمر پر باندھتے ہوئے کہتا ہے۔

"گھوم پھیر کر آپ انہی باتوں پر کیوں آجاتے

ہیں آپ...؟؟"

حور مڑ کر سیڑھیوں پر کھڑے دیریک کو دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

"کیونکہ تم ان باتوں پر نہیں آرہی ہو جن پر

میں چاہتا ہوں"

دیریک حور کو دیکھتے ہوئے مسکرا کر کہتے ہوئے سیڑھیوں

سے نیچے اترتا ہے۔

"لفظوں کے کھیل مت کھیلیں میرے ساتھ سیدھا سیدھا

بتائیں مجھے تیار کیوں کروایا ہے..؟؟"

حور مکمل دیریک کی طرف موڑتے ہوئے غصیلے نظروں

سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے وہ جیسے ہی مڑتی ہے

کندھوں سے دوپٹہ سرک کر اس کی بازوؤں پر آجاتا ہے۔

"کیونکہ تمہیں تیار سجا ہوا دیکھنے کو دل بے

چین ہو رہا تھا۔"

دیریک گہری سانس بھرتے ہوئے اپنی دل کی کیفیت کو سنبھالتے

ہوئے کہتا ہے۔

"تو جو آپ کا دل کرے گا وہ آپ زبردستی کروائیں

گے اب میرے ساتھ '

حور حیران کن نظروں سے پوچھتی ہے۔

"تمہیں میں کہتا تیار ہو جاؤں میرے لیے

کیا تم ہو جاتی..؟؟"

دیریک کمر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے حور کے سامنے کھڑے ہو

کر اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"بلکل بھی نہیں"

حور فوراً سے دو ٹوک انداز میں جواب دیتی ہے۔

"بس اسی لیے میری شہزادی تم سے لڑائی نہیں کرنی تھی آج رات تم سے پیار کرنا ہے بے حد پیار تو یہ تو کرنا پڑے گا نا"

دیریک اپنے منہ میں اپنی زبان گول گھوماتے ہوئے شرارتی مسکراہٹ چہرے پر سجائے کہتا ہے۔

استغفرُللہ۔۔۔"حور دیریک کے چہرے پر سجی مسکراہٹ دیکھتے ہوئے غصے میں پلٹ کر کہتی ہے حور جیسے ہی پلٹتی ہے اس کی کمر پر بکھرے بال جو اس کے ڈیپ بیک

نیک کو چھپائے ہوئے تھے وہ پل میں دیریک کی نظروں

کے سامنے آجاتا ہے۔

حور کی گوری انڈے جیسی سفید رنگت کو دیکھتے ہوئے

دیریک اپنی نظریں اس پر سے ہٹانا بھول گیا تھا۔

حور سرسی سا مڑ کر دیریک کو دیکھتی ہے جو بت بنے اسی کو گھورے جا رہا تھا

گھور لیا ہو تو چلیں مجھ سے نہیں زیادہ دیر تیار

رہا جاتا ہے۔۔

حور غصیلے نظروں سے دیکھتے ہوئے تلخ لہجے میں کہتی ہے۔

حور کی بات پر دیریک ہوش کی دنیا میں واپس آتا ہے

اور اپنے گلہ کھنگارتے ہوئے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے

وہ حور کی طرف قدم بڑھاتا ہے۔

تم مانی ہوئی ہو میرے ساتھ چلنے کے لیے۔۔؟؟

مجھے تو لگا تھا کہ تم انکار کردو گی غصہ کرو گی لڑو گی

پر تم تو مان گئی۔۔"

دیریک حور کے پیچھے تھوڑے سے فاصلے پر کھڑا ہو کر حور کے دوپٹہ کو ا

ہاتھ میں پکڑتے کان کے قریب آکر کہتا ہے۔

آپ کیا چاہتے ہیں میں نہیں جاؤں آپ کے ساتھ۔۔؟؟

حور گردن موڑ کر دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

ٹھیک ہے میں نہیں جاتی ہوں"

حور کہتے ہی دیریک کو کراس کرتی سیڑھیوں کی طرف

بڑھنے لگتی ہے۔

ن۔۔نہیں روکو۔۔۔!!!!

دیریک ہڑبڑاتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی حور کے دوپٹہ کو

پکڑتے ہوئے اسے روکنے کا کہتا ہے۔

دیریک کے دوپٹہ کھینچنے پر حور رک جاتی ہے حور کی

کمر سے ہٹتے بال دیکھتے ہوئے دیریک اپنی نظریں اس پر سے

ہٹانے کی کوشش کرتا ہے جس میں وہ بری طرح ناکام ہورہا تھا۔

م۔۔میں تو بس پوچھ رہا تھا تم کیوں اتنی فرمانبردار بن

رہی ہو۔۔؟؟

ڈیریک اپنے لب بھینچتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ کہاں لے کر جائیں گے مجھے۔؟؟

حور اپنا دوپٹہ ڈیریک کے ہاتھ سے چھوڑواتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

ایک ریسٹورنٹ بے حد خوبصورت سے ریسٹورنٹ جو آج

بلکل تمہاری طرح سجا ہوا ہے۔۔

ڈیریک مسکراتے ہوئے حور کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی بھی پارلر پہنچ چکی تھی اراک اسے پارلر کے باہر

چھوڑ کر اس پر اپنی ایک پہچان چھوڑتے ہوئے وہ واپس

جا چکا تھا۔۔

روحی کی بچی کہاں مر گئی تھی۔۔۔؟؟؟

روحی کو پارلر میں داخل ہوتا دیکھ کر شیزا پھولوں کا بوکے

روحی کی طرف پھینکتے ہوئے پوچھتی ہے۔

یار مجھے سمجھ نہیں آتا ہے قدرت تمہاری شادی کیوں

نہیں کروانا چاہتی ہے اتنے مسئلے تو میں کھڑے نہیں کرتے

جتنے خودبخود تمہاری شادی میں آرہے ہیں۔۔

روحی کہتی ہوئی ننگے پیر چلتی صوفے کی طرف بڑھتی ہے

مطلب۔۔؟؟؟ مہرین حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

جس ریسٹورنٹ کی میں نے کل شادی کے لیے بکنگ کروائی

آج اس کے زیادہ پیسے دے کر کسی اور نے

وہ بکنگ لے لی تھی۔

♡_____♡.....♡_____♡

مطلب ریسٹورنٹ بھی گیا میری شادی کے لیے۔؟؟

اب میری شادی وہاں بھی نہیں ہوگی۔۔؟؟

شیزا ڈرے ہوئے لہجے میں تجسّس بھری نگاہوں سے روحی کو

دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ایسا کچھ نہیں ہے میں نے کہا ہے کہ وہاں کسی نے بکنگ لے لی

تھی پر میں نے بھی اسے واپس لے لیا ہے۔۔

روحی صوفے سے گردن ٹھیڑی کیے شیزا کو دیکھتے ہوئے

وہ پرسکون ہو کر بتاتی ہے۔

کس نے لی تھی بکنگ۔۔؟؟ شیزا روحی کی طرف بڑھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

مُجھے نہیں پتا ہے کوئی ایکٹر تھا جس نے لی تھی پر میں نے

بکنگ اس کی کینسل کر کے نیچے حال ایریا

اپنا اور اوپر ریسٹورینٹ ایریا اس کا کروادیا تھا اب اللہ کرے

کہ وہ آدمی کوئی مصیبت نا کرے

پہلے ہی دماغ ،جسم میرا بس تھک چکا ہے اب اور کچھ

نہیں کرنا ہے میں نے

روحی کہتے کہتے اپنے دونوں پیر صوفے پر رکھتے ہوئے وہ

اپنی آنکھیں بند کرنے لگتی ہے۔

اووو۔۔تمہارے انتظار میں یہاں پہلے ہی سب آدھے ہوچکے

ہیں اب تم اور انتظار کروانے کے چکروں میں ہو

اٹھو چلو اندر تیار ہو جاکر پھر چلیں سب رات ختم کردوں

تو فائدہ شادی کا۔۔

مہرین روحی کی بند ہوتی آنکھوں کو دیکھتے ہوئے

غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔

ہاں روحی اٹھو میری طبیعت بھی مجھے نڈھال لگ رہی ہے

مجھے بنا شادی دیکھے گھر نہیں جانا ہے۔۔

آئمہ صوفے سے گردن موڑ کر روحی کو دیکھتے ہوئے

دھیرے سے پیار سے کہتی ہے۔

آئمہ کی آواز پر روحی جھٹ سے اپنی آنکھیں کھولتی ہے

اور ایک نظر تینوں سفید گاؤن میں ملبوس لڑکیوں

کو سر تا پیر دیکھتی ہے۔

تم تینوں تو بہت پیاری لگ رہی ہو یار۔۔۔"

روحی ہنستے مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

تم بھی اب تھوڑی پیاری لگ جاؤ تاکہ ہم بھی یہ کہہ سکیں

شیزا دونوں ہاتھ کمر پر رکھے چھوٹی چھوٹی آنکھیں کیے

کہتی ہے۔۔

الحمدللہ ہم سادے حولیے میں بھی قیامت خیز ہیں

ہم کسی میک آپ کے محتاج نہیں ہیں"

روحی اپنے بالوں کو ایک ہاتھ سے کندھے سے ہٹاتے ہوئے

ایک ادا سے کہتی ہے اور کہتے ہوئے صوفے سے اترتی ہے۔

واپس آجائیں گی آج کی تاریخ میں آپ آسمان سے۔۔؟

مہرین اپنے دانت بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کیوں اچھی نہیں لگ رہی ہوں میں اوپر۔۔؟؟

جوابا روحی بھی سوال کرتی ہے۔

اس وقت زہر لگ رہی ہے۔۔"

مہرین گہری سانس بھرتے ہوئے کہتی ہے۔

تو کھالے مجھے اور دنیا کو ایک چڑیل سے اس کے قہر سے

آزاد کر دے۔۔"

روحی مہرین کی طرف بڑھتے ہوئے مزے لیتے

ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی آنکھ ونک کرتی وہ آگے کی جانب

بڑھنے لگتی ہے۔

روحی جوتی کہاں ہے تمہاری۔۔؟؟

آئمہ روحی ہے ننگے پیروں کو دیکھتے ہوئے فکر مندی سے

پوچھتی ہے۔

آ۔۔و۔۔و۔۔وہ ٹوٹ گئی تھی تو میں نے پھینک دی ان کو

روحی آئمہ سے نظریں ہٹا کر مہرین اور شیزا کو دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔

اچھا میرا ٹیڈی کہاں ہے۔۔؟؟ باسیل کہاں ہیں۔؟؟

کوئی اور سوال کرتا اس سے پہلے ہی روحی ان تینوں سے

سوال کر بیٹھتی ہے۔

ہمیں تو نہیں پتا ہے تمہارا شوہر ہے تمہیں پتا ہونا چاہیے۔۔

مہرین ہاتھ جھاڑتے ہوئے کہتی ہے۔

مہرین کی بات پر روحی گندا سا منہ بناتے ہوئے آئمہ

کی جانب متوجہ ہوتی ہے۔

آئمہ بدر سے بات ہوئی میرا فون بھی کھو گیا ہے ورنہ میں

کال کرکے پوچھ لیتی ان کو۔۔"

میری بات ہوئی تھی بدر گھر ہی ہیں عالیان اور تاشہ کے

ساتھ باسیل بھائی گھر نہیں تھے پر۔۔"

آئمہ کچھ سوچتے ہوئے دھیمے لہجے میں بتاتی ہے۔

کیا مطلب۔۔؟؟

میرے بارے میں بتایا تو نہیں تھا نا ان کو۔۔؟؟

روحی تجسّس سے پوچھتی ہے۔

نہیں۔۔!!!ہم نے کسی کو کچھ نہیں بتایا تھا تیرا فون کٹ

ہو جانے کے بعد ہم لوگوں نے کسی کو فون نہیں کیا تھا۔۔

شیزا روحی جے چہرے پر پریشانی دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

پھر کہاں گئے وہ۔۔؟؟ روحی شیزا سے نظریں ہٹاتے ہوئے

سوچتے ہوئے خود سے پوچھتی ہے

تو ٹینشن کیوں لے رہی ہے بچے تھوڑی ہیں آجائیں گے واپس

تو جلدی سے تیار ہو جا

مہرین بازوؤں سے پکڑ کر روحی کا رخ اپنی طرف متوجہ

کرتے ہوئے کہتی ہے۔

فون دینا تم اپنا مجھے۔۔؟؟ روحی مہرین کی بات ہو اگنور

کرتے ہوئے اس کے ہاتھ سے فون لیے باسیل کو کال لگاتی ہے۔

لگاتار وہ ننگے پیر ٹھنڈے فرش پر ٹہلتے ہوئے 10 سے 14 بار کال لگاتی ر

ہے

پر ایک بار بھی کال اٹھائی نہیں جاتی ہے۔

انکل کہاں ہیں آپ ۔۔؟؟ روحی دوبارہ کال لگاتے ہوئے خود

سے پریشانی سے پوچھتی ہے۔

روحی کی کیفیت دیکھتے ہوئے آئمہ صوفے سے اٹھ کر اس کی

طرف بڑھتی ہے۔۔

روحی یار۔۔؟؟ آئمہ اس کے ہاتھ سے فون لیتے ہوئے بولی

ریلیکس ہو جا باسیل بھائی ٹھیک ہیں ٹینشن مت لو اتنی

بدر انہیں اپنے ساتھ لے آئیں گے انہوں نے کہا تھا وہ سب ساتھ

آئیں گے "

آئمہ انتہائی پرسکون انداز میں کہتی ہے۔

آئمہ کی بات پر روحی سر جھکا کر گہری سانس لیتی ہے۔

اللہ کرے وہ ٹھیک ہوں جو میں سوچ رہی ہوں ویسا کچھ

نا ہو"

روحی سر جھکائے دھیرے سے کہتی ہے۔

چلو اندر جاؤ اور تیار ہو جاؤ ٹینشن مت لو وہ آجائیں گے

وہی پر۔"

آئمہ روحی کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اس بار بھی وہ نہیں آئیں گے۔

روحی افسردگی سے پرانی یادیں یاد کرتے ہوئے کہتی ہے اور

کہتے ہی پیر پٹختے ہوئے وہ میک آپ روم کی طرف

بڑھتی ہے۔۔

روحی کے جاتے ہی آئمہ اپنے فون سے بدر کو کال لگاتی ہے

اور باسیل کی موجودگی کا پوچھتے ہوئے وہ واپس

صوفے کی بڑھتی ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور اور دیریک ایک ہی گاڑی میں سوار بنا کسی گارڈ کی

گاڑی کے نارمل اسپیڈ کیے وہ ریسٹورینٹ کی جانب بڑھ رہے ہوتے ہیں۔

گاڑی میں سوار دونوں شخص خاموش تھے شور تھا تو صرف گاڑیوں

کو کراس کرتی ہوئی گاڑی میں کھڑکی سے آتی ہوئی ہواؤں

کی تھیں گاڑی میں ڈرائیونگ کرنے پر بیٹھے ہوئے شخص کا اسٹیرنگ پر ر

ایک ہاتھ اور دوسرا ہاتھ اسٹیرنگ

سیٹ کے پاس لگی اسکرین پر جہاں رومینٹک سونگ کے

گانو کی پلے لسٹ اسکرین پر نظریں جمائے ہوئے دیریک

سرسری سی نظر بار بار حور کے چہرے پر جمائے ہوئے تھا

حور سے نظریں ہٹا کر

دیریک منہ میں زبان گھوماتے ہوئے کبھی گانوں والی پلے لسٹ کو

دیکھتا ہے اور دیکھتے ہوئے اس میں زارا زارا بہکتا ہے گانا چلا دیتا ہے "

بڑھتے ہوئے گانوں کے لیرکس کو سنتے ہوئے حور اپنی سانسیں

کو روکتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو مسلتے ہوئے بامشکل دیریک

کی طرف دیکھتی ہے جو گانے کو انجوائے کرتے ہوئے

ڈرائیونگ کررہا ہوتا ہے۔۔

گانے میں جیسے ہی یہ لیکرس آتے ہیں دیریک گاڑی کی اسپیڈ

اور آہستہ کیے حور کی طرف دیکھتا ہے تاکہ اس کی بے چینی کو اس

گھبراہٹ کو دیکھتے ہوئے محسوس

کرسکے

لیرکس کو سنتے ہی دیریک کے چہرے پر مسکراہٹ چھا جاتی ہے۔

"زارا زارا بہکتا ہے مہکتا ہے آج تو میرا

تن بدن میں پیاسا ہوں

مجھے بھر لے اپنی باہوں میں "

رات کا پرسکون ماحول ٹھنڈی ہوائیں جو کھڑکی سے آتی ہوئی دونوں

چہرے کو چھو رہی تھی گاڑی کی اسپیڈ آہستہ تھی آہستہ آہستہ چلتی ہوئی گا

سے ہلکے ہلکے ہوا کے جھونکے حور کے چہرے پر اس کے بالوں کو بکھیر

جارہے تھے

گانے کی دھیمی سی آواز ماحول کو مزید رومینٹک بنائے جارہی تھی۔

دیریک کبھی سڑک پر تو کبھی حور کو اور اس کی گھبراہٹ کو دیکھ رہا ہوتا

وہ گاڑی کی اسپیڈ مزید کم کرتا جارہا تھا تاکہ اس کی بڑھتی ہوئی ڈھرکنوں

بھی

سن سکے حور اپنے آپ کو کنٹرول کرنے کی کوشش میں

اپنے ہاتھوں کو آپس میں مسلتے ہوئے اپنی نظریں کھڑکی سے باہر جمائے ہو

اپنے دل کی بگڑتی ہوئی کیفیت کو سنبھالنے

لگتی ہے پر وہ اس کے لیے ناممکن ہو رہی ہوتی ہے ایک تو ماحول اوپر سے

اور پھر دیریک کی خود پر نظروں کی تپش حور

کے دل کی دھڑکنیں مزید تیزی سے بڑھاتی جارہی تھیں۔۔

"اتنا گھبرا کیوں رہی ہو..؟؟'

حور کے بالوں میں چھپے چہرے کو دیکھنے کی کوشش

کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"م.. میں تو نہیں گھبرا رہی ہوں "

حور خود ہی اپنے چہرے سے بال ہٹاتے ہوئے انہیں کان کے پیچھے کیے گہ

سانس لیتے ہوئے بولی

"پھر اپنے ہاتھوں کو مسلنا بند کرو "

دیریک حور سے نظریں ہٹا کر سڑک کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"تُمہاری حرکت مجھے خود سے ڈرا رہی ہے"

دیریک خود بھی کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے گہری سانس

لیتے ہوئے کہتا ہے۔

"آپ مجھے مت دیکھیں کچھ نہیں ہو گا پھر

نا آپ کو نا مجھے"

حور اب کی بار دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے

پر جیسے ہی وہ اس کی طرف دیکھتا ہے وہ دوبارہ

اپنا رخ موڑ لیتی ہے۔

"تمہیں دیکھنے کے لیے اتنا سجایا ہے نا دیکھ کر کسی کی

محنت کو ضائع نہیں کر سکتا ہوں "

حور کے چہرے کو سائیڈ سے دیکھتے ہوئے وہ ہلکا سا

مسکرا کر کہتا ہے۔

"آپ کو کسی کی محنت سے کیا غرض ہے"

حور تھوڑا تلخ لہجے میں پوچھتی ہے۔

"ہاں ہے تو نہیں پر میں کسی اور کی محنت کی نہیں اپنی

محنت کی بات کررہا ہوں"

حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ایک ائیبرو اٹھاتے

ہوئے اٹل لہجے میں کہتا ہے۔

"آپ کی محنت کیسے آپ نے کب مجھ پر محنت

کی ہے..؟؟"

حور اپنا رخ مکمل ڈیریک کی طرف موڑے سنجیدگی سے

پوچھتی ہے۔

"محنت تو تم نے مجھ سے بہت کروائی ہے خود پر

اب تک اندازہ ہو جانا چاہیے تھا تمہیں"

ڈیریک حور کے چہرے پر دیکھتے ہوئے اپنی شرارتی بھری

مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہتا ہے۔

"مجھے کوئی اندازہ نہیں لگانے آپ کی کسی بھی بات

کے آپ یہ گانے بند کردیں "

حور اب چڑتے ہوئے کہتی ہے۔

"کیوں تمہیں کچھ کچھ ہو رہا ہے..؟؟'

دیریک اب باقاعدہ مسکراتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"جی دماغ خراب ہو رہا ہے"

حور ناک چڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

" کبھی دماغ درست کرکے میرے لیے دل کا حال

بھی بگاڑ لو"

دیریک معصومانہ انداز میں ریکوسٹ کرتا ہے۔

"مجھے اپنا دل اور دماغ خراب کرنے کا کوئی

شوق نہیں چڑھا ہے'

حور واپس سیدھی ہو کر بیٹھتے ہوئے کہتی ہے۔

"ابھی نہیں چڑھا ہے تو کیا ہوا بہت جلد

چڑھنے والا ہے"

دیریک حور سے نظریں ہٹائے سڑک کی طرف دیکھتے ہوئے

اچانک سے گاڑی کی اسپیڈ فل کیے کہتا ہے اور کہتے ہی مزید اسپیڈ تیز کر

ہے۔

آہ ہ۔۔۔گاڑی کی بڑھتی ہوئی اسپیڈ پر حور کی ڈر کے

مارے چیخ نکلتی ہے۔

کیا ہو گیا ہے وائفی میں ہوں نا تمہارے پاس ڈرنے کی کیا

ضرورت ہے۔۔"

دیریک کا لہجہ شرارتی تھا۔

گاڑی کی اسپیڈ کم کریں ابھی اور اسی وقت

حور اپنے ہاتھوں میں سیٹ بیلٹ مضبوطی سے جکڑتے ہوئے

کہتی ہے۔

یہ تو کم نہیں ہوگی کیونکہ ہم پہلے ہی کافی لیٹ ہوچکے ہیں

وقت کی پابندی کرنا پسند ہے مجھے تم چاہوں تو میرا

ہاتھ تھام سکتی ہو

دیریک سڑک کی طرف دیکھتے ہوئے حور کی طرف ہاتھ

بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے نہیں دینا اپنا ہاتھ آپ کو آپ اس کی اسپیڈ

کم کریں پلزز ورنہ میرا دل پھٹ جائے گا

حور دیریک کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے ڈرے ہوئے

لہجے میں مزید زور سے سیٹ بیلٹ کو جکڑتے ہوئے

کہتی ہے۔

گاڑی کی اسپیڈ بھی کم نہیں ہوگی ایسے ہی بیٹھی رہو

دیریک حور کی بات کو اگنور کرتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ نہیں مانیں گے میری بات۔۔؟؟؟

حور غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔۔

تم مانتی ہو میری بات۔۔؟

جواباً دیریک بھی سوال کرتا ہے۔

آپ نے مقابلہ کرنا میرے ساتھ۔۔؟؟

حور بڑی بڑی آنکھیں کیے گھورتے ہوئے بولی

ہاں کرنا ہے۔۔۔!!!"

دیریک دو ٹوک لہجے میں کہتا ہے۔

ٹھیک ہے پھر اور گاڑی کی اسپیڈ تیز کریں۔۔"

حور گہری سانس لیے سیٹ بیلٹ سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے کہتی ہے۔

کیا۔۔؟؟ دیریک حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

ہاں کریں نا ضدی آپ ہیں تو کیا میں بھی کم ضدی نہیں

آپ اور اسپیڈ بڑھائیں اب میں کچھ نہیں کہوں گی

ڈروں گی بھی نہیں

حور اٹل لہجے میں دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

ایسی بات ہے تو پھر ٹھیک ہے۔'

دیریک کہتے ہی گاڑی کی اسپیڈ مزید تیز کیے گاڑیوں کو تیزی

سے کراس کرنے لگتا ہے۔

آہ ہ ہ۔۔۔۔ گاڑی کی اسپیڈ تیز ہونے پر حور سر جھکائے اپنی

آنکھیں زور سے میچے ہوئے ہاتھوں میں بیلٹ

مضبوطی سے جکڑ لیتی ہے۔"

♡_____♡.....♡_____♡

چاروں لڑکیاں تیار ہو کر ریسٹورینٹ کے حال میں پہنچ

چکی تھی شیزا مہرین اور آئمہ تینوں اسٹیج پر کھڑی تصویریں

نکلوا رہی تھیں جبکہ روحی وہاں کا اسٹاف مینج کررہی تھی آتے ہوئے مہمانوں

استقبال بھی اور ان کے کھانے پینے

کا انتظام کرنے میں مصروف ہوئی پڑی تھی۔

روحی۔۔؟؟؟ اسٹیج پر کھڑی شیزا کیمرہ مین سے نظریں ہٹا

کر اسٹیج کے دائیں ہاتھ کی جانب کیٹرنگ ایریا میں کھڑی

روحی کو ویٹر کے ساتھ دیکھ کر آواز لگاتی ہے۔۔

شیزا کی آواز پر روحی فوراً سے پلٹ سے شیزا کی طرف

دیکھتی ہے سفید لونگ گھیر والے گاؤن میں ملبوس

جس کی بازوؤں اس کی ہتھیلیوں پر لگی چوٹ کو کوور

کرچکی تھی۔

چہرے پر براؤن گولڈن میک آپ کیے گالوں کو لائٹ پنک کیے ہونٹوں

ریڈ میٹ لپس اسٹک سوفٹ سی لگائے گالوں

پر ہائے لائیٹر لگا ہوا تھا جو حال کی روشنی میں اس کا

چہرہ مذید چمکا رہا تھا۔

آرہی ہوں۔۔"روحی شیزا کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے

اور کہتے ہی اپنے دونوں ہاتھوں میں گاؤن اٹھائے روحی اسٹیج کی

طرف بڑھتی ہے۔

اسٹیج کی سیڑھی کے پاس کا جا کر وہ رک جاتی ہے اسے

کھڑا دیکھتے ہوئے آئمہ روحی کے پاس جاتی ہے

اس کی طرف ہاتھ بڑھا کر اسے اوپر آنے میں مدد کرتی ہے۔

روحی آئمہ کو دیکھتے ہوئے اپنے ہاتھ میں گاؤن پکڑے

سیڑھیوں سے اوپر چڑھتے ہوئے اسٹیج پر چڑھتی ہے۔

جلدی آؤ لڑکیوں۔۔"مہرین دونوں کو دیکھتے ہوئے ہاتھ سے

آنے کا اشارہ کیے آواز لگاتی ہے۔

روحی اسٹیج پر چڑھے گہری سانس لیے دونوں ہاتھوں سے

گاؤن کو جھاڑتے ہوئے شیزا کی طرف بڑھتی ہے۔

یار تمہارا دلہا کب آئے گا۔۔؟؟

روحی شیزا کی طرف بڑھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

آگیا میں۔۔۔!!!"

روحی کے پیچھے سے بلیک کلر کے تھری پیس سوٹ میں

ملبوس جس کے کوٹ کے بٹن کھلے ہوئے تھے۔

ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے ہوئے آنکھوں پر نظر کا چشمہ

لگائے اسٹیج پر دبے دبے قدم رکھے ہوئے

سب کی نظروں کا مرکز بننے ہوئے اراک روحی کی طرف قدم

بڑھاتا ہے اراک کی آواز پر روحی فوراً پلٹ کر حیران کن

نظروں سے اراک کو دیکھتی ہے۔

روحی کے چہرے پر حیرانگی تھی جب کہ مترادف کھڑے

شخص کے چہرے پر ہلکی سی ٹیڑھی مسکراہٹ سجی

ہوئی تھی۔

فائنلی ہمارے دلہے جی بھی آگئے ہیں۔"

روحی جے پیچھے سے شیزا چہرے پر لمبی گہری پرسکون

مسکراہٹ سجائے ہوئے اراک کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

شیزا کی بات روحی جے کانوں تک پہنچتی ہے لیکن وہ پلٹ کر

اس کی طرف نہیں دیکھتی ہے حیرانگی سے وہ اراک کو

اور پُرسکون سا اراک اسے دیکھے جارہا تھا۔

قدم شیزا کی جانب سے اٹھ رہے تھے لیکن نظریں روحی پر

اس کے خوبصورت سے چہرے پر ٹیکی ہوئی تھی۔

نا ہی اراک کی نظر ہٹ رہی تھی اور نا ہی روحی کی دونوں

آنکھوں میں آنکھیں ڈالے ایک دوسرے کو

دیکھے جا رہے تھے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

اراک چلتے ہوئے بلکل روحی کے سامنے کچھ فاصلے پر آکھڑا ہوتا ہے ر

خاموش نظروں سے اسے دیکھ رہی ہوتی ہے

آنکھوں میں حیرانگی تھی جو سوائے اراک کے اور کوئی

نہیں سمجھ پارہا تھا۔

امم۔۔کیا میں اپنی ہونے والی وائف کے پاس جا سکتا ہوں

اگر آپ کی اجازت ہوتو۔؟؟

اراک چہرے پر مسکراہٹ سجائے مسکراتی ہوئی آنکھوں

سے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

روحی اس کی بات سن کر بھی خاموش تھی ایک دم خاموش وہ بس اسے دی

جارہی تھی۔

اس طرح مت دیکھیں مجھے معاملات بگڑ سکتے ہیں۔

اراک اب باقاعدہ مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

معاملات تو پہلے ہی بگڑتے ہوئے نظر آرہے ہیں مجھے نا جانے

کیوں۔۔؟؟

روحی اراک کو کہتے ہوئے اپنے الفاظوں پر زور دیے اس کی جانب ایک قد

بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

کچھ معاملات ہوتے ہی بگڑنے کے لیے ہیں جب تک بگڑیں گے نہیں

تب تک ان کا حل نہیں نکلے گا اور حل نہیں نکلے گا تو

ساری زندگی وہ گلے میں سانس کی طرح اٹکے رہیں گے نا

سانس لیں پائیں گے اور نا ہی چھوڑ پائیں گے۔

اراک گہری سانس بھری روحی سے نظریں ہٹا کر شیزا کی

جانب دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولا

آپ۔۔۔۔۔""""

کیا مجھے اجازت ہے اپنی "ٹو بی وائف " کے پاس

جانے کی۔۔؟؟

روحی کی بات کاٹ کر اراک اٹل لہجے میں دوبارہ روحی کی

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا پوچھتا ہے۔

آپ ہی کی ہے اجازت کی ضرورت نہیں ہے آپ کو

خاص طور پر مجھ سے"

روحی بھی دو ٹوک لہجے میں کہتی ہوئی اراک کے سامنے

سے پیچھے ہٹتی ہے اور شیزا کی طرف بڑھنے

ک راستہ دیتی ہے اس کو "

شکریہ" اراک کہتے ہوئے آگے کی جانب بڑھتا روحی کو کراسس

کیے شیزا کی طرف بڑھتا ہے۔

اتنی دیر کردی میں کب سے انتظار کررہی تھی۔

شیزا اراک کو اپنی طرف آتا دیکھتے ہوئے معصومانہ انداز

میں کہتی ہے۔

کچھ کاموں میں دیری اچھی ہوتی ہے اگر وقتِ پر کرلیں

تو نا مزہ رہتا ہے اور نا ہی خوشی

اراک کولڈ انداز میں اتنی بلند آواز میں کہتا ہے کہ روحی کے کانوں تک

کی آواز باآسانی پہنچ جاتی ہے۔

اراک شیزا کے سامنے کھڑا ہو کر اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں

میں پکڑے ہوئے پیار سے اس کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

اراک اور شیزا کو دیکھتے ہوئے آئمہ اور مہرین اسٹیج سے

اتر کر نیچے ٹیبل پر جا بیٹھتی ہیں آئمہ کی

حالت دیکھتے ہوئے مہرین خود اس کا خیال رکھنے لگ

جاتی ہے۔

اراک کی بات سنتے ہی روحی بھی گہری سانس بھرے اسٹیج

سے اترنے لگتی ہے کہ اس کی نظروں کا مرکز سامنے دروازے

سے داخل ہوتے ہوئے باسیل عالیان اور بدر تاشہ اور احمر سب اپنی

جانب کھینچتے ہیں۔

سب بلیک کلر کے تھیری پیس سوٹ میں ملبوس بالوں کو

جیل سے سیٹ کیے ہوئے آنکھوں پر گوگل لگائے

ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے ہوئے سوائے باسیل کے وہ ایک ہاتھ

اپنے کوٹ کے بٹن کھول رہا ہوتا ہے اور

حال کے اندر داخل ہورہے تھے بدر کی ساتھ چھوٹے چھوٹے

قدم اٹھائے چلتی ہوئی تاشہ سفید رنگ کے گاؤن میں ملبوس بالوں میں

بینڈز لگائے ہوئے ہونٹوں پر پنک لپس اسٹک

لگائے وہ شہزادی تاشہ واقع میں ہی ایک ننھی سی شہزادی

لگ رہی تھی اور اس کے ساتھ باسیل کے قدم کے برابر

دو دو قدم رکھے ہوئے بلیک کلر کے تھیری پیس سوٹ میں

ملبوس آنکھوں پر گوگل لگائے پیروں میں وائٹ کلر کے شوز

پہنے ہوئے عالیان بھی آج کسی شہزادے سے کم

نہیں لگ رہا تھا۔

اور ان کے بابا تو ویسے ہی کسی تعریف کے محتاج نہیں

ہیں۔۔"

باسیل کی نظریں اپنے سامنے کھڑی ہوئی سفید گاؤن میں

اس کی شہزادی پر جمی ہوئی تھیں جبکہ بدر اور احمر کی نظریں

اپنی شہزادیوں کو ڈھونڈنے میں مصروف تھیں بدر آئمہ

کو تلاش کر رہا تھا آئمہ پر نظر پڑنے سے پہلے ہی اس کی

نظریں پر جا رکتی ہے جو اسی پل اس کی طرف نظر اٹھائے

دیکھ ہی رہی تھی کہ بدر سے نظریں جیسے ہی ٹکراتی ہے وہ اسی پل اپنی نظر

واپس جھکا لیتی ہے۔

مہرین کی اجنبی رویہ پر بدر اس سے نظریں ہٹائے

سر جھکائے کچھ لمحے وہی کھڑا رہا تھا۔

"چاہتیں ایسی تھیں کہ دیکھ کر لگتا ہی نہیں تھا کہ بچھڑنا

نا ممکن ہے

نظر ایسی لگی کہ اب کوئی تعلق بچا ہی نہیں "

بدر گہری سانس بھرے پھر اپنا سر اُٹھاتا ہے اور سر اٹھاتے ہی

اس کی آئمہ پر جاتی ہے جو مسکراتے ہوئے

بدر اور تاشہ کو دیکھے واری واری جارہی تھی۔۔

آئمہ کو دیکھتے ہی بدر کے چہرے پر کبھی نا ختم ہونے والی

مسکراہٹ چہرے پر چھا جاتی ہے۔

آئمہ کرسی سے اٹھ کر بدر تاشہ کی جانب بڑھتی ہے اور بدر

بھی اسٹیج سے اتر کر آئمہ کی طرف بڑھتا ہے۔

آئمہ بدر کے قدم ایک دوسرے کی جانب تھے اور احمر اور

مہرین کے ایک دوسرے کی جانب

بدر اور مہرین نے دوبارہ نظر اٹھا کر ایک دوسرے کو

دیکھنے تک کی زحمت نا کی تھی۔۔

ماشاءاللہ"

باسیل روحی کے سامنے کھڑے ہو کر اس کے خوبصورت سے

چہرے کو دیکھتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے۔

استغفرُللہ "

باسیل کے چہرے پر سجی مسکراہٹ دیکھ کر غصیلے لہجے

میں کہتی ہے اور کہتے ہی باسیل کو اگنور کیے

گڈھنوں کے بل بیٹھے عالیان کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔

ہینڈسم شوہروں سے جلنا اچھی بات نہیں ہوتی ہے گڑیا

باسیل روحی کو بیٹھے دیکھ اپنے دونوں ہاتھوں سے کوٹ کا

آخری بٹن کھولتے ہوئے کہتا ہے۔

میں بڈھوں سے نہیں جلتی ہوں۔

روحی عالیان کے گال پر کس کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

آئی میرا بچہ کتنا پیارا لگ رہا ہے ماشاءاللہ ماشاءاللہ "

روحی کہتے ہی عالیان کا چہرہ چومنے لگ جاتی ہے۔

جل تو تم رہی ہو جھوٹی

باسیل جلے بھنے تاثرات کے ساتھ دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کی نظریں مسلسل روحی پر ٹیکی ہوئی تھی جبکہ

کوئی اور تھا جس کی نظریں ان دونوں پر جمی ہوئی تھیں۔

شیزا اور اراک دونوں صوفے پر بیٹھے ہوئے اپنے فوٹو شوٹ کروا رہے

تصویریں ان کی بن رہی تھی پر

سامنے کے منظر قید اراک کے آنکھوں میں ہو رہے تھے۔

میرے ساتھ زیادہ فری ہونے کی ضرورت نہیں ہے سمجھے آپ

بات مت کریں اور دور رہیں مجھ سے

روحی عالیان کو گود میں اٹھاتے ہوئے غصیلے تنزیہ

لہجے میں کہتی ہے اور کہتے ہی اسٹیج سے اترنے کے لئے

بڑھتی ہے۔

اففف اتنا زیادہ غصہ۔۔؟؟

باسیل روحی کو جاتا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے بتا دیتی مجھے دیکھنے کے لیے تڑپ رہی ہو میں پہلے

ہی آجاتا نا۔۔

باسیل تھوڑا بلند آواز میں شرارتی انداز میں کہتا ہے۔

باسیل کی آواز روحی کے ساتھ ساتھ اس کے آس پاس کھڑے

لوگوں تک بھی باآسانی جاتی ہے اور اراک بھی اس کی بات سنتے ہی فوراً

اپنے دانت بھینچنے پہ لگ جاتا ہے۔۔

میرے ہاتھوں آج کے دن بھی بھری محفل میں عزت کروانی

ہے تو پنگے لیں مجھ سے

روحی مڑ کر س پر سرسری سی نظر ڈالتے ہوئے غصیلے انداز کہتی ہے۔

عزت تو تمہاری ہو جائے گی اگر تم نے بھری محفل میں

مجھے ایک بار اور اگنور کر کے میرا دماغ گھومایا تو۔۔"

باسیل روحی کی طرف بڑھتے ہوئے اس کی آنکھوں میں آنکھیں

ڈال کر دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

ک۔۔کیا کریں گے آپ۔۔؟؟

باسیل کو اپنی طرف آتا دیکھ کر پوچھتی ہے۔

اور ایک سیکنڈ یہ دھمکی کس کو دے رہے ہیں۔۔؟؟

اب کی بار لہجے میں حیرانگی کے ساتھ ساتھ غصہ تھا۔

م۔دھمکی تو نہیں دے رہا ہوں بس بتا رہا ہوں۔"

باسیل روحی کے سامنے کھڑے ہو کر عالیان کو دیکھتے ہوئے

اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا بتا رہے ہیں۔۔؟

روحی دانت بھینچتے ہوئے پوچھتی ہے۔

یہ ہی میری جان کہ تمہارے مجھے اگنور کرنے پر میرے

اندر کا رومینٹک بندہ جاگ جاتا ہے اور جب وہ جاگتا ہے تو وہ

روکتا نہیں ہے نا وہ محفل دیکھتا ہے اور نا ہی تنہائی

کے پل دو پل کے اندر اندر تمہاری سانسوں پر قابض ہونے میں

وقتِ نہیں لگائے گا وہ۔۔۔"

باسیل روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اٹل لہجے

میں کہتا ہے اس کے لہجے میں دھمکی صاف نمایاں ہو رہی تھی۔۔

باسیل کی بات روحی کو خاموش کر چکی تھی اس کے پاس

الفاظ ختم ہو چکے تھے جیسے

مجھ سے بات مت کرنا اب آپ۔"

روحی غصے میں کہتی ہوئی اسٹیج سے اترتی ہوئی آئمہ

مہرین کی جانب بڑھتی ہے۔

باسیل روحی کے غصیلے چہرے کو دیکھتے ہوئے مسکرا

دیتا ہے اور مسکراتے ہی پلٹ کر پیچھے صوفے کی جانب شیزا

اور اس کے ساتھ صوفے پر بیٹھے ہوئے اراک کو دیکھتا ہے۔

اراک کو دیکھتے ہی باسیل پل کے لیے تک جاتا ہے باغور اس کے

چہرے کا معائنہ کرنے لگتا ہے۔

باسیل آجاؤ۔۔"شیزا دھیرے سے کھڑی ہوتی ہوئی ہاتھ سے اشارہ کرکے

بلاتی ہے اسے اپنی طرف۔۔"

باسیل اراک کو دیکھتے ہوئے ان کی جانب بڑھتا ہے باسیل کے بڑھتے ہوئے

قدموں کو دیکھتے ہوئے اراک بھی صوفے سے اٹھ کھڑا

ہوتا ہے صوفے سے دو قدم آگے باسیل کے سامنے جا کھڑا ہوتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور اور دیریک بھی ریسٹورنٹ کے باہر پہنچ چکے تھے

پورے راستے رومینٹک گانے سن سن کر حور کا دماغ خراب ہو گیا تھا

دیریک کو مزہ آرہا تھا اسے یوں تنگ کرنے پر گاڑی ریسٹورنٹ کے آ

اوپن پارکنگ ایریا میں پارک کیے

دیریک اپنی سیٹ بیلٹ کھولتے ہوئے حور کی جانب

دیکھتا ہے جو منہ پھلائے بیٹھی ہوئی تھی۔

چلو پہنچ گئے ہم۔"

دیریک گاڑی کا دروازہ کھولتے ہوئے کہتا ہے۔

دیریک کی بات کا حور کوئی جواب نہیں دیتی ہے اور جلدی

سے اپنی سیٹ بیلٹ کھولتے ہی فوراً گاڑی سے باہر

نکل جاتی ہے۔

دیریک ہنس رہا تھا اسے حور کو تنگ کر کے مزہ آرہا تھا۔

ہر چیز ہر کوئی اب زبردستی کرواتا ہے مجھے تو سمجھ نہیں آتی ہے دُنیا

انسانوں میں انسانیت ختم ہوگئی ہے

کیا کسی کی فیلنگز سے کسی کو کوئی فرق نہیں پڑتا اب

حور غصے میں بڑبڑاتے ہوئے گاڑی سے باہر نکلتی ہے وہ تو نکل گئی تھی لـ

مکمل

اس کے کپڑے نکلے ہی نہیں تھے کہ غصے میں وہ پیچھے سے

زور سے گاڑی کا دروازہ بند کر دیتی ہے

دوسری طرف سے دیریک گاڑی سے نکالتے ہی حور کو باہر

دیکھ گاڑی کو بے دھیانی میں گاڑی کی چابی سے لاک کر دیتا ہے۔

حور بھی غصے میں بڑبڑاتے ہوئے آگے کی طرف بڑھ رہی ہوتی

ہے کہ دو قدم رکھے ہی تھے کہ واپس زور سے پیچھے کی

جانب کھینچتی ہے وہ

آہ ہ۔۔۔حور کے منہ سے بے ساختہ نکل پڑتا ہے۔۔

یہ کیا ہوگیا ہے۔۔؟؟ حور پلٹ کر اپنے کپڑوں کو گاڑی میں پھنسا دیکھتے

ہوئے خود سے پوچھتی ہے۔

میرے کپڑے اب نکالوں کیسے یہ تو نکل ہی نہیں رہے ہیں۔۔!!!حور کپڑوں

کھینچتے ہوئے گہری سانس

لیتے ہوئے کہتی ہے۔

"سنیں" دیریک کو ریسٹورنٹ کی طرف بڑھتا دیکھتے

ہوئے بلند آواز میں پکارتی ہے۔

"سنائیں..!!"

دیریک فون میں نظریں جمائے ہوئے حور کی پکار کر رک

کر اس کو جواب دیتا ہے۔

"و..وہ م..میں پھنس گئی ہوں "

حور معصوم سی دھیرے سے کہتی ہے۔

"کہاں پھنس گئی ہو..؟؟"

دیریک فون سے نظریں ہٹا کر گاڑی کی دوسری طرف حور

کو کھڑا دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"وہ یہاں گاڑی میں میرے کپڑے باہر نہیں

نکل رہے ہیں آپ نے شاید گاڑی لاک کردی ہے "

حور ڈیریک کو دیکھتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہتی ہے۔۔

"میں نے لاک نہیں کی ہے تم ٹرائے کرو

آجائیں گے باہر"

ڈیریک فون واپس کوٹ کی جیب میں ڈالتے ہوئے کہتا ہے۔

"نہیں آرہے ہیں یہ میں نے ٹرائے کیا ہے

آپ کھولیں نا دروازہ"

حور اب رونے والے انداز میں کہتی ہے۔

"دروازہ کھولنے کے لیے مجھے تمہارے پاس آنا پڑے گا"

ڈیریک حور کی روتلو سی شکل دیکھتے ہوئے اپنی مسکراہٹ

کو ضبط کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"تو آپ آجائیں نا اس سے آزاد کریں مجھے ابھی"

حور بڑی بڑی آنکھیں کیے ٹمٹماتے ہوئے فراک کو لگاتار نکالنے

کی کوششیں کرتے ہوئے کہتی ہے۔

"سوچ لو خود پاس بلا رہی ہو"

دیریک حور کے طرف بڑھتے ہوئے شرارتی لہجے میں

کہتا ہے۔

"سوچنے والی کیا بات ہے آپ نے کون سا کچھ

کرنا ہے میرے ساتھ"

حور کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔

"اس بات کی کوئی گیرینٹی نہیں ہے نیت میری

پہلے ہی خراب ہو رہی ہے"

"اس طرح قریب بلاؤ گی تو کچھ بھی ہو سکتا ہے پھر..!!"

دیریک حور کے سامنے آ کھڑا ہوتا ہوئے حور کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"آپ کچھ کرنا چاہتے ہیں میرے ساتھ..؟؟"

حور حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

"ہاں کچھ نہیں بہت کچھ کرنا چاہتا ہوں"

چہرے پر سجی مسکراہٹ ضبط کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"ہاں تو کرلیں میں نے پہلے ہی کہا تھا جو کرنا ہے کرلیں

کر کرا کر جان چھوڑ دیں میری '

حور کا لہجہ تلخ تھا۔

"تمہاری جان تو میں چھوڑ دوں گا لیکن میری

جان کا کیا جو تم قبض کر چکی ہو"

حور کی تلخی محسوس کرتے ہوئے چہرے پر چھائی مسکراہٹ

خود غائب ہونے لگتی ہے۔

دیریک بنا مسکرائے حور کو دیکھتا رہتا ہے۔

"مُجھے اس طرح ان نظروں سے مت دیکھوں"

دیریک سیریس فیس میں کہتا ہے اور کہتے ہی گاڑی کا دروازہ

کھولنے لگتا ہے گاڑی کا دروازہ نا کھلنے پر اپنے کپڑوں کی جیب میں ہاتھ ڈالے

چابی کو ڈھونڈنے لگتا ہے۔

"کن نظروں سے..؟؟"

حور ایک ائیں‌رو اُٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

"ایسے جیسے تم ابھی مجھے کس کرنے لگی ہو "

دیریک اپنی ہنسی ضبط کرتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی گاڑی کا دروازہ کھو

حور کی فراک گاڑی سے باہر نکالتا ہے۔

"آہنہنہ .... ابھی اتنا ایمان کمزور نہیں ہوا ہے کہ

غیر مذہبی چیزیں منہ لگاتی پھیروں"

فراک کے نکلتے ہی حور دیریک کے ہاتھ سے اپنی فراک

آزاد کروائے دیریک سے دور قدم اٹھاتے ہوئے وہ وہ اپنے کپڑے

اپنا دوپٹہ ٹھیک کرنے لگتی ہے۔۔

حور کی بات پر دیریک اپنے ہاتھوں سے پھسلتی ہوئی اس کی

فراک کو دیکھے گہری سانس بھرتا ہے۔۔

حور آگے ریسٹورنٹ کی جانب بڑھتی ہے اور دیریک خاموشی

سے اس کے قدموں کی چھاپ پر اپنے قدم رکھے دونوں ہاتھ

کمر پر باندھے اس کے پیچھے پیچھے چل پڑتا ہے۔

حور ریسٹورنٹ کے دروازے کے باہر پہنچ کر کھڑی ہو کر سر

اٹھا کر ریسٹوریںٹ کے اندر سے باہر آتی ہوئی روشنیوں کو

دیکھتے ہوئے خوش ہونے لگتی ہے۔

باہر سے صرف روشنی نظر آئے گی اندر جاؤ گی تو کتنی

چمک اور کتنی تپش ہے ان روشنیوں میں وہ محسوس کرپاؤں گی چلو اندر۔۔'

دیریک حور کے ساتھ کھڑا ہوکر ریسٹورنٹ کے اندر ہاتھ

سے داخل ہونے کا اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

روشنیاں ہر کسی کے نصیب میں نہیں ہوتی ہے ان میں اندر

جا کر بھی صرف اندھیرا اور ویرانی ہی نظر آتی ہے۔

حور گردن موڑ کر سر اٹھا کر دیریک کے چہرے کی جانب

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

ہر کسی کا نصیب میں نہیں جانتا پر اپنا اور تمہارا

جانتا ہوں۔

ڈیریک حور کی طرف اپنا رخ موڑے مسکراتے ہوئے مسکراتی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

اچھا اور کیا ہے میرا نصیب۔۔؟؟

حور اپنی دونوں آنکھیں بڑی بڑی کیے تجسّس سے پوچھتی ہے۔

"میں " ڈیریک ایک لفظ کہہ کر ہی سامنے والے کے لبوں پر کفل لگا دیتا ہے۔

اور میرا تم۔۔!!"ڈیریک اپنا نچلا لب دباتے ہوئے کہتا ہے۔

میں آپ کا نصیب نہیں ہوں۔"

حور سر جھٹکتے ہوئے تین سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ریسٹورنٹ میں

داخل ہوتی ہے۔

تم ہو مجھے یقین ہو گیا ہے اس بات کا

دیریک حور کے پیچھے سیڑھیوں پر چڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیسے ہوا یہ جھوٹا یقین آپ کو۔؟؟

حور بنا رکے بنا مڑے آگے کی جانب بڑھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کیونکہ تم واحد ہو جس پر نظروں کے ساتھ ساتھ

میری سانسیں بھی رک گئی تھیں۔۔

دیریک کی بات پر حور کے قدم رک جاتے ہیں پر وہ پلٹتی

نہیں ہے دیریک کی بات پر گہری سانس

بھرتے ہوئے حور آگے کی جانب دوبارہ بڑھنے لگتی ہے۔

سفید اور گولڈن روشنیوں میں چمکتے ہوئے شیشے ان

شیشوں میں دیکھتا ہوا چاروں طرف حور کا عکس اور اس

کے پیچھے اس کے ایک مضبوط سہارے کا عکس

دیریک کا عکس جیسے اپنے پیچھے چند فاصلے پر چلتا دیکھ

کر حور آگے کی طرف قدم بڑھاتی جارہی تھی۔

میری پیچھے چل رہے ہیں شرمندگی نہیں ہورہی ہے آپ کو۔؟

حور اب کی بار مڑ کر دیریک کی ہیزل براؤن آنکھوں

میں دیکھتے ہوئے ہلکی سی گردن موڑ کر پوچھتی ہے۔

شرمندگی کیوں ہوگی مجھے۔۔؟؟

دیریک حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

کیونکہ میں لڑکی ہوں آپ لڑکے ہیں اور اوپر سے میرے شوہر بھی۔۔"

حور پہلے سیدھے ہاتھ سے اپنی طرف پھر دیریک کی طرف

اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

میں کون ہوں۔۔؟؟

حور کے قریب قدم بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

ک ک۔کون۔۔؟؟ حور پیچھے کی طرف قدم اُٹھاتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

وہی پوچھ رہا ہوں میں کون ہوں تمہارا۔۔؟؟

دیریک مزید حور کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

ش۔۔شوہر ہیں آپ۔۔!!!"

حور لڑکھڑاتے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

بلکل شوہر ہوں میں تمہارا شوہر کا بیوی کے پیچھے چلنے سے

شرمندگی نہیں خوشی ہوتی ہے فخر ہوتا ہے اور مجھے

اب اپنی

زندگی میں ڈھیروں خوشیاں بھرنی ہیں۔۔

پر میں آپ کی خوشی نہیں ہوں "

حور گہری سانس لیے اپنی نظریں دیریک سے ہٹاتے ہوئے

کہتی ہے۔

تم ہو تم ہی ہو "

دیریک حور کی اٹھتی جھکتی ہوئی پلکیں دیکھتے ہوئے

ہلکا سا مسکرا کر کہتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

آپ نے میرا پیٹ باتوں سے ہی بھرنا تھا تو گھر پر ہی بتا دیتے

اس کے اتنی دور آنے کی کیا ضرورت تھی۔۔"

حور گہری سانس دیریک کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔

باتوں سے پیٹ بھرنا ہوتا تو واقع میں ہی یہاں نا لاتا

دیریک حور کو کراسس کرتے کچھ قدم آگے بڑھ کر لفٹ کی

طرف دیکھنے لگتا ہے۔

یہاں لایا ہوں تو کھلاؤں گا بھی اور باتیں بھی کروں گا

ڈیریک لفٹ کو دیکھے واپس مڑ کر حور کو دیکھتا ہے اور

دیکھتے ہی چھوٹی چھوٹی آنکھیں کیے حور کو دیکھتا ہے۔

ویسے ایک بات پوچھوں۔۔؟؟

لفٹ کی طرف بڑھنے کا اشارہ کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

انکار کرنا چاہتی ہوں پر ٹھیک ہے پوچھ لیں "

حور لفٹ کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہیں باتیں کرنا پسند نہیں ہے کیا۔۔؟؟

ڈیریک حور کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے پوچھتا ہے۔

کیا مطلب۔۔؟؟ حور چلتے ہوئے بنا رکے مڑ کر ڈیریک سے

پوچھتی ہے۔

مطلب لڑکیوں کو کتنا شوق ہوتا ہے بہت ساری باتیں کرنے کا

فرمائشیں کرنے کا لڑائی کرنے کا

تم تو کچھ بھی نہیں کرتی ہو ایسا کیوں۔۔؟؟؟"

لفٹ میں داخل ہوئے 8 فلور بٹن پریس کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

مجھے زیادہ باتیں کرنا نہیں پسند۔۔!!"

حور دو ٹوک لہجے میں جواب دیتی ہے۔

پر مجھے بہت پسند ہے مجھ سے باتیں کیا کروں تمہیں اچھا

لگے گا یقیناً۔۔"

دیریک اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے پتا لگ رہا ہے آپ کو باتوں کا کتنا شوق ہے جب سے

میری زندگی میں آئیں ہیں ایک پل کے لیے بھی خاموش نہیں

رہے ہیں آپ۔"

حور اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

تو تم باتیں کروں گی مجھ سے۔؟؟

8 فلور پر پہنچے دیریک تجسّس بھری نگاہوں سے دیکھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں " حور دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہی کہتے ہی اپنی ہنسی دباتے ہو

لفٹ سے باہر نکل جاتی ہے۔

"ماشاءاللہ " یہ کتنا خوبصورت ہے۔۔

8 فلور پر آتے ہی حور موم بتیوں کی ہلکی پھلکی سی روشنی میں زمین پر

بکھیرے ہوئے لال سرخ گلابوں کو دیکھتے ہوئے

چاروں طرف پھولوں کی پتیوں میں جلتی ہوئی موم بتیوں

کو دیکھتے ہوئے پورے حال میں لگا صرف ایک ٹیبل جس

پر بھی موم بتیاں سجی ہوئی تھیں

ان موم بتیوں کے درمیان پھولوں کی پتیوں پر ٹیبل پر سجا کھانا حور کے چہر

پر پرسکون مسکراہٹ

کبھی نا ختم ہونے والی بے حد خوبصورت سی مسکراہٹ

چھا جاتی ہے صرف چہرے پر ہی نہیں حور کے دل میں

خوشی کی لہر دوڑتی ہے۔

اس کے چہرے پر بکھری اندرونی اور بیرونی خوشی اس

کی آنکھوں میں سجی چمک سے صاف نمایاں ہورہی تھی۔

ظالم عورت کبھی دل خوش نہیں کرتی میرا

حور کو جاتا دیکھ ممناتے ہوئے دانت پیستے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی باہر نکل جاتا ہے باہر نکل کر وہ آگے بڑھتا ہے

کہ حور فوراً سے پلٹ کر ہنستے ہوئے اس کی طرف

دیکھتی ہے۔

دیریک کے آگے ہی طرف بڑھتے ہوئے قدم وہی رک جاتے ہیں

حور کو ہنستا دیکھ کر دیریک کے دل میں بھی خوشی کی لہر

دوڑتی ہے ایک پرسکون مسکراہٹ اس کے چہرے

پر بھی چھا جاتی ہے۔

یہ سب آپ نے کیا ہے۔؟؟ حور مسکراتے ہوئے بڑی بڑی آنکھیں

کیے پوچھتی ہے۔

حور کے سوال پر دیریک اپنے آپ کو کمپوز کیے واپس

نارمل ہونے کی کوشش کرتا ہے۔

تمہیں پسند آیا یہ۔۔؟؟ جوابا دیریک بھی سوال کرتا ہے۔

ہاں بہت آپ کو پتا ہے مُجھے لال گلاب بہت زیادہ پسند ہیں

میں اپنے گھر میں اپنے کمرے میں ہمیشہ ہر دن

صبح صبح ہی تازہ گلاب اپنے کمرے میں کھڑکی کے پاس

گلدان میں سجاتی ہوں

حور مسکراتے ہوئے دیریک کی طرف ایک قدم بڑھاتی

خوشی سے بھرپور لہجے میں کہتی ہے۔

حور کے چہرے پر سجی مسکراہٹ دیکھ کر اس کی باتیں

سن کر دیریک کے دل کی دھڑکنیں تیزی سے بڑھنے لگ گئی تھی۔

کھڑکی میں کیوں۔۔؟؟ دیریک تجسس سے پوچھتا ہے۔

کیونکہ جب ہوا ان پھولوں سے ٹکڑاتی ہیں تو پھر پھولوں

کی خوشبوئں پورے کمرے میں بکھر جاتی ہے۔

حور پلٹ کر زمین پر اس کے قدموں کے نیچے اس کے آس پاس

زمین کو چھپائے لال پھولوں کی پتیوں کی چادر

پر بیٹھے اپنے ہاتھ میں مٹھی کی طرح پتیوں کو اکٹھا پکڑے حور ان کی خوشبو

سونگھتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہیں گلاب پسند ہیں۔۔؟؟ ڈیریک حور کی طرف اس کے آگے کی طر

قدم بڑھاتے ہوئے حور کے سامنے آکھڑا ہو کر اس کو زمین پر بیٹھا دیکھ

پوچھتا ہے۔

"بہت " حور پتیوں کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

آپ کو نہیں پسند۔۔؟؟ حور سر اٹھا کر موم بتیوں کی ہلکی ہلکی

سی روشنی میں ڈیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے

مسکراتے ہوئے پوچھتی ہے۔

مجھے پھول نہیں پسند ہیں "

ڈیریک حور کے چہرے کو دیکھتے ہوئے گہری سانس لیتے

ہوئے کہتا ہے۔

ایسا کیوں۔۔؟؟ حور ہاتھ میں پھولوں کو پکڑے ہوئے دیریک

کے سامنے کھڑی ہو کر پوچھتی ہے۔

نا نا کرتے ہوئے بھی سوالوں سوالوں میں ہی دونوں ایک دوسرے کو جا

کی شروعات کر چکے تھے۔

دونوں کے سوال ختم ہی نہیں ہوتے ہیں ایک کی بات مکمل

ہوتی تو دوسرے کا سوال پہلے سے ہی تیار رہتا ہے۔

کیونکہ پھول ہمارے میں صرف مرنے والوں کی یاد میں گھر

میں لائے جاتے ہیں اور سجائے جاتے ہیں۔"

دیریک حور سے نظریں چراتے ہوئے اپنے بالکل پیچھے حال کے

درمیان میں پھولوں کی پتیوں میں کھانے سے سجی ٹیبل

کی طرف قدم بڑھاتا ہے ایک لمبی سی خوبصورتی سے سجی ہوئی ٹیبل جس

آمنے سامنے دو ہی ٹیبل تھے صرف

مطلب تو مجھے سمجھ نہیں آیا ہے آپ کی بات کا لیکِن پھول تو وہ واحد ہے

انسان کے اچھے اور برے وقت میں

سب سے بہترین یاد ہوتے ہیں اگر برے وقت کو ان سے جوڑ

کر اچھے وقت میں استعمال نہیں کریں گے

تو ان سے جوڑی خوبصورت یادوں سے اور ان کی خوشبوؤں سے خود

کو محروم رکھنے کے زمہ دار آپ خود ہونگے

آپ پھولوں کو الزام نہیں دے سکتے ہیں "

حور پھولوں کو دیکھتے ہوئے دیریک کی طرف ٹیبل کی طرف

بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

حور کی بات پر دیریک حیرانگی سے اس کی جانب دیکھتا

پر حیرانگی کب فخریہ مسکراہٹ میں تبدیل ہوگئی اسے

اندازہ ہی نہیں ہوا۔۔

اووو۔۔۔پورا پھول۔۔۔"حور کی نظر پورے ٹیبل پر پڑے کہ پھولوں

میں سے ایک ہی گلاب کے پورے پھول پر پڑتی ہے۔

پتیوں کو ٹیبل پر رکھے حور گلاب اٹھائے اسی پل دیریک

کی طرف پلٹتی ہے۔

یہ لیں۔۔"حور دیریک کی جانب پھول بڑھاتے ہوئے اس کے

چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے بولی

مجھے کیوں دے رہی ہو تمہیں پسند ہے یہ تم رکھو اس کو

دیریک گلاب واپس حور کی طرف بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے پسند ہے یہ اور بے حد پسند ہے یہ

لیکن وہ کیا ہے نا جب میرے پاس سامنے والے کو لوٹانے کے

لیے کچھ نہیں ہوتا ہے تو میں اسے پھول

دے کر اس کا شُکریہ ادا کرتی ہوں۔

حور گلاب کی ٹنڈی کو توڑے چھوٹا کرتے ہوئے دیریک کی

طرف قدم بڑھائے دو قدم کے فاصلے پر کھڑی

ہو کر اس کے کوٹ میں باہر کی طرف لگے رومال کے ساتھ گلاب کو لگا

ہے۔

حور کے دیریک کے نزدیک بڑھتے ہوئے قدم دیریک کی سانسیں

اس کے اندر ہی روک چکی تھی۔

دل کے قریب رکھے اس کو آپ کو بھی ان کی خوشبوؤں سے

خود بخود محبت ہو جائے گی۔

حور سر اٹھا کر دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

انتہائے پرسکون لہجے میں کہتی ہے اور کہتے ہی مسکراتے ہوئے

اسی پل دیریک سے دور ہوئے وہ ٹیبل پر کرسی کی طرف بڑھتی ہے اور ا

لیے کرسی کھینچ کر بیٹھ جاتی ہے۔

دیریک اس پوزیشن میں کھڑے ہوئے وہ سانس لینے کی کوشش کرتے ہو

اسی پوزیشن میں کھڑے ہو کر اپنے دل کے

مقام پر کوٹ لگائے حور کے پھول پر ہاتھ رکھے وہ گہری سانس لینے کی

کوشش کرتے ہوئے اپنے آپ کو نارمل کرتا ہے۔

ارکان۔۔؟؟؟ حور پیچھے سے اسے آواز لگاتی ہے پر دیریک

اس کی آواز سن کر بھی نہیں پلٹتا ہے۔

ارکان۔۔؟؟ حور اب کی بار تھوڑا بلند آواز میں کہہ کر دیریک کو پکارتی

پر دیریک کو اس نام کی عادت نہیں تھے

وہ اسی پوزیشن میں کھڑا ہوا تھا۔

آپ سن نہیں رہے ہیں مجھے۔؟؟ حور غصیلے لہجے میں

پوچھتی ہے تو دیریک پلٹ کر حور کو دیکھتا ہے۔

م۔۔مجھے کچھ کہہ رہی ہو۔۔؟؟ دیریک گہری سانس لیتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

حد ہوگئی ہے نام میں کان ہے لیکن کان کسی کام کے نہیں ہیں آپ کے تو۔

حور گندا سا منہ بنا کر کہتی ہے اس کی بات پر دیریک گردن

ٹیڑھی کر کے اس کی جانب دیکھتا ہے۔

صحیح تو کہہ رہی ہو کتنی آوازیں لگائیں آپ نے ایک بھی

نہیں سنی میری"

حور اپنی نظریں چراتے ہوئے کہتی ہے۔

وہ کسی ہے وائفی اس نام کی عادت نہیں ہے مجھے تو بس اس لیے

دیریک حور کے سامنے والی کرسی پر بیٹھتے ہوئے

کہتا ہے۔

اچھا تو پھر کوئی بات نہیں میں آپ کا نیا نام رکھوں۔۔؟؟

حور اپنا نچلا ہونٹ دباتے ہوئے پوچھتی ہے۔

نہیں۔۔" دیریک مسکراتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی اسی پل سیریس ف

میں آجاتا ہے۔

حد ہوگئی ہے۔۔"حور گردن جھٹکتے ہوئے اپنے لیے پانی کا

گلاس ٹیبل سے اٹھائے لبوں سے لگاتی ہے۔

اچھا رکھ لو کیا یاد کرو گی جرمنی کے ہیزل آنکھوں والا شہزادہ کا نام رکھ

موقع ملا ہے تمہیں "

دیریک ایٹیوڈ کے ساتھ کہتا ہے۔

آپ نقلی شہزادے ہیں اصل نا بنیں " حور گندا سا منہ

بنا کر کہتی ہے۔

میں اصل شہزادہ ہی ہوں۔۔"دیریک ٹیبل پر ہاتھ کی مٹھیاں

بھینچے ہلکا سا مکہ مارتے ہوئے کہتا ہے۔

جی نہیں آپ نقلی ہیں اور آج سے آپ نقلی شہزادے ہی ہیں

حور بھی دیریک کے انداز میں اس کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کم رہے تھے اور گھور زیادہ رہے تھے۔

کھانا کھاؤ سوئٹ ہارٹ اس طرح مت دیکھا کرو مجھے

ورنہ میرا کھانا کھانے کا دل نہیں رہتا۔۔

ڈیریک چہرے پر ٹیڑھی مسکراہٹ سجاتے ہوئے اپنی ایک آئیبرو اٹھاتے ہو

کہتا ہے۔

ڈیریک کی بات کا مطلب سمجھتے ہوئے حور ڈیریک کے چہرے سے اس

آنکھوں سے اپنی نظریں ہٹاتی ہے۔

نقلی شہزادوں کا حکم نہیں ماننا چاہتی ہوں میں پر۔۔

م۔۔مجھے بھی بھوک لگ رہی ہے تو بس۔۔۔!!!"

حور سر جھکائے اپنے لیے ٹرے سے کھانا لیتے ہوئے دھیرے سے ممنا

ہوئے کہتی ہے اور اپنے چہرے کا اپنے بالوں میں

چھپاتے ہوئے ڈیریک کی نظروں سے اوجھل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

حور کی حرکت پر ڈیریک ہنستے ہوئے اپنے لیے ٹرے سے خود

کھانا لیے وہ بھی کھانا کھانے لگتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

"اراک یورگن " اراک باسیل کی آنکھوں میں کولڈ نظروں

سے دیکھتے ہوئے اس کی جانب ہاتھ بڑھا کر اپنا تعارف کرواتا ہے۔

"باسیل سکندر " باسیل اس سے ہاتھ ملاتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کے بارے میں بہت کچھ سنا ہے ملنے کا خواہش مند تھا میں۔۔"

اراک اپنا ہاتھ واپس لیتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے بھی آپ کو دیکھ کر ایسا لگ رہا ہے کہ آپ سے ملنے

کی مجھے بھی کافی خواہش تھی۔۔

باسیل اراک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

دونوں کی نظریں ایک دوسرے پر جمی ہوئی تھیں۔

چلیں خواہش تھی یا ضرورت پتا نہیں

ملنا نصیب میں تھا شاید ہمارا تو مل لیے نصیب کا لکھا کون

بدل سکتا ہے۔۔

اراک اپنا ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالتے ہوئے ہلکا سا

مسکرا کر کہتا ہے۔

باسیل اراک کی بات پر خاموش تھا اس کی بات کا مطلب وہ

سمجھ بھی پا رہا تھا اور نہیں بھی

نصیب کا لکھا بدلنے کے لیے نہیں وہ واحد جو کوئی چاہ کر

بھی نہیں بدل سکتا ہے جیسے وہ مل گیا سو مل گیا۔۔!!!"

باسیل گہری سانس لیے اپنی ایک ائیبرو اچکاتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

مبارک ہو شیزا۔۔!!"

باسیل شیزا کی طرف متوجہ ہوئے اپنے کوٹ کی جیب سے ایک چھوٹا سا بوک

نکال کر شیزا کی طرف بڑھاتا ہے۔

باسیل کی توجہ جیسی ہی شیزا پر جاتی ہے اراک کی نظروں

کا مرکز روحی اور عالیان بن جاتے ہیں پر وہ خود کو کسی کی نظروں میں آ

دینے سے پہلے ہی روح سے نظر

ہٹا کر صوفے کی طرف بڑھتا ہے اور صوفے سے پشت ٹیکائے

وہ چوڑا ہوئے تھوڑا ٹیڑھا ہو کر باسیل کو باغور دیکھنے

لگتا ہے۔

یہ کیا ہے۔۔؟؟

شیزا حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

تمہارا ویڈنگ گفٹ " باسیل ہلکا سا مسکراتے ہوئے

جواب دیتا ہے۔

ویسے میں نے سوچا تھا کہ جب بھی میری شادی ہو گی میں

تمہیں نہیں بلاؤں گی نا ہی تم سے کوئی تحفہ لوں گی

شیزا گفٹ بکس پکڑتے ہوئے دھیمے لہجے میں ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

شیزا کی بات پر باسیل بھی مسکرا دیتا ہے۔

مجبوری سب کرواتی ہے "

باسیل مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

مجبوری نہیں دوستی دوستی سب کرواتی ہے ایک وہ دوستی

جو ہم نے کی اور ایک وہ جو تمہاری بیوی نے مجھ سے کی

اس قسم کی دوستیوں میں ہر چیز ممکن ہے۔

شیزا روحی کی طرف دیکھتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

شیزا کی بات پر باسیل بھی فخریہ انداز میں روحی کی

جانب دیکھتا ہے اور باسیل ہے ساتھ ساتھ اراک بھی روحی کی جانب

نظر اٹھاتا ہے۔

اراک روحی پر سرسری سی نظر ڈالتا ہے پر اتنی ہی نظر

میں وہ سر تا پیر اسے عالیان کے ساتھ دیکھ کر

چہرے پر ٹیڑھی مسکراہٹ سجاتے ہوئے گردن جھٹکے اپنے

آپ کو واپس باسیل کی طرف متوجہ کرتا ہے۔۔

میری بیوی ہے ہی کمال کی "

روحی کی جانب دیکھتے ہوئے باسیل کے منہ سے بے ساختہ

نکل پڑتا ہے۔

ماشاءاللہ اب سرئے عام لوگوں کی تعریف بھی کرنے لگ گئے

ہو پہلے تو منہ کے ساتھ ساتھ تمہاری آنکھوں میں

بھی درد ہوتا تھا کسی کو دیکھتے ہوئے

شیزا ہنستے ہوئے تنزیہ لہجے میں کہتی ہے۔

'وقت وقت کی بات ہوتی ہے وقت سب بدل دیتا ہے"

باسیل کہتے ہی شیزا کے سر پر ہاتھ پر ہاتھ رکھ دیتا ہے۔

اللہ پاک تمہیں خوش رکھے" آمین"

باسیل کا ہاتھ سر پر محسوس کرتے شیزا کے چہرے سے

مسکراہٹ غائب ہو جاتی ہے۔

باسیل دعا دیتے ہی سر سے ہاتھ ہٹاتا روحی کہ طرف

متوجہ ہوتا ہے۔

ٹیڈی آپ نے کھانا کھایا۔؟؟

روحی عالیان کو ٹیبل کی طرف لیے بڑھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

آئمہ اور بدر تاشہ کے ساتھ ایک ٹیبل پر تھے جبکہ

مہرین اور احمر ان کے پیچھے دوسرے ٹیبل پر بیٹھے

ہنستے ہوئے اپنی آج رات کی یادوں کو تصویروں

میں قید کر رہے ہوتے ہیں۔

کھایا تھا پر پھر بھوک لگ رہی ہے۔۔"

عالیان روحی کی گردن کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھے ہوئے اس سے

ہوا روحی کے چہرے کی طرف

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

آئی میرا بھالو ماما کی طرح تم بھی بہت بھوکڑ ہوگئے ہو

روحی عالیان کو ٹیبل پر اپنے سامنے بیٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

صرف ماں کی طرح بھوکڑ ہی نہیں تیز بھی ہوگیا ہے

پیچھے سے روحی کی طرف بڑھتا ہوا باسیل تھوڑی زور سے

کہتا ہے۔

انکل میرے بیٹے کو کچھ مت بولیں آپ "

روحی فوراً سے پلٹ کر باسیل کو گھورتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کی بات پر بدر اور آئمہ دونوں ان کی طرف

ہنستے ہوئے دیکھنے لگ جاتے ہیں۔

صرف تمہارا نہیں ہے میرا بھی ہے۔۔"

باسیل دانت بھینچتے ہوئے روحی کے پاس کھڑا ہو کر

کہتا ہے۔

نہیں میں صرف ماما کا ہوں"

عالیان ٹیبل پر کھڑا ہوتے ہوئے کہتا ہے اسے کھڑا ہوتا دیکھ

روحی جلدی سے عالیان کو پیٹ سے پکڑ کر

کھڑے ہونے میں مدد کرتی ہے۔

گندی اولاد صبح تک تو دونوں کے تھے جب میں تمہیں تیار

کررہا تھا تب تو تمہیں کوئی مسئلہ نہیں ہوا مجھ سے

اب تم نے پھر پارٹی بدل لی۔۔۔۔"

باسیل عالیان کو دیکھتے ہوئے غصے میں چھوٹی چھوٹی آنکھیں

کیے کہتا ہے۔

وہ تو میں نے ماما کے پاس آنا تھا نا تو اس لیے

عالیان روحی کی گردن کے گرد دوبارہ اپنی ننھی ننھی

بازوؤں کا حصار باندھے ہوئے دھیرے سے کہتا ہے۔

عالیان کی باتوں پر روحی کے ساتھ ساتھ بدر اور آئمہ بھی

اپنی ہنسی کو بامشکل ضبط کرنے لگتے ہیں۔

اووو۔۔۔میری بیوی سے اپنے ہاتھ ہٹاؤ"

یہ آپ کی نہیں ہیں میری ہیں"

عالیان روحی کے گال پر کس کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

عالیان کی حرکت پر باسیل کے دماغ کی رگیں تن گئی تھیں

وہ غصہ کو کنٹرول کرنے کے لیے اپنی شرٹ کے

شروع کے بٹن کھولنے لگتا ہے۔

تمم۔۔۔باسیل بولنے ہی لگتا ہے کہ روحی باسیل کے پیٹ پر

ہاتھ رکھے اسے چپ کروادیتی ہے۔

ٹیڈی آپ یہاں بیٹھو میں جلدی سے اپنا کے لیے کچھ

مزے کا کھانا لے کر آتی ہوں۔

روحی عالیان کو تاشہ کے پاس کرسی پر بیٹھاتے ہوئے

کہتی ہے۔

ماما میں نے آئیس کریم کھانی ہے۔"

عالیان سر اٹھا کر روحی کو دیکھتے ہوئے معصوم سی

شکل بنائے کہتا ہے۔

آدھی رات کو شہر سے دور یہاں آئس کریم تمہارا باپ

چھوڑ کر گیا تھا کہ تمہاری ماں"

باسیل غصے میں جلے بھنے تاثرات کے ساتھ دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

بھائی اتنا غصہ آپ کا بیٹا ہی تو ہے۔۔

بدر ہنستے ہوئے باسیل کی غصے میں لال ہوتے چہرے

کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے .

میرا بیٹا کم اور دشمن زیادہ لگتا ہے مجھے "

باسیل دونوں ہاتھ کمر پر رکھتے ہوئے اپنے لب بھینچتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

باسیل بھائی میں آپ کی سٹیویشن سمجھ سکتی ہوں

آئمہ تاشہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے کیا کیا میں نے تو کچھ بولا ہی نہیں"

تاشہ فوراً سے آئمہ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

تم سب کرکرا کر کہتی ہو میں نے تو کچھ کیا ہی نہیں

آئمہ گندا سا منہ بنا کر کہتی ہے۔

بلکل اپنی "پھوپھو اور تائی چڑیل پر گئی ہے

ماشاءاللہ سے میری بیٹی "

بدر روحی کو دیکھتے ہوئے گندا سا منہ بنا کر کہتا ہے جیسے

ہی روحی اس کی جانب دیکھتی ہے بدر تاشہ

کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔

بندر پنگے مت لو ویسے ہی میرے دماغ کا سرکٹ اڑا

ہوا ہے آج تمہارے لیے مشکل ہو جائے گی۔۔"

روحی دھمکانہ لہجے میں کہتی ہے۔

تمہارا دماغ کبھی درست ہوتا بھی ہے کیا یہ تو صرف میرے

بھائی کی اچھائی ہے جو تم تھوڑی بہت انسان بنی

ہوئی آج کل '

بدر روحی کے غصے کو مزید ہوا دیتے ہوئے کہتا ہے۔

اچھے کام کر ہی نا لیں یہ کوئی۔'

روحی عالیان سے نظریں ہٹاتے ہوئے دھیمے لہجے میں

خود کو سنائی دے اتنی سی آواز میں کہتی ہے پر اس کے

پیچھا کھڑے باسیل کے کانوں تک

باآسانی اس کی آواز پہنچ جاتی ہے۔

ٹیڈی میں آپ کے لیے آئس کریم لے کر آتی ہوں آپ یہی

رہیں "

روحی عالیان کے گالوں کو دباتے ہوئے اس کے

گال کھینچتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی وہ مڑ کر جانے لگتی

ہے پر باسیل سے ٹکڑا کر وہ اسے غصے میں

گھورتی ہوئی حال سے باہر جانے کے لیے نکل پڑتی ہے باہر جاتے جاتے ر

ہی نظر ایک بار پھر اراک پر جاتی ہے

جو شیزا کے ساتھ ہو کر بھی شیزا کے ساتھ نہیں ہوتا ہے

وہ سب کو دیکھتے ہوئے جیسے ہی نظر روحی کی جانب

موڑتا ہے روحی سی نظر ملتے ہی روحی بوکھلاتے ہوئے

اراک سے اپنی نظریں ہٹا کر حال سے باہر نکلنے لگتی ہے۔

روحی کو جاتا دیکھ اراک گہری سانس لیے اسے مکمل طور

پر حال سے باہر جاتا دیکھتا رہتا ہے۔

روحی کو جاتا دیکھ رہا ہوتا ہے کہ پیچھے سے باسیل کو

جاتا دیکھ اراک کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے اپنے ہاتھوں

کی مٹھیاں بھینچ رہا ہوتا ہے۔۔

روحی اپنے ہاتھوں میں گاؤن پکڑے حال سے باہر

نکل ریسٹورینٹ کی جانب بڑھ رہی ہوتی ہے کہ اپنے پیچھے کسی کو آتا محسو

کر وہ رک جاتی ہے۔

"کیا مسئلہ ہے آپ کو..؟؟"

روحی غصے میں مڑتی ہوئی غصیلے انداز میں پوچھتی ہے۔

"کوئی مسئلہ نہیں ہے مُجھے"

باسیل پرسکون سا کندھے اچکاتے ہوئے کہتا ہے۔

"تو تنگ کیوں کررہے ہیں آپ مجھے..؟؟"

روحی باسیل کہ طرف قدم بڑھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

"میں تنگ تو نہیں کررہا ہوں تم خود بخود

ہورہی ہو"

باسیل بھی روحی کی جانب بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

"ہاں آپ تو معصوم ہیں اور میں پاگل ہوں نا جو

خود بخود تنگ ہورہی ہو "

روحی چڑتے ہوئے کہتی ہے۔

"اب میں کیا کہوں جب تم سمجھ ہی گئی ہو

سب کچھ

باسیل روحی کو غصے میں دیکھتے ہوئے اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہتا ہے۔

"باسیل میں سر پھاڑ دوں گی آپ کا تنگ مت

کریں اس وقت مجھے پہلے ہی دماغ خراب ہوا پڑا ہے میرا"

روحی باسیل کے چہرے پر سجی مسکراہٹ دیکھتے

ہوئے مزید سخت لہجے میں کہتی ہے۔

"تو میں اس کو ٹھیک کرنے کے لیے ہی تو دنیا میں آیا ہوں

میں کر دیتا ہوں تمہارا دماغ درست"

باسیل روحی کے مزید قریب آتا اس کی کمر کے گرد ہاتھ

ڈالے اسے اپنے نزدیک کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"خبردار جو مجھے ہاتھ بھی لگایا"

"زندگی کے چند دن جو بچے ہیں نا ان کو سکون

سے گزارنا ہے تو دور رہیں مجھ سے"

روحی جھٹ سے باسیل کے ہاتھوں سے خود کو آزاد کرتے

ہوئے کہتی ہے۔

"میرا سکون تو تم ہی ہو تم سے دور رہ کر

تھوڑی سکون ملتا ہے مجھے"

باسیل دوبارہ روحی کے قریب آتے ہوئے کہتا ہے۔

"جیسی آپ کی حرکتیں ہیں آپ ناجانے مجھے

کیونکہ بہت جلد اس سکون سے محروم ہوتے ہوئے نظر آرہے ہیں"

باسیل کے سینے پر انگلی رکھے اسے روکتے ہوئے

اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

"استغفرُللہ ...!!!

لڑکی کبھی تو اچھی باتیں کرلیا کرو"

باسیل سنجیدگی سے کہتا ہے۔

"واہ خود استغفرُللہ والی حرکتیں کررہے ہیں اس کا کچھ نہیں

میرے بولنے پر مسئلہ ہورہا ہے آپ کو '

ایک زور سے تھپڑ سینے پر مارتے ہوئے کہتی ہے۔

"اکیلے اکیلے تھوڑی استغفرُللہ والی حرکتیں ہوتی ہیں

وہ توہم دونوں مل کر رات کو کریں گے '

روحی کو بازوؤں پکڑے جھٹکے سے اپنی طرف کھینچتے ہوئے اپنے سینے سے لگا

اس کے دونوں ہاتھوں کو اس کی کمر پر پن کر دیتا ہے۔

روحی کہ ہتھیلیوں پر لگی چوٹ میں درد اٹھتا ہے

جیسے

وہ کنڑول کرنے لگتی ہے۔

باسیل چھوڑیں مجھے "

روحی باسیل کے سینے سے لگی اس کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔

چھوڑنے کے لیے تھوڑی خود میں قید کرتا ہوں تمہیں

روحی کے چہرے کی جانب جھکتے ہوئے کہتا ہے۔

جی آپ تو بس رومینس کرنے کے لیے میرے پاس آتے ہیں

باقی آپ کی بلا سے میں جاؤ بھاڑ میں آپ کو

کیا غرض اس سے

روحی اپنے ہاتھوں کو اپنے آپ کو باسیل کی قید سے

چھوڑوانے کی کوشش کرتے ہوئے تلخ لہجے میں کہتی ہے۔

اتنا غصہ میں کیوں ہو تم۔۔؟؟

باسیل روحی کی تلخی محسوس کرتے ہوئے پیار سے

پوچھتا ہے۔

کیونکہ آپ کو میری فکر نہیں ہے اس لیے مجھے غصہ

آرہا ہے۔"

روحی کہتے ہوئے خود کو باسیل سے دور

کرلیتی ہے۔

کس نے کہا مجھے تمہاری فکر نہیں ہے۔؟؟

روحی ہے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ کی حرکتوں نے کہا ہے مجھ سے

روحی باسیل سے نظریں ہٹاتے ہوئے لفٹ کی طرف بڑھنے لگتی

ہے۔۔

سب سے نیچے ریسٹورنٹ حال ہوتا اسے اوپر 6 فلور تک

ہوٹل رومز ہوتے ہیں پھر 7 فلور سے ریسٹورنٹ ایریا شروع

ہوتا ہے۔

روحی۔۔؟؟

باسیل اسے جاتا دیکھ پیچھے سے وہی کھڑا پکارتا ہے۔

مجھ سے بات مت کریں باسیل

روحی لفٹ کا بٹن پریس کرتے کہتی ہے وہ جیسے ہی بٹن

پریس کرتی ہے لفٹ اوپن ہوجاتی ہے

روحی گاؤن پکڑے اندر داخل ہوتی ہے کہ پیچھے سے باسیل

لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا لفٹ کے بند

ہونے سے پہلے ہی اندر آجاتا ہے۔۔

باسیل کو آتا دیکھ روحی لفٹ میں پیچھے کی طرف قدم

بڑھاتی لفٹ کے بیک سائیڈ پر لگے فل شیشے سے

ٹیک لگا لیتی ہے۔

آپ کی یہاں کوئی ضرورت ہے جائیں اور جاکر اپنے ضروری

کام کریں۔۔"

روحی غصیلے انداز میں باسیل کی پشت دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

لفٹ کو وہی روکے بنا کوئی بٹن پریس کیے لفٹ کا

دروازہ بند کرتے ہی باسیل روحی کی طرف پلٹتا ہے۔۔

کچھ ہوا ہے تمہیں۔۔؟؟

ہاں چوٹ لگی ہے "

باسیل کی بات پر روحی فوراً سے شیشے سے دور ہوتی

جواب دیتی ہے..

کہاں۔۔؟؟ باسیل روحی کی طرف فکر مندی سے بڑھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

بتانے سے وہ ٹھیک تو نہیں ہو جائے گی تو رہنے دیں

روحی باسیل کو کراسس کرتے لفٹ کے بٹن کو پریس کرنے

لگتی ہے پر باسیل روحی کے پیٹ پر ہاتھ رکھے اسے واپس

شیشے سے پن کر دیتا ہے۔

کہاں چوٹ لگی ہے اور کیسے۔۔؟؟

باسیل دوبارہ اپنا سوال دہراتا ہے۔۔

کہیں نہیں لگی ویسے ہی کہہ رہی تھی۔۔!!"

روحی اسے سڑک پر گرنے سے لگی چوٹ کا بتانا چاہتی

تھی پر ناجانے کیوں وہ خود کو روک دیتی ہے۔

جھوٹ بول رہی ہو تب ہی اتنے غصے میں ہو کہاں لگی ہے چوٹ۔۔"

باسیل روحی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے اس کی گردن سے

بال ہٹاتا روحی کو سر تا پیر دیکھنے لگتا ہے۔

انکل میں ٹھیک ہوں نہیں لگی ہے چوٹ میں بس غصہ تھی

تو بول دیا اور کچھ نہیں ہے۔۔

روحی باسیل کے ہاتھ پکڑ کر مسکراتے ہوئے پرسکون

ہوتی کہتی ہے۔

سچ بول رہی ہو نا۔؟؟

باسیل فکر مندی سے روحی کی کمر پر ہاتھ رکھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

جی جی میں ٹھیک ہوں "

روحی مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

"ڈریس کافی اچھا ہے تمہارا ان کپڑوں میں کافی خوبصورت

لگ رہی ہو"

روحی کے چہرے سے نظریں ہٹاتے اس کے فٹ کپڑوں کو

دیکھتے ہوئے کہتا ہے کپڑے فٹ تھے پر پر حد سے زیادہ بھی

نہیں پر روحی کے جسم کو نمایاں کر رہا تھا۔

باسیل کے ہاتھ روحی کے پیٹ کے گرد چلتے جارہے تھے

اور نظریں بھی وہی جمی ہوئی تھیں۔

"شکریہ میاں جی "

روحی باسیل کی بات کو کومپلیمنٹ سمجھتے ہوئے بولی

"اب انہیں تم خود اتاروں گی یا میں اتاروں انہیں...؟؟"

باسیل پل میں سیریس فیس آئے سنجیدگی سے کہتا ہے۔

کیاا۔؟؟ باسیل کے چہرے کے بدلتے تاثرات دیکھ

حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

کپڑے میری جان تم خود بدلوں گی یا میں بدلوں انہیں۔۔؟

باسیل اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے اپنا

سوال دہراتا ہے۔

میں نے نہیں بدلنے اتنے اچھے تو لگ رہے ہیں میں اتنی اچھی

تو لگ رہی ہوں اس میں

روحی معصوم سی شکل بنائے اپنے کپڑوں کی جانب دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

مسئلہ یہ ہی تو ہے کہ تم حد سے زیادہ اچھی لگ رہی ہو

آگر نا لگ رہی ہوتی تو میں کبھی کچھ نا کہتا

باسیل روحی کے گال پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

میں نہیں بدلوں گی انہیں میں جب جب اچھی لگتی ہوں

جن کپڑوں میں آپ وہ مجھے نہیں پہننے دیتے ہیں

میں نے اب نہیں بدلنا ہے کچھ بھی ہو جائے "

روحی باسیل کو اپنے قریب دیکھتے ہوئے زور سے روتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

رو کیوں رہی ہو۔۔؟؟

باسیل روحی کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ گندے ہیں صرف گندے ہی نہیں بہت برے ہیں

آپ باسیل میں نے بات نہیں کرنی ہے آپ کی شکل بھی نہیں دیکھنی

چھوڑیں مجھے۔۔"

روحی باسیل کے ہاتھوں پر ہاتھ مارتے ہوئے اسے خود سے

کرتی ہے اور لفٹ کے بٹن کی طرف بڑھتی ہے۔

روحی کے رونے کی آواز پر باسیل اپنے کھالی ہاتھوں کی طرف

دیکھنے لگ جاتا ہے۔

اچھا سوری نہیں کرو چینیج پہنی رکھو یہ بس رونا

بند کردو گڑیا"

باسیل روحی کو بازوؤں سے پکڑے اس کا رخ اپنی طرف متوجہ کیے پیار

کہتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

آپ رولاتے کیوں ہیں اگر چپ ہی کروانا ہوتا ہے تو

روحی نم آنکھوں سے روتے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

سوری۔۔"روحی کے گالوں سے آنسوؤں کو صاف کرتے کہتا ہے۔

میں کپڑے نہیں بدلوں گی "

روحی سبکی لیتے ہوئے بولی

مت بدلو " ہلکا سا مسکرا کر دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر آپ غصہ بھی نہیں کریں گے۔۔؟؟

روحی باسیل کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

تم پر غصہ نہیں آتا مجھے "

کہتے ہوئے چہرے کی مسکراہٹ مزید گہری ہوگئی تھی۔

جھوٹے آدمی"

اپنے بازوؤں میں چھپی ہتھیلیوں سے آنسوؤں سے بھیگتے

گالوں کو صاف کرتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کی بات پر باسیل مسکراتے ہوئے روحی کو

کمر سے پکڑے اپنی طرف کھینچتے ہوئے لفٹ کے 7 فلور کا

بٹن پریس کرتا ہے۔

رو کر سکون ملتا ہے تمہیں۔۔؟؟ باسیل روحی کے چہرے کے حد قریب

کے گالوں پر اپنے لفظوں کی اس کی سانسوں کی تپش محسوس

کرواتا پوچھتا ہے۔

آپ کو رولا کر ملتا ہے شاید مجھے سکون "

روحی باسیل کہ سانسوں کی تپش اپنے چہرے پر محسوس

کرتے اپنے ہاتھوں میں باسیل کا کوٹ

جکڑتے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے تو بہت سکون ملتا ہے تمہارے ساتھ لڑ کر باتیں کر کے

ڈھیر سارا رومینس کر کے تمہیں تنگ کر کے

میرے دل کو بے حد آرام ملتا ہے اتنا کہ تم تصور بھی نہیں کر پاؤں گی۔۔

روحی کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے اپنی آنکھیں بند

کیے کہتا ہے۔

باسیل آپ ٹھیک ہیں۔۔؟؟ روحی لفٹ کے دروازے کے اوپر

چلتے فلورز کے نمبر کو دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

"تم پاس ہو پھر بھی پوچھ رہی ہو میری حالت"

باسیل روحی کے چہرے کو باغور دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

بس کردیں باسل مجھے ایسا لگ رہا ہے جیسے ہم دونوں

بہت دور ہونے والے ہیں تب ہی آپ ایسی عجیب باتیں

کررہے ہیں۔"

باسل کے سینے پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے اسے خود سے دور

کرتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے لفٹ کے دروازے

کی طرف رخ موڑے کہتی ہے۔

"تمہیں مجھ سے کوئی دور کرے ایسا شخص اس دُنیا میں

پیدا ہی نہیں ہوا ہے تمہیں سر تا پیر اپنے نام

کر چکا ہوں اور جو میرا ہے وہ صرف اور صرف میرا ہے "

باسل اٹل لہجے میں روحی کے چہرے کو سائیڈ سے

دیکھتے ہوئے بے حد سنجیدگی سے کہتا ہے۔۔

باسیل کی بات پر روحی جھٹ سے حیران کن نظروں سے

باسیل کو دیکھنے لگتی ہے کہ اتنے میں لفٹ کا دروازہ کھل

جاتا ہے دونوں کی نظروں کا مرکز ایک دوسرا کا

وجود تھا لفٹ کھل کر دوبارہ بند ہو جاتی ہے لیکن دونوں اسی

پوزیشن میں کھڑے رہتے ہیں۔

باسیل کا چہرہ ہر ایکسپریشن سے ہر نشان سے پاک

صاف سوائے اس کے ماتھے پر لگی ہوئی اس کی پرانی چوٹ

کے زخم کے نشان کے

باسیل کے چہرہ کی وہ چوٹ روحی کی سب سے زیادہ

پسندیدہ جیسے دیکھتے ہوئے نا چاہتے ہوئے بھی اس کی نظریں اس کا وجود با

پر تھم جاتا ہے۔۔

آپ بہت بدل گئے ہیں۔"روحی گہری سانس لیتے ہوئے

باسیل سے نظریں ہٹاتے ہوئے کہتی ہے۔

بدلنے والا کون ہے۔۔؟؟ باسیل بھی گہری سانس بھرے لفٹ

کے دروازے کے اوپر لگے فلور کے نمبر کو دیکھتا ہے

اور دیکھتے ہی آگے بڑھ لفٹ کا دروازہ کھولتا ہے۔

ہر چیز کی زمہ دار تو میں ہی ہوں آپ کی زندگی میں

آپ سانس بھی میری وجہ سے ہی لیتے ہیں نا۔۔؟؟

روحی بنا باسیل کی طرف دیکھے تنزیہ لہجے میں کہتی ہوئی

لفٹ کی طرف بڑھتی ہے۔

جب اپنا آپ تمہارے حوالے کر دیا ہے تو سانسیں کیا چیز ہیں۔؟؟

باسیل روحی کو آگے جاتا دیکھ اس کی پشت کو

دیکھتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ کمر پر باندھے گردن ٹھیڑی کیے

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کی بات پر روحی خوشی سے مسکرا پڑتی ہے پر باسیل

کی طرف پلٹتی نہیں ہے اس کے نا پلٹنے پر باسیل اور

گہرا مسکراتے ہوئے روحی کو دیکھتا ہے۔

روحی بھی آگے کی جانب بڑھے ریسٹورینٹ میں آتے جاتے

لوگوں کو دیکھتے ہوئے ریسٹورینٹ میں آئس کریم

لینے کے لیے داخل ہوتی ہے پر کچھ ہی پلوں میں وہ واپس آجاتی ہے۔

اتنا بڑا ریسٹورینٹ ہے پر ایک آئس کریم نہیں ہے منٹ آئیس کریم رکھنے میں کون سی موت پڑ رہی تھی ان کو

آیا بڑا ریسٹورینٹ "

روحی اپنے ہاتھوں میں پکڑے گاؤن کو دیکھتے ہوئے انہیں سہی کرتے باسیل کو لفٹ میں تصور کیے اس کی جانب بڑھتی ہے بند لفٹ کو دیکھے وہ گندا سا منہ بنائے آگے بڑھتی ہے لفٹ کا بٹن پریس کیے جیسے ہی لفٹ کے دروازے کو کھلتا دیکھ روحی کے چہرے کے تاثرات بدلنے لگتے ہیں۔

لفٹ میں باسیل کو نا پا کر روحی حیران کن نظروں سے

اپنے اطراف میں دیکھتی ہے چاروں طرف دوسرے

لوگوں کو دیکھ روحی گہری سانس لیتے ہوئے لفٹ میں

داخل ہونے لگتی ہے۔۔

بس تھوڑی دیر کے لیے ساتھ آنا تھا حد ہو گئی ہے باسیل

آج گھر ملے واقع میں ہڈیوں کا ڈھانچہ نا بنا چھوڑا

تو میں بھی سکندر نہیں "

روحی غصہ میں لفٹ کے بٹن پر زور سے ہاتھ مارتے ہوئے

کہتی ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

حال میں کرسیوں پر ٹیبل کے گرد بیٹھے ہوئے لوگ نکاحِ کے رسم

شروع ہوتے دیکھ سب اٹھ کر اسٹیج کی طرف بڑھنے لگتے

ہیں۔

مولوی صاحب شیزا سے نکاحِ پڑھوا چکے تھے اب اس کے ساتھ صوف

بیٹھے ہوئے اراک کی جانب متوجہ

ہوئے وہ اس کا نکاحِ پڑھوا رہے تھے۔۔

سب کو نظریں شیزا کے مسکراتے ہوئے چہرے پر اور اس

کے ساتھ بیٹھے گہری سوچ میں ڈوبے ہوئے

اراک کے سنجیدہ سے چہرے پر جمی ہوئی تھیں۔۔

بدر احمر آئمہ اور مہرین بچوں کے ساتھ اسٹیج پر کھڑے

ہنستے ہوئے ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔

سب تھے نکاحِ میں سوائے روحی باسیل کے روحی کے انتظار

میں شیزا کا نکاحِ ہو گیا تھا

وہ شامل ہونا چاہتی تھی پر مولوی صاحب کی جلد بازی میں

نکاح شروع کروا دیا گیا تھا۔

روحی باسیل کو تلاش کرتے ہوئے شیزا کی نظریں

کبھی جھک جاتی تو کبھی اٹھ کر روحی اور باسیل کو تلاش

کرنے لگتی ہے۔

اراک یورگن ولد المیر یورگن کیا آپ کو 50 لاکھ سکہ رائج الوقت

شیزا الفروندی کے ساتھ نکاحِ قبول ہے۔۔؟؟

مولوی صاحب شیزا کی طرف صوفے پر بیٹھے ہوئے اراک کو دیکھے

ہوئے پرسکون انداز میں پوچھتے ہیں۔۔

ان کی بات پر سب کی نظریں اراک کی جانب اٹھتی ہے

پر وہ خاموشی سے دونوں ہاتھ گڈھنوں پر ٹیکائے اپنے دونوں

ہاتھوں کو آپس میں جوڑے اپنی نظریں اپنے جوتے پر جمائے ہوئے وہ خام

بیٹھا رہتا ہے۔۔

اراک کو خاموش بیٹھا دیکھ کر شیزا کی نظریں فوراً

اراک کی جانب اٹھتی ہیں۔

اراک یورگن ولد المیر یورگن کیا آپ کو 50 لاکھ سکہ رائج الوقت

شیزا الفروندی کے ساتھ نکاحِ قبول ہے۔۔؟؟

مولوی صاحب دوبارہ پوچھتے ہیں پر اراک ابھی بھی اپنی کسی

گہری سوچ میں مبتلا تھا وہ سن رہا تھا پر کسی کو کوئی جواب

نہیں دیتا ہے۔

"کیا ہوا آپ جواب کیوں نہیں دے رہے ہیں..؟؟"

شیزا اراک کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر پوچھتی ہے۔

"کس چیز کا جواب..؟؟"

اراک سخت نظروں سے تلخ لہجے میں اپنے ہاتھوں پر شیزا

کا ہاتھ دیکھ کر پوچھتا ہے۔

"مولوی صاحب نکاحِ کے لیے پوچھ رہے ہیں"

شیزا مسکراتے ہوئے دھیرے سے کہتی ہے۔

"اووو ہاں..'

اراک شیزا کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے سیدھا ہو کر صوفے

پر بیٹھتا ہے۔

شیزا بھی اراک ہے ہاتھ سے ہاتھ ہٹائے اپنے ہاتھوں کو آپس

میں مسلتے ہوئے اپنی نظریں جھکا لیتی ہے۔

"مجھے قبول نہیں ہے"

اراک گردن موڑے شیزا کے مسکراتے ہوئے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے

جس پر اراک کی بات سنتے ہی مسکراہٹ غائب ہو جاتی ہے

شیزا کے ساتھ ساتھ وہاں موجود ہر شخص کے چہرے کی ہنسی

ہوا ہو چکی تھی۔۔

آئمہ مہرین اراک کی بات سنتے ہی شیزا کی طرف بڑھنے لگتی ہیں اس کے پ

اس کے پیچھے جا کھڑی ہوتی ہیں۔

"ک... یہ ..کیا کہہ رہے ہیں آپ..؟؟"

شیزا بوکھلاتے ہوئے اراک کو دیکھتے ہوئے ٹوٹے ہوئے

لہجے پوچھتی ہے۔

"وہی جو تم سن رہی ہو اور تمہارے ساتھ موجود

اس حال میں ہر شخص سن رہا ہے"

اراک حال میں موجود ہر شخص پر نظریں گھوماتے ہوئے گہری سانس

ہوئے اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھتے ہوئے اٹھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

"آ .. آپ مذاق کررہے ہیں نا

ایسے مت کریں دیکھیں میں قبول کر چکی ہوں آپ کو"

شیزا سر اٹھا کر اراک کی جانب دیکھتے ہوئے بولی

"پر میں تمہیں قبول نہیں کرنا چاہتا ہوں

تمہیں ہر گز بھی نہیں"

اراک کا لہجہ اس کی نظریں بے حد سخت تھیں۔۔

اراک کی نظروں سے شیزا کے پیچھے کھڑی آئمہ مہرین ایک

دوسرے کو دیکھنے لگتی ہیں۔۔

"آپ پاگل ہوگئے ہیں کیا ہم نکاحِ کررہے ہیں آج

کیوں ایسی باتیں کررہے ہیں..؟"

شیزا کھڑی ہو کر غصیلے لہجے میں پوچھتی ہے۔

"میں تمہیں پاگل نظر آرہا ہوں کیا..؟؟"

شیزا کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"ا..اراک ایسا مت کریں نا پلزز ہمارا

نکاِح ہورہا ہے ہونے دیں ایسے مت کریں ایسا میرے ساتھ"

شیزا اراک کی جانب دو قدم بڑھائے اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے

نم آنکھوں سے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

"نکاح ہو رہا تھا اب ہو نہیں رہا ہے"

بے رُخی سے اپنا ہاتھ کھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

"پر ایسا کیوں اب کیوں نہیں ہورہا ہے آپ

مجھ سے محبت کرتے ہیں تو پھر...!!"

اپنے کھالی ہاتھوں کو دیکھتے ہوئے روتے ہوئے دھیمے لہجے

میں بول رہی ہوتی ہے کہ اراک اس کی بات کاٹ کر بول

پڑتا ہے۔

"سوائے خود کے "اراک یورگن " کسی سے محبت نہیں

کرتا ہے اور جب وہ محبت نہیں کرتا تو کسی سے رشتہ بھی نہیں بناتا"

اراک شیزا کے جھکے سر آنسوؤں سے بھیگتے ہوئے گالوں

کی جانب دیکھتے ہوئے گردن موڑے کولڈ انداز میں کہتا ہے اس

کی بات پر شیزا فوراً سر اٹھا کر اراک کی طرف دیکھتی ہے

جس کے چہرے پر عجیب سی مسکراہٹ کے تاثرات تھے

پر اراک جیسے ہی نظر اور گردن گھوما کر حال کے دروازے کی طرف

دیکھتا ہے اس کے چہرے سے ہنسی وہاں کھڑے شخص

کو دیکھ غائب ہو جاتی ہے۔

اراک مت کریں ایسا میرے ساتھ پلززز۔۔۔

شیزا اراک کی طرف بڑھتی ہے اور اراک اس سے پیچھے کی طرف

قدم بڑھاتا ہے۔

میری قریب ایک قدم اور رکھا تو اپنے حال کی زمہ دار تم

خود ہو گی۔۔"

واپس شیزا کو دیکھے دھڑکتے دل سے دیکھتے ہوئے

اراک اپنے دونوں ہاتھوں سے کوٹ کے بٹن بند کرتے ہوئے

دو ٹوک لہجے میں کہتا ہے۔

اراک کے سخت لہجے پر شیزا کا دل چھلنی ہونے لگتا ہے

وہ اسی جگہ ساکت کھڑی رونے لگ جاتی ہے۔

تم خود کو سمجھتے کیا ہو اگر شادی نہیں کرنی تھی تو کسی

کا تماشا لگانے کی کیا ضرورت تھی۔۔؟؟

بدر غصے میں کہتے ہوئے اراک کی طرف بڑھتا ہے وہ اس

تک پہنچتا اس سے پہلے اراک کے گارڈز کا ایک دائرہ

اس کو پروٹیکٹ کرنے کے اس کے گرد جما ہوگیا تھا۔

دنیا تماشائیوں کی ہے یہاں ہر دن ہر کسی کی زندگی کا ایک ایک

تماشاہو لگانا پڑتا ہے۔۔

اراک بدر کو دیکھتے ہوئے ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے کہتا ہے۔

پر محبت کرنے والوں کے تماشہ نہیں لگائے جاتے ہیں"

حال ہے دروازے میں کھڑی دونوں ہاتھوں میں گاؤن پکڑے

ہوئے غصے میں گہری سانسیں لیے روحی اراک کو

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

محبت میں تماشا ہی تو ضروری ہوتا ہے اگر بندہ مشکلات

میں پھنسے گا نہیں گرے گا نہیں تو محبت

ہے یا نہیں پتا کیسے چلی گئی۔۔؟؟

اپنے سامنے سے گارڈز کو ہٹانے ک اشارہ کرتے ہوئے روحی

کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

محبت تماشا آپ جیسے مردوں کے لیے ہوتی ہے جو پہلے پہل

محبت کے رنگ بھرتے ہیں کسی کی زندگی میں

جس دن اسے رنگنے کا وقت آتا ہے اس دن اسے ہر رنگ

چھین لیتے ہیں۔۔"

روحی اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اس کی طرف

بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

مجھے زیادہ رنگوں کا نہیں پتا میری زندگی میں صرف دو رنگ کالا اور لال

جو ان میں رنگے گا وہ مجھے پائے گا

جو میرے لیے سفید جوڑے میں خود کو سجائے گا وہ

اپنا اور اپنے جذباتوں کا محبت کا جنازہ خود اٹھائے گا "

اراک روحی کے سامنے دروازے سے انٹر ہوتے ہوئے اسٹیج

کے درمیان دونوں ایک دوسرے کے رُوبرو کھڑے ہو کر

ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

اراک کے پیچھے اس کے گارڈز دو لائن میں آ کھڑے ہوتے ہیں۔

سج تو آپ کے لیے سرخ جوڑے میں بھی سکتی تھی اگر اسے

کہتے تو۔۔۔"

روحی اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کی باتوں پر سب گہری پرسکون سانس لیے اس کی

طرف دیکھتے ہیں۔

روحی کی بات پر اراک کے چہرے پر بھی ہلکی سی مسکراہٹ

آتی ہے۔

میں نے آپ کے لیے ایک بہترین تحفہ تیار کیا تھا سوچا تھا

نکاحِ کے بعد دوں گی بہت محنت کی تھیں اس پر

پر اب سوچ رہی تھی جس پر محنت نہیں کی جا کا تصور

بھی نہیں کیا وہ تحفہ دینا چاہیئے آپ کو۔۔"

آخرکار سرئے عام اپنا اصل رنگ لوگوں کو دیکھانا کوئی

آسان بات تو نہیں ہے"

روحی مسکراتے ہوئے اراک سے نظریں ہٹائے حیرانگی

سے بھری لوگوں کی نظروں کی طرف دیکھتے ہوئے بولی"

نا تو مجھے محفل سے فرق پڑتا ہے اور نا ہی ان محفلوں میں

موجود لوگوں کی سوچ سے

میں "اراک یورگن "خود کے لیے جیتا ہوں میری محبت کے قابل جو ہوتا

مجھے حاصل وہی کرتا ہے

چاہیے درجہ دوستی کا ہو یا عشق کا یا دشمنی کا جو اصل حقدار ہے

اسے ہی سب ملے گا " اور ضرور ملے گا"

اراک اپنے آخری الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔۔

دوستی یا دشمنی کا تو مجھے نہیں پتا "اراک یورگن سر"

پر اِتنا سمجھ ضرور آرہا ہے آپ عشق محبت کے قابلِ

نہیں ہیں۔

جو کسی کے جذبات کو سرئے عام ٹھکرا کر خود کو افضل

سمجھ رہا ہوں وہ عشق نہیں کر سکتا ہے کبھی آپ ہے ہی نہیں

میری دوست کے عشق کے حقدار "

روحی ہاری ہوئی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہتی ہے۔

میں عشقِ کے قابل ہوں کسی کے یہ مجھے نہیں پتا پر

یقین مانو تمہاری دوست جیسی ڈرپوک لڑکی اس کے قابلِ

نہیں ہے

میرا عشق عام لوگوں کے عشق کی طرح نہیں ہے

جس میں اس کا ع " ش" ق " کا مطلب

عادت" شدت " یا قبول ہونے کی حاجت نہیں ہے اس میں

میرے عشق میں عشق کا مطلب عذاب" شہادت " اور قیامت ہے جو اس

پار کرے گا وہ مجھ تک آئے گا اور مجھ تک پہنچ جائے گا وہ میرے س

ساتھ دنیا کی ہر نعمت

حاصل کرے گا "

اراک روحی کے چہرے کے ہر نقوش کو غور سے دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔

آپ کے لیے عشق ایک جنگ ہے پر میں اتنا بتا دوں میں ایسی

جنگوں کو پار کر چکی ہوں یہ بظاہر جنگ نہیں ہے

اندرونی ہے جو انسان کو خود سے خود لڑنی پڑتی ہے۔

کسی کے امتحان آزمائشیں کھڑے کرنے سے پہلے سوچ یہ

اکثر ایسی باتیں خود پر الٹی پڑ جاتی ہیں۔

ایسا نا ہو جن حدوں کو دوسروں کے لیے مقرر کررہے ہیں

آپ خود ان سے گزرنے لگے

اور ایک بات بتادو اس جنگ میں حصہ دار نہیں ہوتے ہوئے

ہیں یہ واحد جو لڑ مڑ کر خود سے جیتی جاتی ہے۔

روحی اراک کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے انتہائے پرسکون انداز میں ک

ہے۔

روحی کی باتیں اراک کو لاجواب کرگئی تھیں وہ واقع میں

تجسّس کے ساتھ روحی کی ہر بات کو سن رہا تھا۔

پر جو آپ نے۔۔۔۔

روحی بس۔۔ پلزز بس کردو کچھ مت بولو "

روحی مزید کچھ بولتی اس سے پہلے ہی شیزا روحی کو روکے اس کے پاس آ

لگتی ہے۔

ابھی تو میں نے کچھ بولا ہی کہاں ہے میری جان ابھی تو انہیں

شادی کو بھری محفل میں توڑنے کا تحفہ بھی دینا ہے مجھے"

روحی شیزا کو اپنی طرف آتا دیکھ اٹل لہجے میں کہتی ہے۔

جو تحفہ انہوں نے دیا ہے اس کا کوئی جوابی تحفہ نہیں ہے

دھتکار کے بدلے دھتکار نہیں دیتے ہیں لوگوں کو

انہیں مل جائیں گی مجھ سے بہتر

جس بہتر کو چھوڑ کر کسی اور بہتر کی تلاش انہیں سوائے خاک

کے اور کچھ نہیں کرے گی "

شیزا کی بات کاٹ کر روحی غصے میں بول پڑتی ہے۔

مجھے خاک کرنے والا شخص اس دنیا میں نہیں ہے میں

خاک ہونے والوں میں سے نہیں کرنے والوں میں سے ہوں"

روحی کی بات کا جواب اراک اپنے کوٹ کے بٹن کھولتے ہوئے

دیتا ہے۔

دنیا میں ہے اور اب انشاء اللہ اس نیک کام کو میں انجام

دوں گی امیری کا گھمنڈ اسی طرح سرئے عام نا توڑا میں نے

تو میرا نام بھی "روحی باسیل سکندر "نہیں

روحی اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے اراک کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔

منتظر رہوں گا پھر میں اپنے نئے دشمن کی پہل کا

میں جھکتا ہوں یا مزید اٹھتا ہوں یہ وقت بتائے گا "

اراک گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی روحی کو کراسس

کیے آگے کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

وقتِ ہی آپ کو بتائے گا کسی کا دل توڑنے کی سزا کیا ہوتی ہے اسے نا

معاف کرتا ہے اور نا انسان

اراک کو جاتا دیکھ بڑی مشکلوں سے اپنے آنسوؤں کو ضبط

کرتے شیزا بول پڑتی ہے۔۔

شیزا کے بول اراک کے قدموں کو روک دیتے ہیں۔

میں ایسے کام نہیں کرتا جس کی معافی مانگی جائے "

اراک بنا پلٹے شیزا کی بات کا جواب دیتے حال روم سے باہر

نکلنے کے لیے بڑھتا ہے۔

اراک کے جاتے ہی آنسوؤں سے تر چہرے لیے غصے میں مضبوطی

سے جکڑے ہاتھوں کی مٹھیاں شیزا اپنے آپ کو کنٹرول

کرنے کی کوشش کر رہے ہوتی ہے پر وہ سب کی نظروں کی

تپش خود پر مسلسل محسوس کرتی نہیں برداشت کر پاتی ہے اور دونوں ہاتھ

میں گاؤن پکڑے وہ

دوڑتے ہوئے روتے ہوئے حال سے باہر نکل جاتی ہے۔۔

ش۔۔ش۔۔شیزا۔۔۔؟؟

شیزا کو بھاگتا دیکھ روحی پیچھے سے اسے پکارتی ہے پر وہ ایک نہیں سنتی

دوڑتی ہوئی باہر نکل جاتی ہے روحی

اس کے پیچھے جانے لگتی ہے پر اسی پل عالیان آکر اس

کا ہاتھ پکڑے اس کو روک دیتا ہے۔۔"

ٹیڈی ماما جلدی سے واپس آتی ہے آپ بابا کے پاس رہیں

روحی عالیان کے چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے شیزا کی فکر میں

دھیمے لہجے میں کہتی ہے۔

ماما انکل تو نہیں ہیں یہاں پر۔۔"

عالیان سر اٹھا کر روحِی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے

جو پہلے ہی فکر میں آدھی ہوئی پڑی تھی اب مزید

اس کی پریشانی بڑھ گئی تھیں۔

عالیان سے نظریں ہٹا کر روحی فوراً اپنے اطراف میں

دیکھتے ہوئے باسیل کو تلاش کرتی ہے پر کہیں نا پا کر بدر

سے اشارہ میں باسیل کا پوچھتی ہے۔

بدر نفی میں سر ہلا تا روحی کی دھڑکنیں تیزی سے بڑھا گیا تھا۔

روحی کی کیفیت دیکھتے ہیں بدر جلدی سے عالیان کی طرف آئے اسے

آئمہ کی طرف بڑھتا ہے۔

آئمہ اسے پکڑوں ہم بھائی کو دیکھتے ہیں۔۔

کہتے ہی بدر روحی کی طرف مڑتا ہے روحی پہلے حال سب

باہر نکلتی ہے اس کے پیچھے پیچھے بدر اور احمر بھی

باہر بھاگ پڑتے ہیں۔

میں بھی جانا چاہتی ہوں پر تم پر بوجھ نہیں ڈال سکتی ہوں

سارا۔۔۔"

مہرین آئمہ کو دیکھتے ہوئے فکرمندی سے کہتی ہے۔۔

جواباً آئمہ خاموش رہتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور اکیلی گاڑی کی طرف بڑھ رہی ہوتی ہے دیریک بھی حور

کے لیے اسی فلور پر آئس کریم کا پتا کرنے گیا ہوتا ہے جہاں

روحی باسیل گئے تھے۔۔

اپنے دوپٹے کو ٹھیک کرتی حور آسمان پر چمکتے دمکتے

تاروں کے درمیان چاند کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے آگے کی

بڑھ رہی ہوتی ہے کہ سامنے سے آتے ایک بھاری بھرکم جسم

سے ٹکڑا کر اس کے آگے کی طرف بڑھتے ہوئے قدم

رک جاتے ہیں۔

حور جھٹکا کھا کر جیسے ہی پیچھے کی بڑھتی ہے الٹے

سیدھے پیر رکھنے سے وہ گرنے والی ہو جاتی ہے پر اس کے

سامنے کھڑا وجود اسے کلائی سے پکڑ کر گرنے سے بچا لیتا ہے بچانے والا

کوئی نہیں اعجاز عبید ہوتا ہے

جو چہرے پر شیطانی مسکراہٹ سجائے

حور کے خوبصورت سے چہرے کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔

دھیان سے جانمن نازک بدن ہے گرنے سے کرچیوں میں

بدل جائے گا۔۔"

اعجازِ اپنی مسکراہٹ مزید گہری کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ک۔۔۔کون ہیں آ۔۔آپ۔۔۔؟؟؟

حور لڑکھڑاتے ہوئے لہجے میں ڈرتے ہوئے پوچھتی ہے۔

وہی جس کی تم ہو۔۔"

اعجاز کلائی پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے کہتا ہے۔

م۔۔میں آپ کی نہیں ہوں

م۔۔میں اپنے شوہر کی ہوں "

حور اپنے ہاتھ کو چھوڑوانے کی کوششیں کرتے ہوئے کہتی ہے۔

شوہر۔۔؟؟؟ تم جیسی لڑکیوں کے شوہر بھی ہوتے ہیں کیا۔؟؟

اعجاز حور کو زور سے اپنی طرف کھینچتے ہوئے

کہتا ہے۔

حور اعجازِ کے سینے سے لگتی پر وہ جلد ہی اپنا بیلنس

بنا چکی تھی۔۔"

تم جیسی بکاؤ لڑکیاں صرف پیسے کی ہوتی ہیں

کسی مرد کی نہیں "

اعجاز حور کی ڈر کے اور درد کے مارے نم ہوتی آنکھوں میں

اپنے شرابی نشی ہوتی لال سرخ آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

آپ بدتمیزی کر رہے ہیں چھوڑیں مجھے"

حور کی ابھی بھی لگاتار کوششیں اعجاز سے کلائی چھوڑوانے کی تھی پر وہ ا

چھوڑنے کے بجائے اس پر گرفت مضبوط کرتا جارہا تھا۔

میں نے بدتمیز کی ہی کہا ہے وہ تو اب کروں گا تمہارے باپ

نے تمہاری قیمت لی تھی مجھ سے

بیچا تھا تمہیں مجھے اور این موقع پر اس لڑکی نے آکر

سب تباہ کر دیا تم نے مجھے تباہ کریا اب میں

تمہاری بربادی بن کر تمہیں ہر لحاظ سے تباہ کروں گا اور

خود کی بے عزتی کا بدلہ لوں گا۔۔

اعجاز بھاری بھر کم آواز میں کہتا حور کو مزید اپنے

آپ سے ڈرا رہا تھا۔۔

آج کل کے مردوں کا زور کیا صرف کمزور لڑکیوں پر چلتا ہے۔۔؟؟

اپنے پیچھے سے کسی لڑکی کی آواز پر اعجاز فوراً

پلٹ کر پیچھے دیکھتا ہے پلٹنے سے حور کی کلائی پر گرفت

ڈھیلی ہو جاتی ہے جس کا فائدہ اُٹھاتی حور

جلدی سے پیچھے کی طرف قدم بڑھاتی ہے۔

تم کون ہو۔۔؟؟ اعجاز لڑکی کے وجود کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

وہی جس نے پہلے بھی تمہیں برباد کیا تھا اور اب بھی کرنے کا

پورا ارادہ رکھتی ہے۔۔

دونوں ہاتھ کمر پر رکھے گہری سانس لیتے ہوئے کہتی ہے۔

کون۔۔؟؟ اعجاز تجسّس سے سوال دہراتا ہے۔۔

تمہاری ماں" روحی سکندر "

روحی اپنے نام پر زور دیتے ہوئے آگے بڑھتی ہے اور اپنے

وجود کو نمایاں کرتی ہے۔

تم۔۔؟؟ اعجاز تیش میں کہتا ہے۔

جی میں۔۔!!روحی حور کو دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

بہت شکریہ خود سے میرے سامنے آنے کا

اعجاز شیطانی مسکراہٹ سجاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

روحی اس کے چہرے پر سجی مسکراہٹ دیکھ کر حیران

ہوتی ہے۔

تم۔۔۔"روحی آگے بڑھ کر کچھ کہتی اس سے پہلے ہی پیچھے سے ایک بھ

سی چیز روحی کے سر پر کوئی دے

مارتا ہے جس سے وہ اسی پل سن ہو جاتی ہے چوٹ روحی کو لگتی ہے پر ا

کے پیچھے اس سے دور کھڑی

حور کی چیخ ہوا میں بلند آواز زور سے لگتی ہے۔

جس سے حال بالکنی میں موجود بدر اور احمر سنتے ہوئے

فوراً حور کی طرف گارڈن میں متوجہ ہوتے ہیں۔

روحی کو زمین بوس ہوتا دیکھ کر حور کی چیخیں

مذید گہری ہوتی ہیں۔۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

کس کی آواز ہے چیخنے کی۔۔؟؟

احمر بدر سے گارڈن کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

روشنی تھی گارڈن میں پر زیادہ نہیں تھی جس کی وجہ سے

وہاں کتنے لوگ کھڑے ہیں کچھ سمجھ نہیں آرہے تھے۔۔

لوگ تو ہیں وہاں پر اب پتا نہیں ڈر کی چیخیں تھی یا مستی

کررہے ہیں۔۔"

بدر بھی گارڈن میں نظریں دوڑاتے ہوئے کہتا ہے۔

اب کیا کریں۔۔؟؟ احمر بدر کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

تم شیزا کو ڈھونڈو میں دیکھ کر آتا ہوں۔"

بدر کہتے ہی آگے کی احمر کی بازوؤں پر ہاتھ رکھے آگے کی جانب بڑھنے

ہے۔۔

احمر بھی شیزا کو ڈھونڈنے کے آگے کی طرف بڑھ جاتا ہے

بدر اپنے کوٹ کے بٹن کو کھولتے ہوئے اپنے سامنے کے مناظر کو دیکھتے ہو

اس کی طرف بڑھتا جارہا تھا کہ

اب کی باری کسی کا ہوا میں بلند آواز میں قہقہہ

گونجتا سن کر وہ رک جاتا ہے۔

ہاہاہاہا۔۔۔!!!!

اعجازِ روحی کو زمین بوس دیکھتے ہوئے ہوا میں بلند آواز

میں زور سے قہقہ لگا کر حور کی متوجہ کرتا ہے جو ڈر کے

مارے اپنے قدموں کو پیچھے کی جانب اٹھائی جا رہی تھی۔۔

اوو۔۔ڈرلگ رہا ہے مجھ سے۔؟؟

اعجازِ حور کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ کون ہیں۔۔۔؟؟ حور پیچھے بڑھتے روتے ہوئے پوچھتی ہے۔

میں تمہاری موت "

اعجازِ لمبی گہری مسکراہٹ چہرے پر سجائے کہتا ہے

اور کہتے ہی لمبے لمبے ڈگ بڑھتا حور کی طرف لپکتا ہے اور

اسے بازوؤں سے پکڑے کھینچتے ہوئے اسے اپنے

ساتھ گاڑی کی طرف لیے بڑھتا ہے حور کو گاڑی کی بیک سیٹ پر زور

دھکا دیے

باہر سے گاڑی لوک کیے وہ اعجاز خود ڈرائیونگ سیٹ

کی بڑھتا ہے کہ روحی کو زمین بوس دیکھتے ہوئے وہ رک کر

اس کی طرف قدم بڑھائے گڈھنوں کے بل زمین پر بیٹھتے

ہوئے دونوں ہاتھ اپنے گڈھنوں پر رکھے بے ہوش روحی اور

اس کے خون سے لال ہوتی کمر کو دیکھے

اپنا ہاتھ بڑھائے روحی کے چہرے سے بال ہٹاتا اس کے چہرے

کو دیکھنے لگتا ہے روحی جے ماتھے سے آتی خون کی

لائنیں دیکھتے ہوئے اعجازِ ہاتھ بڑھا کر اس کے ماتھے سے

خون اپنی شہادت کی انگلی سے صاف کیے اپنے منہ میں ڈال

کر ٹھیڑی سمائل سے روحی کے چہرے کو دیکھے

اپنے آدمیوں کو روحی کو اٹھانا کا اشارہ کرتا خود اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔۔

بدر حیرانگی سے اپنے سامنے کے مناظر کو غور سے دیکھ رہا ہوتا ہے تاکہ ا

سمجھ سکے

اعجاز اشارہ کرتے ہی اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور گاڑی کی

ڈرائیونگ سیٹ کی طرف بڑھتا ہے۔

اعجاز روحی کو زمین سے اپنی باہوں میں اٹھائے جیسے ہی آگے

کی طرف بڑھتا ہے روحی کے چہرے سے بال ہٹتے ہیں جس پر

بدر کی نظر اس کے چہرے پر پڑتی ہے۔

روحی کو دیکھتے ہی بدر حیران پریشان سا دو پل اس

لمحہ کو دیکھتا ہے۔۔

روحی۔۔۔؟؟؟ بدر روحی کو دیکھ زور سے آواز مارتا ہے جس پر

آدمی رک کر پلٹ کر بدر کی طرف دیکھتا ہے۔

بدر دوڑتا ہوا اس کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے

بدر کے چہرے پر آدمی کی نظر پڑتے ہی وہ واپس مڑے

روحی کو اعجازِ سے پیچھے والی گاڑی میں بیٹھاتے ہوئے

گاڑی کو باہر سے لاک کر دیتا ہے۔

گاڑی لاک کر کے وہ پلٹا ہی تھا کہ بدر ایک زور دار مکہ

مار کر اس آدمی کو پیچھے کی طرف دھکیل دیتا ہے بدر کے

مکے پر وہ دو قدم پیچھے جا کھڑا ہوتا ہے۔

وہ پیچھے ہوتا اتنے میں بدر گاڑی کا دروازہ کھولنے کی کوشش

کرتا ہے بدر گاڑی کا دروازہ کھول پاتا اس سے پہلے ہی آدمی

بدر کی بڑھے اسے پیچھے کالر سے پکڑے اپنی طرف

متوجہ کیے ایک زور دار مکہ بدر کے منہ پر دے مارتا ہے

جس سے اس کا ہونٹ اسی پل پھٹ کر خون بہانے لگتا ہے۔

بدر مکہ لگنے پر لڑکھڑاتے ہوئے اپنے جگہ سے ادھر اودھر

ہونے لگتا ہے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھانے لگتا ہے جب تک وہ خو

سنبھالتا اعجاز اور اس کا آدمی اپنی

اپنی گاڑی میں سوار ہوئے روحی اور حور کو وہاں سے لے

جا چکے تھے۔

ان کے جاتے ہی بدر سر کے بل زمین پر جا گرتا ہے دماغ سن

ہو چکا تھا بلکل وہ سب دیکھ کر نا دیکھ پا رہا تھا نا کچھ

کرنے کی پوزیشن میں تھا۔

♡_____♡.....♡_____♡

تو تمہارے مطابق میں قاتل ہوں میں قاتل ہوں۔۔؟؟

دیریک 7 فلور کے V I P section میں بیٹھے ہوئے ریسٹورنٹ کی بیک سا

پر لگی کھڑکی میں کھڑے ہوئے

اپنے سامنے کے اونچی اونچی عمارتیں کو دیکھتے ہوئے اپنے

بلکل پیچھے صوفے پر بیٹھے ہوئے ٹانگ پر ٹانگ رکھے کوٹ

کے بٹن کھولے ہوئے شرٹ کے شروع کے دو بٹن کھلے ہوئے

صوفے سے پشت ٹیکائے چوڑا ہو کر بیٹھے ہوئے باسیل

کو بنا دیکھے اس سے پوچھتا ہے۔

میں نے تمہیں قاتل قرار نہیں دیا ہے صرف وہ لفظ استعمال

کیے ہیں جن کی بناء پر تم قاتل ہو۔۔۔"

باسیل صوفے پر سائیڈ بار ہو کر بیٹھتے ہوئے دیریک کی پشت

کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

دونوں کے مطلب مجھے ایک ہی لگ رہے ہیں "وکالت کے سردار "

دیریک کہتے ہی پلٹ کر باسیل کو دیکھتے ہوئے اپنی ایک

آئیبرو اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔

مطلبوں میں الجھنے لگوں گے تو ساری زندگی اُلجھتے

ہی جاؤں گے تم اس لیے اتنا سمجھو اور جواب دو جتنے

کی گنجائش ہے "

باسیل بھی دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کولڈ لہجے میں

کہتا ہے۔۔

گنجائش تو میری اس وقت تم سے بیٹھ کر بات کرنے کی

بھی نہیں بنتی پر کر رہا ہوں نا۔۔؟؟؟

دیریک صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے تلخ لہجے میں کہتا ہے۔

یہ بات مجھے نہیں تمہیں کہنی چاہئے۔۔؟؟

باسیل دیریک کے چہرے کو باغور دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں کیونکہ یہ میں کر چکا ہوں مجھے کوئی کاپی کرے

یا میری باتوں کو دہرائے مجھے نہیں پسند ہے وہ شخص

اور تم اس وقت ویسے ہی زہر لگ رہے ہو مجھے

دیریک صوفے کی طرف بڑھتا رک کر اپنی نظریں V I P section

چاروں اطراف میں گھومانے لگتا ہے

دیکھتے دیکھتے اس کی نظر سیکشن میں بنے ایک چھوٹے سے وائن

بار پر جا رکتی ہے۔

شکر مناؤ یہ موقع میں نے تمہیں خود دیا ہے ورنہ جس دلدل

کا شکار تم بن رہے ہو وہاں سے تمہیں بچانے کے لیے

یہ سکندر خود نا آتا"

باسیل بھی دیریک کے انداز میں اس کی نظریں وائن بار پر دیکھتے

ہوئے دو ٹوک انداز میں کہتا ہے۔

میں نے کسی کو نہیں بلایا ہے اور نا ہی مجھے کسی سکندر کی ضرورت ہے

جنگیں خود لڑنی آتی ہے مجھے

اور بہترین طریقہ سے آتی ہیں۔۔"

دیریک خود کو کمپوز کیے باسیل کے سامنے صوفے کے سامنے کھڑا ہوئے

ہے۔

تو مطلب تمہیں میری مدد نہیں چاہیے۔؟؟

باسیل دیریک کو دیکھ کر صوفے سے اٹھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

مجھے کسی کی مدد نہیں چاہیے "

دیریک کا انداز ابھی بھی تلخ تھا۔

بہتر امید کرتا ہوں تمہارے الفاظ تمہاری مدد ہمیشہ کریں گے اور

کبھی بھی تمہیں میری مدد کی ضرورت نا پڑے

کیونکہ باسیل اس دنیا میں ایک ہی شخص کو ہزار موقع دیتا ہے اس کے

مجھے انکار کرنے والا ہر شخص

میری جوتی کی نوک پر "

باسیل اپنے کوٹ کو سیٹ کرتے ہوئے ایک ایٹیوڈ کے ساتھ

کہتا ہے۔۔

باسیل کی بات پر دیریک مسکرا پڑتا ہے دیریک کے چہرے پر

مسکراہٹ دیکھتے ہوئے باسیل اپنی ایک آئیبرو اچکاتا ہے۔

اس مسکراہٹ کی وجہ میں جان سکتا ہوں۔۔؟؟

باسیل تنزیہ لہجے میں کہتا ہے۔

اس کی وجہِ پہلی بار کوئی مرد ہے یعنی ہے تم "

دیریک صوفے پر بیٹھتے ہوئے سر اٹھا کر باسیل کو دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔

مطلب۔۔؟؟؟ بے حد بے زار لہجے میں پوچھتا ہے۔

مطلب یہ کہ وقالتی سرکار جو تم نے اپنے بارے میں کہا ہے نا ابھی ابھی

بلکل میرا تعارف ہے "

میں بھی اس دنیا میں اب صرف ایک شخص کو ہزاروں

موقع دیتا ہوں مجھے کچھ بھی کہنے کے

یہاں تک کے مجھے تعنہ مارنے کے بھی اس کے علاوہ پر شخص ڈی جے کے

کے نیچے ہے"

دیریک کہتے ہوئے گہری سانس بھرتا ہے۔

مجھے نا تم سے اور اس شخص سے کوئی غرض نہیں "

باسیل بھی گہری سانس بھرتا گردن جھٹکتے ہوئے

کہتے V I P section سے نکلنے کے لیے قدم بڑھانے لگتا ہے۔

میرے اس شخص سے میرے علاوہ میں کسی کو غرض

رکھنے بھی نہیں دیتا ہوں۔

باسیل کو جاتا دیکھ کر اٹل لہجے میں کہتا ہے۔

دیریک کی بات پر باسیل رک کر دونوں آئیبرو اُٹھاتا دیریک

کو دیکھتا ہے۔۔

میں یہاں تم سے بات کیس کے متعلق کرنے آیا تھا کیونکہ

میں وہ کیس کبھی نہیں لیتا جس میں میرے موکل کی رضامندی

شامل نا ہو "

باسیل ایک ایٹیوڈ کے ساتھ کہتا ہوا آگے دروازے کی طرف بڑھنے لگتا ہے

پیچھے سے دیریک کی آواز پر

وہ رک جاتا ہے۔

روکو۔۔۔!!!"

دیریک آواز لگاتے ہی کہتے ہی اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

کیا میں جان سکتا ہوں میرا کیس ہینڈل کرنے کو ایسی کس

ہستی نے کہا ہے تمہیں کہ نامی گرامی شخص خود

مجھ سے بات کرنے کے لیے میرے سامنے حاضر ہے"

دیریک باسیل کی پشت کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

اس سوال کا جواب تمہیں تب ملتا جب ہم دونوں اس

پر ایک ساتھ کام کررہے ہوتے

کب راستے الگ ہیں تو تمہارے سوالوں کے جواب دینا میں

ضروری نہیں سمجھتا ہوں "

باسیل مڑ کر دو ٹوک لہجے میں کہتا ہے۔

اتنا غصہ۔۔؟؟ دیریک باسیل کے چہرے پر غصہ کے تاثرات کو

دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

دماغِ خراب مت کرو اور دوبارہ پیچھے سے آواز مت لگانا

باسیل سخت لہجے میں کہتا پھر دروازے کی طرف

بڑھتا ہے۔۔

بے شک جواب نا دو پر میں پتا لگوا لوں گا کہ اس دُنیا میں ایسی کون سی ہ

ہے جس کو میری فکر ہے "

دیریک ایک بار پھر سے باسیل کی پشت کو دیکھتے ہوئے

بول پڑتا ہے۔۔

اگر ہستیاں دیکھنے لگ جائے تو کیا ہی بات ہے

پتا لگوا ہی لو اب تم کیونکہ باسیل سکندر کی مدد کی آفر

تمہیں یا کسی کو بھی ایک بار ہی نصیب ہوتی ہے

اب تم اپنی جنگ میں ہارو یا جیتو میری طرف سے بھاڑ

میں جاؤ "

ٹھیک ہے۔۔؟؟

باسیل ہنستے ہوئے دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی اسی پل چہرے سے ہنسی غائب کیے وہ کولڈ فیس میں آئے واپس دروازے کی طرف بڑھے اس میں سے باہر نکل جاتا ہے۔"

باسیل کو جاتا دیکھ دیریک اپنے لب بھینچے اپنے تازی تازی ہوئی بے عزتی کو اچھے سے محسوس کیے ضبط کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

مجھے تو لگا تھا کہ صرف مجھ میں ایٹیٹیوڈ ہے اور سوٹ بھی صرف مجھ پر کرتا ہے پر یہ تو مجھے میرے جیسا ہے رہا ہے۔۔۔"

دیریک بھی کہتے ہوئے دروازے کی طرف بڑھتا ہے بڑھتے

بڑھتے اس کی نظر دوبارہ شراب کے چھوٹے سے بار پر جا رکتی ہے۔

آہ ہ ہ۔۔۔ایک انسان کی وجہ سے مجھے کتنے نشوں سے

خود کو محروم رکھنا پڑ رہا ہے "

دیریک گہری سانس بھرے کہتا ہے اور کہتے ہی خود کو

کمپوز کرتا آگے کی طرف بڑھتا ہے۔

♡_____♡.....♡_____♡

بدر۔۔۔؟؟؟ احمر بدر کو ڈھونڈتے ہوئے گارڈن کی طرف

بڑھتے بلند آواز میں پکارنے لگتا ہے۔۔

بدر کہاں ہو بھائی۔۔؟؟؟ احمر کی ایک اور آواز ہوا میں

بلند آواز میں لگتی ہے۔۔

اب بھی اسے کوئی جواب نہیں ملتا ہے۔

بدر کو چاروں اطراف میں دیکھتے ہوئے وہ آگے کی طرف بڑھتا جارہا تھا

اچانک سے اپنے پیر پر کسی کا ہاتھ محسوس

کرتے احمر کی ایک زور دار چیخ نکلتی ہے چیخ کے ساتھ ساتھ احمر بھی ہتھیلی

کے بل زمین پر

جا گرتا ہے۔۔

چیخ کی آواز سنتے ہوئے زمین بوس ہوا بدر درد بھری سانس

بھرے گردن موڑے احمر کو دیکھتا ہے جس کے 14 طبق روشن

ہوچکے تھے۔

کمینے یہ کوئی جگہ ہے لیٹنے کی میری سانسیں چھین لی تھیں تم نے ابھی مجھ سے

احمر بدر کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے پر جیسے ہی اس کے

ہونٹوں سے نکلتے خون پر اسکی نظر جاتی ہے احمر جلدی سے

کھڑا ہو کر بدر کو اٹھانے لگتا ہے۔

یہ کیا ہوا ہے۔۔؟؟ احمر بدر کے خون نکلتے ہونٹ کی طرف

اشارہ کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

روحی کڈنیپ ہوگئی ہے۔۔"

بدر احمر کی بات اگنور کرتا سڑک کی طرف دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

بدر کہتا ہی ہے کہ پیچھے سے باسیل دبے دبے قدم اٹھائے ان

کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے کہ بدر کی بات پر اس

کے قدم رک جاتے ہیں۔۔

چہرے پر اسی پل ڈر اور غصہ نے جگہ گھیر لی تھی

ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے باسیل بدر کی طرف ایک اور قدم

بڑھائے اس کی بات کو غور سے سنتا ہے۔

کیاااا۔۔؟؟؟ احمر حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

کب۔۔؟؟ کہاں۔۔؟؟ کیسے۔۔؟؟ تم نے گاڑی کا نمبر پلٹ دیکھا۔۔؟؟

کون تھے وہ لوگ ان کو دیکھا۔۔؟؟؟

یہ چوٹ تجھے اس سے ہی لگی ہے۔۔؟؟

احمر فکرمندی میں ایک ہی سانس میں اتنے سارے سوال

پوچھتا ہے۔

ابھی اسے یہاں سے لے کر گئے ہیں اس کے ساتھ ایک اور لڑکی

بھی تھی ایک کالی گاڑی تھی جس میں روحی تھی اس پر بلیک بٹرفلائی کا لوگ

لگا ہوا تھا دوسری کو میں نے غور نہیں کیا تھا بس اس

میں بیٹھی لڑکی کے کپڑوں کا رنگ گاڑی کے دروازے میں پھنسا

دیکھا تھا۔۔۔

بدر اپنے آپ کو سنبھالنے کی کوشش کرتے ہوئے روحی کی

فکر میں آدھا ہو کر کہتا ہے۔

باسیل اتنی ہی بات سنتا ہے کہ کوٹ کی جیب سے فون

نکالتے وہ الٹے پیر دوڑتے ہوئے لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا پارکنگ ایریا

کی طرف بھاگتا ہوا جاتا ہے۔۔

باسیل دوڑتے ہوئے پارکنگ ایریا کی طرف جارہا ہوتا ہے کہ اتنے

میں ڈیریک ہاتھ میں آئس کریم لیتے ہوئے ریسٹورینٹ سے

باہر نکل پڑتا ہے باسیل کو دوڑتا دیکھ ڈیریک کے قدم کی رفتار

دھیمی ہونے لگتی ہے۔۔

ریسٹورینٹ کے پارکنگ کیمرے کو ہیک کرو بلیک کار

بٹرفلائی کا لوگو لگی ہوئی گاڑی کی ڈیٹیلز 5 منٹ میں

مجھے چاہیے "

باسیل حکمانہ لہجے میں اپنی بلیک کلر کی لینڈ کروزر میں

سوار ریسٹورینٹ سے باہر نکل جاتا ہے۔۔

اسے کیا ہو گیا ہے۔۔؟؟ دیریک آگے کی طرف چھوٹے چھوٹے

قدم اٹھائے آگے کی طرف بڑھتے ہوئے خود سے پوچھتا ہے

باسیل سے نظریں ہٹا کر دیریک حور کو نظروں سے تلاش کرتے ہوئے آ

بڑھتا جاتا ہے کہ بدر احمر کی باتیں

دیریک کے کانوں میں پڑتی ہے پر وہ اسے آگنور کر دیتا ہے اور

حور کو ڈھونڈنے کے لیے اپنی نظریں دوڑاتا ہے۔

کون لڑکی۔۔؟؟؟ اس کو دیکھا ہے تم نے۔۔؟

احمر بدر کے کندھے پر ہاتھ رکھے اسے پریشانی سے

پوچھتا ہے۔

میں نے اس لڑکی کو تو نہیں دیکھا پر بس اس کی گاڑی کے

دروازے سے باہر لٹکتے کپڑے کا رنگ دیکھا ہے۔

بدر اپنے ہونٹ پر ہاتھ رکھے اپنے خون کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

کیا رنگ تھا۔۔؟؟

دیریک پریشانی سے حور کو ڈھونڈنے لگتا ہے وہ اسے یہی

چھوڑ کر گیا تھا پر اب اس کا نام و نشان ہی نہیں تھا یہاں

تھا۔۔

احمر تجسّس سے پوچھتا ہے۔

گیرے کلر تھا شاید۔۔۔"

بدر کی بات پر دیریک کے قدموں کے ساتھ ساتھ اس کی

سانسیں بھی رک گئی تھیں وہ اسی پل بت بنے ہوئے بدر کی

طرف پیٹھ کیے کھڑا ہو جاتا ہے۔

گیرے کلر ہی تھا پکا۔۔؟؟

احمر تجسّس و جستجو سے پوچھتا ہے۔

ہاں یہ ہی تھا یار میں نے دیکھا تھا

بدر اپنے آپ کو کوستے ہوئے کہتا ہے۔

کس طرف گئے ہیں وہ لوگ۔۔؟؟

دیریک آئس کریم زمین پر پھینکے سخت لہجے میں غصہ

میں پوچھتے ہوئے بدر کی طرف مڑتا ہے۔

کسی کی آواز پر بدر اور احمر فوراً پلٹ کر پیچھے دیکھتے

ہیں۔۔"

بدر دیریک کو دیکھتے ہوئے بھی اسے کوئی جواب نہیں دیتا

ہے۔۔

میں نے کچھ پوچھا ہے کس طرف گئے ہیں وہ اس لڑکی

کو لے کر۔۔؟

دیریک سخت لہجے میں پوچھتے ہوئے بدر کی طرف بڑھتا ہے۔

تم کون ہو۔۔؟؟؟ بدر بھی سخت لہجے میں پوچھتا ہے۔

اسی لڑکی کا شوہر جس کے کپڑوں کا رنگ تم نے

دیکھا تھا۔۔۔

دیریک بدر کے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے کہتا ہے۔

اب بتاؤں میری بیوی کو کون اور کس طرف لے کر گیا ہے۔۔؟؟

بدر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے دو ٹوک انداز میں

پوچھتا ہے۔

کون تھا وہ میں نہیں جانتا پر اس طرف لے کر گئے ہیں "

بدر نارمل لہجے میں کہتا ہے۔۔

بدر کی بات سنتے ہی بنا وقت گنوائے دیریک بھی پہلے لمبے

لمبے ڈگ بھرتا ہوا چلتا ہے پھر دوڑتے ہوئے

اپنی گاڑی کی طرف بڑھے گاڑی کا دروازہ کھولے گاڑی میں

سے اپنا فون اٹھائے تامیر کو کال لگاتا ہے۔

حور کڈنیپ ہوگئی ہے ریسٹورنٹ کو ہیک کرو اور اس کی

ڈیٹیلز ابھی اور اسی وقت بتاؤ مجھے"

دیریک حکمانہ لہجے میں کہتا ہوا اپنی گاڑی کو اسٹارٹ کیے

ریسٹورینٹ سے باہر نکل جاتا ہے۔۔۔

بدر احمر دونوں دیریک کو جاتا دیکھ کر گہری سانس

بھرتے ہیں۔۔

بھائی ملے۔۔؟؟ بدر پریشانی سے پوچھتا ہے۔

نہیں۔۔"ہم پولیس کو بلاتے ہیں۔۔"

احمر کہتے ہی اپنے کوٹ کی جیب سے فون نکالے پولیس

کو کال لگاتا ہے۔

تمہیں جیسے بلانا ہے بلاؤ میں جارہا ہوں روحی کی مدد

کے لیے "

بدر کہتے ہی آگے کی طرف بڑھتا ہے کہ احمر اسے بازوؤں سے

پکڑ کر اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

تمہیں چوٹ لگی ہے تم گاڑی نہیں چلا پاؤں گے"

احمر فکرمندی سے کہتا ہے۔

میری بہن کو کچھ ہوا تو میں سانس نہیں لے پاؤں گا "

بدر اپنی بازوؤں چھوڑواتے ہوئے کہتا ہے بدر کی بات پر احمر خاموشی سے

کی طرف دیکھنے لگتا ہے۔

آئمہ۔۔۔"

فکر مت کرو اب اتنا تو میں بھی کر سکتا ہوں"

احمر بدر کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

شکریہ " بدر ہلکا سا مسکرا کر کہتا ہے۔

ضرورت نہیں جاؤ تم"

احمر گاڑی کی طرف اِشارہ کیے کہتا ہے۔۔

بدر جلدی سے اپنی گاڑی کی طرف دوڑتے ہوئے جاتا ہے اپنی

گاڑی میں سوار وہ بھی ریسٹورینٹ سے باہر نکل جاتا ہے۔

میری بیوی کو ہاتھ لگانے سے اپنی موت کا منظر دیکھ لینا

چاہیے تمہیں "

باسیل لندن کی سڑک پر ہوا کی رفتار سے گاڑیوں کو کراس کرتے ہوئے

کی بازی لگاتے ہوئے وہ آگے کی طرف

بڑھتا جا رہا تھا۔

آنکھوں میں غصہ تھا جو بڑھتے ہوئے لمحے کے ساتھ

بڑھتا جارہا تھا۔۔

میں نے محافظ بننے کا دعویٰ کیا ہے اس کا میرے دعویٰ

کو میری بیوی سے کیے میرے وعدے کو تم نہیں توڑ سکتے ہو "

دیریک بھی غصے میں اسٹرنگ پر ہاتھ مارتے ہوئے غصہ

میں سڑک کو اس پر گاڑیوں کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور

خود سے کہتا ہے۔۔

گاڑیوں کو اتنی تیزی سے کراسں کررہا تھا کہ سڑک پر

چلتی ہوئی باقی کی گاڑیوں میں سوار لوگ اسے

پاگل قرار دینے لگ گئے تھے"

آگے آگے باسیل کی گاڑی فل اسپیڈ میں تھی اس کے پیچھے ہی کچھ

فاصلے پر دیریک کی گاڑی اور اس کے پیچھے بدر کی گاڑی

تھی تینوں جیسے کسی ریس کا حصہ ہو اس اسپیڈ

سے وہ آگے بڑھ رہے تھے۔"

" دونوں اپنی اپنی بیویوں کے عشق میں گرفتار مرد اپنی جان کو ہتھیلی پر ر

ہوا کی اسپیڈ سے ہر گاڑی کو کراس کرتے

اپنی بیویوں تک پہنچنے کی پوری کوشش کر رہے ہوتے ہیں "

♡_____♡.....♡_____♡

کالے گھپ اندھیرے میں ڈوبا ہوا کمرہ جو کے چاروں طرف سفید رنگ

دیواریں جس پر ایک گھڑی تک نہیں تھی بس ایک کرسی اور ایک دیوار

ساتھ لگا ہوا ٹیبل تھا جس پر اوپر کوئی سامان نہیں تھا۔

پورے کمرے میں کوئی لائیٹس نہیں جل رہی تھی بس کمرے کی کھڑکی

آتی ہوئی روشنی تھی جو نا ہونے کے برابر ہی تھی اسی نا ہونے کے برابر رو

میں

سفید رنگ کے جوڑے میں جو جگہ جگہ سے لال سرخ

رنگ میں رنگ رہا ہوتا ہے اسی جوڑے میں ماتھے سے اور گردن سے

ہوئے خون میں نڈھال حالت میں کرسی پر رسیوں سے بندھی ہوئی بیٹھی ر

گردن پیچھے کی جانب جھکائے

ہوئے بند آنکھیں کیے ہوئے بے ہوش ہوئی پڑی تھی۔

ہاہاہا " کمرے کا دروازہ کھلتے ہی کسی کی ہلکی سی ہنسنے کی آواز

پر روحی کی بند آنکھیں کھلنے لگتی ہے آنکھیں تو کھل

رہی ہوتی ہے پر اندھیرا پھر بھی آنکھوں کے آگے چھایا ہوا ہوتا ہے۔

دروازے سے داخل ہوتا اعجازِ روحی کو حرکت کرتا دیکھ کر

اس کی طرف بڑھنے لگتا ہے ڈبے دبے قدم اٹھائے

وہ روحی کی بائیں جانب دیوار سے لگے ہوئے ٹیبل کی طرف بڑھتا ہے اور

سے ٹیک لگائے دونوں ہاتھ سینے پر باندھے

روحی کو ہوش میں آتا دیکھتا ہے۔۔

"ہائے اللہ کیا میں پھر سے کڈنیپ ہو

گئی ہوں..؟؟"

روحی اپنی آنکھیں کھولنے کی کوششیں کرتے ہوئے خود

سے کہتی ہے۔

"جی ہاں مبارک ہو آپ پھر سے کڈنیپ ہوگئی ہیں"

روحی کی حالتِ دیکھتے ہوئے اعجاز مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

"اچھا تو کس نے کیا ہے مجھے کڈنیپ..؟؟'

روحی اپنی گردن ہلانے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے جو وہ

نہیں کر پاتی ہے۔

"یہ 6 فٹ کا آدمی دیکھائی نہیں دے رہا ہے

تمہیں ابھی بھی پوچھ رہی ہو کس نے کیا ہے..؟؟"

اعجازِ روحی سے نظریں ہٹا کر ٹیبل کا دراز کھولتے ہوئے کہتا ہے۔

"دیکھائی دے رہے ہوتے تو کیا بات تھی اندھیرے

میں اندھیرا ہو گئے ہو کڈنیپر بھیا تم"

روحی اپنی باقاعدہ آنکھوں کو مکمل کھولتے ہوئے اعجازِ کی

موجودگی کو محسوس کرتے ہوئے کہتی ہے۔

اپنی آنکھوں کے ساتھ ساتھ وہ اپنے ہاتھوں میں بندھی ہوئی رسی کو

کھولنے کی کوششیں کر رہی ہوتی ہے۔

"تمہارا کیا مطلب ہے میں کالا ہوں.. ؟؟'

اعجاز دراز میں سے کینچی نکالتے ہوئے اس کی طرف شیطانی

مسکراہٹ سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"میں نے ایسا کچھ بھی نہیں کہا اور ویسے بھی

مجھے کیا پتا آپ کالے ہیں یا نہیں"

"سامنے آئیں تو پتا چلے مجھ جیسی مصیبت کے سامنے

کھڑے ہونے کی ہمت کس میں ہے"

روحی اعجازِ کو دیکھنے کے لیے نظریں دوڑاتے ہوئے کہتی ہے۔

ساتھ ساتھ اپنی رسی کو کھولتے ہوئے بھی ہاتھوں میں لگی چوٹ میں رسیوں

کھولنے کی وجہِ سے

درد ہونے لگ جاتا ہے۔۔

"دیکھ لو مجھ میں ہے ہمت"

کمرے کی لائٹس آن کیے روحی کے سامنے کھڑے سر تا

پیر اشارہ کرتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

روحی اپنے ہاتھوں کو روک کر اعجازِ کے چہرے کو دیکھنے

لگتی ہے پر اپنی ہاتھوں پر بندھی ہوئی رسی کو

دھیرے دھیرے سے کھول رہی ہوتی ہے۔

"یا اللہ مانا کہ مُجھے کڈنیپ ہونے کا بے حد شوق ہے"

"لیکن ایسے شخص کے ہاتھوں کڈنیپ کرواکر

میرا اسٹینڈرڈ ہی گرا دیا آپ نے"

روحی درد میں کراہتے ہوئے گندا سا منہ بنا کر کہتی ہے۔

"لڑکی..؟؟" اعجاز گرجدار آواز میں کہتا ہے۔۔

"تمیز سے اپنے الفاظوں کو استعمال کرو یہ مت بھولو

اس وقت تم کہاں اور کس کے سامنے ہو'

اعجازِ غصے میں روحی کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

"اب تو میں یہ منظر زندگی بھر نہیں بھول سکتی ہوں ہینڈسم کڈنیپر

چاہیئے تھا کالے توے جیسا کڈنیپر ملا مجھ کو ڈوب مرنے کا مقام ہے میر

لیے"

روحی کہتے ہی زور سے رو پڑتی ہے۔۔"

قسمت قسمت کی بات ہوتی ہے اگر غلط وقت پر غلط

جگہ نا آتی تو اس وقت راستے اور لوگ الگ ہوتے

تمہارے سامنے "

اعجازِ ٹھیڑی سمائل کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اعجاز کی بات پر روحی رونا بند کرتی ہے۔

قسمت تو آج کل واقع میں میری خراب چل رہی ہے جن سے

نفرت ہے وہ لوگ آنکھوں کے سامنے

کچھ زیادہ ہی آرہے ہیں۔"

روحی سر اٹھا کر بامشکل اعجاز کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

تم نے ایسی قسمت خود چنی ہے اپنے لیے

اس رات بھی تم خود آئی تھی اور آج رات بھی تم خود یہاں آئی ہو اب

گئی ہو اب واپسی نا ممکن ہے تمہاری "

اعجازِ کھینچی کی نوک روحی کے گلے ہے قریب سانس

کی نالی پر رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"ہاہاہاہا

اعجاز کی بات مکمل ہوتے ہی روحی قہقہہ لگا کر ہنس پڑتی

" ہے

پاگل ہوگئی ہو ہنس کیوں رہی ہو۔۔؟؟

اعجازِ حیرانگی سے پوچھتا ہے اور مزید کینچی گلے کے گرد قریب

کرتا ہے۔

کیونکہ پاگل بے واقوف لوگوں کی باتیں سن رہی ہوں نا ہنسی آجاتی ہے

"خود با خود

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

اس بکواس کا مطلب۔۔؟؟

اعجازِ تلخ لہجے میں پوچھتا ہے۔

یہی جناب کڈنیپ معصوم لوگوں کو کیا جاتا ہے سکندر کی

بیوی کو نہیں "

روحی اپنے ہاتھوں پر بندھی رسی کی آخری گرہے کھولتے

ہوئے پینسل ہیل پہنی ہوئی ایک زور دار لات

اعجاز کے سینے پر دے مارتی ہے جس سے اسی پل وہ

سر کے بل جا گرتا ہے اور ہاتھ سے کینچی فرش پر جا گرتی ہے۔۔"

آہ ہ۔۔۔کتا کہیں کا۔۔"

روحی اپنے کلائیوں پر رسیوں کے نشانات کو دیکھتے

ہوئے اعجاز کو زمین بوس دیکھتے ہوئے کرسی سے اٹھ کھڑا

ہوتی ہے اور زمین پر پڑی اس کی کینچی کی طرف

بڑھتی ہے۔۔

روحی کینچی اٹھاتی اس سے پہلے ہی اعجازِ کینچی

پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی قید میں کر چکا تھا۔۔

روحی کینچی پر اعجاز دیکھ کر روحی غصے میں اپنی

گردن پر ہاتھ رکھے خون کو ہاتھ پر دیکھتے ہوئے

اعجاز کے ہاتھ پر اپنی ہیل کو چھباتے ہوئے وہ اس پر زور

دیتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

"چھوڑیں مجھے جانے دیں مجھے"

کمرے کی روشنی میں دونوں ہاتھ کرسی پر باندھے اپنے سامنے بیٹھے شخص

کی نظروں کی تپش مسلسل خود پر محسوس کرتے ہوئے

حور غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔

"خاموشی سے بیٹھی رہو"

حور کے سامنے کرسی پر دونوں ہاتھ سینے پر باندھے

بیٹھا ہوا آدمی سخت لہجے میں کہتا ہے۔

"آپ جانے دیں مجھے "

حور روتلو سی شکل بنا کر کہتی ہے۔

"جانے دینا ہوتا تو اس وقت تم یہاں نا ہوتی لڑکی

اس لیے خاموشی سے بیٹھی رہو"

حور کی روتلو شکل دیکھے بے زار انداز میں کہتا ہے۔

"میں خاموشی سے کیوں بیٹھو آپ نے مجھے

کڈنیپ کیا ہے وہ بھی بنا وجہ کے اور اب جانے بھی نہیں دے رہے ہیں"

حور مزید غصے میں کچھ بولنے لگتی ہے پر سامنے بیٹھے

شخص کی نظریں دیکھ کر وہ رک جاتی ہے۔

"وجہ ہے"

آدمی جھک کر دونوں ہاتھ پٹ پر رکھے ہوئے جھک کر کہتا ہے۔

"کیا وجہِ ہے..؟؟"

حور ہچکچاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

"پسند"

اٹل انداز میں کہتا ہے۔

"میرے بوس کی پسند ہو اس لیے اس وقت تم یہاں ہو"

آدمی کہتے ہی اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

"میں شادی شدہ ہوں

مجھے میرے شوہر کے پاس جانا ہے چھوڑیں مجھے"

حور اب باقاعدہ ان کی باتوں سے رونے لگ جاتا ہے۔

"پہلی بات تمہارے شادی شدہ ہونے سے کسی

کو کوئی فرق نہیں پڑتا"

آدمی دونوں ہاتھ کمر پر باندھے ٹہلتے ہوئے کہتا ہے۔

"اور دوسری بات

جب تک میرے بوس کو وہ نہیں مل جاتا جو انہیں چاہیے"

"تم کیا تمہاری چیخ تک میں اس کمرے سے باہر

نہیں جانے دوں گا"

مڑ کر حور کو دیکھے سخت لہجے میں کہتا ہے۔

اس کی سخت نظریں سخت لہجے پر حور کی آنکھوں سے

موٹے موٹے آنسوؤں بہنا شروع ہو جاتے ہیں۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

یہ روحی اب خود کی امانت بھی نہیں ہے میں اپنی حفاظت

اپنے آپ کو اپنے شوہر کی امانت سمجھ کر کرتی ہوں

اور تمہاری اتنی ہمت تم نے میری امانت میں خیانت کروائی۔۔؟؟

روحی مزید زور دیتے ہوئے کہتی ہے ہیل ہے وزن سے ہاتھ کے نیچے کب

اتنی زور سے اسے

چبھ رہی تھی کہ اعجاز کے ہاتھ سے خون بہنا

شروع ہوگیا تھا۔

درد ہورہا ہے۔۔؟؟ روحی درد کے تاثرات اعجاز کے چہرے پر

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے بھی ہورہا ہے۔۔"

روحی کہتے ہی ہاتھ سے پیر ہٹاتے زمین پر گڈھنوں کے بل

بیٹھنے لگتی ہے آنکھوں کے آگے اندھیرا

بار بار چھا رہا تھا لیکن وہ خود کو کمپوز کیے ہوئے اعجاز کے سامنے کھڑی ہ

تھی۔۔

وہ لڑکی کہاں ہے۔؟؟

روحی اعجازِ کے ہاتھ کے نیچے سے کینچی نکالتے ہوئے

پوچھتی ہے۔

تمہیں اس سے مطلب۔۔؟؟؟ اعجاز غصے میں

جواب دیتا ہے۔۔

مطلب تو نہیں ہے مجھے اس سے پر اس سے تمہارا مطلب

بھی پورا نہیں ہونے دینا ہے میں نے تو شرافت سے بتاؤ

وہ کہاں ہے۔۔"

روحی کیچنی کو نوک پر ٹیکاتے ہوئے دو ٹوک انداز میں

پوچھتی ہے۔

مطلب تو میں اپنا ہر حال میں اسے پورا کروں گا چاہیے

کچھ بھی ہو جائے وہ میری تھی میری ہے

اور میری رہے گی"

اعجاز کہنی کے وزن پر زمین پر بیٹھتے ہوئے روحی کے

چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

تم مردوں نے واقع میں عورتوں کو چیزیں سمجھ لیا ہے

کسی کو ہر حال میں ہر قیمت پر عورت چاہیے

تو کسی کو ملتے ہوئے بھی وہ اسے دھتکار رہا ہے۔۔

آخر تم مرد ذات ہو کیا۔۔؟؟ روحی اراک کو ذہین میں

رکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

خیر خون کے بدلے خون ہو جائے۔۔۔؟؟

روحی کہتے ہی مارنے والے انداز میں کینچی اعجاز کے ہاتھ

کی طرف لاتی ہے پر مارنے سے پہلے وہ گلے کے

نزدیک رک جاتی ہے کیونکہ اعجازِ پہلے ہی ڈر کے مارے اپنی

آنکھیں بند کر چکا تھا۔

اس کی بند آنکھیں دیکھتے ہوئے روحی جھٹ سے کھڑی

ہو کر کرسی اٹھائے مارنے والے انداز میں پکڑی ہوئی

کھڑی ہوتی ہی ہے کہ اعجازِ اپنی آنکھیں کھولتا ہے اور روحی

شور سے کرسی اس کے سر پر دے مارتی ہے جو سے وہ پھر سے

زمین بوس ہوتے ہی بے ہوش ہو جاتا ہے۔

کینچی سے نہیں مارتی میں سچ مچ کی گنڈی تھوڑی ہوں میں

روحی اعجازِ کو بے ہوش دیکھتے ہوئے ڈرے ہوئے لہجے

میں خود سے کہتی ہے۔

بھائی مرنا مت اگر جھوٹ موٹ کا بھی جیل گئی نا باسیل

نے حشر کر دینا ہے میرا "

روحی کرسی زمین پر رکھتے ہوئے ڈرے ہوئے

درد میں مبتلا کھلتی بند ہوتی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔"

وہ لڑکی کہاں ہے کچھ کر تو نہیں دیا ہے اس کو۔۔۔"

روحی فکر مندی سے خود سے کہتی ہوئی کھلے دروازے کی

طرف بڑھتی ہے پر جاتے جاتے رک جاتی ہے اور واپس

مڑ کر اعجاز کے ہاتھ کے قریب پڑی کینچی

دیکھ اسے اٹھانے کے لیے جھکتی ہے وہ جیسے ہی جھکتی ہے

روحی چکر کھا کر گرنے لگتی ہے پر خود کو گرنے

سے روک لیتی ہے اپنے آپ کو کمپوز کرتی روحی ہوش میں

رہنے کی کوشش کرتے ہوئے آگے کی طرف بڑھتی ہے۔

آنکھوں کے سامنے بار بار اندھیرا آنے سے اس کے قدم

لڑکھڑانے لگتے ہیں۔۔

روحی کچھ نہیں ہوا ہے تجھے اس لڑکی کو ڈھونڈنا ہے

اور اسے لے کر جانا ہے یہاں سے

روحی اپنے ہاتھ میں کینچی کو مضبوطی سے پکڑتے ہوئے

آگے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

کمرے سے کے باہر ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا خاموشی ہی خاموشی

تھی جس کمرے سے وہ باہر وحی تھی وہاں سے روشنی کی کچھ کرنیں باہر آ

تھیں جو حال میں روشنی کررہی تھی ورنہ وہاں کا ہر کمرہ ہر دروازہ بند نا ک

آواز تھی نا کچھ دیکھائی دے رہا تھا۔

نام کیا تھا اس کا۔۔؟؟ روحی اپنے چاروں طرف بند

دروازے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ل۔۔لڑکی۔۔۔؟؟ روحی اپنے درد کو برداشت کرتے ہوئے اسے

آواز لگاتی ہے آواز وہ زور سے لگانا چاہتی تھی

تامیر ہے نا وہ سب کر لے گا اسے صرف کہنے کی دیر ہوتی ہے

لوگوں کی جان لینے سے لوگوں کی پہنچان لینے تک اسے سب آتا ہے۔۔

دیریک مسکراتے ہوئے آنکھ ونک کرتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی مڑ کر ڈائننگ ٹیبل کی طرف دیکھتا ہے

جہاں ناشتہ لگ ہی رہا ہوتا ہے۔

چلو پہلے پیٹ بھر لو بھر تمہاری خواہش پوری کرتے ہیں۔

ڈیریک حور کے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے

مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

آئی۔۔پتا نہیں میرے بلو نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا ہو گا یا

نہیں میرے بغیر وہ بھی کھانا نہیں کھاتا ہے۔

حور گہری سانس لیتے ڈائننگ ٹیبل کی طرف بڑھتے روتلو سی

لہجے میں کہتی ہے۔

پھر سے بلو۔۔؟؟ تو گیا بلو ایک بار تامیر تجھے لے آئے

پھر تیرے ٹکڑے کر کے میں اپنے ہاتھوں سے کتوں کو کھلاؤں گا۔۔

ڈیریک حق رہے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے اپنے ہاتھوں پر

خود ہی مکہ بنا کر مارتے ہوئے غصے میں کہتا ہے اور کہتے ہی

ٹیبل کے پاس پہنچے اپنی کرسی کھینچے وہ

ٹیبل پر پڑے جوس کے گلاس کو لبوں سے لگائے ایک ہی سانس میں پی

ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

ڈاکٹر کے جاتے ہی باسیل بھی روحی کے کپڑوں والے بیگ

سے اپنا لیپ ٹاپ نکالے وہی صوفے پر بیٹھے

روحی کی یونیورسٹی والے کام میں دوبارہ مصروف ہو جاتا ہے۔

روحی کی حالت خراب ہونے کے بعد سے اس نے بھی ابھی

تک ایک پانی کا گھونٹ تک حلق سے نہیں اتارا تھا۔۔

دوسری ڈرپ میں صرف اس کے لیے ویٹامن تھے

نیند کی دوائیں نہیں تھی اس میں اس لیے جلدی ہی اس

کی نیند پھر سے کھلنے لگ گئی تھی۔۔

آنکھیں کھولتے ہی وہ کروٹ لینے کی کوشش کرتی ہے پر

سر پر پیچھے لگی چوٹ سے وہ نہیں کر پاتی ہے اور

اپنے درد میں اٹھتے ہی مزید اضافہ کرلیتی ہے۔۔

روحی کو ہلتا دیکھ باسیل جلدی سے لیپ ٹاپ بند کیے روحی کی طرف اٹھ

جاتا ہے اس کی کمر پر ہاتھ رکھے

اس کے سر پر بندھی پٹی دیکھتا ہے۔

باسیل کا ہاتھ اپنی کمر پر محسوس کرتی اپنی آنکھیں کھولے

باسیل کی طرف دیکھتی ہے جو اسے ہی خاموشی سے دیکھ رہا ہوتا ہے۔۔

روحی باسیل کے چہرے کی طرف سرسری سی نظر دیکھتے

ہی واپس اپنی نظریں پھیرے اپنا چہرہ کمفرٹر میں چھپا لیتی ہے۔

باسیل روحی کی حرکت پر مسکرا پڑتا ہے۔۔

ہو گیا اب جو ہونا تھا اب منہ چھپانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔

باسیل کمفرٹر کھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

میں آپ سے ناراض ہوں۔۔"

روحی کمفرٹر اور مضبوطی سے پکڑے اندر سے ہی کہتی ہے۔

پر میں تو پیزا لایا ہوں تمہارے لیے۔۔"

باسیل کمفرٹر اے ہاتھ ہٹاتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتا ہے

روحی کی کمزوری اچھے سے جانتا جو ہے۔

میں پیزا کی وجہ سے تو ناراض نہیں ہوں۔۔

روحی کمفرٹر کے اندر سے کہتی ہے اور کہتے کہتے خاموش ہو جاتی ہے۔

آپ پیزا لائیں ہیں۔۔؟؟

روحی فوراً سے چہرے سے کمفرٹر اوتارتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ہاں۔"پر شاید تم کھانا نہیں چاہتی میں اسے کیسی کو دے

کر آتا ہوں۔۔"

باسیل گہری سانس لیے کہتے ہی مڑ کر ٹیبل کی طرف

بڑھنے لگتا ہے کہ روحی ہاتھ پکڑ کر اسے روک دیتی ہے۔

نہیں میں کھالوں گی۔

معصوم سی شکل بنا باسیل کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

پر تم تو ناراض ہو مجھ سے میرا لایا ہوا پیزا کھالوں گی۔۔؟

باسیل بھی روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بڑی بڑی

آنکھیں کیے پوچھتا ہے۔

ہاں کھالوں گی کھا کر پھر ناراض ہو جاؤں گی۔۔

روحی بھی ہلکا سا مسکرا کر کہتا ہے۔

اگر ایسا کرو گی تو میں پیزا نہیں دوں گا پیزا کھاؤں گی تو ناراضگی ختم ک

پڑے گی۔۔

سوچ لو کیا کرنا ہے۔۔؟؟

باسیل ایک آئیبرو اچکاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

کیا سوچ رہے ہو۔۔؟؟

منہاج صاحب اراک کے گم سم چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں

حور کی بولی کس س پوچھ کر لگائی ہے آپ نے یہ سوچ رہا ہوں میں۔۔؟

اراک منہاج صاحب کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے کولڈ لہجے

میں پوچھتا ہے۔۔

اراک کے پوچھتے ہی منہاج صاحب ڈر کا گھونٹ حلق سے

اتارتے ہیں۔۔

میں نے بولی تو نہیں لگائی ہے اس کی شادی کی ہے۔۔"

منہاج صاحب اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پر سکون

انداز میں جھوٹ بولتے ہیں۔

ہاہاہاہا۔۔۔

اراک قہقہ لگا کر بلند آواز میں ہنستے ہوئے کرسی سے

اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔۔

ویسے کتنے کمال کے آدمی ہیں آپ۔۔؟؟"

اراک اپنے ہاتھ کے دائیں جانب سیڑھیوں کے نیچے ایک چھوٹا

سا بار سیکشن کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ک۔۔کیا مطلب ہے تمہارا۔۔؟؟

اراک کو اپنی پینٹ سے شرٹ نکالتے دیکھ اٹھ کر پوچھتے ہیں۔

فل سوٹ بوٹ مین سے اراک ایک عام آدمی کی طرح

بکھری ہوئی حالت میں آجاتا ہے۔۔

مطلب یہ کہ ہزار دفعہ میں آپ کو ایک ہی بات سے منع کر چکا ہوں لک

پھر بھی ڈھٹائی چیک کریں

ایک ہی غلطی آپ ہزار دفعہ دہرا رہے ہیں۔۔

اراک بار سیکشن میں وائن شلف سے اپنے لیے ایک وائن

بوتل لیے گلاس اٹھائے دونوں ایک ہی ہاتھ میں لٹکاتے ہوئے

منہاج صاحب کی طرف حال میں بڑھتا ہے۔

تمہیں لگتا ہے کہ میں جھوٹ بول رہا ہوں تم سے۔۔؟

اس اراک کو اپنی طرف آتا دیکھتے ہوئے ڈرے ہوئے لہجے میں

پوچھتا ہے۔۔

منہاج ابراہیم اس دنیا میں بزنس ورلڈ میں کسی سے

ڈرتا ہے تو صرف اور صرف اراک یورگن اپنے بھتیجے سے

کیونکہ اراک کے اصل روپ سے اس کی اصلیت سے

وہ اچھے سے واقف ہے۔۔

اراک کے پاس انگت پیسہ جو منہاج صاحب کو ناچاہتے ہوئے

بھی اراک سے ڈرنے پر مجبور کردیتا ہے۔۔"

مجھے اس کا جواب دینے کی ضرورت ہے کیا۔۔؟؟

اراک بوتل اور گلاس منہاج صاحبِ کے ہاتھ میں تھاماتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

حور کو کس کو بیچا۔۔؟؟

اراک کہتے ہی مڑ کر ایک نظر مینشن میں ڈالے دوبارہ

وائن بار والی سائیڈ پر جاتا ہے۔۔

دیریک جون"

منہاج صاحب دھیمے لہجے میں سر جھکائے اپنے ہاتھ میں

وائن دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

کتنے میں۔؟؟ اراک ایک اور سوال کرتا ہے۔

و۔۔وہ۔۔۔"منہاج صاحب جواب نہیں دے پاتے ہیں۔

جواب چاہیے"

اراک وائن بار میں لگا ایک ٹیبل پر میوزک سسٹم

جو پرانے زمانے کا تھا جس میں کیسٹ لگا کر گانے سننے

جاتے ہیں اس میں گانے کی کسٹ لگاتے ہوئے

اراک حکمانہ لہجے میں کہتا ہے۔۔

منہاج صاحب ابھی بھی اسے کوئی جواب نہیں دیتے ہیں۔۔

گانے چلتے ہی اراک اسے ٹیبل کا دراز کھولے اس میں ایک

تیز نوکیلے دھار والی چاقو اٹھائے اپنے ہاتھ میں

پکڑے ہاتھ کمر پر باندھے مڑ کر منہاج صاحب کی طرف

بڑھتا ہے جو اس کے لیے ہی گلاس میں شراب

ڈال رہے ہوتے ہیں۔۔

میری باتوں میں حکم میں اثر نہیں رہا یا اب اپنی اوقات سے بڑھ کر بڑ

اڈمج بن گئے ہیں جو میری باتوں کو

آگنور کررہے ہیں۔۔؟؟

اراک دبے دبے قدم منہاج صاحب کی طرف بڑھاتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

تمہیں غلط لگ رہا ہے اراک ایسا کچھ نہیں ہے۔۔"

غلط لگایا بھی تو آپ نے ہے۔۔"

اراک منہاج صاحب کے سامنے کھڑا ہوتے ہوئے کہتا ہے۔

میری اکلوتی بیٹی ہے وہ میں اس کی بولی کیسے لگا سکتا

ہوں مرنا بھی ہے میں نے۔۔

شاید میرے ہاتھوں ہی۔۔

اراک منہاج صاحب کی بات کاٹتے ہی بیچ میں بول پڑتا ہے اور چاقو

منہاج صاحب کی آنکھوں کے سامنے کیے

اس کی نظروں کے سامنے ظاہر کرتے ہوئے ٹیبل پر رکھتا ہے۔

پیسے کہاں ہیں وہ۔۔؟؟

اراک چاقوؤں رکھے شراب کا گلاس ٹیبل سے اٹھاتے ہوئے

پوچھتا ہے۔۔

و۔۔وہ۔۔ن۔۔۔نہیں۔۔ہ۔ہیں۔۔۔"

منہاج صاحب اٹکتے ہوئے لہجے میں کہتا ہے۔۔

ک۔کیا نہیں ہے۔۔؟؟"

اراک منہاج صاحب کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے ۔

پ۔۔پیسے م۔۔میرے ہیں۔۔"

اور آپ کی جان میری ہے۔۔!!"

اراک بات کاٹتے بول پڑتا ہے اور منہاج صاحب کی طرف قدم

بڑھانے لگتا ہے اراک کے بڑھتے قدموں کو

دیکھ کر منہاج صاحب پیچھے کی جانب بڑھنے لگتے ہیں۔

میں نے منع کی تھا نا حور کو کچھ بھی کرنے سے۔۔؟

اس کو حفاظت سے اس گھر میں رکھنے کا کہا تھا میں نے۔؟؟

اراک شراب کا گلاس ہاتھ میں گھوماتے ہوئے منہاج صاحب

کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

م۔۔میں نے جو کیا وہ اپنی بیٹی کے ساتھ کیا تمہارا

اس سے کوئی تعلق نہیں

منہاج صاحب ہمت اکٹھی کیے آج پہلی بار پلٹ کر اراک کو

جواب دے رہے تھے۔

بہت بولنے لگ گئے ہیں آپ تو۔۔؟؟

پیسے نے زبان لگا دی ہے۔۔؟؟؟

اراک رک کر سخت نظریں منہاج صاحب کی آنکھوں میں ڈالے

گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

تم بدتمیزی کر رہے ہو۔۔؟؟

منہاج صاحب ڈر کا گھونٹ حلق سے اتارتے ہوئے کہتے ہیں۔

کیا کہا۔۔؟؟

اراک گلاس ٹیبل پر رکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

تمہیں جانا چاہیے آرام کرو جا کر۔۔۔

منہاج صاحب کہتے ہی وہاں سے جانے کی کوشش کرتے ہیں

کہ اراک اسی پل ٹیبل سے چاقو

اٹھائے منہاج صاحب کی طرف رخ موڑے اسی طرف سے کیچن

سے آتے ہوئے سرونٹ کی ٹانگ پر چاقو دے مارتا ہے

جو اس کی پنڈلی میں لگے اسے وقت اس کی ٹانگ سے خون

بہنا شروع ہو جاتا ہے۔۔

لڑکے کی درد بھری چیخ پورے مینشن میں گونجتی

ہے جیسے سنتے ہوئے منہاج صاحب بھی ڈرتے ہوئے پلٹتے ہیں

اور کمرے میں موجود صدف بیگم بھی فورا کمرے سے نکلے

ریلنگ کے پاس آکھڑی ہوتی ہے۔

میری بات اور میرا راستہ کاٹنے کی کوشش اگر دوبارہ کی

تو اس لڑکے کی جگہ میرے چاقو کا نشانہ

آپ ہونگے اور جگہ ٹانگ نہیں پ کا سینہ ہو گا جو کتنی دفعہ کتنی

بے رحمی سے میں چھلنی کروں گا سوچ ہے آپ کی "

اراک غصے میں دیکھتے ہوئے کہتے ہوئے منہاج صاحب کے سامنے

اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے دیکھتے ہوئے ایک

ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔

تم ہاتھ اٹھاؤں گے مجھ پر۔؟؟

منہاج صاحب غصے میں پوچھتے ہیں۔۔

میرا دل تو جان لینا کررہا ہے آپ کا میری بہن کی بولی

لگانے کا سوچا بھی کیسے۔؟

اراک اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں مضبوطی سے بھینچے

ہوئے کہتا ہے۔۔

اپنے چوٹ لگے ہاتھ کو بھی اتنی ہی مضبوطی سے مٹھی

بھینچتا ہے کہ اس میں سے خون

بہنا شروع ہوجاتا ہے۔۔

تمہیں میں نے کہا ہے میری بیٹی ہے وہ جو مرضی کروں میں اس کے س

اس سے تمہیں

کوئی فرق نہیں پڑنا چاہیے۔۔

منہاج صاحب بھی غصے میں کہتے ہیں۔۔

فرق پڑتا ہے جب میری دی ہوئی چھت کے نیچے رہتے ہو

جب میرے دیے ہوئے نام سے پیسہ کما کر مشہور ہو کر

اپنی زندگی میں سکون حاصل کرتے ہو

جب میرے ٹکڑوں پر پلتے ہو تو مجھے فرق پڑتا ہے کہ میرے

دیے ہوئے ٹکڑے کون کھاتا ہے۔۔؟؟

وہ انسان یا جانور۔۔"

اراک منہاج صاحب کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے انہیں

گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

ایک جانور تو تم بھی ہو اپنے بارے میں کہا کہوں گے۔۔؟؟

تم بھی تو معصوموں کی زندگیوں کے ساتھ کھیلتے ہو

سیاست کرتے ہو ان کا کرئیر زندگی تباہ کر کے اپنا مفاد

تلاش کرتے ہو اس بارے میں کیا کہنا ہے تم نے پھر۔۔؟؟

منہاج صاحب اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سخت

لہجے میں پوچھتے ہیں۔

میں انسان ہوں اس غلط فہمی کا شکار آپ خود بنے تھے

میں نے کبھی خود کو انسان سمجھا ہی نہیں

اور ایک جانور کا پسندیدہ مشغلہ انسان کو ٹکڑوں میں کاٹ

کر اپنی بھوک مٹانا ہوتا ہے۔۔

اور میری بھوک کا اندازہ آپ لگا بھی نہیں سکتے ہیں۔

اس لیے مجھے خود سے ملوانے کی کوشش بھی کرنے کی

ضرورت نہیں اراک یورگن

اس دنیا میں ایک ہی ہے اور وہ صرف اور صرف میں ہوں "

اراک غصے میں کاٹ کھاجانے والی نظروں سے دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

منہاج صاحب اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

اپنی نظریں جھکانے لگتے ہیں۔

حور کے پیسے کہاں ہیں۔۔؟؟ اراک غصے میں گہری سانس

لیتے ہوئے پوچھتا ہے۔

وہ جہاں ہونے چاہیے وہی ہیں۔۔"

منہاج صاحب جواب دیتے ہیں۔

وہ جہاں ہیں انہیں وہاں سے اٹھا کر واپس انہیں دو جن

کے وہ ہیں اور حور کو واپس لے کر آؤ میرے پاس

اور اگر مجھے جانے کی ضرورت پڑی تو یاد رکھیں گا میں اسے اپنے طریقے

واپس لے کر آؤں گا۔

اراک اپنے الفاظ اتنی زور سے کہتا ہے کہ پورے مینشن میں

اس کی آواز گونجتی ہے۔

اسے ڈاکٹر پر لیے کر جاؤ۔۔

اراک حکمانہ لہجے میں کہتا ہوا لمبے لمبے ڈگ بھرتا سیڑھیوں پر

چڑھے اپنے کمرے کی طرف بڑھتا ہے کہ اس کی

نظر دوسری منزل پر ریلنگ کے

پاس لال زخم کے نشان والا چہرہ لیے صدف بیگم کو کھڑا

دیکھ کر وہ پل کے لیے رکتا ہے پر کولڈ نظروں سے

دیکھتے ہوئے وہ اپنے کمرے کی جانب بڑھتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

مجھے نہیں کھانا ہے پھر۔۔"

روحی کہتے ہی منہ تک کمفرٹڑ اوڑھ لیتی ہے۔۔

اب کیوں نہیں کھانا ہے بھوک لگی ہے نا تو صرف دو بول بولو

اور پیزا کھالو۔۔"

باسیل روحی کو کمفرٹڑ میں چھپا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو لگتا ہے کہ پیزا سے سب ٹھیک ہو جائے گا باسیل۔۔؟

روحی کہتے ہی منہ سے کمفرٹر ہٹائے اٹھنے کی کوشش کرتی ہے۔۔

کیا ٹھیک نہیں ہو گا پھر۔؟؟

باسیل روحی کی کمر پر ہاتھ رکھے اسے اٹھنے میں مدد کرتا ہے۔

جو آپ نے کیا ہے اس کے بعد بھی آپ یہ سوال کر رہے ہیں۔۔؟

روحی سر جھکائے اپنی ہتھیلیوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اپنی ہتھیلیوں پر لگی چوٹ دیکھ کر روحی کی آنکھوں میں نمی پھر سے بھرنے لگتی ہے پر وہ اپنے آپ کو کنٹرول کیے گہری سانس لیتی ہے۔

روحی کا خاموش چہرہ دیکھ کر باسیل گہری سانس بھرتا ہے۔

اچھا سنو۔۔!!"

روحی کو روتا دیکھ کر باسیل پیار سے پکارتا ہے۔

نہیں سنا۔۔"

روحی ہتھیلیوں سے اپنے گالوں کو صاف کرتے ہوئے کہتی ہے۔

سن لو یار اچھی بات بولوں گا۔

باسیل روحی کی طرف بڑھے کے چہرے کو ٹھوڑی سے پکڑے

اوپر کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

نہیں سننا میں نے آپ گندے ہیں آپ کی باتیں بھی

گندی ہیں۔

روحی باسیل کاہاتھ جھٹکتے ہوئے روتے ہوئے کہتی ہے۔

امم۔۔ہمم۔۔گندی بچی گندی باتیں میں گھر سے باہر نہیں کرتا ہوں اچھا ش

ہوں میں "

باسیل روحی کی آنکھوں سے آنسوؤں صاف کرتے ہوئے

شرارتی لہجے میں کہتا ہے۔۔

نہیں بہت برے شوہر ہیں آپ جب آپ کی بیوی کو

آپ کی ضرورت ہوتی ہے آپ تب ہی اس کے پاس نہیں ہوتے ہیں۔

باسیل کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھتے ہوئے روحی مزید

روتے ہوئے کہتی ہے۔

دنیا کے سارے شوہر اچھے شوہر بن کر بیوی کے محافظ

بننے ہمیشہ اس کے ساتھ ہوے ہیں

ہر مشکل سے پہلے وہ اس کے ساتھ اس کے آگے ہوتے ہیں

پر آپ نہیں ہوتے ہیں۔

میں نے یہاں آپ کو اپنے لیے بلایا تھا پر آپ میرے علاوہ

سب کے پاس ہیں۔۔۔

مجھے نہیں چاہیے اب آپ مجھے یقین ہے میں مر بھی

جاؤں گی تب بھی آپ اپنے ضروری کام میں مصروف رہیں گے۔۔

چلی جاؤں گی میں آپ سے دور کرتے رہیے گا کام۔۔۔"

روحی روتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہوئے اپنی بازوؤں پر لگی ڈرپ نکالے

سے اتر سیلیپرز پہنے باہر کی

جانب بڑھتے ہوئے اپنی شرٹ کی بازوؤں کو سہی کرتی ہے۔

تم سے ضروری ہے کیا کچھ میرے لیے۔۔؟؟

باسیل روحی کو جاتا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں ضروری ہوں مجھے بھی لگتا تھا پر اب نے مجھے غلط ثابت کر دیا ہے۔۔

روحی مڑ کر روتے ہوئے دی دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے غلط ثابت نہیں کیا ہے تمہیں گڑیا

تم میرے لیے ضروری تھی ضروری ہو اور ہمیشہ میری سانسوں

جتنی میرے لیے ضروری رہو گی۔"

روحی کی طرف بڑھتے ہوئے محبت سے چور لہجے میں کہتا ہے۔

آپ صرف کہتے ہیں باسیل۔۔"

روحی ٹوٹے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

میں صرف کہتا نہیں ہوں تم واقع مجھے میری سانسوں جتنی عزیز ہو گڑیا تم

بڑھ کر نا کوئی تھا نا ہے اور نا ہی

کبھی ہو گا۔۔

روحی کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھامے اس کی نم آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

تم جانتی ہو میں جانتا ہوں یہ غصہ بے وجہ نہیں ہے

جتنا یقین اور محبت میں کرتا ہوں تم سے تم بھی اتنی ہی

حد تک کرتی ہو

میری غلطی تھی کہ میں اس وقت وہاں نہیں تھا جہاں مجھے

ہونا چاہیے تھا اگر میں وقت پر وہاں ہوتا تو

تم اس وقت درد میں نا ہوتی میری غیر موجودگی کی وجہ سے تم اس و

تکلیف میں ہو

مجھے معاف کردوں۔۔۔

سچ میں مجھے معاف کردوں۔۔"

باسیل کا دل بھی روحی کی آنکھوں میں آنسوؤں دیکھتے ہوئے

پھٹ رہا تھا وہ بھی اپنے آپ کو اپنے درد کو برداشت کیے

خود کو کمپوز کیے کہتا ہے۔

مجھے چوٹ آپ کے وجہ سے نہیں لگی ہے باسیل سوری مر

بولیں۔۔"

روحی روتے ہوئے سر جھکا کر کہتی ہے۔

میں ناراض غصہ اس لیے نہیں ہوں کہ مجھے چوٹ لگی ہے

میں غصہ اس لیے ہوں کیونکہ میں ڈر گئی تھی

مجھے لگا میں آپ کو ٹیڈی کو کھو دوں گی

مجھے لگا میں مر گئی تو آپ کو کچھ نا ہو جائے

میں مرنا نہیں چاہتی تھی

م۔۔مجھے اپنی دنیا ختم ہوتی نظر آرہی تھی آپ آئے تو

سکون آیا تھا پر اسی پل میری سانسیں ختم ہونے لگی تھی۔

میں آپ کے ساتھ رہنا چاہتی ہوں اپنے ٹیڈی کے ساتھ رہنا

ہے ہمیشہ میں آپ کے بنا نہیں رہ سکتی

میں رہنا ہی نہیں چاہتی۔۔

میں آپ کے بنا مر جاؤں گی مجھے کچھ نہیں چاہیے

بس آپ اور صرف آپ چاہیے۔۔"

روحی زور سے روتے ہوئے باسیل کے سینے سے لگے

کہتی ہے۔

روحی باسیل کے سینے میں خود کو چھپائے روئے جارہی تھی آنکھوں

آنسوؤں پانی کی طرح

بہہ رہے تھے لہجہ درد سے ٹوٹا بکھرا ہوا تھا۔

روحی تو رو کر اپنا ڈر اپنا درد ظاہر کر رہی تھی پر اس کے

سامنے کھڑا شخص جو اس کی بند ہوتی آنکھیں

دیکھ اپنی سانسیں ہیں یا نہیں یہ بھول چکا تھا۔

روحی کی باتیں سنتے باسیل کا دل ایک بار پھر سے چند

ہونے لگا تھا پر وہ ٹوٹتا تو روحی اس سے زیادہ

ٹوٹ جاتی اس لیے وہ درد بھری گہری سانس لیے اپنے

آپ کو کمپوز کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

بس گڑیا رونا بند کرو مجھ پر رحم کرلو اتنا درد مت دو کہ

اب میں برداشت نا کرپاؤں "

روحی کو اپنے آپ میں قید کرتا اس کے سر پر

بوسہ دیتے ہوئے کہتا ہے۔

سوری انکل۔۔میں بہادر نہیں ہوں پر بننے کی کوششوں

میں ہمیشہ اپنے ساتھ ساتھ آپ کا نقصان بھی

کروا دیتی ہوں۔۔

سوری۔۔۔"باسیل کے سینے میں اپنا منہ چھپاتے ہوئے روتے ہوئے

کہتی ہے۔

سوری کہنے کی ضرورت نہیں ہے اور تم بہت بہادر ہو

جتنا ہونا چاہیے اس سے زیادہ بہادر ہو اور میرا نقصان تم

صرف اس طرح رو کر کرتی ہو مت روؤ

سب ٹھیک ہے اب کچھ نہیں ہو گا کچھ بھی نہیں کوئی تمہیں

ہاتھ لگانے کی کوشش میری غیر موجودگی میں بھی نہیں کر پائے گا

میں اب کسی کو کچھ کرنے ہی نہیں دوں گا "

باسیل اراک کو ذہین میں رکھتے ہوئے اپنے غصے کو ضبط کرتے ہوئے کہتا

اور کہتے ہی جلد ہی اپنی پوری توجہ

روحی پر ڈالتا ہے۔۔"

رو لیا۔۔؟؟"

روحی کی سر کے بجائے اس کی گردن پر ہاتھ رکھے اس کا

چہرہ اپنے سامنے کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں " روحی نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہتی ہے۔

ابھی اور رونا ہے۔۔؟؟

باسیل اس کے آنسوؤں سے تر گالوں کو انگوٹھے سے صاف

رکتے ہوئے پوچھتا ہے۔

نہیں۔"

روحی پھر نفی میں سر ہلاتے ہوئے جواب دیتی ہے۔

تو رونا بند کردو۔۔"

باسیل سے التجائے انداز میں کہتا ہے۔

میں نہیں رونا چاہتی پر میری آنکھوں سے آنسوؤں خود

بخود آرہے ہیں۔"

روحی کہتے ہی اور مزید رونے لگ جاتے ہیں۔

درد ہورہا ہے۔۔؟؟

ہاں بہت زیادہ کتے نے بہت زور سے سر پر کچھ مارا تھا

کمینہ ،ذلیل ، خبیث اندھا انسان اتنی خوبصورت لڑکی کو

کیسے کوئی کچھ کر سکتا ہے۔۔

سچ میں اندھا ہی تھا۔۔"

روحی سسکیاں لیتے ہوئے روتے ہوئے بولتی جا رہی تھی اس کی

باتیں سن کر باسیل کا زور دار قہقہہ ہوا میں بلند آواز

میں لگاتے ہوئے باسیل روحی کو پھر خود میں قید کر لیتا ہے۔

اتنا گالیاں کب سے دینے لگ گئی۔۔؟

باسیل ہنستے ہوئے پوچھتا ہے۔

جب سے میں لندن آئی یہاں پر ہر کوئی گندی نظروں سے

گھورتا ہی رہتا تھا تو سیدھا کرنے کے لیے مکہ اور گالیاں ہی

تو ہوتی تھی میرے پاس "

روحی اپنی ہتھیلیوں سے اپنے گالوں کو صاف کرتی

کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔

یہ سب پہلے کی باتیں اور تمہاری حرکتیں تھیں لیکن اب

کوئی گالی نہیں کوئی مکہ لات نہیں

تمہاری طرف اٹھنے والی ہر نظر کا جواب میں خود اپنے

طریقے سے دونگا۔۔"

باسیل اٹل لہجے میں روحی کو چہرے سے لے کر اس

کے پیروں تک ہاسپٹل کے یونیفارم میں کھلے سے چیک ٹراؤزر شرٹ

ہوئے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

میں کپڑے نہیں بدلوں گی۔۔"

روحی باسیل کی نظروں کا مرکز سمجھتے ہوئے فوراً سے

بول پڑتی ہوں۔

میں نے بدلنے کا نام تو لیا ہی نہیں۔۔؟؟

باسیل ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ کو کچھ بھی کہنے کی ضرورت نہیں ہے میں پ کو اچھے

سے سمجھ چکی ہوں۔۔"

روحی مسکراتے ہوئے کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔

اچھا جی اگر مجھے سمجھ گئی ہو تو پھر مجھ سے غصہ

کیسا۔۔؟؟ ناراضگی کیسی۔۔؟؟

دور جانے کی دھمکی کیسی۔۔؟؟؟

باسیل روحی کی کمر کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھے

روحی کو سینے میں قید کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ضد, ناراضگی, دور جانے کی دھمکی آپ کو محفوظ رکھنے

کے لیے ہے آگر آپ کو کبھی کچھ بھی ہوا میری وجہ سے

میں خود کو کبھی معاف نہیں کرپاؤں گی

معاف کرنا تو دور میں زندہ نہیں رہ پاؤں گی۔"

روحی باسیل کے سینے پر اپنی ٹھوڑی ٹیکاتے ہوئے کہتی ہے۔

اتنی محبت ہے مجھ سے کہ میری ہی خاطر مجھے

چھوڑنے سے پہلے ایک بار نہیں سوچا۔؟؟

باسیل سر جھکا کر روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

پوچھتا ہے جو بامشکل کھل پا رہی تھیں۔۔

آپ کے لیے کچھ بھی کروں گی

پچھلے 4 سالوں میں عہد کیا ہے میں نے آپ کا اپنی وجہ

سے جینا حرام کرنے کا لیکِن

آپ کو تکلیف پہنچے میری وجہ سے یہ گوارہ نہیں ہے مجھے

روحی اپنی بار بار بند ہوتی آنکھوں سے دیکھنے کی

ناکام کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے تمہاری وجہ سے کبھی نا تکلیف ہوئی ہےاور نا کبھی

ہوگی اندھا یقین ہے کرتا ہوں میں اپنی گڑیا پر

جتنی محبت میں تم میرے لیے پوزیوو ہوگئی ہو تمہیں

اندازہ نہیں میں تمہارے لیے کتنا پوزیوو ہوچکا ہوں یہ 4 سال

کیا کیا نئے رنگ لائے ہیں ہماری زندگیوں میں ابھی

تم اس سے انجان ہو۔۔"

باسل روحی کی کیفیت کو دیکھتے ہوئے اس کی آنکھوں پر

اپنے لب رکھتے ہوئے اٹل انداز میں پر دھیمے لہجے میں

کہتا ہے۔۔

کیا مطلب آپ کا۔۔؟؟ اب کیا بدلنے والا ہے۔۔؟؟

روحی بے حد تجسّس سے پوچھتی ہے۔

جو بھی بدلے گا اس میں تم ہمیشہ مجھے چنو گی مجھ پر

یقین کرو گی میری بات سمجھو گی

اس بات کا وعدہ کرو گی۔۔؟؟

باسیل روحی کے آگے اپنا ہاتھ بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

باسیل پھر سے باتوں سے کیوں ڈرا رہے ہیں آپ مجھے۔۔؟

روحی نم لہجے میں پوچھتی ہے۔

تم وعدہ کرو اگر تم اگر دل مطمئن ہو کہ باسیل تمہارا

انکل تمہیں تکلیف دینے کے بارے میں کسی مشکل میں

مبتلا کرنے کے بارے میں کبھی سوچ ہی نہیں سکتا ہے۔۔

کرو وعدہ گڑیا۔۔"

باسیل کی باتوں کو سنتے سمجھنے کی کوشش کرتے ہوئے

روحی باسیل کے اس کی طرف بڑھائے ہاتھ کو دیکھے

جاتی ہے۔

پہلی بات آپ کو وعدہ لینے کی ضرورت نہیں ہے اگر ایسی

نوبت کبھی آ بھی گئی تو یقین کریں

آپ کی گڑیا خود سے بڑھ کر آپ پر یقین کرتی ہے میرے لیے

سب سے پہلے آپ ہیں

آپ کبھی کچھ غلط نہیں کر سکتے ہیں کسی کے ساتھ بھی

میرے ساتھ تو بلکل بھی نہیں۔۔"

روحی باسیل کے ہاتھ پر ہاتھ رکھے پر یقین کے ساتھ

کہتی ہے۔

پر تمہیں یہاں بھیج کر انجانے میں مصیبت کو خود سے تمہارے پیچھے لگانے کا غ

مجھ سے ہو چکی ہے۔"

باسیل اپنے ہاتھ میں روحی کا ہاتھ دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

پر میں اس مصیبت کو تم تک پہنچنے دینے سے پہلے ہی

اس کے راستے الگ کر دوں گا آگر ضرورت پڑی تو راستے ختم

کرنے سے پہلے میں ایک بار بھی نہیں سوچوں گا۔۔!!"

باسیل روحی کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں قید کرتا اس کی

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں اٹل لہجے میں خود

سے کہتا ہے۔۔

انکل کیا ہوا اب آپ کو کیوں ایسی بات کر رہے ہیں۔۔؟؟

کیا کوئی مصیبت ہے یا آنے والی ہے۔۔؟؟

روحی پریشانی سے باسیل کے چہرے کے عجیب تاثرات کو

دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

روحی کی بات پر باسیل گہری سانس بھرتا ہے اور سر جھکائے

روحی کے چہرے کی طرف دیکھتا ہے۔

مصیبت تو ہے ایک جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی ہے۔"

باسیل روحی سے دور ہوتا اس کی طرف پشت کرتا

صوبے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیسی مصیبت ہے مجھے بتائیں میں اس کا منہ توڑ کر

آتی ہوں۔۔

روحی باسل کے پیچھے پیچھے ننگے پیر چھوٹے چھوٹے قدم

اٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

میری مصیبت خود اپنے آپ کا منہ توڑنے کی باتیں کررہی ہے

سوفی۔۔۔!!!"

باسل شرارتی لہجے میں کہتے ہی روحی کو اپنے گلے

سے لگاتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

چلیں۔۔؟؟ دیریک ناشتہ کیے حور کو اپنے ہاتھوں کو

ٹیشو سے صاف

کرتا دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

جی چلیں۔۔!!"حور فوراً سے مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

اتنی بے چینی ظاہر تو کبھی مجھ سے ملنے کی نہیں کی کسی لڑکی سے ملنے کے

بڑی بے چین ہورہی ہو۔۔"

دیریک جلے بھنے تاثرات چہرے پر سجاتے ہوئے چھوٹی چھوٹی

آنکھوں سے غصے میں گھورتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ آج صبح سے ایسے ہی گھور رہے ہیں مسئلہ کیا ہے۔۔؟؟

حور گھورتے ہوئے پوچھتی ہے۔

تم سے مطلب۔۔؟؟

دیریک زور سے کہتا ہوا کرسی سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے

شرٹ میں فرنٹ پر لگے شرٹ میں سے اپنا چشمہ نکالے

دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے آنکھوں پر چشمہ لگاتے ہوئے

وہ دروازے سے باہر نکل جاتا ہے۔۔

حور بھی دیریک کو جاتا دیکھ کر جلدی سے کرسی سے

اٹھ کھڑی ہوتی ہے دیریک کی پشت دیکھتے ہوئے

حور خود کو سر تا پیر دیکھتے ہوئے دروازے کی طرف بڑھتی ہے۔

سنیں۔۔۔؟؟"

حور دروازے میں کھڑی دیریک کی پشت کو دیکھتے ہوئے

اسے آواز لگاتی ہے۔۔

سنائیں۔۔!!"دیریک اپنے لیے اپنی گاڑی میں جانے کے لیے

نظریں دوڑاتا ہے۔

میں کیسی لگ رہی ہوں۔۔؟؟

حور کی بات پر اس کے اچانک سے سوال پر دیریک کے

آگے گاڑیوں کی طرف بڑھتے ہوئے قدم رک جاتے ہیں۔

چہرے پر مسکراہٹ بکھیرنے لگتی ہے دیریک مسکراتے ہوئے

حیرانگی سے مڑ کر دیکھتے ہوئے

اپنی شہادت کی انگلی سے اپنی نظروں سے چشمہ آنکھوں

سے نیچے کیے ناک پر ٹیکائے حور کو

سر تا پیر دیکھتا ہے اور ایک نظر بھر دیکھتے ہی حور کی

آنکھوں میں دیکھتے ہوئے واپس چشمہ اوپر کیے

اپنے بائیں ہاتھ کی جانب بلیک کلر کی برینڈڈ کارز میں سے

ایک بلیک کار "BMW " بجو اس وقت اس کی پر سینیلٹی پر

سوٹ کر رہی تھی۔

برینڈڈ ریسنگ بائیک کے بعد دیریک کی فیورٹ گاڑی "BMW" ہی تھی۔

حور کو بنا جواب دیے وہ مسکراتے ہوئے اپنا رُخ واپس

موڑ لیتا ہے۔۔

کیا ہوا بتا کیوں نہیں رہے ہیں۔۔؟

حور دیریک کی طرف قدم اٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ٹھیک لگ رہی ہو۔!!"

دیریک پھیکے سے انداز میں کہتا ہے یقیناً وہ اس وقت جھوٹ

بول رہا تھا جس کے چہرے پر تاثرات دیریک خود گاڑی کے

شیشے میں دیکھتا ہے۔

بس ٹھیک لگ رہی ہوں۔۔؟؟

حور حیرانگی سے پوچھ رہی تھی۔۔

"تم نے کیا تعریف سننی ہے اپنی..؟"

دیریک گاڑی کی طرف بڑھتے ہوئے اپنے منہ میں زبان گھوماتے ہوئے

شرارتی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

"نہیں رہنے دیں آپ تعریف کرنے میں نہیں تنز

کرنے میں ماہر ہیں جانتی ہوں میں"

حور اپنے دوپٹے کو کندھے میں ڈالتے ہوئے گندا سا منہ

بنائے گاڑی کی طرف بڑھتے ہوئے

کہتی ہے۔

'میں اور بھی بہت کچھ کرنے میں ماہر ہوں

کہو تو کر کے دیکھاؤ..؟؟"

حور کو اپنی طرف آتا دیکھ ہلکی سے گردن موڑ کر پوچھتا ہے۔

"انسان بن کر دیکھا سکتے ہیں تو دیکھا دے

اس وقت اس کے علاوہ کچھ اور دیکھنے اور سننے کا موڈ نہیں میرا"

حور دیریک کے چہرے کو آسکے چشمہ میں خود کو

دیکھتے ہوئے غصے میں کہتی ہے۔

"موڈ بننے میں کون سا وقت لگتا ہے تمہیں

دیکھتے ہی میرا بن جاتا ہے اور یقیناً تمہارا بھی..؟؟

"دیریک مکمل رخ حور کی طرف موڑے ایک ہاتھ کمر پر اور دوسرا

ہاتھ گاڑی کے بونٹ پر رکھتے ہوئے پوچھتا۔

"استغفراُللہ .. حد ہے ہر وقت گندی باتیں

آپکے سر پر سوار رہتی ہیں "

حور دیریک کے سینے پر زور سے تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے

جس کے پڑتے ہی دیریک جلدی سے اپنے سینے پر ہاتھ رکھ

دیتا ہے۔

"میں نے تو ایسی کوئی بات کی ہی نہیں ہے

تم خود میرے ساتھ گندی گندی حرکتیں کرنا چاہتی ہو

'بے شرم لڑکی"

دیریک اپنے سینے پر ہاتھ مسلتے ہوئے کہتی ہے۔

"م۔۔میں بے شرم لڑکی۔۔؟؟"

حور اپنی طرف شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے

بڑی بڑی آنکھیں کیے پوچھتی ہے۔

"ہاں تم ٹھرکی بچی گندی نظر رکھتی ہو اپنے

شوہر پر شرم نہیں آتی ہے تمہیں تمہارا ہی ہوں پر صبر کرو

"ابھی دن ہے رات تو ہونے دو پھر کر لینا

جو کرنا ہے تم نے"

دیریک موسم کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے حور کی طرف

بڑھتے ہوئے اس کے نزدیک آتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"توبہ توبہ--میری غلطی ہے جو میں نے آپ سے

کچھ پوچھ لیا معاف کردیں مجھے"

حور دیریک کے سامنے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہتی ہے۔

"جاؤ کردیا معاف کیا یاد کرو گی کتنا نرم دل

شوہر ہے تمہارا"

اسے نرم دل نہیں حرامی دل کہتے ہیں۔--"

حور گردن جھٹکتے ہوئے کہتی ہے۔

"چلووو۔۔تمہارے لیے مجھے حرامی بننا

بھی قبول ہے کیا یاد رکھو گی"

دیریک گردن موڑ کر باقاعدہ مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

دیریک کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر حور کچھ پل اس کو

اسی طرح ہنستے ہوئے دیکھتے رہتی ہے۔

چلیں اب۔۔؟؟" دیریک پوچھتے ہوئے ڈرائیونگ سیٹ کی

طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

حور دیریک کو جاتے دیکھ پیچھے سے مسکرانے لگتی ہے

پر دیریک کو پلٹتا دیکھ کر وہ جلدی سے خود کو کمپوز کرلیتی ہے۔

آجاؤ اب مجھے دیر ہورہی ہے۔۔"

دیریک گاڑی کا دروازہ کھولتے ہوئے کہتا ہے۔۔

حور دیریک کی بات پر ہاں میں سر ہلاتے ہوئے فرنٹ سیٹ

کی طرف بڑھنے لگتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

اچھا اب چھوڑیں اس سے زیادہ میں رونے لگ گئ تو آپ کو غلط

فہمی ہو جائے گی۔۔"

روحی باسیل سے دور ہوتے ہوئے کہتی ہے۔۔

کیسی غلط فہمی۔۔؟؟؟

تجسس سے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

یہ ہی کہ میں اب آپ کی ہر بات مانوں گی اور شریف ہو جاؤں گی انسان

جاؤں گی۔"

روحی اپنے چہرے کو اپنی آنکھوں کو صاف کرتے ہوئے

ننگے پیر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائے کمر پر ہاتھ باندھے

صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

تو اب بھی عقل نہیں آئی تمہیں۔۔؟؟

باسیل مڑ کر روحی کی طرح اپنے دونوں ہاتھ کمر پر باندھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔

اوو اووو۔۔میاں جی اس موقع پر آپ کو تو کہنا چاہیے

تھا کہ تم جیسی ہو مجھے ویسے قبول ہو

تم بدمعاشی کرتی رہو میں ہوں نا تمہاری بدمعاشی برداشت

کرنے کے لیے تمہارے الٹی سیدھی حرکتیں

سہنے کے لیے

روحی مڑ کر باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولتی ہے۔

اووو اووو۔۔وائفی تمہیں میں یہ سب پہلے ہی کہہ چکا ہوں

تمہیں اس وقت تو بس یاد کرنے کی ضرورت ہے

باسیل روحی کی طرف دبے دبے قدم اٹھاتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کو اپنی طرف آتا دیکھ روحی ڈر دق پیر اسے

سفید رنگ کے کارٹن کے سوٹ میں ملبوس دیکھتی ہے

4 سالوں سے وہ اسے اس طرح اپنے انکل بننے دیکھنے کی

خواہش مند تھی اس کی خواہش اس طرح پوری ہوگی روحی نے سوچا نہیں تھ

آپ کو یہ کپڑے پہننے کو کس نے کہا تھا۔۔؟؟

روحی دونوں آئیبرو اٹھاتے ہوئے پوچھتی ہے۔

مجھے لگا تمہیں تمہارا پہلے والا باسیل دیکھا کر ماننا آسان

ہو گا تو بس اسی لیے۔۔!!"

باسیل روحی سے دو قدم دور کھڑے ہو کر اپنی ہنسی

کو چھپانے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔

مجھے تو منایا ہی نہیں آپ نے۔۔!!"

روحی کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔

منایا تو ہے۔۔!!"روحی کی طرف مزید ایک قدم رکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

کب۔۔؟؟ باسیل کی آنکھوں سے نظریں ہٹا کر کے ماتھے

پر ظاہر ہوتے اس کے کٹ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

جب تم خفا تھی تب سوری بولی تو تھی میں نے "

باسیل یاد دھیانی کروانے کی کوشش کرتا ہے۔

آپ کب سے سوری سے منانے لگ گئے جو پہلے کرتے تھے وہ

کیوں نہیں کیا اس بار۔۔؟؟

روحی چھوٹی چھوٹی آنکھیں کیے کہتی ہے۔

وہ کیا تھا۔۔؟؟

باسیل حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

آپ بھول گئے۔۔؟؟ روحی بھی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

باسیل یاد کرنے کی کوشش کرتا ہی ہے ک روحی ایک قدم اور اس

کے نزدیک رکھے اپنے پیروں کی انگلیوں پر کھڑی ہو کر

باسیل ہے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے

اس کے لبوں پر اپنے لب رکھ دیتی ہے۔

روحی کی حرکت پر باسیل کھلی آنکھوں سے اس کی طرف

دیکھتا رہتا ہے باسیل کے دل کی دھڑکنیں اسی پل

تیزی سے بڑھنا شروع ہوگئی تھیں روحی کی کیفیت بھی کچھ ایسی ہی تھی۔

باسیل روحی کی بند ہوتی آنکھوں کو دیکھتے روحی

کی کمر کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھے اسے اپنے سینے سے

لگائے اب کی بار اس کے لبوں پر جھکے شدت سے بھرا

لمس رکھنے لگتا ہے۔

کچھ پہر دونوں ایسے ہی ایک دوسرے میں کھوئے ہوئے

وقت جگہ حالت سے سے انجان بس خود میں

گم ہوگئے تھے پر جلد ہی روحی خود کو کمپوز کیے باسیل کے کندھے پر ہاتھ ر

اسے خود سے دور کرتی ہے۔

"!!اب منانے تو دو۔۔

باسیل روحی کے چہرے کے قریب اپنا چہرہ کیے اس کے

گال سے اپنا گال ٹچ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"!!بس میں مان گئی ہوں۔۔

روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

"اتنی جلدی تھوڑی دیر اور روٹھ جاؤ۔۔

باسیل روحی کے گال پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"باسیل بس کردیں چھوڑیں مجھے۔۔

اپنا چہرہ باسل سے دور کرتی اس کی آنکھوں میں

دیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔

تمہیں خود میں قید کرنے کے بعد میرا بلکل دل نہیں

چاہتا کہ ایک پل کی رہائی تمہیں اور تمہاری سانسوں کو دوں۔۔!!!"

کہتے ہی دوبارہ روحی کے لبوں پر جھک جاتا ہے پر جلد

ہی اس کی کیفیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی سانسوں کو

رہائی دے دیتا ہے۔

جلدی سے ٹھیک ہو جاؤ گڑیا پھر تمہاری سانسیں اپنے

طریقے سے روکو گا میں۔۔!!"

روحی کے ماتھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل کی بات پر روحی کھل کر مسکرا دیتی ہے۔۔

باسیل ہم واپس پاکستان چلیں۔۔؟؟

روحی ہے اچانک سے سوال پر باسیل حیرانگی سے اس

کی جانب دیکھنے لگتا ہے۔۔

کیا۔۔؟؟ اچانک سے۔۔؟؟

باسیل حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

بس دل بھر دیا گیا ہر چیز سے مجھے لگا تھا کہ باہر کے ملک

میں رہنے والے لوگوں کی زندگی بہت آسان

اور پُرسکون ہوتی ہے۔۔

روحی نظریں جھکاتے ہوئے کہتی ہے۔

پر اب پتا چل رہا ہے کہ یہ زندگی نہیں ہے جو جی جاتی ہے

یہ بس گزانے والی زندگی ہے اور

مجھے جینا پسند ہے لوگوں کا جینا حرام کرنا پسند ہے

مزہ نہیں آتا یہاں لوگوں کو تنگ کرکے لڑ کر گنڈا گردی

کرکے جو مزہ اپنے چھوٹے سے گاؤں میں لوگوں کے

ساتھ رہنے میں آتا تھا۔۔"

روحی گاؤں کا نام لیتے ہی کھل اٹھتی ہے۔

اب کیسے اچانک سے جا سکتی ہو تمہارا ڈآکٹر کا کیرئیر ہے

جس کی شروعات کرنے والی ہو تم اس کا کیا۔۔۔؟

باسیل روحی کے چہرے کو اپنے ہاتھ میں پکڑے اوپر کرتے

ہوئے اس سے پوچھتا ہے۔

وہ تو میں یہاں سیکھنے آئی تھی اچھے سے سیکھ کر

ہر چیز میں پرفیکٹ بہترین بن کر واپس اپنے گاؤں جا کر

اپنے تایا ابو کے نام کا ہسپتال کھولنا تھا میں نے

ان کے نام پر لوگوں کا مفت علاج محنت میری لیکن اس کا پھل

تایا ابو کو۔"

آخرکار روحی کو مضبوط بنانے جتنی محنت بابا نے کی ہے اتنی تایا ابو نے یا

سب سے زیادہ تایا ابو

نے ہی کی تھی۔۔

ان کے لیے اب کچھ کرنے کی باری آئی ہے میری میں پوری کوشش

کر کے دن رات محنت کر کے اپنا بیسٹ دوں گی۔۔"

روحی فخریہ انداز میں کہتی جاتی ہے اپنی بات مکمل کیے روحی خاموشی

باسیل کی طرف دیکھتی ہے جو

فخریہ انداز میں روحی کو ہی دیکھے جارہا تھا۔۔

کیا میرا آئیڈیا اچھا نہیں لگا آپ کو۔؟

روحی معصوم سی شکل بنائے پوچھتی ہے۔

مجھے تم اچھی لگتی ہو تم سے جڑی ہر چیز ہر بات پسند ہے

مجھے

روحی کے چہرے کو چھوڑتے ہوئے اس کے ہاتھ کو دیکھتے ہوئے

اس کو پکڑنے لگتا ہے۔

تو آپ کو منظور ہے میرا فیصلہ۔۔؟؟ کیونکہ خرچا اس میں بھی

آپ کا ہی ہو گا۔

روحی ہنستے ہوئے تجسّس سے پوچھتی ہے۔

اس بات پر بھی میں وہی کہوں گا جو میں پہلے کہتا تھا۔

جو تمہیں اچھا لگتا ہے وہ کرؤں جہاں تم غلط راستے پر چڑھو گی

وہاں سے تمہارا ہاتھ پکڑ کر تمہیں سیدھا راستہ میں دیکھاؤں گا۔۔"

جو دل میں آئے وہ کروں باسیل سکندر ہمیشہ تمہارے

ساتھ ہے۔۔

باسیل کہتے ہی روحی کے ہاتھ کو مضبوطی سے اپنے ہاتھ

میں تھامے روحی کے ماتھے پر اپنے لب رکھ دیتا ہے۔

شکریہ انکل ہر چیز کے لیے۔۔!!"

روحی بند کرتی آنکھوں سے کہتی ہے۔۔'

♡_____♡.....♡_____♡

کرلو جتنا شکریہ ادا کرنا ہے کرلو جتنی محبتیں نچھاور کرنی

ہے ایک دوسرے پر کرلو یہ وقتی ہے

روحی باسیل دونوں کو ایک دوسرے کے قریب کمرے میں لگی ایل ای ڈی ک

اسکرین پر ہسٹپال کے "V I P Room"

میں لگے کیمرے کی مدد سے صوفے پر بیٹھے ہوئے ٹانگ پر ٹانگ رکھے ہو

باتھ روم کے لانگ ٹاول میں گیلے بالوں میں

ہاتھ میں شراب کا گلاس جو صوفے کی سائیڈ سے

نیچے لٹکائے ہوئے گول گول گھوماتے ہوئے

یک ٹک روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

تمہاری محبت کی کہانی کہ مدت ختم ہونے لگی ہے آخری دن گزار لو ایک س

پھر دیدارِ یار سے بھی نا محروم کیا

تو کہنا

اراک اٹل لہجے میں کہتے ہوئے شراب کا گلاس لبوں سے

لگاتا ہے۔۔

اتنی ہی دیر میں اس کے کمرے کے دروازے پر دستک ہوتی ہے

دروازے پر اس کا آدمی عیوب بلیک کلر کے تھیری پیس سوٹ

پہننے ہوئے ہاتھ میں لال رنگ کی فائل پکڑے

ہوئے کمرے کے دروازے پر کھڑا ہوتا ہے۔۔

ایل ای ڈی پر لائیو ریکارڈنگ بند کرتا ہے ریکارڈنگ جیسے ہی

بند ہوتی ہے فل آئی ڈی کی اسکرین پر روحی

کے سفید گاؤن میں شیزا سے شادی والی رات کی

تصویریں اسکرین پر نمایاں ہونے لگتی ہیں۔

اسی رات کی اک ہی گاؤن میں روحی کی

کافی ساری تصویریں ایل ای ڈی پر چلنے لگتی ہیں۔۔

آجاؤ۔۔!!"

اراک روحی کی تصویر دیکھتے ہوئے زور سے آواز لگائے اس کو اندر آنے

اجازتِ دیتا ہے۔

ارکان کی آواز پر عیوب اندر داخل ہوتا ہے اراک کو صوفے پر بیٹھا

دیکھ پہلے کمرے کا دروازہ بند کرتا ہے اور

صوفے پر اس کی جانب بڑھتا ہے۔۔

سر فائل آپ نے منگوائی تھی۔۔!!"

عیوب اراک کی طرف فائل بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

اراک بنا عیوب کے چہرے کی طرف دیکھے شراب کا گلاس اس

کی طرف بڑھائے اس کے ہاتھ سے فائل پکڑتا ہے۔

سارے پیپیرز ہیں اس کے۔۔؟؟

اراک لال فائل کو کھولتے ہوئے پیپیرز دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

جی سر سب ہیں اور سب ٹھیک ہیں ان کے پیپیرز "

اراک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

یہ اوریجنل ہیں اور ڈوپلیکیٹ پیپیرز بھی تیار کر دیے گئے

ہیں جو کل تک ان کو بھیج دیے جائیں گے۔!!"

عیوب بھی تفصیلاً بیان کرتا ہے۔۔

ڈوپلیکیٹ پیپیرز مت بھیجو اسے یہ اوریجنل بھیجو

اراک کہتے ہوئے فائل ٹیبل پر رکھتے ہوئے اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور ایل ای

کے سامنے روحی کی تصویر کے سامنے

جا کھڑا ہوتا ہے۔

پر سر آپ نے تو جعلی کاغذات کا کہا تھا۔؟؟"

اراک کی پشت کو دیکھتے ہوئے حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

وہ تب کہا تھا جب مجھے یہ صرف ہسپتال کے لیے

ایک ڈاکٹر کی ایک پیسوں کی مشین کی طرح چاہیے تھی

پر اب مجھے یہ اپنے لیے چاہیے

اراک ٹھہرتے ٹھہرتے ہوئے کولڈ لہجے میں روحی کی تصویریں

کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پر سر یہ تو شادی شدہ ایک بچے والی ہیں۔۔۔!!"عیوب کہتے کہتے خاموش ہو

ہے کیونکہ

اراک اپنا رُخ موڑے اس کی آنکھوں میں اس کے چہرے کی

طرف کولڈ نظروں سے دیکھ رہا ہوتا ہے۔۔

مجھے فرق نہیں پڑتا ہے فرق پڑتا ہے تو بس اس سے مجھے

وہ چاہیے اور اب اگلے دو دن میں اپنی زندگی میں

چاہیے "

اور میں اس کے اپنوں سے چھین کر اسے حاصل کر کے رہوں گا روحی سک

بیوہ ہو کر میری ہو گی یا میری محبت

میں گرویدہ ہو کر ہو گی اب جو بھی ہو گا وہ اگلے دو دن

میں ہو گا۔۔!!"

اراک کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے عیو

کی طرف قدم بڑھاتا ہے۔

بزنس میں موت کے کھیل تو ہم نے بہت کھیلیں ہیں لیکن اب ایک

موت کا کھیل کھیلیں گے جس میں

ہمارے مقابل کھڑا شخص پیسے کی وجہِ سے جان سے

نہیں جائے گا اپنی محبت کی وجہ سے وہ خاک ہو گا اور اسے

میں خود خاک کروں گا انشاء اللہ اگلے دو دنوں کے اندر

اندر۔۔۔"

اراک عیوب کے جھکے سر کی طرف دیکھتے ہوئے اٹل لہجے

میں کہتا ہے۔

روحی کو یہ کاغذات پہنچاؤں اور ہمارے ہسپتال کی طرف

سے اس کے لیے ایک بیسٹ ڈیل تیار کرو

جیسے اس کے پاس لے کر میں خود جاؤں گا"

ڈیل تیار کرو اور ساتھ ہی ساتھ باسیل کی بربادی کے لیے

سب سے پہلی شروعات اس کے کام سے کی

جائے نام کو ٹکڑوں میں توڑیں گے جب بندہ کی کمزوری پر

وار کریں گے تو دھیرے دھیرے وہ خود تک پہنچنے دے گا

تم جسمانی طور پر تباہ کرنا شروع کرو اسے

میں اس کا ذہنی اور دلی سکون تباہ کرنے کی تیاری

شروع کرتا ہوں۔۔!!"

اراک روحی کی تصویر کو دیکھتے ہوئے چہرے پر شیطانی

ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔!!'

اس کھیل کی شروعات ہوئی کہیں اور سے تھی پر ختم اب

یہ ہم دونوں میں سے ایک کی موت پر ہوگی

جو یقیناً تمہاری ہی ہوگی" باسیل سکندر"

♡_____♡.....♡_____♡

حور کے لبوں پر جھکے اس کی دھڑکنوں کو بڑھاتے ہوئے اس کی سانسوں پر قابض ہوئے دیریک اپنی آنکھیں بند کیے ہوئے بھی حور خود کو کھوتا جارہا تھا۔

اپنی سانسیں محال ہوتی دیکھ کر حور جلدی سے ہوش کی دنیا میں واپس آتی ہے دیریک کے سینے پر اس کے کندھوں پر ہاتھ رکھے دیریک کو خود دور کرکے

گہری گہری سانسیں لیے اپنی بگڑتی ہوئی حالت کو درست کرنے لگتی ہے۔۔

"یہ..یہ کیا حرکت تھی..؟؟"

حور ایک ہاتھ کمر پر رکھے اور دوسرے ہاتھ کو اپنے

دل کے مقام پر رکھے دیریک کو دیکھتے ہوئے گہری سانسیں

لیتے ہوئے کہتی ہے۔

"کیا حرکت تھی..؟؟"

دیریک پرسکون انداز میں حور کی بات دہراتا ہے۔

"آ..آپ کی ہمت کیسے ہوئی مجھے کس کرنے کی..؟؟"

حور روتلو سی شکل بنائے غصے میں بولتی ہے۔

"کس کرنے کے لیے ہمت کی نہیں لپس کی

ضرورت ہوتی ہے جو کہ ہم دونوں کے پاس ہی ہیں"

دیریک حور کی روتلو شکل دیکھے اسے بازوؤں سے پکڑے

اپنی طرف کھینچے اپنے آپ میں قید کرتا حور کے

لبوں پر اپنا انگوٹھا پھیرے اس کے ہونٹوں کے سائیڈ پر

پھیلی اس کی لپس اسٹک کو صاف کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"بہت برے ہیں آپ

آپ نے اچھا نہیں کیا ہے میرے ساتھ"

حور دیریک کے چہرے کو دیکھتے ہوئے روتے ہوئے کہتی ہے۔

"م.. میں پولیس کے پاس جاؤں گی

آپ کے خلاف کیس کروں گی"

حور کہتے کہتے اپنا سر جھکا لیتی ہے۔

"اور پولیس کو کیا بولو گی..؟"

دیریک حور کے چہرے پر کان کے آگے اس کے گال پر اپنا انگوٹھا

رکھے باقی کی چاروں انگلیاں اس کے کان کے نیچے سے

پیچھے کے بالوں میں پھنسائے حور کا چہرہ اوپر کرتے ہوئے

پوچھتا ہے۔

"یہ ہی کہ آپ نے مجھے کس کیا ہے..!"

حور نم آنکھوں سے دیریک کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

"اور پتا ہے اس بات پر وہ کیا بولیں گے..؟؟"

دیریک بڑی بڑی آنکھیں کیے حور کی آنکھوں میں دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔

"کیاا..؟؟"حور تجسّس سے پوچھتی ہے۔

"وہ بولیں گے جب تمہارا پاس پورا کیک ہے کھانے کے لیے

تو ایک پیس کھا کر واقع تم نے غلط کیا ہے"

دیریک اپنی ہنسی چھپانے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے کہتا ہے

اور کہتے ہی حور کے چہرے کو اپنے چہرے کے قریب کرتا

اس کے گال پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

چھوڑیں آپ مجھے میں آئندہ آپ سے دوبارہ پھر کبھی بھی

بات نہیں کروں گی آ۔۔آپ بہت بے شرم ہیں۔۔

حور اپنا آپ دیریک کی باہوں سے آزاد کیے جانے کے لیے قدم

بڑھاتی ہے پر چاروں طرف گاڑیاں ہی گاڑیاں

دیکھ کر اس کے قدم رک جاتے ہیں راستہ ہو کر بھی اسے اپنے

لیے کوئی راستہ نظر نہیں آتا ہے۔

کہاں جاؤں میں۔۔؟ حور دروازے کو تلاش کرتے ہوئے

خود سے پوچھتی ہے۔

یہاں میرے پاس میری باہوں میں آؤ اور کہیں بھی جانے کی

کیا ضرورت ہے۔۔!!"

دیریک زمین سے چشمہ اتارتے ہوئے حور کی طرف بڑھتے

ہوئے کہتا ہے۔

مجھے نہیں آنا آپ کے پاس۔۔!!"

حور نم آنکھوں سے غصے میں کہتی ہے پر اس کا غصہ

اس وقت کسی کو بے حد خوبصورت لگ رہا تھا اس کے چہرے پر۔۔۔!!"

آنا تو پڑے گا جانمن ان باہوں میں ہی اب تمہارا سکون ہے

دنیا کی سب سے محفوظ جگہ اب یہ ہی ہے تمہارے لیے جو تمہیں

دنیا سے اور ان کے لوگوں سے ان لوگوں کے بولے جانے والے جھوٹ

ہر چیز سے جو تمہیں محفوظ رکھے گا اب

وہ یہ ہی ہے۔!!"

دیریک حور کی طرف دیکھتے ہوئے اس کی رپیوٹر والی بات

کو مد نظر رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اچھا تو میرا سکون آپ ہیں اور جب میں آپ کو چھوڑ کر جاؤں گی تو میں

جیسے مر جاؤں گی نا۔۔۔!!"

حور اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھتے ہوئے تنزیہ لہجے میں

کہتی ہے۔

تمہیں کتنی بار تو کہا ہے تم کہیں نہیں جاؤں گی میں جانے

ہی نہیں دوں گا کہیں بھی تمہیں۔۔!!"

حور کے سامنے ایک قدم کی دوری پر کھڑے ہو کر اٹل لہجے

میں کہتا ہے۔

جیسے میں تو آپ کو بتا کر جاؤں گی۔۔!!"

محور کہتے ہی اپنا رُخ موڑ لیتی ہے جو جیسی ہی پلٹتی ہے دیریک ویسے ہی ا

ہاتھ اسکی کمر پر رکھے اس کا رخ

اپنی طرف واپس موڑ لیتا ہے۔

مجھ سے منہ پھیرنے کی قدم موڑنے کی نظریں چرانے

کا دوبارہ سوچا بھی اس بار تو تمہاری سانسوں پر نرمی دیکھائی

تھی اگلی بار نرمی نہیں ہوگی

دیریک حور کی آنکھوں میں دیکھتے اٹل لہجے میں دو ٹوک

انداز میں کہتا ہے۔

دیریک کی باہوں میں قید وہ اس کی آنکھوں کے پل میں بدلتے رنگ دیکھ

خاموش سی وہی کھڑی رہتی ہے۔

تمہیں یہاں لانے کا مقصد تمہیں اکیلا چھوڑ کر دوبارہ مشکل میں

نہیں ڈال سکتا ہوں اور رہی بات اس وقالتی سرکار کی بیوی

سے ملنے کی جب تک میں اس لڑکی کے بارے میں سب نہیں

جان لیتا تم بھی اس سے نہیں ملو گی۔۔

ایک رات کچھ دیر کے لیے اس کے ساتھ تھی تو اتنی تیز ہوگئی

ایک اور ملاقات ہوگئی تمہاری تم تو مجھے کچا کھا جاؤ گی۔۔"

دیریک حور کی کمر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے اس سے

دور ہوتا ہے۔۔

حور ابھی بھی یک ٹک بس اسے دیکھے جا رہی تھی وہ سن

تو سب رہی تھی لیکن جوابا وہ کچھ نہیں بولتی ہے۔

موت کا فرشتہ سچ میں دیکھ لیا ہے کیا جو کچھ بول نہیں

رہی ہو۔۔ذ؟؟

حور کے چہرے کے آگے ہاتھ لہراتے ہوئے پوچھتا ہے۔

حور سر جھکا لیتی ہے پر جواب نہیں دیتی ہے۔

چلو اب اندر دیر کروادی ہے تم نے پہلے ہی "

ڈیریک کہتے ہی حور کو کراس کرتا آگے کی طرف بڑھنے لگتا ہے وہ کچھ

بڑھاتا ہی ہے کہ اپنے پیچھے حور

کو نا آتا دیکھ کر وہ مڑ

کر اس کی طرف دیکھتا ہے جو مسکراتی

ہوئی نظروں سے ڈیریک کو دیکھے جارہی تھی۔۔

چلنا نہیں ہے۔۔؟؟ ڈیریک حور سے سیریس ہو کر پوچھتا ہے۔

چلنا ہے پر آپ کے پیچھے آگے نہیں۔۔!!"

حور چھوٹے چھوٹے اٹھائے ڈیریک کی طرف بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

میرے پیچھے کیوں دھکا دینے کا ارادہ ہے مجھے۔۔؟

دیریک ایک ائیبرو اٹھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ کو گرا کر مجھے کیا ملے گا بس میں آج پیچھے چلو گی

ویسے بھی آپ کی دنیا میں آپ کے قدموں کے ساتھ

قدم رکھنے پر آپ کے ساتھ ساتھ مجھ پر بھی ان گنت نظریں اٹھیں گی مت

ہے یہ آپ کو۔۔؟؟

حور کی بات پر دیریک غور کرتا ہے اور غور کرتے ہوئے اپنے

اطراف میں دیکھتا ہے۔

یہ تو میں نے سوچا ہی نہیں۔۔!!

دیریک اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہتا ہے۔

پر میں نے سوچ لیا آپ جائیں آگے میں آپ کے پیچھے پیچھے آجاؤں گی۔!!

دیریک سے چند قدم کے فاصلے پر کھڑی ہو کر

ہلکا سا مسکرا کر کہتی ہے۔

تم نہیں آؤ گی چلی جاؤ گی۔۔!!"

دیریک پریشانی سے کہتا ہے۔

آپ فکر مت کریں آپ کے پیسے دیے بغیر آپ کی زندگی سے

ایک قدم باہر نہیں رکھوں گی۔۔!!!"

حور دیریک کو یقین دلانے کی کوشش کرتی ہے۔

اگر گئی تو۔۔؟؟

دیریک حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

سزا آپ کو دینا آتا ہے اور سہنا مجھے آتا ہے

جو بھی دیں گے قبول ہے مجھے"

حور دونوں کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔

میری سزا مختلف ہوگئی برادشت نہیں کر پاؤں گی۔۔"

دیریک حور کی طرف بڑھنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو کررہی ہوں نا میں وہ بھی کرلوں گی

اپنے قدم دیریک سے پیچھے ہٹاتے ہوئے اس کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

تم نہیں جاؤں گی کہیں بھی مجھے چھوڑ کر۔۔!!

پریشانی سے معصومانہ انداز میں پوچھتا ہے۔

آپ کو یقین دلانے کے لیے پنکی پرومس کردیتی ہوں

حور اپنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی دیریک کی طرف بڑھاتے ہوئے

کہتی ہے۔

تم توڑو گی نہیں اسے۔۔؟؟

دیریک اپنی انگلی حور کی انگلی میں پھنساتے ہوئے کہتا ہے۔

ہرگز نہیں۔۔!!"حور دیریک کی انگلی کو مضبوطی سے پکڑے

مسکراتے ہوئے کہتی ہے۔

تم چاہو تو میری دنیا میں قدم رکھ سکتی ہو مجھے کوئی

اعتراض نہیں۔۔

انگلیوں کو آپس میں الجھا دیکھ کر پوچھتا ہے۔

مجھے عام انسانوں کی طرح جینے دیں اتنا کافی ہے نظروں کی قیدی تو میں بچپن سے ہی ہوں۔۔"

حور اپنا ہاتھ پیچھے کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

سب ملے گا جو تمہیں چاہیے اور جو مجھے چاہیے لیکن ہر جھوٹ سچ سے پہرا اٹھانے کے بعد

حور کی بات پر دیریک اب کوئی جواب نہیں دیتا ہے اس کے چہرے کو اپنی آنکھوں میں بساتے ہُوئے دل ہی دل میں خود سے کہتا ہے۔۔

میں جارہا ہوں تم پر یقین کر کے تمہیں چھوڑ رہا ہوں تنہا امید ہے آزمائش میں مبتلا نہیں کرو گے خود کو اور مجھ کو بھی۔۔"

دیریک آنکھوں پر چشمہ لگاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

جائیں آپ۔۔!!"حور اندر جانے کے لیے اشارہ کرتے ہوئے

کہتی ہے۔

دیریک بھی ہاں میں سر ہلاتے ہوئے مڑ کر شوٹنگ ایریا میں جانے

کے لیے کیمرے کی دنیا میں رکھنے کے لئے بڑھنے لگتا ہے۔

حور دیریک کو جاتا دیکھ کر اپنے دونوں ہاتھ کمر پر باندھے

مسکراتے ہوئے اسے جاتا دیکھتی ہے جو بار بار خود کو

پلٹنے سے روک رہا ہوتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی کو دوبارہ سکون کی نیند درد سے راحت کے لیے

سکون کی نیند کی گولیاں دے دی گئیں تھیں۔۔

اپنے کمرے میں وہ شام سے دوبارہ سو چکی تھی عالیان کو

بلانے کی ضد کرتے کرتے روحی کب سوجاتی ہے اسے

بھی اندازہ نہیں ہوتا ہے۔۔

پر شام کی سوئی ہوئی اب اس کی نیند پھر سے کھلنے لگ گئی تھی آنکھیں کھو

ہی وہ کروٹ لینے لے کر سیدھا

لیٹنے کی کوشش میں اپنی چوٹ پر زور دیے

اپنے درد کو کم ہونے سے پہلے ہی بڑھا دیتی ہے۔۔

یا اللہ اتنا سارا درد مجھے یہ دینا تھا کیا آپ نے۔۔؟

روحی بنا آنکھیں کھولے آٹھ کر بیٹھتے ہوئے دھیرے سے

کہتی ہے۔

اپنی آنکھوں کو مسلتے ہوئے روحی جیسے ہی سیدھی ہو کر

بیٹھتی ہے تو پردے ڈالے ہونے کی وجہِ سے ہر طرف اندھیرا ہی اند

چھایا ہوا تھا اسی اندھیرے میں ایک چھوٹے سائز کا بلب جو روحی کے سر

ہی جل رہا تھا جس کی مدد سے اپنے سامنے کمرے میں ہلکی ہلکی سی روشنی میں

صوفے پر چشمہ لگائے پٹ پر فائل رکھے بیٹھے ہوئے اراک

کو دیکھ کر روحی پل کے لیے شوکڈ ہوتی ہے پر جلد ہی خود

کو کمپوز کیے باسیل کو دیکھنے کے لیے کمرے میں نظریں دوڑاتی ہے۔۔

"آ۔۔آپ یہاں..؟؟"

روحی کمرے میں باسیل کو نا پا کر اپنے سر پر ہاتھ رکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

"حیران نہیں ہوئی تم وجہ..؟؟"

روحی کے سوال کرنے پر الٹا اراک اس سے سوال کرتا ہے۔

"پہلے سوال میں نے کیا تھا..؟؟"

روحی غصیلے انداز میں کہتی ہے۔

"پر جواب تم مجھے دے سکتی ہو پہلے"

اراک فائل ٹیبل پر رکھتے ہوئے ٹانگ سے ٹانگ ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"آپ یہاں کرنے کیا آئیں ہیں لوگوں کے دلوں کے ساتھ

کھیل کر سکون نہیں ملا اب تک کیا آپ کو ؟؟"

روحی شیزا سے شادی توڑنے والی بات پر غصہ میں

اراک ہو گھورتے ہوئے کہتی ہے۔

'میں دلوں کے ساتھ کھیل کر سکون حاصل کرنے والا

بندہ ہوتا تو کیا بات تھی مجھے تو جانوں سے کھیل کر سکون ملتا ہے "

اراک کہتے ہی صوفے سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور اپنے صوفے کے پیچھے

شیشے کی دیوار جو پردوں سے ڈھکی ہوئی تھی

اس پر سے پردے ہٹانے لگتا ہے۔۔

"تو جائیں باہر جا کر گنڈا گردی کریں

میری طرف سے خون کی ندیاں بہا دیں بس یہاں سے جائیں "روحی اپنی

کی طرف گردن پر ہاتھ رکھے بے زار

انداز میں کہتی ہے۔

"کیوں ڈر لگ رہا ہے مجھ سے..؟؟"

اراک پردے ہٹائے مڑ کر اپنے دونوں ہاتھ پینٹ کی جیب میں

ڈالے کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"میں آپ کو ڈری ہوئی نظر آ رہی ہوں..؟؟"

روحی اپنی طرف شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے پوچھتی ہے۔

"ڈری ہوئی نظر نہیں آئی تب ہی تو اب ہر جگہ

نظر آنے لگ گئی ہو تم"

اراک سر جھکاتے ہوئے اپنی چشمہ پر انگلی رکھے اسے واپس

جگہ پر ٹھیک کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"اس بکواس کا مطلب۔؟؟"

روحی غصے میں کہتی ہے۔

"وقت آنے پر سمجھ جاؤ گی ابھی بس اِتنا سمجھ جاؤ کہ۔۔۔!"

اراک بول ہی رہا تھا کہ روحی اس کی بات کاٹے خود بول

پڑتی ہے۔

"مجھے کچھ بھی سمجھانے کی ضرورت نہیں ہے

کیونکہ میں سن تو لیتی ہوں پر عمل نہیں کرتی ہوں"

روحی اپنے آپ سے کمفرٹر اتارتے ہوئے بیڈ سے

اترتے ہوئے کہتی ہے۔

میری باتوں پر عمل کرنا پڑے گا تمہیں تمہاری خوشی اور تمہارے

اپنوں کی سلامتی اسی میں ہے"

اراک کہتے ہوئے صوفے کے پیچھے سے آگے کی طرف بڑھتا ہے۔

"میری خوشی کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے

الحمدللہ میرے شوہر ہیں جو پہلے ہی حد سے زیادہ میری فکر کرتے ہیں"

" آپ اپنی فکر اپنے تک محدود رکھیں مجھ تک پہنچنے

کی ضرورت نہیں ہے آپ کو۔۔!!"

روحی اپنے کپڑوں کو جھاڑتے ہوئے اس ٹھیک کرتے ہوئے دو ٹوک

لہجے میں کہتی ہے۔

"میں تم تک نہیں پہنچا ہوں تمہیں مجھ

تک لایا گیا ہے اور ایک بار جو چیز میری دسترس میں آجائے"

' اس کی واپسی صرف موت سے

ہوگی اور وہ موت جو اسے میرے ہاتھوں نصیب ہوگی "

اراک کہتے ہوئے روحی کے سامنے چھوٹے سے بلب کی روشنی کے

کھڑے ہو کر ایک دوسرے کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے دونوں اپنی اپنی باتیں مکمل کر کے خاموش

ایک دوسرے کو دیکھتے رہتے ہیں۔۔

آپ کی ڈھٹائی کی داد دینی پڑے گی میری دوست کا دل

توڑا اسکو رولایا سب کے سامنے اس سے رشتہ توڑا

اور پھر بھی آپ لوگوں کو خاص طور پر مجھے ایسے فیس کر رہے ہیں جیسے

ہوا ہی نا ہو۔۔!!"

روحی اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے جو کیا وہ ٹھیک تھا اس وقت۔۔"

اراک گہری سانس لیتے ہوئے روحی سے اپنی نظریں ہٹاتا ہے۔

کیسے ٹھیک تھا۔۔؟؟ ایک شخص جو آپ سے محبت

کرتا ہے آپ سے نکاح کرکے وہ خود کو اور اپنی محبت کو

مکمل کرنا چاہتا تھا اس کا دل اس کی محبت کی توہین

سرئے عام کرکے آپ کہہ رہے ہیں آپ نے جو کیا وہ ٹھیک تھا۔۔!!"

آفرین ہے آپ پر۔۔!!!"

اراک کی پشت کو دیکھتے ہوئے روحی گندا سا منہ بنا

کہتی ہے۔

ویسے آپ یہاں کرنے کیا ہیں۔۔؟؟

روحی غصے میں پوچھتی ہے۔

تمہاری عیادت کرنے آیا ہوں اور۔۔۔"

اراک صوفے کے سامنے پڑے ٹیبل کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے

کچھ دینے بھی۔۔!!

ٹیبل سے فائل اٹھاتے ہوئے بولا

میری عیادت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی آپ کو

مجھے دشمنوں کی عیادتیں اور ان کی کوئی بھی چیز قبول

نہیں ہے۔"

روحی منہ بناتے ہوئے گردن جھٹکتے ہوئے کہتی ہے پر گردن موڑتے ہی درد

لہر اس کے سر میں دوڑتی ہے۔۔

دشمن۔۔؟؟ میں دشمن ہوں تمہارا۔۔؟؟

اراک روحی کے لفظ کو پکڑے موڑ کر چہرے پر کچھ عجب

سے تاثرات سجائے پوچھتا ہے۔

جی میری دوست کو تکلیف دینے والا شخص میرا دشمن ہے۔جو میرے اپنوں

تکلیف دے گا

روحی سے دشمنی نا ہوکر بھی وہ اس کا دشمن ہی ہے۔۔"

روحی اپنے سرپر اپنے دونوں ہاتھ رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

پر مجھے تو لگا تھا کہ شاید تم پرسنل اور پروفیشنل لائف

دونوں الگ الگ رکھتی ہو اس لیے تمہاری دوست کو

ہمارے درمیان سے ہتا کر میں تم تک پہنچنے کی کوشش

کررہا ہے زندگی میں پہلی بار اتنی محنت کررہا ہوں۔۔"

اراک ایک ہاتھ پینٹ کی جیب میں ڈالے دوسرے ہاتھ میں فائل

لٹکائے روحی کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

م۔۔مطلب۔۔؟؟ روحی اراک کی بات سمجھنے کی کوشش کرتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

مطلب یہ۔۔!!"

فائل روحی کی طرف بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

تم مجھ سے بہت محنت کروارہی ہو پھر بھی مجھے اپنا

دشمن قرار کر رہی ہو

آفرین ہے تم پر۔۔!!"

روحی کی نظریں اراک کے ہاتھ میں موجود فائل پر تھی

جیسے وہ ٹک ٹکی باندھے ہوئے اور اراک اس کے چہرے کو

ٹک ٹکی باندھے ہوئے دیکھے جارہا تھا۔۔

اس میں کیا ہے۔۔؟؟ روحی تجسس سے پوچھتی ہے۔

تمہاری خوشی تمہاری زندگی۔۔!!"

اراک فائل روحی کی طرف بڑھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

م۔۔میں دیکھوں اس میں۔۔؟؟

روحی فائل پکڑتے ہوئے پوچھتی ہے۔

ہاں تمہاری ہی ہے۔"ہلکا سی مسکراہٹ روحی کی معصومیت

کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

روحی اجازت ملتے ہی تجسس سے فائل کھولتی ہے اندر اپنے

میڈیکل۔کے کاغذات کو دیکھ کر اس کے چہرے پر اسی

پل خوشی کی لہر دوڑ اٹھتی ہے۔۔

یہ ٹھیک ہو گئے۔۔؟؟ ان میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔۔؟؟

مطلب مجھے ڈاکٹری کی ڈگری مل گئی۔۔۔؟؟

مطلب میں اب ڈآکٹر بن جاؤں گی۔۔؟؟

یہ ٹھیک تھے نا۔۔؟؟؟

میرے پیپیرز میں میری طرف سے کچھ غلط نہیں تھا نا۔۔؟؟

روحی ایک ساتھ ہی اراک کو دیکھتے ہوئے خوشی

سے اتنے سارے سوال کر بیٹھتی ہے جو ابھی ختم نہیں ہوئے

تھے وہ اور کچھ پوچھتی اس سے پہلے ہی وہ اراک

کے چہرے کو دیکھے خاموش ہوجاتی ہے۔

اراک دونوں آئیبرو اٹھاتے ہوئے روحی کو دیکھ رہا ہوتا ہے

دل میں خوشی کی لہر اس کی مسکراہٹ جو دیکھتے ہوئے

دوڑتی ہے پر وہ اپنے چہرے پر مسکراہٹ نہیں لاتا ہے۔۔

دیکھا یہ ٹھیک تھے روحی باسیل سکندر نا خود کبھی غلط ہوتی ہے اور نا ہی اس

کچھ کیا غلط ہوتا ہے۔

میرے انکل خوش ہو جائیں گے۔۔!!"

روحی مڑ کر اپنی فائل کو ہنستے ہوئے اپنے بیڈ کر رکھتے

ہوئے کہتی ہیں۔۔

روحی کے منہ سے باسیل کا نام سنتے ہی اراک کے دماغ کی رگیں تن

ہیں۔۔

ویسے کام آپ نے اچھا کیا ہے پر آپ پھر بھی میرے دشمن ہیں۔

روحی مڑ کر انگلی اٹھا کر اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔

دشمنی ختم نہیں ہو سکتی ہے یہ۔۔؟؟

اراک اپنے غصے کو ضبط کرتے ہوئے واپس صوفے کی طرف بڑھتے

ہوئے پوچھتا ہے۔۔

ہو سکتی ہے شیزا سے معافی مانگ لیں وہ معاف کردے گی

تو روحی معاف کر دے گی۔۔۔!!"

روحی کندھے اچکاتے ہوئے کہتی ہے۔

تو مطلب تم تک پہنچنے کی پہلی سیڑھی انجانی دشمنی کو

ختم کرنا ہے۔۔

اراک صوفے کے پاس پہنچ کر صوفے کے پیچھے شیشے کی دیوار سے باہر

مناظر کو دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں

خود سے کہتا ہے۔۔

پر اراک یورگن معافی نہیں مانتا ہے کسی سے بھی

معافی کیا ہوتی ہے یہ بھی مجھے نہیں پتا۔۔"

اب کیا مجھے اس لڑکی کی خاطر اس سے معافی۔۔؟؟

اراک سوچتے ہی گہری سانس لیتا ہے۔۔

آپ کو معافی مانگنے کے لیے اتنا سوچنا نہیں چاہیے۔۔

اراک کی طرف ایک قدم بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

آپ کو پتا ہے میرے آنکل۔۔

میرا مطلب ہے میرے باسیل بھی کبھی کسی سے معافی

نہیں مانگتے سوائے میرے

کیونکہ وہ پہلے تو کسی کا دل نہیں دکھاتے اگر غلطی سے

کبھی کوئی ہرٹ ہو بھی جائے تو

معافی مانگنے سے پہلے وہ سوچتے نہیں ہیں۔۔

روحی باسیل کا ذکر کرتے ہی مسکرا اٹھتی ہے۔۔

ایک مرد کو ہمیشہ میرے باسیل جیسا ہونے چاہیے

ایک مضبوط شخص پر وقت کی نزاکت کو سمجھنے والا

جہاں غلطی کی ہو اس کا پچھتاوٗا رکھنے والا

اور معافی مانگنے والا بھی اور معاف کرنے والا بھی۔۔"

روحی اراک کی پشت سے نظریں ہٹا کر کالے گھیرے ہوتے آسمان کی طرف

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

تم چاہتی ہو میں اس سے معافی مانگو۔۔؟؟

بس اِتنا بتاؤ۔۔!!"

اراک مڑ کر غصے کے تاثرات چہرے پر سجائے روحی کو

دیکھتے ہوئے اٹل سپاٹ انداز میں پوچھتا ہے۔

میں چاہتی ہوں اس کا کیا مطلب ہوا۔۔

آپ کی غلطی ہے۔۔

تم چاہتی ہو میں اس سے معافی مانگو یا نہیں۔۔؟؟

روحی کی بات کاٹ کر دو ٹوک لہجے میں پوچھتا ہے۔

اس طرح بات کیوں کر رہے ہیں آپ مجھ سے

آپ کی مرضی جو کرنا ہے کریں۔۔!!

روحی اراک کے چہرے پر غصہ دیکھتے ہوئے مڑتے ہوئے کہتی ہے۔

میں نے اپنی مرضی تم سے جوڑ لی ہے اس لیے جو تم چاہو

گی وہ میں کروں گا جب تک میں تمہیں

اپنا نہیں بنا لیتا تمہاری ہر بات کو حکم کی طرح ماننے کا

احد کرلیا ہے میں نے۔۔!!"

اراک روحی کی پشت اس کی سر پر بندھی سفید پٹی

کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

اراک کی پر روحی کے جسم سے اس کی جان نکلنے لگی تھی

وہ اسی جگہ ساکت کھڑی رہ جاتی ہے۔۔"

اراک نے تو ایک بار بولا تھا پر روحی کے کانوں میں وہ لفظ بار بار

گردش کر رہے تھے۔۔"

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک کے جاتے ہی حور اپنی آنکھیں بند کیے گہری سانس لیتے

ہوئے اپنے کندھوں پر دوپٹہ سیٹ کرتے ہوئے

بلڈنگ میں پارکنگ ایریا میں سے باہر نکلنے کے لیے قدم بڑھاتی ہے باہر آ

وہ چند قدم ہی چلتی ہے کہ اس کے سامنے

گیرے کلر کی گاڑی ایک دم اچانک سے آ رکتی ہے۔۔

حور اس گاڑ کو دیکھتے ہوئے اپنے قدم پیچھے کی سمت اٹھاتی ہے۔

حور گاڑی سے پیچھے ہٹتی ہے اور گاڑی میں سوار ریپورٹر

ادھیڑ عمر کے آدمی گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ سے باہر

نکلتے ہیں حور کو غصیلی نظروں سے دیکھتے ہوئے حور

کی طرف بڑھتے ہیں۔۔

فون نہیں اٹھا رہی کافی دن سے تم میرا خیریت ہے۔۔

حور کی طرف بڑھتے ہوئے غصے میں پوچھتے ہیں۔

میرے پاس فون نہیں ہے۔۔!!

حور اپنے ہاتھوں میں دوپٹہ کو مضبوطی سے جکڑتے

ہوئے اٹل لہجے میں کہتی ہے۔

کہاں گیا تمہارا فون۔۔؟؟

ریپورٹر حق رہے سامنے کھڑے ہو کر اس کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

بابا نے لے لیا تھا۔۔!!حور ان کی نظروں سے اپنی نظریں

جھکاتے ہوئے کہتی ہے۔۔

میں نے اس علاوہ بی تمہیں ایک فون دیا ہمارے کام میں

استعمال کرنے کے لیے میں اس کی بات کر رہا ہوں۔۔

لہجہ سخت تھا غصہ سے بھرپور تھا۔۔

و۔۔وہ م۔۔میں نے پہلے ہی توڑ دیا تھا۔۔"

حور سر جھکائے ڈرے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

توڑ دیا تھا کیا مطلب ہے اس بات کا۔۔؟؟؟

تمہیں وہ فون اپنے باپ بھائی پر نظر رکھنے کے لیے اس کی

خوفیاں باتیں مجھ تک پہنچانے کے لیے دیا تھا

بھول گئی تھی کیا تم۔۔؟؟

ریپوٹر بے حد غصے میں اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچتے ہوئے

کہتے ہیں۔۔

نہیں یاد تھا مجھے پہلے بھی اور اب بھی پر میں نے آپ کو

کیا کہا تھا وہ شاید آپ بھول گئے ہیں۔

میں اپنے بابا بھائی کہ بربادی کی وجہ نہیں بنوں گی

وہ میرے رشتے ہیں میرے اپنے ہیں کسی غیر کے لیے اپنوں

کو دھوکا نہیں دے سکتی ہوں میں۔۔"

حور بھی ہمت اکٹھی کیے ریپورٹر کی آنکھوں میں دیکھتے

باسیل روحی کی طرف بڑھتا ہے بالوں ابھی بھی پانی سے تر ہوئے پڑے

ماتھے پر بکھرے بالوں سے

پانی ٹپک رہا تھا روحی کی طرف بڑھتے ہوئے اپنے بالوں میں

ہاتھ پھیرتے ہوئے باسیل کے پیچھے کھڑے ہوتے ہوئے اس کے پیٹ کے

بازوؤں کا

حصار باندھے ہوئے روحی کو اپنے سینے سے لگاتا ہے۔

"آج اتنی خاموش گم سم سی کیوں ہو..؟؟"

کندھے سے بال ہٹاتے ہوئے اپنے گیلا چہرہ اس کے کندھے پر

ٹیکائے اس کی گردن میں منہ چھپاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"وہ ..م..میں کچھ سوچ رہی تھی"

روحی باسیل کی قریبی پر اپنے ہاتھ اس کے ہاتھوں پر رکھتے ہوئے روحی

آنکھیں کھولے کہتی ہے۔

"میری موجودگی میں تو میں نے تمہیں اپنے بارے

میں سوچنے کا نہیں کہا"

باسیل اس کی گردن سے منہ نکالے روحی کا رخ اپنی طرف

موڑتے ہوئے روحی کو ریلنگ سے ٹیک لگاتے ہوئے کہتا ہے۔

"آپ کو کس نے کہا میں آپ کے بارے میں

سوچ رہی ہوں..؟؟"

روحی باسیل کے گیلے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے مسکراتے

ہوئے پوچھتی ہے۔۔

"میرے علاوہ تم کسی کو سوچ بھی نہیں سکتی

اتنی گہرائی میں ڈوب کر"

باسیل پریقین سے کہتا ہے۔

باسیل کی بات پر روحی کے چہرے پر سنجیدگی چھانے لگ

گئی پر باسیل اس کی کیفیت کو محسوس کرلیتا ہے۔

"آپ کے علاوہ بھی اس دُنیا میں لوگ رہتے ہیں"

روحی باسیل سے نظریں چراتے ہوئے کہتی ہے۔

"پر تمہاری دنیا میں نہیں یہ میں

جانتا ہوں جو بھی ہوں وہ میں ہی ہوں تمہاری دنیا میں"

روحی کا چہرہ پیالے نما انداز میں اپنے ہاتھوں میں پکڑے

اٹل انداز میں کہتا ہے۔

"ایسا تو کچھ نہیں ہے میں آپ کے بارے میں نہیں

کسی اور کے بارے میں سوچ رہی تھی"

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

"اب اگر اس کے بارے میں سوچ ہی رہی ہو تو

ساتھ ہی ساتھ ایک تاریخ بھی سوچ لو"

باسیل اراک کا نام نا سہی پر اس کا ذکر ہی سن کر غصے

کہتے ہوئے روحی سے دور ہو کر واپس کمرے

میں داخل ہوتا ہے۔

"تاریخ کس لیے..؟؟"

روحی باسیل کی پشت کو دیکھتے ہوئے تجسس سے پوچھتی ہے۔

"تمہاری سوچوں پر قابض ہونے کی کوشش کی ہے

تو یقیناً کل تمہاری زندگی میں میری جگہ پر بھی کی جائے گی

"اور تمہاری زندگی میں میری جگہ کوئی اور لے

میں اسے زندہ چھوڑ دوں ایسا مذاق میں نہیں کرتا "

"تاریخ سوچ لو نیکی کے طور پر ختم دلوانے میں

کام آئے گی "

باسیل ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے ہو کر شیشے میں خود کو کولڈ نظروں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔"

باسیل کی بات پر روحی کے چہرے پر مسکراہٹ سج جاتی ہے۔

کتنے جل ککڑے ہیں آپ اتنے سی بات پر ہی کسی کو مار کر

اس کا ختم تک دلوانے کا سوچ لیا ہے

کیا بات ہے آپ کی۔۔"

روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے کمرے میں داخل ہوئے صوفے پر ٹاؤل د

ہوئے ہنستے ہوئے کہتی ہے۔۔

تمہیں یہ چھوٹی سی بات لگتی ہے۔۔؟؟

باسیل بالوں میں برش کیے برش ٹیبل پر رکھتے ہوئے

مڑ کر روحی کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

اتنی بھی کوئی بڑی بات نہیں تھی یہ۔۔

وہ ٹاؤل اٹھانے کے لیے صوفے کی طرف بڑھی ہی تھی کہ

روحی کا فون بج پڑتا ہے۔

روحی فون اٹھانے کے لیے آگے بڑھتی ہے اور باسیل ایل ای ڈی

چلائے صوفے پر بیٹھتا ہے۔

فون پر انجان نمبر دیکھ کر روحی گندا سا منہ بنا کر

فون اٹھائے کان سے لگاتی ہے۔۔

ہیلو۔۔۔؟؟؟ روحی فون اٹھاتے ہی بول پڑتی ہے پر سامنے

سے کوئی جواب نہیں آتا ہے۔۔

ہیلو۔۔!!روحی اب کی بار الفاظ پر زور دیتے ہوئے کہتی ہے۔

llo princess"..

اراک کی آواز سنتے ہی روحی کی نظریں فوراً باسیل

کی طرف اٹھتی ہیں جو خود حیرانگی اور غصہ کے تاثرات کے ساتھ ایل ای

پر تین پولیس افسران

کے قتل کی نیوز دیکھ رہا تھا۔۔۔!!"

روحی کو اس ہسپتال میں ہوئے واقعی کے بارے میں کوئی

خبر نہیں تھی۔

وہ اراک کی آواز پر باسیل سے نظریں ہٹائے غصے میں

فون کاٹ دیتی ہے۔۔

باسیل کا بھی پولیس آفیسرز کی موت کی خبر سے زیادہ

اراک کی رہائی کا سن کر زیادہ غصہ آرہا تھا۔

دونوں میاں بیوی ایک ہی شخص کو لے کر آگ بگولہ ہورہے تھے

جبکہ وہ آج کسی کے انتظار میں اپنے آفس کی بلڈنگ

میں لوبی میں عالیان کو آئس کریم کھاتا دیکھ سہانے موسم

کے مزے لے رہا تھا۔۔"

اور ساتھ ہی ساتھ اپنی محبت کے دیدار کے انتظار کے

اس وقت کو وہ اچھے سے محسوس کر رہا تھا۔۔

کال بند کرتے ہیں اراک کا آدمی عیوب بازوؤں پر

روحی کو اراک کے آفس کا ایڈریس بھیجے ملنے کے لیے بلانے کا میسج بھیج

تھا۔۔

سر میسج بھیج دیا گیا ہے۔

عیوب اپنے کندھے پر ہاتھ رکھے جھکتے ہوئے کہتا ہے۔

بہت خوب۔۔!!"

جب تک وہ آتی ہے تب تک اپنا کام نپٹا لیا جائے پھر سکون

تسلی کے ساتھ اپنے یار کا دیدار کریں گے۔۔"

اراک روحی کے تصور سے ہی کھل اٹھتا ہے وہ مسکراتے ہوئے

عالیان کے سر پر ہاتھ رکھے اس کے بالوں

کو خراب کرتے ہوئے لفٹ کی طرف بڑھتا ہے اور عیوب وہی

عالیان کے ساتھ اس کے سامنے والے صوفے سے پشت

ٹیکاتے ہوئے بیٹھ جاتا ہے۔۔

اراک بھی لفٹ میں داخل ہوئے اپنے فلور پر میٹنگ روم

کی طرف اپنا رخ کرتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

یہ ابھی بھی باہر ہے۔۔!!!

باسیل اپنے ہاتھ میں ریموٹ بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔۔

روحی کے فون پر میسج تو آگیا تھا لیکن اس نے وہ دیکھا نہیں تھا۔

فون بیڈ پر رکھے روحی باسیل کی طرف بڑھتی ہے اور

اس کے پیچھے کھڑی ہو کر غور سے نیوز کو

دیکھنے لگتی ہے۔

روحی کو ہسپتال کا نام تک نہیں پتا تھا اس جب سے ہوش

آیا تھا وہ روم میں ہی تھی روم سے باہر نکلی تو باسیل

نے اسے پلٹ کر کچھ دیکھنے کا موقع ہی نہیں تھا اور

اسے سیدھا واپس حویلی لے آیا تھا۔۔

نیوز میں اراک کے قتل کرنے کی ویڈیو منظر عام پر تھی

پر ویڈیو میں صرف اس کی پشت تھی جس کی بناء پر

اب پورے ملک کی پولیس اسے ڈھونڈنے میں جڑ چکی تھی۔۔

باسیل کے ساتھ ساتھ روحی بھی اس لمبے قد چوڑے کندھے

کسرتی جسم اور ہاتھوں سے نیلی نیلی ظاہر ہوتی ہوئی

اس کی نسیں جو بنا محنت کے نظر آرہی تھیں۔۔

روحی اس دھندلی ویڈیو کو غور سے دیکھ کر اندازہ لگانا

چاہتی تھی اس شخص جس کا خیال خود بخود اس

کے ذہین میں چھانے لگ گیا تھا پر وہ

خود اپنے خیال کو جھٹلائے اپنی توجہ باسیل پر کرتی ہے۔۔باسیل کیا ہوا آپ

۔؟؟ آپ کیوں اتنا غصہ کررہے ہیں۔۔؟؟

روحی باسیل کے کندھے پر ہاتھ رکھے

پوچھتی ہے۔۔

مجھے کام سے جانا ہے ضروری ہے۔۔!!

باسیل صوفے سے اٹھتے روحی کی طرف موڑتے ہوئے کہتا ہے۔

تو آپ جائیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔۔

روحی بھی فوراً سے بول پڑتی ہے۔۔

سوری۔۔پر کام ضروری ہے۔۔"

باسیل روحی کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں تھامتے

ہوئے کہتا ہے۔

باسیل میرے کہنے کا یہ مطلب نہیں تھا کہ آپ اپنا کام چھوڑ

کر صرف میرے پاس رہیں بس سارا دن کام میں مصروف نا ہوا کریں میں

کہہ رہی تھی۔

آپ کا کام ضروری ہے میں جانتی ہوں اب تو میں گھر میں ہوں

آپ جائیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔"

روحی باسیل کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں پکڑے مسکراتے ہوئے اس

ہاتھوں پر اپنا ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہے۔

میں جلدی آجاؤں گا تم گھر میں رہنا کوئی کام ہو تو

فوراً سے فون کر دینا۔۔!!'

باسیل کہتے ہی روحی کے ہاتھوں پر اپنے لب رکھے کمرے سے باہر جانے

لیے بڑھتا ہے پر روحی اس کا پکڑے اسے

اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔۔

کپڑے تو بدلیں ایسے جائیں گے۔۔!!

سر سے پیر تک باسیل کے بکھرے حولیے کی طرف اِشارہ

کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

اوو ہاں۔۔باسیل کہتے ہی الماری کی طرف بڑھنے لگتا ہے کہ

روحی پھر اس کا ہاتھ پکڑے باسیل کو اپنی طرف

کھینچ لیتی ہے۔۔

انکل ریلیکس۔۔!!ایسے جلد بازی میں غصے میں کچھ بھی

نہیں کرپائیں گے آپ آرام سے گہری سانس لے کر کریں

سب ہو جائے گا۔

باسیل کے دل پر ہاتھ رکھے ہلکا سا مسکراتے ہوئے اسے پرسکون

کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

میں ٹھیک ہوں گڑیا۔۔!!"

روحی کے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ رکیں میں کپڑے نکال دیتی ہوں آپ کے

روحی کہتے ہی الماری کی طرف بڑھے باسیل کے لیے فل بلیک

کلر کا تھری پیس سوٹ نکالے باسیل کو واش روم میں

روانہ کرتی ہے جب تک وہ چینج کرکے آتا ہے تب تک اس کی

گھڑی کف لنکس شوز سب نکال دیتی ہے سوائے

ٹائی کے اسے باسیل پر ٹائی نہیں پسند تھی اور باسیل

بھی ٹائی پر غور نہیں کرتا ہے تیار ہوئے جاتے جاتے روحی

کے ہونٹوں پر اپنے لب رکھے چارج پر لگا اپنا فون دروازے کے

ساتھ پڑے ٹیبل سے اٹھتا وہ کمرے سے باہر نکل جاتا ہے۔

کمرے سے نکلتے ہی باسیل سمیر کو فون لگانے لگتا ہے

رنگنگ کو رہی تھی پر کوئی بھی فون نہیں اٹھا رہا تھا

باسیل پہلے ہی غصے میں تھا اور اب احمر کا فون

نا اٹھانا اسے مزید غصہ دلا رہا تھا۔۔

میرے صبر کو سب نے آزمانے کا ٹھیکہ لے لیا ہے لگتا ہے

ٹھیک ہے آزماؤ مجھے دیکھتے ہیں جب تک اور

کون کون آزما سکتا ہے مجھے۔۔

باسل غصے میں کہتے ہوئے حویلی سے باہر نکلے

اپنی گاڑی کی طرف رخ کرتا ہے باسل گاڑی تک پہنچتا اس

سے پہلے اس کا ڈرائیور پہنچے ڈرائیونگ سیٹ سنبھال

چکا تھا گاڑی کی بیک سیٹ پر بیٹھے باسل دوبارہ سمیر

کو فون ملاتا ہے۔۔

عالیان کا سمیر کے ساتھ ہونا اور اراک کا جیل کے

باہر ہونا باسل کو بھی ڈرا رہا تھا۔۔

باسل جیسے ہی حویلی سے باہر نکلتا ہے زور دار بجلی کڑکتی ہے روح کو دہلا د

والی بجلی

باسل کے دل میں درد ہونے لگ گیا تھا عالیان کا سوچتے

ہوئے وہ دل ہی دل میں ناجانے کتنی بار اس کی سلامتی

کی دعائیں کر چکا تھا۔۔

یا اللہ میرے بچہ کو اپنی حفظ و امان میں رکھنا اس

جانور کے سائے سے دور رکھنا۔۔"

باسیل اپنے دل پر ہاتھ رکھے گہری سانس لیتے ہوئے کھڑکی

سے باہر آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل کے جاتے ہی روحی کمرے سمیٹتے ہوئے پھر ایل ای ڈی

کے سامنے آ کھڑی ہوتی ہے جہاں ابھی اراک

کی خبروں کے ساتھ ساتھ سڑک پر لگی تین گاڑیوں کی

آگ کی خبریں چھائی ہوئی تھیں۔۔

کیا تین تین چل رہا تھا کل تین لوگ مر گئے اور ابھی تین

گاڑیاں پتا نہیں کون بے رحم

سکون کا انسانوں کا دشمن بن بیٹھا ہے۔۔

روحی کہتے ہی ایک نظر اسکرین پر ڈالے ایل ای ڈی

کو بند کرنے کے لیے بٹن دبانے لگتی ہے کہ اسکرین پر احمر

کی گاڑی کی پلیٹ کے نمبر چلنے لگتے ہیں۔

اسی پل روحی کے سر پر تو جیسے آسمان گر گیا تھا

گاڑی کی حالتِ دیکھتے ہی عالیان کا سوچتے ہی روحی

کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانے لگا تھا

وہ سر کے بل دوبارہ گرتی اس سے پہلے ہی روحی خود کو گرنے سے سنبھال

ہے۔۔

روحی کے ہاتھ سے ریموٹ چھوٹ کر سیدھا زمین پر گرتا

ہے وہ اسکرین کو دیکھتے ہوئے الٹے پیر

بیڈ کی طرف بڑھتی ہے احمر کو فون لگانے کے لیے پر فون

اُٹھاتے ہی اسکرین آن کرتے ہی اسکرین پر عیوب کا بھیجا ہوا

میسج نمایاں ہوتا ہے۔۔

اراک یورگن میرے بچے کو کچھ بھی ہوا تو چھوڑوں گی نہیں۔۔"

بہت شوق ہے تمہیں مجھ سے ملنا کا۔۔؟؟

ٹھیک ہے پھر ملو اپنی بربادی سے

روحی بھی غصے میں فون کو بھینچتے ہوئے الماری سے اپنی

روزانہ پہننے جانے والی جوتی جس کی تھوڑی سی سول

تھی اسے پہن کر اپنے کندھے پر دوپٹہ

ٹیکاتے ہوئے روحی دروازے کے ساتھ پڑے ٹیبل سے اپنی

گاڑی کی چابی لیے جو چابی گن گئی تھی باسیل نے اس

کی ڈپلیکیٹ چابی بنوا لی تھی۔

اپنی گاڑی کی چابی اٹھائے روحی بنا وقت گنوائے کمرے سے

نکل کر حویلی سے باہر نکل جاتی ہے۔۔

بدر اور تاشہ روم میں کھیل رہے ہوتے ہیں جبکہ آئمہ

ابھی تک سوئی پڑی تھی اسے پریگنینسی میں کمر کے اور پیروں میں درد

کی وجہِ بدر نیند کی گولی دے کر سلاتا ہے جس کی

وجہ سے وہ اب تک سوئی پڑی تھی باہر کیا قیامت آگئ ہے اس بات سے

وہ بے خبر تھے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

ایک ایسی ہی قیامت کسی اور کی زندگی میں بھی آگئ تھی۔۔

صبح سے دیر یک شوٹنگ لوکیشن پر اپنے پرانے کیے ہوئے

فلم کے کانٹریک کی اسکرپٹ میٹنگ میں مصروف تھا جب

فری ہوا تھا تو گھر جانے کے بجائے وہ ایک ہوٹل

میں آتا ہے جہاں ہوٹل کے 10 فلور پر صوفے پر ٹانگ پر

ٹانگ رکھے ہوئے ہاتھ میں شراب کا گلاس پکڑے ہوئے شیشہ کی

بڑی سی دیوار کی مدد سے وہ آسمان میں ہوتا ہوا بجلیوں

کا رکس دیکھ رہے ہوتے ہوئے ساتھ ہی ساتھ

شراب کا گلاس لبوں سے لگاتے وہ اس کے مزے بھی لے رہے تھے۔

ایک مسلمان پر شراب حرام ہے یہ مجھے نئے بنے مسلمان

کو سمجھ آگیا ہے پر شاید آپ کو نہیں آیا ہے

ابھی تک۔۔!!!"

لفٹ سے فلور پر داخل ہوتے ہوئے دیریک منہاج صاحب کی صوفے

صرف سر نمایاں ہوتے ہوئے دیکھ کر کہتا ہے۔

دیریک اوپر اکیلا ہی آیا تھا تا میر گاڑی میں بیٹھے

دیریک کے واپس آنے کا منتظر ہوتا ہے۔۔

ڈیریک کی آواز پر منہاج صاحب ہلکی سی گردن موڑے

ڈیریک کو دیکھاتے ہوئے شراب کا گلاس دوبارہ لبوں سے لگاتا ہے۔

ویلکم داماد صاحب ویلکم "

منہاج صاحب کہتے ہوئے صوفے سے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں

دونوں ہاتھ ہوا میں کیے باہیں پھیلائے ڈیریک کو

دیکھ مسکرانے لگتے ہیں۔۔

اتنی خوشی مجھ سے ملنے کی آپ کو ہو ہی نا جائے جو کام

ہے وہ بولیں۔۔!!"

ڈیریک تلخ کلامی سے کہتے ہوئے صوفے کی طرف بڑھتا ہے

جہاں ایک پلیٹ میں ابالے ہوئے چنے اور دوسری

میں نمکو پڑھی ہوئی تھی۔۔

کچھ چنے ہاتھ میں اٹھاتا دیریک صوبے سے پشت ٹیکائے

ٹانگ پر ٹانگ رکھے چوڑا ہو کر اس طرح بیٹھتا ہے

جیسے وہ یہاں کا مالک ہو۔"

کام بھی بول لیں گے پہلے کچھ لو گے یہ بتاؤ۔۔!!

منہاج صاحب دیریک سے پوچھتے ہوئے صوفے پر بیٹھ جاتے ہے۔

نہیں شکریہ۔۔۔!!"

کس لیے بلایا ہے وہ بولیں مجھے بھی آج رات کچھ ضروری

کام ہیں جنہیں کرنے کے لیے میں اپنا موڈ فریش رکھنا چاہتا

ہوں اسے برباد نہیں کرنا چاہتا۔۔

ڈیریک چنے واپس پلیٹ میں رکھے اپنے دونوں ہاتھ جھاڑتے ہوئے

منہاج صاحب کو دیکھتے ہوئے زبردستی سمائل

کرتے ہوئے کہا"

آج کی رات تمہارا موڈ فریش ہونا تو مُجھے ناممکن لگتا ہے

ڈیریک جون"

ڈیریک کے پیچھے سے چلتے ہوئے اپنے ہاتھوں کو

آپس میں مسلتے ہوئے اسمیل ڈیریک کی پشت کی جانب دیکھتے

ہوئے اس کی طرف بڑھتے ہوئے چہرے پر عجیب فاتحانہ مسکراہٹ

سجائے کہتا ہے۔۔

اسمیل کی آواز پر ڈیریک حیرانگی سے اپنے

پیچھے کی طرف دیکھتے ہوئے کھڑا ہوتا ہے اور کھڑے ہوتے ہی دیریک اسمیل کو دیکھے

غصے والی گہری سانس بھرتا ہوئے دیریک اپنے دونوں ہاتھ کمر پر رکھے ہنس پڑتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

اسمیل کو دیکھتے ہی غصے میں ہنستے ہی دیریک فوراً سے سنجیدگی میں کولڈ فیس میں آجاتا ہے۔۔

یہ ہو کیا رہا ہے۔۔؟؟

دیریک کمر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے بے زار انداز میں کہتا ہے۔۔

تمہاری بربادی کا آغاز۔۔۔!!

اسمیل اپنے ہاتھوں کو مسلنا چھوڑیے منہاج صاحب کے

پاس صوفے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

میں نے سنا تم نے مذہب بدل لیا اور وہ بھی ایک خریدی ہوئی لڑکی کے

۔۔

اسمیل کے بیٹھتے ہی منہاج صاحب اس کے لیے شراب

گلاس میں ڈالے اس کی جانب بڑھاتے ہیں۔

زبان کو لگام لگا لیں یہی اگر میری بیوی کا ذکر بھی تو

یہ جگہ کس کی بربادی لائے گی اس بات کا اندازہ کوئی نہیں

لگا سکتا ہے۔۔

دیریک مڑ کر اسمیل کی آنکھوں میں خون اترتی نظروں

سے دیکھتے ہوئے گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

افففف۔۔اتنا غصہ۔۔!!!

منہاج صاحب دیریک کو غصے میں دیکھتے ہوئے ہنس پڑتے ہیں ان کے س

ساتھ اسمیل بھی دیریک کے غصے کو

ہوا دینے کے لیے ہنس پڑتے ہیں

دونوں کا بلند آواز میں لگتا ہوا قہقہہ دیریک کا دماغ گھوما

رہا تھا۔!!"

ان کے بے فضول ہے قہقہہ پر دیریک گندا سا منہ

بناتے ہوئے اپنے کان میں انگلی مارنے لگتا ہے۔

ہوگیا۔۔؟؟ دیریک ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے پوچھتا ہے

اور پوچھتے ہوئے صوفے سے پشت ٹیکائے ٹانگ پر ٹانگ رکھے

چوڑا ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔

اسے شہنشائی انداز میں بیٹھا دیکھ کر دونوں کا قہقہہ

ضبط ہونے لگتا ہے۔۔

اب کس مقصد کے تحت آپ دونوں نے ایک ہونے کا فیصلہ

کیا ہے یہ آپ بتائیں گے یا میں بتاؤں۔۔؟؟

دیریک اپنی شرٹ کے دو شروع کے بٹن کھولتے ہوئے کہتا ہے۔

جہاں تک ہم جاتے ہے وہاں تک تمہاری سوچ نہیں

پہنچ سکتی ہے۔۔

اسمیل کہتے ہی ہیں کہ اب کی بار دیریک کا قہقہہ ہوا میں بلند

آواز میں لگتا ہے۔۔۔

یہ۔تو سچ کہنے لگ گئے اب میرا جانوروں کی سوچ سے کیا

مقابلہ۔۔؟؟

دیریک ہنستے ہوئے ہی کہتا ہے اور کہتے ہی اس کا قہقہہ اور

زور کا بلند آواز میں لگتا ہے۔۔

بکواس بند کرو اپنی اور کام کے لیے بلایا ہے وہ سنو۔۔!

منہاج صاحب اپنا شراب کا گلاس ٹیبل پر پٹکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

بکواس۔۔؟؟دیریک منہاج صاحب کے الفاظ دہراتا ہے اور

اسی اور دوبارہ دہراتے ہوئے وہ صوفے سے اٹھ

کھڑا ہو کر منہاج صاحب کی طرف بڑھتا ہے۔

اس وقت بکواس کون کررہا ہے اس حقیقت سے ہم دونوں واقف اپنی بات

ٹیگ مجھے مت دیں

منہاج صاحب کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر غصے میں

کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

حور کو کب چھوڑ رہے ہو۔۔؟؟

دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

کبھی نہیں۔!!"

دیریک فوراً سے پہلے اٹل لہجے میں جواب دیتا ہے۔

اور ڈائیگو کو بھی۔۔؟؟

اسمیل بھی صوفے سے اٹھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔۔

کبھی بھی نہیں۔۔!!!

لہجہ مزید اٹل اور سخت ہو گیا تھا۔

تمہیں تو وہ مینشن وہ دنیا کچھ پسند نہیں ہے پھر وہاں

رہنے کا اب مقصد۔۔؟؟

کیونکہ اس جگہ سے جڑے رہنے والے شخص تو

پہلے ہی دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں اب اپنی زندگی جیو چھوڑ

دو وہ سب "

اسمیل گلاس ٹیبل پر رکھتے ہوئے دیریک کو دیکھتے ہوئے اس

کی جانب بڑھتے ہوئے کہتے ہیں۔

پہلے اس جگہ کو ناپسندید کرنے کی نفرت کرنے کی وجہِ

تھی اب کوئی وجہ نہیں ہے

جو جو مر گیا اس کا کردار ختم ہو گیا زندگیوں سے بھی اور

کہانیوں سے بھی

مرے ہوئے لوگوں کو بار بار یاد کر کے اپنی یادوں میں تو

زندہ رکھا جا سکتا ہے لیکن حقیقت میں نہیں

اس لیے جو مر گیا اس کا چیپٹر کلوز ہو جاتا ہے میری دنیا میں۔۔

دیریک اسمیل کی آنکھوں میں نہیں اس کے پیروں کی

طرف اس کے پیروں میں برینڈیڈ شوزوں کی

طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر ایک ایک کر کے دیریک سر سے پیر تک اسمیل کو اس

کی ہر چیز کو دیکھتا ہے۔۔

مجھے کاپی کرنے کی کوشش اچھی کی گئی ہے

کوشش اچھی ہے پر وہ

کیا ہے نا کپڑے اور جوتے پہننے سے ہر کوئی

دیریک جون نہیں بن جانا مجھ جیسی پرسینیلٹی کا ہونا

بھی ضروری ہے۔۔!!"

دیریک کہتے ہی مڑ کر لفٹ کی طرف دیکھتا ہے چہرے

ہر فاتحانہ مسکراہٹ نے قبضہ کر لیا ہے۔

اس کے لیے یہ وقت ایک چھوٹی سی جیت کا ہی تھا جو

شخص اس سے نفرت کرتا ہے اس کا دشمن ہے

وہ اسے کاپی کر رہا تھا۔۔

"دشمنی بھی ہمارے ساتھ اور کاپی بھی ہمیں کر رہے ہیں

یار بڑے بے شرم ہو کر غلط کام بھی صحیح طریقے

سے کر رہے ہیں۔"

دیریک ٹھیڑی سمائل کرتے ہوئے کہتے ہوئے لفٹ کی طرف

باہر جانے کے لیے اپنے قدم بڑھاتا ہے۔

حور۔۔!!!"

منہاج صاحب حور کا نام لیتے ہیں اور دیریک کے قدم رک جاتے ہیں۔

اسے چھوڑدوں اور یہ رہے تمہارے پاس۔۔!!

منہاج صاحب کوٹ کی جیب سے ایک چیک نکالتے ہوئے

ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

کیوں کسی نے زیادہ پیسوں کی آفر کردی ہے اب۔؟؟

دیریک مڑ کر گردن ٹیڑھی کرتے پوچھتا ہے۔

تمہیں اس سے کوئی غرض نہیں پیسے اٹھاؤ

اور حور کو آزاد کرو آج شام سے پہلے وہ مجھے میرے گھر

واپس چاہیے۔۔

ناممکن ہے سا سر جی۔۔"

منہاج کی بات مکمل ہوتی ہی ہے کہ دیریک بول پڑتا ہے۔

کیوں ناممکن ہے۔۔؟؟

منہاج صاحب غصے میں دانت بھینچتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

کیونکہ آج کی رات وہ مصروف ہے میرے ساتھ

تیار ہورہی ہے میرے لیے اس خوبصورت رات میں ہماری

کچھ خوبصورت یادیں بنانے کا دل ہے

تو آج اس کی واپسی ناممکن ہے۔۔

یو نو نا۔۔۔!!امم ہمم۔۔۔"

دیریک کہتے ہی سر جھکا کر مسکرادیتا ہے۔

ٹھیک ہے کل چھوڑ دینا۔۔!!

منہاج صاحب دیریک کا جھکا سر دیکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

کل۔۔؟؟ کل تو میرا اسے ہنی مون پر کے جانے کا پلین ہے۔۔

دیریک معصومانہ انداز میں کہتا ہے۔

کل بھی ناممکن ہے۔۔!"

دیریک افسوس کرتے ہوئے کہتا ہے۔

پھر ہنی مون سے آکر چھوڑ دینا۔۔۔!!

منہاج صاحب اب غصے میں دھاڑتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

تب تک تو وہ پریگنینٹ ہو جائے گی پھر بھی ناممکن ہے

میں آپ کی بیٹی کی کوک میں پلنے والے اپنے بچّے کو

تو نہیں چھوڑ سکتا ہوں نا آپ کے لیے

دیریک گہری سانس لے کر زبردستی کی مسکراہٹ چہرے پر

سجاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

تمہارا دماغ خراب تو نہیں ہو گیا ہے میں یہاں تمہیں اسے چھوڑنے

کا کہہ رہا ہوں اور تم اپنی فیوچر کی پلاننگ کر رہے ہو۔۔!!

منہاج صاحب غصے میں پھر دھاڑتے ہوئے کہتے ہیں۔

جب دیکھائی اور سنائی دے رہا ہے کہ میں اپنی

فیوچر کی پلاننگ کر رہا ہوں تو پھر مجھے میری بیوی کو چھوڑنا کا کیسے کہہ سکتے

۔۔

دیریک سخت نظروں سے منہاج صاحب کو گھورتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

کیا یہاں میری زندگی اور میری مینشن کا سودا کرنے آئیں ہیں

آپ دونوں۔۔؟؟

اگر ہاں تو جواب سن لیں دیریک جون

نا ہی کبھی اپنی محبت کو اپنی بیوی کو کسی کی خاطر

چھوڑے گا اور میں اپنے مینشن کو اپنی جائیداد کو

اپنی سلطنت کو ایک الزام کی خاطر چھوڑوں گا۔۔

کچھ دن صبر کریں یہاں کا کام نپٹ جائے پھر جو میرا بسیرا

ہے میں وہی آؤں گا۔۔!'

اور یہ جو میرے خلاف سازشیں کر کے جیتنے کے منصوبے بنانے

کی کوششیں کی جارہی ہیں

شوق سے کریں ہزار بار کریں جب دونوں کے میں ایک ایک

بار شکست دے سکتا ہوں تو ہزار بار

بھی دے سکتا ہوں۔۔

ایک داؤ آپ کی کھیلا تھا اسمیل جون اب ایک میں

کھیلوں گا اور آپ اب میرے کھیل کا انتظار کریں

تیاری پکی کرلی ہے میں نے صرف آگ لگانا باقی ہے۔

پھر سب بوم۔۔۔۔!!!"

دیریک دھماکے والے انداز میں اپنے دونوں ہاتھوں سے

اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اچھا چلتا ہوں ابھی کے لیے بیوی انتظار کررہی ہے نا میرا

پر جلدی واپس آؤں گا آپ دونوں

کی بربادی کا تحفہ لے کر۔۔۔"

دیریک الٹے ہاتھ کی انگلی اٹھا کر دونوں کی طرف اشارہ کرتے

کہتا ہے اور کہتے ہی چہرے پر ٹیڑھی مسکراہٹ سجائے

ہاتھ نیچے کیے دیریک لفٹ کی طرف بڑھتا ہے۔

لفٹ میں سوار وہ فرسٹ فلور پر دروازے کے باہر ہی گاڑی

کے پاس کھڑے تامیر کی جانب بڑھتا ہے۔۔

دیریک اور تامیر کو گاڑی میں بیٹھا دیکھ اسمیل اور منہاج صاحب

ہارے ہوئے انداز میں ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں۔۔

اسے ہارانا مشکل ہے اس نے ایک پریس کانفرنس کی اور

اس میں سب ٹھیک کرلیا

اسمیل پریشانی سے اپنی پیشانی اپنے الٹے ہاتھ کی انگلیوں سے رگڑتے ہوئے

ہے۔۔

میرے لگائے الزام جس پر

سب یقین کرنے لگے تھے اس یقین کو ایک ہی بار میں ڈگمگا

دیا اس نے۔۔"

اسمیل گہری سانس لیتے ہوئے کہتے ہیں۔۔

تم نے تو الزام لگایا تھا پھر اس کی دشمنی موڑ لی ہے پر

میں نے۔۔۔۔

تم نے اپنی بیٹی کے روپ میں اس سے۔دشمنی موڑ لی ہے

مجھ سے زیادہ برا کام تم کر رہے ہو۔

اسمیل دیریک کی گاڑی کو ہوٹل سے باہر نکلتے دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

جو ہو گا دیکھا جائے گا دیریک سے نپٹنے والا میں نہیں کوئی

اور ہے اور جو وہ ہے وہ وحشی ہے ہارنا پسند

نہیں اسے چاہے کھیل محبت کا ہو یا بزنس کا وہ سب فتح

کر لینے والا ہے۔۔!!!"

منہاج صاحب اراک کو ذہین نشین کرتے ہوئے سنجیدگی سے

اٹل لہجے میں کہتے ہیں۔۔۔!!!"

جیسے ہارنا نہیں پسند زندگی سب سے زیادہ کھیل اسی کے

ساتھ کھیلتی ہے یہ بھی تم جانتے ہو۔۔؟

اسمیل منہاج صاحب کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے کہتے ہیں۔

ہاں جانتا ہوں۔!!پر فکر مت کرو تمہاری اور

میری جیت ہوگئی اراک جیت دلائے گا۔

جیت میں تمہیں وہ ایمپائر ملے گا۔۔۔۔

منہاج صاحب دیریک کے جون ایمپائر کو مد نظر رکھتے ہوئے کہتے ہیں۔

اور تمہیں کیسینو لندن کا سب سے بڑا کیسینو جس کو دینے کا وعدہ میں نے

ہے تم سے۔۔

ایک بار مجھے وہ ایمپائر مل جائے تو سب ٹھیک ہو جائے گا

اسمیل صاحب واپس شیشہ کی طرف اپنا رخ کیے

آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے گہری سانس بھرتے ہوئے کہتے ہیں۔

اور مجھے وہ کیسنیو پھر اس وحشی جانور سے ہمیشہ

کے لیے جان چھوٹ جائے گی۔۔!!'

منہاج صاحب اراک کا ذکر کرتے ہی اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچ لیتے ہیں

♡_____♡.....♡_____♡

t soon we'll gonna update you more

bout hospitals projects.

ow just find a wonderful place for my new hospitals!!!..

لفٹ سے نکلتے ہوئے لوبی میں داخل ہوئے اراک اپنے ساتھ دو ادھیڑ عمر کے

آدمیوں سے بات کرتے ہوئے لفٹ سے نکلتے ہوئے کہتا ہے ۔

s we'll try our best to make you happy!!..

ایک آدمی مسکراتے ہوئے کہتا ہے۔

st try best on your work'!!..

be happy if things going on that way that I want!!!..

اراک بھی آگے کی طرف بڑھتے ہوئے بنا سامنے دیکھے

مسکراتے ہوئے جواب دیتا ہے۔۔

erything we'll be gonna in your way"،..

اب کی بار دوسرا آدمی کہتا ہے۔۔

s b'!!!.......

اراک کہنے ہی لگا تھا کہ ایک اچانک سے یہ زور دار تھپڑ

جس کو پڑتے ہی اس کا سر جھک گیا تھا آنکھوں سے چشمہ گر گیا تھا ا

گونج پوری لوبی میں گونجی تھی

اس گونج کو سنتے ہوئے تھپڑ سے سن ہوتے گالوں

کو محسوس کرتے ہوئے اراک غصے میں اپنے کوٹ سے اپنا

وہی چاقوؤں والا پین نکالتے ہوئے مارنے کے انداز میں

پکڑے اراک سر اٹھا کر اپنے سامنے دیکھتا ہے تو بس دیکھتا

رہ جاتا ہے۔۔

سر سے پیر تک سفید رنگ میں ملبوس سر پر پٹی کندھے پر

ڈوپٹہ ایک ہاتھ میں بلیک کلر کا فون دوسرے

ہارے میں مٹھی بھینچے ہوئے اس کے کندھے سے بھی نیچے

پہنچتی ہوئی لڑکی اس کے چہرے تک پہنچ کر اس کے گال

پر اپنا ہاتھ صاف کر جاتی ہے۔۔

روحی کے تھپڑ مارنے پر اس تھپڑ کی آواز میں لوبی میں

اپنے اپنے کاموں میں مصروف سب لوگوں کی نظریں اسی

پل روحی اور اراک پر اٹھتی ہے۔۔

اپنے ہاتھ میں پکڑا مضبوطی سے پین مارنے والے انداز میں وہ اراک اب

پر اپنی گرفت ڈھیلی کرنے لگتا ہے۔۔

سمجھتے کیا ہیں خود کو۔۔۔؟؟

ہمت کیسے ہوئی میرے بیٹے تک پہنچنے کی۔۔؟؟

روحی حلق کے بل غصے میں چیختے ہوئے کہتی ہے ۔۔

روحی ریلیکس۔۔۔!!اراک جو خود ریلیکس نہیں تھا وہ

روحی کو کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

ریلیکس۔۔؟؟ سچ میں آپ کو لگتا ہے میں اس وقت ہو سکتی ہوں۔۔؟؟

میرے بچہ کہاں ہے۔۔؟؟ عالیان کہاں ہیں اراک۔۔۔؟؟؟

روحی گہری سانسیں لیتے ہوئے کہتی ہے آنکھوں میں نمی

بھرنے لگ گئی تھی اس کی

میرا بیٹا ک۔۔کہاں ہے اراک۔۔؟؟؟

روحی دو بار اس کا نام پکار چکی تھی جیسے سنتے ہوئے

اراک بھی اس پل میں تھما ہوا گہری سانس لینے کی

کوشش کرتا ہے۔

جواب دیں۔۔!!"روحی پھر غصے میں دھاڑتے ہوئے کہتی ہے۔

وہ ٹھیک کچھ نہیں ہوا اسے تم غصہ مت کرو

اراک روحی سے بامشکل سر جھکا کر پین کا ڈھکن لگائے اسے

واپس اپنی جیب میں ڈالتا ہے۔۔

میں غصہ نہیں ہوں میرا بچہ کہاں ہے مجھے نہیں پتا

وہ ٹھیک ہے یا نہیں یہ بھی میں نہیں جانتی آپ کی اس دو

ٹکے کی انا کی خاطر آپ میرے بچے کو مہرہ نہیں بنا سکتے ہیں کسی بھی

چیز کے لیے۔۔"

اگر عالیان کو کچھ بھی ہوا اگر میرے بچے کو خراش بھی

آئی آپ کی وجہ سے تو اچھا نہیں ہو گا آپ کے ساتھ

روحی انگلی اٹھا کر اراک کی طرف بڑھتے ہوئے غصے میں

وارن کرتے ہوئے کہتی ہے۔

اراک اتنے میں تھپڑ پڑھنے کی وجہِ سے شرمندگی سے اپنا

سر جھکائے ہوئے تھا اس کا غصہ اس کے سر چڑھ

رہا تھا پر سامنے روحی تھی جس پر وہ غصہ نہیں کرنا

چاہتا تھا چاہ کر بھی اگر اس کی جگہ کوئی اور ہوتی تو

یقیناً وہ اب تک موت کو مزہ چکھ چکی ہوتی۔۔

کہاں ہے عالیان۔۔؟؟روحی دوبارہ اپنے دانت بھینچتے

ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے غصے سے

پوچھتی ہے۔

روحی کا دل ڈر کے مارے تیزی سے دھڑک رہا تھا تو اتنا

زور سے دھڑک رہا تھا کہ روحی سانس بامشکل لے پا رہی تھی۔

ماما۔۔۔!!!"عالیان دھیرے لہجے میں ہاتھ میں آئس کریم کپ

پکڑے ہوئے کھاتے ہوئے روحی کو پکارتا ہے۔

عالیان کی آواز روحی اسے ڈھونڈنے کے لیے اپنی نظریں

دوڑانے لگتی ہے وہ جیسے ہی پلٹ کر اپنے پیچھے دیکھتی ہے

تو ہاتھ میں پٹی باندھے عیوب کے ساتھ عالیان کو

کھڑا دیکھ کر روی کے قدم لڑکھڑانے لگتے ہیں اس کے لڑکھڑاتے ہو

قدموں کو دیکھتے ہوئے اراک اسے تھامنے کی

کوشش کرتا ہے وہ بازوؤں کو ٹچ ہی کرتا ہے کہ روحی

جھٹکے سے اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ سے کھینچتے ہوئے دور کرتی ہے۔

اپنے گندے ہاتھ مجھ س دور رکھیں۔۔۔!!"

روحی اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے

ہی عالیان کی جانب بڑھنے کے لیے قدم بڑھاتی ہے۔

انہی ہاتھوں میں بھر جلد تم اپنا ہاتھ دینے والی ہو

اراک اپنے ہاتھ کی طرف دیکھتے ہوئے بولا

یہ دن انشاء اللہ کبھی بھی نہیں آئے گا۔۔!!"

روحی فوراً سے مڑ کر غصیلے لہجے میں کہتی ہے۔

آئے گا میں یہ دن لاؤں گا۔۔!!"

اراک روحی جے چہرے کو دیکھتے ہوئے غصے میں اس کی

طرف قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

اگر ایسا دن آیا تو یقیناً اس دن میں اس دنیا کا حصہ

نہیں رہوں گا۔

روحی بھی سر اٹھا کر اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کہتی ہے اور پیچھے ایک زور دار بجلی

کڑکتی ہے۔۔

تمہیں میں کچھ نہیں ہونے دوں گا۔۔!!"

اراک کہتے ہوئے روحی کی طرف بڑھتا ہے۔۔

میں نے اگر ٹھان لیا کچھ کرنا کا تو آپ بھی روک نہیں سکتے

اور اطلاع کے لیے عرض ہے میں پہلے بھی بتا چکی ہوں میں

شادی شدہ ہوں یہ میرا بچہ ہے

اور الحمدللہ میں اپنی زندگی میں اپنے شوہروں سے ہی بے

پناہ محبت کروں گی اور ان کے ساتھ ہی مخلص

رہوں گی آپ جیسے مردوں کی محبتیں میری جوتی کی نوک پر۔۔۔!!"

روحی اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

ایسے الفاظ استعمال مت کرو روحی۔۔!!

اراک کا لہجہ اب کافی حد تک نرم ہو چکا تھا۔۔

کیوں میرا آپ سے کیا تعلق جو میں آپ سے نرمی سے بات کروں

غیر مردوں سے اسی لہجے میں بات کی جاتی ہے عزت دے

دی جائے تو وہ آپ کی محبت عشق کے قصیدے

پڑھنے لگ جاتے ہیں۔۔

روحی ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے تلخ لہجے میں کہتی ہے۔

روحی کا لہجہ اس کی نظریں اراک کے دل کی دھڑکنیں

بڑھا رہی تھی وہ بھی عجیب ڈر کی وجہ سے

اراک کا دل پھٹ رہا تھا روحی کی نظریں اس کے چہرے پر اس

کی آنکھوں کی جانب تھی پر وہ ان میں اپنے الفاظوں سے

اٹھتے ہوئے درد کا محسوس نہیں کر رہی تھی۔۔

میری بات کان کھول کر سن لیں اراک یورگن اگر آئندہ

میرے آس پاس یا میری فیملی کے کسی بھی فرد کے آس پاس

مجھے نظر آئے انہیں تکلیف دینے کے بارے میں سوچا بھی

تو یہ جو نے محبت مجھ سے ہو گئی ہے اسی

محبت کی قسم میں آپ کو کہیں کا نہیں چھوڑوں گی۔

مجھے کمزور لڑکی سمجھنے کی غلطی مت کرنا نا ہی میں

کمزور ہوں اور آپ جیسے مردوں کی محبت کی بچاری

میری زندگی میں میرے اللہ نے مجھے حلال رشتہ دیا ہے

جو مجھے ہر شخص ہر شے سے زیادہ عزیز ہے تو اپنی محبت

اپنے پاس رکھیں اور بھاڑ میں جائیں۔۔!!!'

روحی اراک کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے اس کی ایک ایک لفظ

پر زور دیتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی عالیان کی طرف موڑتی ہے۔

پھینکو اسے منع کیا تھا میں نے کسی ہے ساتھ جانے سے

کچھ بھی کسی غیر سے لگ کر کھانے سے۔۔؟؟

روحی عالیان کے ہاتھ سے آئس کریم کھینچ کر زمین پر

پھینکتے ہوئے غصے میں کہتی ہے۔۔

عالیان خاموشی سے سر اٹھا کر روحی کی طرف دیکھتا رہتا ہے۔

اسے مت ڈانٹوں اسے میں لایا تھا۔۔

اراک پیچھے سے بول پڑتا ہے۔

آپ اپنے کام سے کام رکھیں میرے بچے کو دوبارہ ہاتھ لگانا

تو دور دیکھنا بھی مت اس کی طرف۔۔۔!!!

روحی سخت لہجے تلخ نظروں سے دیکھتی کہتے ہی بلڈنگ

سے باہر نکلنے کے لیے بڑھتی ہے۔۔

روحی چار قدم ہی آگے گئی تھی کہ پیچھے سے پھر اراک

کی آواز اب کی بار بلند بے بس آواز اس کے کانوں میں پڑتی ہے۔۔

"تم مجھے محبت کرنے کی ایسی سزا نہیں

دے سکتی ہو "

اراک اپنے ہاتھوں کو ڈھیلا چھوڑے روحی کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

اراک کی بات روحی کی بات وہاں سمجھنے والا صرف

عیوب تھا اس کے علاوہ اور باقی جتنے بھی لوگ وہاں

تھے سب عجیب نظروں سے اراک کو آج دیکھ رہے ہیں۔

اراک کی آواز پر روحی نہیں مڑتی ہے وہ اپنی آنکھیں بند

اپنے غصے کو ضبط کرنے لگتی ہے۔

"میں نے سچ میں تمہیں دل سے چاہا ہے

تم سے بے پناہ عشق کرنے لگا ہوں "

تم مجھے اپنا عاشق بنا کر مجھے یوں تڑپتا

نہیں چھوڑ سکتی ہو۔۔!!"

روحی کے پیچھے کچھ فاصلے پر کھڑا ہو کر درد بھرے لہجے میں کہتا ہے۔

"میرا دل آج پہلی بار دھڑک رہا ہے اس میں درد

ہو رہا ہے تمہارے دور جانے کے خیال سے"

مجھے زندگی میں پہلی بار کسی سے محبت کرنے کی

عشق کرنے کی سزا مت دو"

اراک کا لہجہ کافی حد تک نرم ٹوٹا ہوا تھا اس کا اتنی تیزی سے دھڑک رہ

کہ اسے اب خود اپنی

دھڑکنوں کی آواز صاف اپنے کانوں میں سنائی دے رہی تھی۔

میں نے نہیں کہا ہے کہ مجھ سے محبت کرو جو گناہ خود

کررہے ہیں اس کی سزا بھی خود بھگتے مجھے اپنی اس

محبت کا حصہ مت بنائیں۔۔!!"

روحی مڑ کر غصہ میں چیختے ہوئے کہتی ہے۔۔

تم حصہ دار ہو اس کی۔

میں نہیں ہوں میری طرف سے آپ مر جائیں مجھے پھر بھی

کوئی فرق نہیں پڑے گا اس بات کو ذہین نشین کرلیں

روحی صرف اور صرف باسیل سکندر کی تھی اور ہے

میں ان کی غیر موجودگی میں کسی کو خود پر گندی نظر

ڈالنے نہیں دیتی ان کی موجودگی میں انہیں چھوڑ کر

کسی کے ساتھ حرام رشتہ رکھوں

اس سے بہتر میرا مر جانا ٹھیک ہے۔۔!!!"

آپ دور رہیں مجھ سے بہت رہیں۔۔!!"

روحی اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی

بلڈنگ سے باہر نکل جاتی ہے۔۔۔

روحی کو جاتا دیکھ اراک کو اپنی سانسیں بند ہوتی محسوس

ہورہی تھی۔۔

اسے پہلے بار کسی سے محبت کرنے کی ایسی سزا ملے گی

یہ وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا

اتنے بڑا بزنس مین جس کے ساتھ کام کرنے کے اس کے ساتھ نام جوڑ

کے لیے لوگ ترستے ہیں اسے آج بھری محفل میں اراک کے لوگوں

محفل میں کوئی اسے سرئے عام ٹھکرا کر چلا گیا یہ سب اس کے لیے ناق

قبول بات تھی۔

لندن کا امیر ترین شخص آج خود کو دنیا کا سب سے غریب

آدمی سمجھے اپنے کھالی ہاتھوں کی جانب دیکھ رَہا ہوتا ہے۔۔

ہر طرف خاموشی چھائی ہوئی تھی نا کوئی ہلچل نا کوئی

آہٹ کچھ پل اس خاموشی کو محسوس کرتے ہوئے

لوبی میں ایک صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ رکھے ہوئے کوٹ کے بٹن کھلے ہو

شرٹ کے دو بٹن کھولے ہوئے باسیل کا قہقہہ

ہوا میں بلند آواز میں لگتا ہے۔۔

قہقہ بھی کوئی عام قہقہہ نہیں شیطانی قہقہہ جو کسی

کی ہار پر لگایا جائے وہ قہقہ لگاتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے

تالیاں بجاتے ہوئے باسیل صوفے سے اٹھ کر اراک

سے دور اس کے بالکل پیچھے آ کھڑا ہوتا ہے۔۔

باسیل کب آتا کسی کو نہیں پتا اراک کی نظروں کر سامنے

تھا پر وہ پھر بھی ایسا اوجھل تھا کہ اراک کیا روحی بھی اس کی

موجودگی محسوس نہیں کرتی۔۔

کسی کے قہقہہ کی آواز پر اراک غصے میں گردن جھٹکتے

ہوئے مڑتا ہے اپنے باسیل کو کھڑا دیکھ کر

اراک غصے کی جگہ حیرانگی سے اس کی طرف دیکھنے

لگتا ہے۔۔

اور کتنا زلیل ہونے کا ارادہ ہے۔۔؟؟

باسل مسکراتے ہوئے گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اور "کیا کہا زندگی میں پہلی بار کسی سے

محبت کی ہے۔۔؟؟"

بڑی بڑی آنکھیں کیے ایک آئیبرو اٹھائے آنکھوں میں آنکھیں

ڈال دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہوئے اراک کے

بلکل سامنے آکھڑا ہوتا ہے۔

"وہ بھی میری بیوی سے۔۔؟؟"

باسل ہلکی سی گردن ٹھیڑی کیے کولڈ انداز میں دیکھتے

ہوئے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ ڈیول مسکراہٹ

سجاتے ہوئے کہتا ہے۔

"تمہاری اس دو ٹکے کی محبت کی داستان کو

اب آخری میں بناؤں گا"

ow Welcome to my World"

اراک کے بالکل قریب آئے اس کی انکھوں میں اپنی خوف

سے بھرپور نظریں جمائے اراک کے دل پر اپنا ہاتھ مارتے ہوئے کہتا ہے۔

میری اس دُنیا کو بنانے والے تم ہو تو اس کا پہلا تحفہ

بھی تمہیں ملے گا۔۔

آج رات میرے اس تحفہ کا انتظار کرنا "اراک یورگن"

باسیل اراک کے نام پر زور دیتے ہوئے اس کے کوٹ کی اندر

والی جیب سے اس کے بلیک کلر کے گلاسس

نکالے اپنی آنکھوں پر لگائے اراک کو اپنے ہاتھ سے اپنے سامنے سے ہٹا

ہوئے باسیل بلڈنگ سے باہر نکل جاتا ہے۔

اراک بنا پلٹے باسیل کے جاتے قدموں کی آواز سن کر

اپنی آنکھیں بند کیے اپنے ہاتھوں کی حد سے زیادہ مضبوطی

سے مٹھیاں بھینچے وہ دھیرے دھیرے اپنی آنکھیں کھولتا ہے۔

تو مجھے سچ مچ کا ویلن بنانا ہے تم نے روحی

اب تم دیکھو مجھے ٹھکرانے کا نتیجہ۔۔!!"

اراک اپنی کولڈ پر تپش سے بھری نظریں اپنے سامنے اپنی

کمپنی کے لوگو کو دیکھتے ہوئے دل ہی دل میں کہتا ہے۔۔!!"

♡_____♡.....♡_____♡

رات کا سماں چھا گیا تھا دیریک کے انتظار میں حور پورے مینشن کے

دو چکر لگا چکی تھی

دو چکروں میں ہی وہ اسے پورا دن گزر گیا تھا مینشن

کا سمجھنے کی کوشش کرتے ہوئے وہ کہیں کی کہیں پہنچ جاتی تھی۔

ایک تو موسم ڈراؤنا ہو رکھا ہے اوپر سے یہ مینشن آج کے

زمانے کا کم اور اج کے موڈرن زمانے کی بھول بھلیاں

زیادہ لگ رہی ہے۔۔

حور مینشن کے دوسری منزل سے اس حصہ سے نکلتے ہوئے

کہتی ہے جہاں ناجانے کتنوں سالوں سے کوئی

نہیں گیا کیونکہ وہ استعمال میں ہی نہیں تھا کسی لندن میں

اس مینشن میں کبھی کوئی آیا تھا تو پہلے

دیریک ہے بابا تھے اور اب وہ خود۔۔۔

ve me water please"!!...

حور دوسری منزل سے اپنے سامنے سے گزرتی ہوئی لیڈی سرونٹ

کو دیکھتے ہوئے زور سے کہتی ہے اور کہتے ہی سیڑھیوں

سے اترتے ہوئے حور ایک نظر مینشن کے دروازے ر اور دروازے کے

دوڑاتی ہے پر سامنے کچھ بھی نا پا کر وہ گہری سانس لیتے ہوئے سیڑھیوں

اترے حال میں صوفے کی طرف بڑھتی ہے۔۔

اپنے سر پر اور نا کندھوں پر ٹکنے والے دوپٹے کو اتار کر

صوفے پر رکھتے صوفے پر بیٹھے دونوں پیر ٹیبل پر جمائے

اپنی آنکھیں بند کیے صوفے سے پشت ٹیکا لیتی ہے۔۔

am water"!!...

حور کی بند آنکھیں دیکھ اس کی عمر کی لیڈی سرونٹ

پانی بڑھاتے ہوئے کہتی ہے۔

ank you..

حور فورا آنکھیں کھولے پانی کا گلاس پکڑتے ہوئے کہتی ہے

گلاس پکڑتے لبوں سے لگایا ہی تھا کہ حور بول پڑتی ہے۔

hh wait a minute!!..

لڑکی کا ہاتھ پکڑے اسے روکتے ہوئے کہتی ہے۔

vant to know about something can you please tell me??..

حور معصوم سی شکل بنائے بڑی بڑی آنکھیں کیے

پوچھتی ہے۔۔

s sure mam"!!..

لڑکی مسکراتے ہوئے جواب دیتی ہے۔

kay sit here..

حور ہاتھ پکڑے اپنے پاس صوفے پر بیٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

m tell me about Irkan!!..

حور ایک سانس میں سارا پانی پیتے ہوئے کہتی ہے۔

ho's Irkan??..

لڑکی حیرانگی سے پوچھتی ہے۔

h Derek"!!..

ll me something about Derek"!!..

حور پانی کا گلاس ٹیبل پر رکھے پانی حلق سے اتارتے

ہوئے کہتی ہے۔

sir is very Angry person!!..

's handsome...

لڑکی بول ہی رہی تھی کہ حور اس کی ٹانگ پر ہاتھ رکھے

اسے روک چکی تھی۔۔

h wait not that'!!...

حور گہری سانس لیتے ہوئے کہتی ہے۔

حور گہری سانس لیتی ہے اور لیتے ہیں ایک سیکنڈ کے لیے

چپ ہوتی ہی ہے کہ دیریک پیچھے سے اپنا کوٹ ہاتھ میں

پکڑے ہوئے مینشن میں دبے پیروں سے داخل

ہوتا ہے۔۔

ke what he likes in eating something like that I know he's

ry aggressive very angry and

...

حور دیریک کو تصور کرتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے رک جاتی ہے اور کسی خ

میں کھونے میں لگتی ہے۔۔

d what???..

ڈیریک حور کے پیچھے کھڑا ہو کر کوٹ صوفے پر رکھے

اپنی شرٹ کی بازوؤں کہنیوں تک فولڈ کرنے لگتا ہے۔۔

d his is very harami!!..

حور سوچتے ہوئے کہتی ہے۔۔

u know about harami person??..

حور ہنستے ہوئے لڑکی سے تجسّس سے پوچھتی ہے۔

..no"!!!..

ڈیریک کو دیکھتے ہوئے لڑکھڑاتے ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

t me tell you..

حور کہتے ہی دونوں ٹانگیں صوفے پر رکھیں فولڈ کر کے

پر سکون سے بیٹھتی ہوئی کہتی ہے۔۔

ramii person look like exactly you're DJ"..

حور اپنی ہنسی کو ضبط کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

u means hot???..

اب کی بار بھی دیریک دھیمے لہجے میں کہتا ہے پر

حور اس کی آواز پر غور نہیں کرتی ہے۔۔

.. he's not hot he's Chaprasii"..

حور کہتے ہی خود ہی ہنس پڑتی ہے۔

اس کی ہنسی کی آواز سن کر دیریک کے چہرے پر بھی

مسکراہٹ چھا جاتی ہے پر جیسے ہی وہ حور کے الفاظوں پر

غور کرتا ہے دھیرے دھیرے ہنسی غائب ہونے لگتی ہے۔

hat is chaprasii ??..

لڑکی حیرانگی اور تجسّس سے پوچھتی ہے۔۔

aprasii is.....

حور کہتے ہی صوفے سے اٹھ کھڑی ہوتی ہے وہ کچھ بولتی

اس سے پہلے ہی وہ مڑ کر اپنے ہاتھوں کی تالیاں مارتے

ہوئے دیریک والی سائیڈ بے خبر مڑتی ہے۔

دیریک کو غصے میں چھوٹی چھوٹی آنکھیں کیے گھورتا

خود کو گھورتا دیکھ حور لڑکھڑاتے ہوئے شیشہ کے

ٹیبل لٹ بیٹھ جاتی ہے۔۔

لڑکی بھی دیریک کو غصہ میں دیکھتے ہوئے اپنی جان بچاتے ہوئے صوفے

اٹھ کر کیچن میں بھاگ جاتی ہے۔

کیا کہا تم نے۔۔؟؟ میں چپڑاسی۔۔؟؟

دیریک کہتے ہوئے صوفے کو کراس کرتے ہوئے آگے کی طرف

بڑھتا ہے۔۔!!"

"ا۔۔ادھر آؤ۔!!"

دیریک حور کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

"ن۔۔ نہیں۔۔!!"

دیریک کے قدموں کو دیکھتے ہوئے پیچھے کی طرف بڑھتے

ہوئے کہتی ہے۔

"کیوں اب ڈر لگ رہا ہے اپنے شوہر کو چپڑاسی بولنے سے

پہلے تو شرم نہیں آئی تمہیں"

دیریک غصیلی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"آہ ہ۔۔م۔۔میں تو ک۔کچھ بھی ن۔۔نہیں بولا ہے

آ۔۔آپ نے غلط سنا ہے.!!"

حور اپنے پیچھے دیکھتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتی ہے۔

"جھوٹ بھی بول لیتی ہو تم ادھر آؤ

میرے پاس بتاتا ہوں میں تمہیں میں نے غلط سنا یا سہی"

دیریک حور کو پکڑنے کے لیے کہتے ہوئے اس کی طرف لپکتا ہے

پر حور ہاتھ آنے سے پہلے ہی جلدی سے بھاگ کر صوفے کے

پیچھے جا کھڑی ہوتی ہے۔۔

کیچن میں کھڑی لیڈی سرونٹ ان دونوں کو

دیکھتے ہوئے اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اپنی ہنسی کو ضبط کرنے

کی کوشش کرتی ہے۔۔

"س۔۔سوری۔۔غلطی سے بول دیا"

حور معصوم سی شکل بنائے منمناتے ہوئے کہتی ہے۔

"غلطی سے۔۔؟؟

آج کل غلطیاں کچھ زیادہ نہیں ہونے لگ گئیں ہیں تم سے"

دیریک دونوں ہاتھ کمر پر رکھے گھورتے ہوئے کہتا ہے۔

"نہیں تو۔۔!!

میں نے تو آج ہی غلطی سے بول دیا ورنہ میں بولتی کہاں ہوں"

حور اپنی انکھوں کو ٹمٹماتے ہوئے کہتی ہے۔۔

"ہاں تم تو بہت معصوم ہو۔

دیریک پیار سے کہتا ہے۔

کینچی کی طرح زبان چلتی ہے تمہاری "

اب کی بار کمر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے زور سے کہتا ہے۔

بولنا شروع ہو جاؤ تو

تمہاری زبان کا بریک کینسل ہو جاتا ہے "

حور اس کی باتیں سنتے ہوئے گہری سانس بھرنے لگتی ہے۔

"اب آپ کو میری زبان سے بھی مسئلہ ہونے لگ گیا ہے خود

تو بولتے تھے بولو بولو اب بول رہی ہوں تو۔۔۔!!"

حور بھی دیریک کے انداز میں دونوں ہاتھ کمر پر

رکھتے ہوئے غصے میں کہتی ہے۔

"میں نے پیار کے بول بولنے کو بولا تھا

یہ نہیں کہا تھا کہ شوہر کو چپڑاسی بولتی رہو"

دیریک دانت بھینچتے ہوئے کہتا ہے۔

"اچھا نا تو کیا ہوگیا غلطی سے زبان پھسل

گئی تھی میری"

حور ڈری ہوئی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہتی ہے۔

"تمہاری زبان کو لگام لگانا آتا ہے مجھے

میرے ہاتھ لگ جاؤ بس تم"

"تمہاری اسی زبان سے تمہارے سارے

الفاظوں کے ساتھ ساتھ سانس نا قبض کی میں نے تو کہنا"

دیریک کہتے ہی حور کی جانب بڑھنے لگتا ہے پر وہ

ہاتھ آنے سے پہلے بھاگ پڑتی ہے۔

سامنے سے تامیر کو آتا دیکھ حور اپنا دوپٹہ اٹھائے ننگے پیر

سیڑھیوں پر چڑھے کمرے میں بھاگ جاتی ہے۔

دیریک اس کے پیچھے جاتا پر تامیر کو دیکھتے ہوئے وہ رک

گیا تھا۔۔۔!!!"

تامیر گہری سانس لیتے ہوئے دیریک کے سامنے آکھڑا ہوتا ہے۔۔!!"

♡_____♡.....♡_____♡

اراک کمرے میں گھپ اندھیرا کیے نارمل سے بلیک کلر کے ٹراؤزر شرٹ

ہوئے

صوفے پر بیٹھا ہوا دونوں پیر ٹیبل پر رکھے گردن ٹیڑھی کیے ایک ای ڈی

چلتی ہوئی روحی کی تصویروں کو

دیکھتے ہوئے

اراک کمرے میں ہلکی سی آواز میں عربی گانا چلائے ہوئے

اس کے چلتے ہوئے لیرکس ساتھ ساتھ گانا گنگناتا ہے۔

"اسمع"

"واریدیک "

(میں آپکو چاہتا ہوں)

"یا غالی"

(میری جان)

"یلی محبور اللیای "

(میری راتوں کی روشنی ہو تم)

اراک گانا گنگناتے ہوئے صوفے اٹھ کھڑا ہوتا اور ایل ای ڈی

کی طرف بڑھتا ہے۔

"واریدیک "

(میں آپکو چاہتا ہوں)

"حبیبی"

(میری جان)

"غیرک ولد یحلدلی"

(میں آپ کے علاوہ کسی اور نہیں دیکھتا)

"یاوالی"

(میرا پہلا پیار)

روحی کے ہنستی ہوئی تصویر پر اپنی انگلیاں پھیرتے ہوئے

کہتا ہے۔۔

"وخیران "

(اور آخری پیار)

"بس انت شاغل بالی "

(بس تم اکیلے ہو جس کی یادوں میں گم رہتا ہوں)

لا تصدیق آنی اعوفک "

(کبھی سوچنا بھی نا کہ میں تم کو چھوڑدوں گا)

اراک یہ لائن سیریس ہو کر کہتا ہے اور کہتے ہی شراب کا گلاس لبوں

ایک ہی گھونٹ میں ساری پیے گلاس ٹیبل پر رکھے بیڈ کی طرف بڑھتا ہے۔

"بس انت عند غالی"

(تم مجھ کو سارے جہاں سے پیاری ہو)"

اراک خاموشی سے سیدھا ہو کر بیڈ پر لیٹے ہوئے اندھیرے میں نا دیکھنے وال

چھت کی طرف دیکھ رہا ہوتا ہے۔

ذہین میں روحی کی باسیل کی باتیں گردش کررہی ہوتی ہیں

گانا ابھی بھی ہلکی آواز میں چل رہا ہوتا ہے۔

روحی کے ہاتھ سے لگا وہ تھپڑ اراک بھول کر بھول

نہیں پارہا تھا۔۔!!'

میں نے تو محبت کی ہے اس میں میری کیا غلطی محبت

کوئی جان کر سوچ سمجھ کر تو کسی سے نہیں کرتا ہے۔۔

اراک چھت کی طرف دیکھتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہتا ہے کہتے ہی ا

آنکھیں کیے اپنی آنکھوں پر اپنے ہاتھ

رکھ دیتا ہے۔

آفس سے آنے کے بعد آپ اپنے کمرے میں ہی لیٹا ہوا تھا

اپنے آپ میں اٹھتے ہوئے طوفان کو شانط

کرنے کی کوشش کرتا ہے۔۔

وہ آنکھیں بند کیے ابھی تھوڑا پرسکون ہوا ہی تھا کہ دروازے پر دستک اس

توجہ اپنی طرف مائل کرتی ہے۔۔

آجاؤ۔۔!!اراک تھوڑا زور سے کہتا ہے۔

اراک جیسے ہی کہتا ہے دروازے سے اندر عیوب داخل ہوتا ہے

اراک بیڈ پر لیٹے لیٹے عیوب کی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھتا ہے۔

سر وہ سمیر اس کا خون بہت بہہ گیا ہے ڈاکٹر کو بلانے

کی ضرورت ہے۔۔!!

عیوب ڈرے ہوئے لہجے میں بامشکل نظر اٹھا کر

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

اراک کی اچانک سے خاموشی سے وہ اچھے سے واقف تھا

ایک تو اراک کی خاموشی اور اوپر سے اس کی سرد نظریں

عیوب کو ڈرا رہی تھی۔۔

ڈاکٹر کی کیا ضرورت ہے میں ہوں نا اسے درد سے

راحت دینے کے لیے۔۔۔

اراک بیڈ سے اٹھتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے ماتھے

پر گیلے بکھرے ہوئے بالوں کو ہٹاتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہوئے اٹھ کھڑا

ہوتا ہے۔

چلو پھر چلتے ہیں۔۔!!"

اراک کہتے ہی پیروں میں سیلیپرز پہنتے کمرے سے باہر

نکالنے کے لیے بڑھتا پر جاتے جاتے وہ دروازے

کے پاس رکے اپنے صوفے کے سامنے پڑے ٹیبل پر ایک بکس

تھا جس میں اس کے چاقوؤں والے پین

انگت پڑھے ہوئے تھے انہیں اٹھانے کا عیوب کو اشارہ کرتے ہوئے ارا

کمرے سے نکل جاتا ہے۔۔

کمرے سے نکلتے ہوئے سیڑھیوں سے اترتے ہوئے اس کی نظر

گھر میں داخل ہوتے ہوئے منہاج صاحب پر پڑتی ہے

جیسے دیکھ کر وہ اس طرح نظر انداز کرتا ہے جیسے وہ

اس دنیامیں اس کی نظروں کے سامنے ہو ہی نا۔۔

سیڑھیوں سے اترتے مینشن سے باہر نکلے اراک اپنی

گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر جا بیٹھتا ہے اراک کے پیچھے عیوب

اس کا پین لیے دوڑتے ہوئے گاڑی کی طرف بڑھتا ہے

اور ڈرائیونگ سیٹ سنبھال کر پین اراک کو دیے گاڑی اسٹارٹ

کر دیتا ہے۔۔

گاڑی چلتی ہے پر اراک اپنی سیٹ بیلٹ نہیں لگاتا ہے سیٹ سے پشت ٹیکا

اراک آسمان کی طرف دیکھنے لگ جاتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل سر ہسپتال بند کرنے کے لیے ٹیم اراک یورگن کے ہر ہستپال

کے باہر پہنچ چکی ہے آپ کے حکم کا انتظار ہے آپ اجازت دیں

تو انہیں ہسپتال میں جانے کو بول دیں۔!!"

لندن کے ہائے کورٹ کے دوسرے فلور پر جج کے روم کی کھڑکی میں کھڑا

بلیک سوٹ میں جا کا کوٹ صوفے پر پڑا ہوا تھا۔

ہاتھ میں سگریٹ جلائے سگریٹ کا گش لگائے اپنے پیچھے

کھڑے ہائے کورٹ کے قابلِ وکیل میں سے ایک وکیل بلیو کلر

کی پینٹ شرٹ پہنے ہوئے ہاتھ میں لیپ ٹاپ بیگ پکڑے

ہوئے باسیل کی پشت کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

شیزا کہاں ہے۔۔؟؟ باسیل بنا مڑے پوچھتا ہے۔

وہ بھی ٹیم کے ساتھ اراک کی یونیورسٹی پہنچ چکی ہے۔۔

مطلب تیاری پوری ہے۔؟؟

باسیل سیگریٹ کا دھواں اڑاتے ہوئے پلٹتے ہوئے پوچھتا ہے۔

جی سر ساری تیاریاں پکی تھی۔۔!!"

وکیل پرسکون انداز میں کہتا ہے۔۔

ٹھیک ہے ہسپتال اور یونیورسٹی کو سیز کرنے کے

آرڈر جاری کردو۔۔!!"

باسیل حکمانہ انداز میں کہتے ہوئے سیگریٹ وہی کھڑا کھڑا

ڈسٹیبن کی طرف سرسری سی نظر ڈال کر پھینکتا ہے سرسری

سی نظر میں ہی اس کا نشانہ درست لگتا ہے سگریٹ سیدھا

ڈسٹیبن میں گرتی ہے جیسے دیکھتے ہوئے وکیل

کی آنکھیں اچانک سے پھٹ سی گئیں تھیں۔۔

باسیل سیگریٹ پھینکے جج کی کرسی اور ٹیبل کی طرف بڑھتا ہے۔۔

شیزا سے کال کنیکٹ کرو۔۔!!باسیل جج کی کرسی پر

بیٹھتے ہوئے کہتا ہے نظریں ٹیبل پر پڑے لیپ ٹاپ پر تھی اور

لہجہ حکمانہ تھا۔۔

جی سر۔۔۔وکیل کہتے ہی اپنے بیگ سے لیپ ٹاپ اور ہیڈ فون

نکالے صوبے کے سامنے بیٹھتے ہوئے لیپ ٹاپ ٹیبل پر رکھے شیزا کے سا

گئی ہوئی ٹیم کے ممبر کو کال لگاتا ہے۔

پہلے چند سیکنڈ بیل بجی ہی تھی کہ کال کنیکٹ

ہو جاتی ہے۔۔

سر کال لگ گئی ہے۔۔!!وکیل باسیل کو دیکھتے

ہوئے کہتا ہے جو اپنے لیپ ٹاپ میں مصروف ہوتا ہے۔

ہاں ایک سیکنڈ۔۔!!'باسیل کہتے ہی اپنی کرسی سے اٹھ کر صوفے

کی طرف بڑھتا ہے اسے آتا دیکھ وکیل آٹھ کر صوفے کر

کھڑا ہوجاتا ہے اور کھڑے ہوتے ہی باسیل

کو ہیڈ فون پکڑاتا ہے باسیل الٹے ہاتھ سے ہیڈفون پکڑے

اپنے کانوں پر لگاتے ہوئے صوفے پر بیٹھتا ہے۔۔

ہیلو۔۔۔!!باسیل ہیڈ فونز لگاتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل مجھ سے یہ سب کروانا ضروری تھا کیا میں اس شخص کا سامنا نہیں ک

چاہتی ہوں۔!!

ہیڈ فونز کے دوسری طرف سے شیزا گہری ڈری ہوئی سانسیں

لیتے ہوئے کہتا ہے۔

تم وہاں اس آدمی سے کھائے دھوکے سے بدلے کے لیے نہیں ہوں

تم وہاں ایک جج کی حیثیت سے ہو شیزا جس کا

یہ کام ہے اور کام ہر حال میں کرنا پڑتا ہے۔۔

باسیل لیپ پر آڈیو کال کی اسکرین کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

پر پھر بھی۔۔!!شیزا سر جھکاتے ہوئے بلکل دھیرے سے

کہتی ہے اور کہتے ہی خاموش ہو جاتی ہے۔

شیزا کا لہجہ بلکل دھیما تھا پر پھر بھی باسیل اسے سن لیتا ہے۔

فکر مت کرو شیزا جب تک ڈرو گی کسی بھی قسم کی

صورتحال سے بھاگو گی تب تک تم بس بھاگتی رہ جاؤ گی

اس لیے کوئی اور ٹینشن سر پر سوار مت کرو

اور اپنے کام کو انجام دو۔۔۔!!

باسیل کہتے ہوئے اپنے پیچھے کھڑے وکیل کو اس کے لیپ

ٹاپ کے پاس پاس کچھ فائلز اٹھا کر لانے کا اشارہ کرتا ہے

باسیل کے اشارہ پر وکیل فوراً سے فائل لینے جاتا ہے۔

یونیورسٹی کو سیز کرنے سے پہلے کچھ پیپیرز چاہیے جو

اراک کے آفس میں ہے کہاں ہے وہ ڈھونڈنے ہیں۔۔!!

باسیل وکیل کے ہاتھ سے فائلز پکڑتے ہوئے کہتا ہے۔

کیسے پیپیرز۔۔؟؟ شیزا تجسّس سے پوچھتی ہے۔

اسٹوڈنٹس کے اوریجنل ڈاکیومنٹس اور انڈے سائن کروائے ہوئے کانٹر

کے ڈاکیومنٹس جس کے تحت وہ ان

سب سے غیر قانونی کام کروا رہا ہے۔۔

اس کے کافی سارے ہسپتال تو پتا لگ گئے ہیں لیکن ابھی بھی

کچھ ہیں جو چھپے ہوئے ہیں ان کا پتا لگانا ہے۔۔

باسیل ان ساری فائلز میں سے اراک کی دی ہوئی روحی کو

لال فائل اٹھا کر اپنی نظروں کے سامنے کرتے ہوئے کہتا ہے۔

اراک کو پتا چل گیا کہ ایک ساتھ اس کے سارے

ہستپال کو تم بند کروا رہے ہو یہ بات یقیناً ایک نئ جنگ کا

آغاز کرے گی۔۔!!

شیزا گاڑی کی فرنٹ سیٹ پر سوار گاڑی کا شیشہ نیچے

کرتے ہوئے یونیورسٹی کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

جہاں اس وقت 30 سے زائد گارڈز پورے یونیورسٹی کے اطراف میں کھڑ

ہوئے تھے بڑی بڑی گنوں کے ساتھ

جنگ کا آغاز ہو چکا ہے پہلے ہی شیزا اب بھی اس کو ختم

کرنا ہے۔۔!!

باسیل روحی کی فائل کو دیکھتے ہوئے گہری سانس لیتے

ہوئے کہتا ہے اور فائل میں وہ پیج کھولتا ہے جس پر

دیریک کے سائن تھے روحی کو آفر دینے والے کاغذ پر

باسیل نظریں ہٹاتے ہوئے باسیل گردن جھٹکتا ہے۔

میری بیوی کو آفر دے گا کمینہ میں وہ جگہ ہی تباہ کردوں گا جہاں تم ا

دوبارہ بلوانا چاہو گے۔۔

باسیل پیچ کو دیکھتے ہوئے گندا سا منہ بنا کر دھیرے

سے کہتا ہے پر ااس کی بات شیزا ابھی اس کی بات سن لیتی ہے اور سنتے ہی

ہلکا سا مسکرا دیتی ہے۔

تم لوگ اندر جاؤ گارڈز کو پولیس دیکھ لے گی صرف تم اور

تمہاری ٹیم میرے آنے سے پہلے یونیورسٹی میں یہ پیپیرز

ڈھونڈنے گے۔۔

پیپیرز کے دائیں سائیڈ پر کیکڑے کا ٹے ٹو ہے۔۔

پیپیرز ڈھونڈنے میں آسانی ہوگی تم سب کو۔۔!!!"

باسیل کیکیڑے کو دیکھتے ہوئے فائل بند کرتے ہوئے بولا

ٹھیک ہے ہم ڈھونڈ لیتے ہیں وہ پر مجھے نہیں لگتا ہے کہ

پولیس والے ان سب گارڈز کو سنبھال پائیں گے

ہمارے پولیس ٹیم کے سب سے مضبوط لوگوں کو بے رحمی سے مارنے سے

پہلے اس نے ایک بار نہیں سوچا ہے یہ بھی اسے کے آدمی ہیں رسک

والی بات ہے۔۔

ہمارے کام میں رسک ہی رسک ہے اگر اس فیلڈ میں ٹیکے

رہنا ہے تو رسک لینا پڑے گا تمہیں بھی مجھے بھی اور

ان آفیسرز کو بھی اور پولیس کا کام ہی اس طرح

کی سٹیویشن سے نپٹنا ہے۔۔

باسیل اپنے ایک کان سے ہیڈ فون ہٹاتے ہوئے کہتا ہے۔

اور تمہیں کسی بھی قسم کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے

جس کام کے لیے جارہی ہو بنا قدم روکے یا پیچھے

ہٹائے آگے کی طرف بڑھتی جاؤ

تمہارے راستے میں آنے والا ہر فرد خود بخود راستے سے

ہٹتا جائے گا۔۔!!"

باسیل کہتے ہوئے نظر اٹھا کر کھڑکی سے باہر آسمان کی طرف

دیکھتا ہے اور دیکھتے ہی اپنی آنکھیں بند کیے وہ

سانس بھرتا ہوا اپنی آنکھیں دوبارہ کھولتا ہے۔۔"

باسیل کی بات پر شیزا تھوڑی حیران ہوتی ہے پر زیادہ غور

نہیں کرتی۔۔!!"

اور اراک سے کون نپٹے گا۔۔۔؟؟

شیزا ایک اور سوال کرتی ہے اس کے ایک اور سوال پر

باسیل بے زاری والی گہری سانس بھرتا ہے

اور سانس لیتے ہوئے صوفے سے پشت ٹیکاتا ہے۔۔

اس سے نپٹنا کون سا مشکل ہے سب ایک چنگاری کی دیر

ہے بندہ تباہ۔۔

باسیل ریڈ فائل کی طرف دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

وہ عام نہیں ہے۔۔!!

وہ خاص بھی نہیں ہے تم فائل ڈھونڈو باقی میں دیکھ لوں گا۔۔

شیزا کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی بول پڑتا ہے۔

ٹھیک ہے میں جاتی ہوں اندر تم جلدی آؤ۔۔!!

شیزا اپنے کانوں سے ہیڈ فون اتارتے ہوئے کہتی ہے۔۔

جوابا باسیل کچھ نہیں بولتا ہے اور اپنے کانوں سے ہیڈ فون اتار دیتا ہے۔

ہیڈ فون اتارے لیپ ٹاپ پر پھینکے باسیل دوبارہ کھڑکی

کی طرف بڑھتا ہے کھڑکی میں اپنے دونوں ہاتھ رکھے جھک کر

کڑکتی بجلی کو پرسکون سا ہو کر دیکھنے لگتا ہے۔۔

ایک بات پوچھوں۔۔؟؟

باسیل وہی اپنی جگہ پر ساکت کھڑے وکیل سے پوچھتا ہے۔

جی جی پوچھیں سر۔۔!!

وکیل آگے کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔

ہماری فیلڈ میں خون کرنے کی اجازت ہے ہمیں۔۔؟؟

باسیل کی نظریں آسمان پر ہی ٹیکی ہوئی تھی۔۔

ک۔۔کیا مطلب۔۔؟؟

وکیل حیرانگی سے پوچھتا ہے۔۔

خون کرنے کی اجازت ہے کیا ہمیں اس فیلڈ میں۔۔؟؟

باسیل اب کی بار مڑ کر کھڑکی سے ٹیم لگاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

م۔۔مجھے صحیح سے اندازہ نہیں ہے اس بات کا سر

لیکن ہمارا کام انصاف دلانا ہے اور انصاف کے لیے کچھ بھی

کرنا پڑے کوئی مسئلہ نہیں مجھے

ایسا لگتا ہے۔۔!!

وکیل کہتے کہتے باسیل کی آنکھوں میں دیکھتا ہے جو

اس کے چہرے پر ہی ٹیکی ہوئی تھی۔۔

بات تو ٹھیک کہہ رہے ہو اگر میں بھی انصاف کے لیے

کسی کی جان لوں تو یقیناً کوئی مسئلہ نہیں ہو گا۔۔!!"

باسیل ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے کہتے ہوئے کھڑکی سے دور

ہوتا سیریس فیس میں صوفے کی طرف بڑھتا ہے

الٹے ہاتھ سے کھینچ کر صوفے سے اپنا کوٹ اٹھائے باسیل

بنا رکے آگے کی طرف بڑھتا جاتا ہے۔۔!!'

م۔مطلب آپ کسی کی جان لینے لگے ہیں۔۔؟؟

وکیل باسیل کو باہر جاتا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے خون کی بدبو سے نفرت ہے چاہے اپنا ہو یا غیر کا

اس لیے فلحال میں نہیں کوئی اور کرے گا جس کا

یہ پسندیدہ مشغلہ ہے اگر ضرورت پڑی تو کچھ بھی کرنے میں

کوئی ہرج نہیں ہے مجھے "

باسیل رک کر مڑ کر وکیل کے چہرے کے عجیب تاثرات

کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی مسکراتے ہوئے ٹیڑھی

سمائل کرتا وہ باہر نکلنے لگتا ہے۔۔!!"

باسیل سر میں بھی ساتھ چلوں۔۔؟؟

وکیل کمرے سے باہر ہاتھ میں کوٹ کو لٹکائے نکلتے

دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

ابھی نہیں فلحال خود کچھ تباہ کرنا ہے۔۔!!"

باسیل پلٹ کر ایک آئیبرو اٹھاتے ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی

کورٹ سے باہر نکلے اپنے بلیک کلر کی لینڈ کروزر میں

سوار باسیل ہائے کورٹ سے نکل جاتا ہے۔'

♡_____♡.....♡_____♡

اراک اور عیوب دونوں ایک پورانے کچے کارخانہ میں موجود

10 سے زائد ہٹے کٹے سوٹ بوٹ میں ملبوسس گارڈز جو دیوار سے کچھ دو

پر لائن میں کھڑے ایک طرف ایک

5 لوگ اور دوسری طرف 5 لوگ بت بنے کھڑے اپنے ہاتھوں کو کمر

پیچھے باندھنے ہوئے اپنے سامنے ٹراؤزر شرٹ

میں بکھری ہوئی حالت میں ٹہلتے ہوئے اراک کو دیکھ رہے ہوئے ہیں۔

اپنے پین کو ہاتھ میں گھوماتے ہوئے دونوں ہاتھ کمر پر

باندھے ہوئے خون سے تر لال ہوتی زمین پر بیٹھے ہوئے سمیر

کے سامنے ٹہل رہا ہوتا ہے۔۔

پہلے خون صرف اس کے کندھے سے نکل رہا تھا پر

اب وہ سر تا پیر خون میں رنگ چکا تھا۔۔

چہرہ اس کا جسم اراک کے آدمیوں نے زخمی کر دیا تھا۔۔

اراک خاموش تھا تو وہاں موجود ہر شخص خاموش تھا

سب کی نظروں کا مرکز اراک تھا پر وہ کسی کی

طرف نہیں دیکھ رہا تھا اسے لگا تار خاموش ٹہلتا دیکھ

زمین پر نڈھال حالت میں بیٹھا ہوا سمیر ہنس پڑتا ہے۔

سمیر ہنستا ہے اور اراک کے ذہین میں باسیل کی ہنسی گونجتی تھی۔۔

سمیر کو ہنستا دیکھ اراک سخت نظروں سے دیکھتے ہوئے

سمیر کی طرف پلٹتا ہے۔۔!!"

اسے ٹہلنے سے کیا ہو گا باسیل سر کو ہرانے کا

توڑ نہیں ملے گا تمہیں۔۔!!

سمیر کہتے ہی قہقہہ لگا کر ہنس پڑتا ہے وہ ہنستا ہے اور

اس کے منہ میں خون کا جمع تھوک ہوتا ہے جو اراک کو دیکھاتے ہوئے

زمین پر پھینکتا ہے۔۔

بکواسس بند رکھو ورنہ تمہاری زبان حلق سے کھینچ لوں گا

اراک ایک قدم سمیر کی طرف بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

بکواس نہیں ہے مشورہ ہے۔!!!

سمیر مسکراتے ہوئے کہتا ہے "

اپنے مشورے اپنے پاس رکھو۔۔،!!!"

اراک ایک اور دبے ہوئے قدم سمیر کی طرف بڑھاتا ہے۔

مفت کا مشورہ ہے لے لیں ضد انا چھوڑ دیں اور جھک جائیں

ہمارے باسیل سر کے سامنے

آپ تو بظاہر بے رحم لوگوں کو دیکھا کو موت دیتے ہیں اور جانور بنے پھیر

ہیں۔۔

سمیر مسکراتے ہوئے کہتا ہے اس کی مسکراہٹ اراک کے

غصے کو مزید بڑھاتی جارہی تھی۔۔

تمہیں لگتا ہے کہ وہ مجھ سے تک پہنچ سکتا ہے۔۔؟؟

ابھی اتنی پہنچ اونچی نہیں ہوئی ہے اس کی کہ اراک یورگن

تک پہنچ سکے وہ۔۔!!

اراک سمیر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے تنزیہ لہجے میں

کہتا ہے۔

ابھی بھی آپ کو ان کا شخصیت کا اندازہ نہیں ہوا ہے

جہاں تک ان کی پہنچ ہے وہ آپ کی سوچ ہے

سمیر گردن جھٹکتے ہوئے کہتا ہے پر درد سے کراہتے ہوئے وہ

گردن جھٹکتے ہی اپنی آنکھیں بند کرلیتا ہے۔۔

آپ یقین مانیں جب وہ جانور کا روپ لیتے ہیں تو وہ

رحم نہیں کرتے ہیں 4 سال سے ان کے ساتھ کام کرتا ہوں میں

ان کی رگ رگ سے واقف ہوں میں وہ

آپ کی طرح وہ سامنے سے کچھ نہیں کہتے اور نا کرتے

ہیں وہ پہلے وارننگ دیتے ہیں، پھر مشورہ دیتے ہیں

اور آگر تب بھی کوئی نا مانیں تب وہ وار کرتے ہیں اور جب

وہ وار کرتے ہیں سامنے والوں کے چاروں کھانے ایک ساتھ

چت کرتے ہیں دشمن کو نا یہاں کا چھوڑتے ہیں اور

نا وہاں کا چھوڑتا ہے۔۔

وہ ایک ہی وار میں پہلے انسان کا سب تباہ کرتے ہیں پھر

اس انسان کی باری لاتے ہیں۔۔

سمیر کہتے ہوئے اپنے منہ سے نکالتے خون کو

صاف کرتے ہوئے زمین سے اٹھنے کی کوشش کرتا ہے اٹھتے

اٹھتے سمیر دو بار لڑکھڑا کر گر بھی گیا تھا پر وہ پھر

دوبارہ اراک کے سامنے اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

سمیر کی بہادری دیکھ اراک اسے سر تا پیر دیکھتے ہوئے اپنے

منہ میں زبان گھوماتے اپنے ہاتھ میں پکڑے پین

سے اپنا ماتھا کھجانے لگتا ہے۔۔!!"

تم اس حالت میں بھی میرے سامنے کھڑے ہونے کی ہمت کر رہے

ہو اور اوپر سے میرے سامنے اس شخص کا

ذکر چیڑھ رہے ہو جس سے میں دنیا میں سب سے زیادہ

نفرت کرتا ہوں۔۔؟؟

سچ میں۔۔؟؟

اراک کہتے ہوئے سمیر کی طرف اپنے قدم بڑھاتا ہے۔

باسیل سر ہمیشہ کہتے ہیں۔۔!!"

"زندگی ایک کھیل ہے، یہاں کھیلوں تو ڈٹ کر کھیلوں ڈر کر نہیں

سامنے چاہیے موت ہی کیوں نا کھڑی ہو سامنے والے کی

آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھوں

اس سے نا تم کمزور بنو گے نا کمزور دیکھو گے۔۔!!"

سمیر اراک کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے دیکھتے ہوئے اپنے

ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔۔

تمہارے باسیل سر صرف کہتے ہی ہیں کچھ کرنا ان کے

بس کا نہیں ہے۔۔"

اراک سمیر کے مزید قریب ہوتے ہوئے کہتا ہے۔

وہ اگر کرنے پر آگئے تو برداشت آپ سے نہیں ہو گا۔۔"

سمیر ابھی بھی کانفڈنس کے ساتھ اراک کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

مجھے اکڑ،انا، غرور، گھمنڈ یہ سب صرف خود میں

پسند ہیں باقی کا ہر شخص مجھے زہر لگتا ہے ایٹیوڈ والا یہ انداز

ٹی وی بنا بند کیے صوفے سے دوپٹہ اٹھائے پیروں میں نارمل

سیلیپرز پہنتے ہوئے حور کمرے سے باہر نکل جاتی ہے۔

اپنے کندھوں پر دوپٹہ سیٹ کیے اسے دونوں ہاتھوں سے

پکڑے ہوئے حال میں تامیر اور دیریک کو بیٹھا دیکھ

حور ایک گہری سانس لیتے ہوئے حال میں صوفوں کی جانب

بڑھتی ہے۔۔

"سنیں..!"

آخری سیڑھی سے اترتے ہوئے حور بلند آواز میں کہتی ہے

اپنی آواز بلند محسوس کرتی حور اسی پل اپنے منہ پر ہاتھ رکھ دیتی ہے۔

"سنائیں..!!"

دیریک بنا حور کی طرف دیکھے ہاتھ میں پکڑی فائل کی

جانب دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"مجھے آپ سے بات کرنی ہے"

حور کہتے ہوئے دیریک کی طرف بڑھتی ہے۔

"بولو میں سن رہا ہوں"

دیریک کی توجہ ابھی بھی کاغذات پر تھی۔

"ایسے نہیں ضروری بات ہے اکیلے میں کرنی ہے"

حور تامیر کو دیکھتے ہوئے کہتی اور کہتے کہتے اس کا

لہجہ مزید دھیما ہو جاتا ہے۔

(ایسا نا ہو سب کے سامنے انکار کر کے میری بعزاتی

ہو جائے)

حور اپنا گلا گھنگھارتے ہوئے کہتی ہے۔

حور کی بات سنتے ہی فوراً سے تامیر حال سے نکل کر

مینشن کے باہر کھلی ہوا کے نیچے آکھڑا ہوتا ہے۔۔

"اکیلے میں باتیں نہیں کرتے ہیں وائفی وہاں لفظوں

کی گنجائش نہیں ہوتی ہے"

دیریک فائل ٹیبل پر رکھے ہوئے صوبے سے پشت ٹیکائے حور

کو سر تا پیر دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"آپ کو میں شکل سے ٹھرکی لگتی ہوں کیا

جو میری کسی بھی بات کو کہیں سے کہیں لے جاتے ہیں"

حور دونوں ہاتھ کمر پر رکھے غصہ میں کہتی ہے۔۔

"تم شکل سے ٹھرکی تو نہیں پر کچھ اور

ضرور لگتی ہو مجھے "

"سنا چاہو گی یا کہنے والا ہوں میں..؟؟'

دیریک کہتے ہوئے چہرے پر مسکراہٹ سجائے صوفے سے

اٹھ کھڑا ہو کر حور کی طرف بڑھتا ہے۔

"نہیں رہنے دیں گندی باتیں ہی کریں گے آپ اور اس

کے علاوہ آتا ہی کیا ہے آپ کو'

حور کمر سے ہاتھ ہٹاتے ہوئے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے

ہوئے کہتی ہے۔

"آتا تو مجھے بہت کچھ ہے وائفی تم چاہو تو

میں تو وہ بھی کر سکتا ہوں"

دیریک حور کے بالکل قریب آکر اس کی کمر میں ہاتھ ڈالتے

ہوئے کہتا ہے کہ حور اس کا ہاتھ پیچھے کرتی ایک

قدم دیریک سے دور ہوتی بول پڑتی ہے۔

"بس کر جائیں اب آپ میں ایک بات کرنے آئی تھی

اور آپ نے اس کے علاوہ ہزاروں باتیں کروالی ہیں مجھ سے"

حور بڑی بڑی آنکھیں کیے غصیلی نظروں سے دیکھتے ہوئے

کہتی ہے۔

"گندی بچی مجھے دیکھ کر اب تم اپنی باتیں بھی بھولنے

لگ گئی ہو..!"

دیریک حور کے پیچھے ہٹائے قدم پر اپنے قدم رکھتے

ہوئے شرارتی انداز میں کہتا ہے۔

"دھیان رکھنا کبھی مجھے دیکھ کر سانس

لینا نا بھول جانا"

حور کی کمر کے گرد اپنی دونوں بازوؤں کا حصار باندھے

حور کو اپنی کمر سے لگاتے ہوئے کہتا ہے۔

"ابھی اتنے بڑے دن نہیں آئیں مجھ پر

آپ کو دیکھ کر میں سانس لینا ہی بھول جاؤں"

دیریک کے سینے پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

"یہ دن تو آ گئے ہیں وائفی بس تم ماننے سے انکاری ہو ورنہ نیت تو

خراب ہو چکی ہے تمہاری مجھ پر"

حور کے چہرے پر اس کے گالوں پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے محبت

چور لہجے میں پر شرارتی انداز

میں کہتا ہے۔۔!!!"

♡_____♡.....♡_____♡

آپ اتنے بے شرم کیوں ہیں۔۔؟؟

حور سر اٹھا کر دیریک کے چہرے کی جانب نظر اٹھانے ہی

لگتی ہے پر اس کے کندھوں سے پھسلا اس کا دوپٹہ اس

کی نظریں واپس جھکا دیتا ہے۔۔

"م...میں نے کون سی بے شرمی کی ہے بھلا

کیوں معصوم پر الزام لگا رہی ہو..؟'

حور کے جھکے سر کو دیکھتے ہوئے اس کا چہرہ ٹھوڑی سے پکڑتے

اوپر کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"الزام نہیں لگا رہی ہوں۔۔حور دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولتی

اور بولتے بولتے ایک دم خاموش ہو کر حیران کن نظروں سے دیریک

چہرے کو باغور دیکھتے

ہوئے کہتا ہے۔۔

اور ایک سیکنڈ یہ معصوم کون ہے..؟؟"

حور بڑی بڑی آنکھیں کیے اپنے ماتھے پر بل ڈالنے کی

ناکام کوشش کرتے ہوئے گندا سا منہ بنا کر پوچھتی ہے۔

"میں ہوں.. یہ 6 فٹ کا معصوم سا ہینڈسم

سا آدمی نظر نہیں آرہا ہے تمہیں"

سر سے پیر تک اپنے طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

"توبہ استغفرُللہ..

اتنا سارا جھوٹ کیسے بول سکتے ہیں آپ"

ایک ڈھیلے ہاتھ سے تھپڑ دیریک کے سینے پر مارتے ہوئے کہتی ہے پر

لگتے ہی دیریک کے چہرے کی سارے

تاثرات بدل جاتے ہیں حور مارتی دھیرے سے ہے لیکن لگتا

وہ زور سے ہے۔۔

"م..میں جھوٹ نہیں بولتا ہوں چویا"

ڈیریک ایک ہاتھ سے روم کی کمر کے گرد حصار باندھے

ہوئے اور دوسرے ہاتھ سے اپنے سینے کو مسلتے ہوئے کہتا ہے۔

"چھوڑیں مجھے... چھوڑیں ابھی اور اسی

وقت مجھے دماغ خراب کردیتے ہیں اتنی سی دیر میں ہی '

حور اپنی کمر پر ڈیریک کی گرفت ڈھیلی مضبوط کرتے

ہوئے اس سے دور ہونے کی کوششیں کرتے ہوئے غصے

میں کہتی ہے پر ڈیریک اسے چھوڑتا نہیں ہے دوسرے ہاتھ

سے بھی حور کی کمر پر ہاتھ رکھے اسے خود

میں واپس قید کرلیتا ہے۔۔

"میں تو دل خراب کرنے کے چکروں میں ہوں

م..میرا مطلب ہے کہ دل بدلنے میں"

حور کو غصے میں دیکھتے ہوئے اپنی ہنسی دباتے ہوئے

شرارتی انداز میں کہتا ہے۔

"بدل گیا ہے میرا دل واقع میں بدل گیا ہے

اور پتا ہے میرا دل اس وقت کیا کرنے کو کررہا ہے"

حور اپنے دوپٹے کو مٹھی میں جکڑے اپنے آپ پر کنٹرول

کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے وہ کہہ ہی رہی تھی

کہ اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے دیریک بول پڑتا ہے۔

"رومینس کرنے کو کررہا ہوگا مجھے پتا ہے میں

ہوں ہی اتنا ہینڈسم کسی کی بھی نیت خراب ہو سکتی ہے مجھ پر "

دیریک کہتے ہی اپنے کالے گھنے سلکی سے بالوں میں

ہاتھ پھیرے دو پل کے لیے اپنی آنکھیں بند کرتا ہے۔

جتنی دیر دیریک کی آنکھیں بند رہتی ہے اتنے میں حور کے چہرے

پر مسکراہٹ بکھر جاتی ہے پر دیریک کی آنکھوں کو کھلتا

دیکھ حور جلدی سے واپس غصیلے فیس میں

آجاتی ہے۔۔

اچھا بس بہت ہوگئی ہے آپ کی ناٹنکی میں آپ سے

کچھ کہنے آئی تھی وہ تو سنا نہیں آپ نے "

سر اٹھا کر سنجیدگی سے کہتی ہے۔

ایسا بھی کیا کہنا ہے جو انتظار ہی نہیں ہو رہا ہے تم سے

لڑکی صبر نہیں کرتی تم۔۔!!

دیریک کہتے ہی خود ہی ہنس پڑتا ہے اپنی بات پر

پہلے دھیرے سے پھر اس کا قہقہہ اپنی ہی بات پر ہوا میں

بلند آواز میں لگتا ہے۔۔

دیریک کا قہقہہ جیسے ہی بلند آواز میں لگتا ہے اس کی گونج

پورے مینشن میں گونجتی ہے مینشن کے باہر کھڑا

ایک ہاتھ میں موبائل پکڑے اس پر نظریں جمائے ہوئے تامیر

جو بے حد سنجیدگی سے کام کر رہا تھا

دیریک کی ہنسی کی گونج پر تامیر کی توجہ بھی اس کی

جانب کھینچتی ہے جو تامیر کے سنجیدہ

چہرے پر مسکراہٹ بکھیر دیتا ہے۔۔

دیریک کی ہنسی پر حور کے دل میں پیٹ میں خوشی کی

لہریں پیدا ہونے لگتی ہے پر وہ اپنی ہنسی اپنی

خوشی ضبط کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔

دیکھا کس طرح کی آپ باتیں کرتے ہیں بولتے ہیں اور خود

ہی ہنس پڑتے ہیں ۔۔

حور دیریک کو ابھی بھی ہنستا دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اففف۔۔۔ تمہاری وجہِ سے میں ہنستا ہوں

ڈیریک حور کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پیالے نما انداز میں پکڑے حور

ماتھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہتا ہے اور پتا نہیں کیوں میں اتنا بولتا بھی ہ

جبکہ میں بے حد

سیریس رہنے والا نا زیادہ بولنے والا شخص ہوں "

حور کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے اور

کہتے ہی اس کے دونوں گالوں پر ایک ایک کرکے اپنے

لب رکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

حور کی باہوں میں کھڑی اس کے محبت سے چور لمس پر

حور واقع میں اپنی آج مکمل طور پر سانسیں لینا

بھول رہی تھی اور اس بات سے اسے کوئی فرق پڑ بھی نہیں رہا تھا

سانسیں روکے بڑی بڑی آنکھیں کیے

مسلسل دیریک کے ہنستے ہوئے چہرے کی جانب دیکھتی ہے

دیریک کی ہنسی ایسی ہی تھی جو ایک بار اسے دیکھ

لے نا وہ سانس لے پاتا ہے نا وہ اپنی جگہ سے ہل پاتا ہے

بس اس پل میں روکے وہ اس شخص میں کھو جاتا ہے۔

دیریک حور دونوں ایک دوسرے میں کھوئے ہوئے اس کی آنکھوں

میں دیکھے جا رہے تھے ان دونوں کی توجہ دیریک کے

فون پر بجتی ہوئی بیل اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔

بیل بجتے ہی دیریک فوراً سے فون کی جانب دیکھتا ہے

ڈیریک نے منہ پھیرا تھا اور حور نے سر جھکا کر سانس لیا تھا۔

سانس لیتے ہوئے اسے احساس ہوا کہ وہ کب سے اپنی

سانسیں روکے کھڑی تھی۔

فون کے بجتے ہی ڈیریک حور کو چھوڑے اپنے ٹیبل پر پڑے

فون کی طرف بڑھتا ہے ٹیبل سے فون اٹھایا ہی تھا کہ

آسکرین پر نمبر دیکھ ڈیریک کے دماغ کی رگیں تن گئی تھیں۔

کال پک کرنے کے بجائے کال اسی پل کاٹ دیتا ہے اور واپس

ٹیبل پر رکھنے لگتا ہے کہ دوبارہ کال آجاتی ہے

اب کی بار دیریک خون اترتی نظروں سے فون کی جانب دیکھتا ہے فون پر ک

کے بعد ایک میسج آیا تھا جیسے دیکھتے ہی دیریک کے چہرے کے سار

تاثرات بدل گئے تھے۔

کچھ پل جھکے ہوئے اسی پوزیشن میں کھڑے دور سے دیریک فون کو دیکھتا

ہے

آپ کال اٹھا لیں نا شاید کوئی ضروری کام ہو کسی کو

آپ سے

حور دیریک کو فون نا اٹھاتے دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

حور کی بات پر دیریک کی توجہ اس کی نظریں فون سے ہٹ کر حور کی طر

اٹھتی ہے۔۔

اس وقت ان کے کام نہیں تمہاری بات ضروری ہے بولو

کیا بولنا چاہتی تھی۔۔!!

دیریک فون سائیلنٹ پر کرتا اپنی شرٹ کا ایک اور تیسرا

بٹن کھولے حور کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

دیریک کی شرٹ کے تیسرے بٹن کے کھلتے ہی حور کی نظر

دیریک کے گورے چٹے کسرتی سینے پر پڑتی ہے

سینے پر نظریں پڑتے ہیں حور فوراً سے اپنا گلا گھنگھارتے ہوئے اپنی نظر

دیریک سے ہٹاتی ہے۔

اب بولو۔۔!!"

حور کے سامنے سے گزرتا ہوا کیچن کی طرف بڑھتا ہے جہاں

اس وقت کوئی سرونٹ نہیں تھا رات کے 10 بجتے ہی

سب کو کام سے چھٹی دے دی جاتی تھی۔۔

اس وقت پورے مینشن میں دیریک حور اور باہر گارڈز

کے ساتھ کھڑا تامیر تھا بس اس کے علاؤہ اور

کوئی بھی نہیں۔۔!!

تامیر بھی کام کی وجہ سے اس وقت مینشن میں تھا ورنہ

وہ بھی اپنے فلیٹ میں ہی ہوتا ہے۔۔

حور کنٹرول کنٹرول کر لڑکی عزت کا جنازہ نکالوانا ہے کیا

خود سے۔۔!!

اپنا سر جھکائے اپنا چہرہ بالوں میں چھپاتے ہوئے حور

خود سے کہتی ہے۔

ڈارلنگ گندی باتیں کرنے والی ہو کیا جو اتنا سوچ رہی ہو

کیچن میں فریج کے پاس کھڑا اپنے لیے فریج سے

تیز ٹھنڈے پانی کی بوتل نکالتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ن۔۔نہیں تو میں کیوں گندی باتیں کروں گی وہ نام۔۔میں

آپ کے لیے ایک آفر لائی تھی۔۔"

حور کیچن کے باہر کھڑے ہو کر دیریک کو دیکھتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

کیسی آفر۔۔؟؟ دیریک پانی کی بوتل لیے کیچن سے باہر

نکلتے ہوئے حیرانگی سے پوچھتا ہے۔۔

میں نے آپ کے پیسے لوٹانے کا حل سوچا ہے۔۔!!

حور مسکراتے ہوئے کندھے اچکاتے ہوئے کانفڈنس کے ساتھ

کہتی ہے۔

کیسا حل۔۔؟؟ دیریک ڈائننگ ٹیبل کی کرسی کھینچتے ہوئے

تجسس سے پوچھتا ہے۔

میں نے سنا ہے آپ کو کھانے کو بہت شوق ہے

تو میں سوچ رہی ہوں آپ کی شیف بن جاتی ہوں میں بہت

مزہ کا کھانا بناتی ہوں

اراک بھائی نے بھی میری تعریف کی تھی۔۔

حور دیریک سے کہتے کہتے اس کے قریب اس کے چند

قدم کے فاصلے پر کھڑی ہو کر پر جوش لہجے میں

اپنے ہاتھوں کی تالی بجاتے ہوئے کہتی ہے۔

حور کے چہرے پر مسکراہٹ بکھری تو وہی اراک کے نام پر

دیریک کا خون کھول اٹھا

مجھے کھانے کا شوق نہیں ہے حسبِ ضرورت کے لیے

کھاتا ہوں بس۔۔!!

دیریک کرسی پر بیٹھے گلاس میں اپنے پانی ڈالتے ہوئے

گلاس کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے نظریں گلاس پر تھی پر پانی سے بھرا گلاس

بھی اس کی نظروں سے اوجھل تھا جیسا

پانی بہہ کر نیچے ٹیبل پر گر رہا تھا حور حیران کن

نظروں سے ڈیریک کو تو کبھی پانی ٹیبل سے ہوتا زمین پر

گرتا دیکھتی ہے۔۔

یہ کیا کررہے ہیں پانی سارا پھیل گیا ہے۔!!

ڈیریک کے ہاتھ سے پانی کی بوتل لیے پکڑے اسے ٹیبل

پر رکھتے ہوئے پریشانی کے عالم میں کہتی ہے۔۔

حور نے بوتل ٹیبل پر مکمل رکھی بھی نہیں تھی کہ ڈیریک اسے

کلائی سے پکڑے اوپن کیچن کی باہر والی دیوار سے پن

کردیتا ہے حور کی کلائی اسی کی کمر سے لگائے اس پر

گرفت بڑھاتا ہوا سخت نظروں سے حور کو دیکھتا رہتا ہے۔

ڈیریک کے اچانک سے کھینچنے پر حور کا دوپٹہ اس کے کندھے

سے گر کر زمین پر گرے پانی پر جا گرتا ہے جو دھیرے دھیرے اس

سارے دوپٹہ کو گیلا کرتا جارہا تھا۔۔!!!"

♡_____♡.....♡_____♡

باسیل کو بھی واپس حویلی پہنچے رات کے 3 بج گئے تھے شیزا کو گھر چھوڑ

اسی کی گاڑی میں وہ واپس حویلی آتا ہے گاڑی حویلی کے دروازے کے آ

پارک کیے ایک سرسری سی نظر وہاں موجود گارڈز پر ڈالتا ہے جو تھکے ہوئے

تھے لیکن پھر بھی اپنا کام باخوبی بنا کسی شیکایت کے انجام دے رہے تھے۔۔

باسیل نے پہلے سے زیادہ گارڈز رکھوا لیے تھے جب کچھ گارڈز تھک جائیں

ان کی وجہ دوسرے لے لیں۔۔!!"

باسیل گارڈز سے نظریں ہٹا کر گاڑی کا دروازہ بند کیے حویلی میں داخل ہوتا

ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا چھایا ہوا تھا رات کے اس پہر یہ ہی منظر ہوتا

حویلی کا

لیکِن کہیں کہیں کچھ روشنیاں ہوتا تھیں جو حویلی میں اندھیرے میں بھی او

کر رکھتی تھی لیکن آج کا منظر

تو کچھ عجیب ہی تھا۔۔

اتنا اندھیرا کیا ہوا ہے پورے گھر میں بندہ گھر میں آیا ہے

یا قبر میں ہے پتا نہیں چل رہا ہے۔۔

باسیل اپنے کوٹ کی جیب سے اپنا موبائل نکال کر لائٹ

آن کرتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل سیڑھیوں پر چڑھنے سے پہلے لائٹ آن کرتا ہے اور

موبائل اٹھائے سیڑھیوں پر روشنی کرتا ہے

باسیل کے موبائل کی روشنی جیسے ہی سیڑھیوں پر پڑتی

ہے سفید سوٹ میں سر پر پٹی باندھی ہوئی دونوں ہاتھ

سینے پر باندھے ہوئے روحی لال سرخ ہوتی نظروں سے

باسیل کی طرف غصے میں دیکھتی ہے۔۔

سیڑھیوں پر کسی کو کھڑا محسوس کرتے باسیل اس کے پیروں سے لے

روشنی اس کے چہرے تک

لے کر جاتا ہے نظریں جیسے ہی روحی ہے چہرے پر پڑتی ہے

باسیل کو اس وقت روحی کسی روح سے کم نہیں لگ رہی تھی۔

روحی کے چہرے کی جناب دیکھتے ہوئے باسیل فوراً سے مڑ کر

ایک ہاتھ اپنے سینے پر رکھے دوسرا ہاتھ اپنے سر اپنی

آنکھوں پر رکھے آنکھیں بند کیے اپنے تیزی سے بڑھتی ہوئی ڈھرکنوں

کو کنٹرول کرنے لگتا ہے۔۔

وہ اپنی اس کیفیت کو سمجھتے ہوئے خود اسے جھٹلانے کی

کوششیں کرتا ہوا مڑنے لگتا ہے پر وہ جھٹلا بھی نہیں پارہا تھا کہ

وہ ڈر گیا تھا۔۔

باسیل اپنے دل کو اپنی دھڑکنوں کو نارمل کرتے ہوئے مڑ کر

جیسے ہی روحی کی طرف دیکھتا ہے و سیڑھیوں سے

اتر کر اس کے پیچھے آکھڑی ہوتی ہے۔

روحی کو اپنے سامنے اسی انداز میں کھڑا دیکھ کر باسیل

اپنی سانسیں روک لیتا ہے۔۔

"کہاں تھے آپ..؟؟"

روحی غصیلے نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے اور

پوچھتے ہوئے باسیل کی طرف قدم بڑھاتی ہے۔۔

جو اس سے ڈرتے ہوئے اپنے قدم پیچھے کی طرف بڑھتا جارہا تھا۔

"یہی تمہارے دل میں دماغ میں اس کے علاوہ

میں اور کہاں جا سکتا ہوں"

باسیل اپنے لب بھینچتے ہوئے زبردستی کی مسکراہٹ چہرے

پر سجاتے ہوئے کہتا ہے۔

"جہنم میں"

روحی اپنے دونوں ہاتھ نیچے چھوڑتے ہوئے کہتی ہے۔

"اور مجھے لگا بھی تھا کہ آپ وہی کے لیے نکل

گئے ہیں تب ہی تو گھر واپسی کا راستہ نظر نہیں آرہا تھا آپ کو"

باسیل کے پیچھے ہٹتے قدموں کو دیکھتے ہوئے اس

کے قریب بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کا ایک ایک قدم باسیل کے دل کی دھڑکنیں بڑھا رہا تھا

جو یقیناً ڈر کی وجہ س بڑھ رہی تھی۔

"آئی میری گڑیا مس کررہی تھی تم مجھے.؟؟"

باسیل رک کر ایک گہری سانس لیے ہوئے مسکراتے ہوئے روحی

کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل کے موبائل کی روشنی ہی تھی اس وقت جو ان دونوں

کے ایک دوسرے کا چہرہ ظاہر کررہی تھی۔۔

"مجھے بھوک لگ رہی تھی آپ کے انتظار میں

صبح سے رات ہوگئی ہے اور میں ابھی بھی بھوکی ہوں "

باسیل کے ہاتھ اپنے چہرے سے ہٹاتے ہوئے اسے پیچھے کی

طرف دھکا دیتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کے دھکا دینے پر باسیل اس سے ایک قدم پیچھے ہوجاتا ہے۔

"تو کھانا کھا لینا چاہیے تھا نا یا پھر کہیں

کچھ اور کھانے کا تو ارادہ نہیں کر بیٹھی تھی..؟؟"

"جس کے چکر میں صبح سے بھوکی ہوں"

باسیل اپنے آپ کو کمپوز کرتا پرسکون کرتے ہوئے شرارتی

انداز میں کہتا ہے۔۔

"بلکل صحیح اندازہ لگایا آپ نے میرا دل

کچھ اور کھانے پینے کو کررہا ہے"

روحی باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے غصے سے ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے ک

ہے۔

"اور وہ کیا ہے..؟؟"

باسیل کا دل پھر تیزی سے دھڑکنے شروع ہوگیا تھا۔۔

"آپ کا گوشت اور آپ کو خون پینے کا

دل کر رہا ہے میرا"

روحی باسیل کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے سیریس فیس

میں کہتی ہے۔

"صبح سے انتظار کر کر کے غصے میں حالت میری

ہوگئی ہے اور جناب کو لیٹ آکر بھی رومینس سوجھ رہا ہے"

روحی کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ باسیل کو بھی آج بدر کی

طرح پیٹ ڈالے

"اچھا نا ایسے غصہ نہیں کرتے ہیں

اب میں آگیا ہوں نا آجاؤ مل کر کھانا کھاتے ہیں"

باسیل روحی کو بازوؤں سے پکڑتے ہوئے اسے اپنے قریب کرتا

اس کے غصہ کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

"اب تو آپ بھاڑ میں جائیں بے شک جہنم میں جائیں اور وہی

جا کر جہنم کے دروگا کے ساتھ کھانا کھا لینا"

روحی باسیل کے سینے پر ہاتھ رکھے تلخی اور غصہ میں

کہتی ہوئی واپس سیڑھیوں کی طرف قدم بڑھاتی ہے۔

"میں جنتی ہوں جہنم میں جا کر کیا کروں گا..؟؟"

روحی کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے سیڑھیوں پر چڑھتے ہوئے

اس کے لیے آگے ہاتھ بڑھا کر روشنی کرتے ہوئے کہتا ہے۔

جنتی..؟؟ منہ دیکھا ہے اپنا جنتی والا صاف صاف والا جہنمی انسان

کا لک دے رہے ہیں"

روحی درمیانی سیڑھیوں پر کھڑی ہو کر مڑ باسیل

کو دیکھتے ہوئے ہاتھ سے اس کے چہرے کی جانب اشارہ کرتے

ہوئے کہتی ہے۔

"قبر میں پیر لٹک رہے ہیں لیکن پھر بھی سکون سے

نہیں رہنا اور نا رہنے دینا ہے"

"اب سن نا لینا میرے منہ سے کچھ"

روحی غصے میں پیر سیڑھی پر پٹکھتے ہوئے کہتی ہے اور

کہتے ہی وہ دوبارہ سیڑھیوں پر چڑھنے لگتی ہے

"اتنا سب تو سنا دیا ہے اب کچھ رہ گیا ہے...؟'

روحی کو دوسرے فلور پر کھڑا دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

"ہاں رہ گیا ہے..!!!

روحی مڑ کر مسکراتے ہوئے باسیل کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

"کیاا..؟؟"

باسیل روحی کی اچانک سے مسکراہٹ چہرے پر دیکھ حیرانگی سے دیکھتے ہو

کہتا ہے۔

"آپ کو کمرے سے باہر نکالنا

روحی مسکراتے ہوئے کمرے کی جانب اشارہ کرتے ہوئے

بولتی ہے اور کہتے ہی چہرے سے ساری ہنسی غائب کیے

باسیل کو پھر غصے سے بھری نگاہوں سے دیکھتی ہے۔

خبر دار جو میرے

کمرے میں قدم رکھا حشر نشر کردوں گی میں آپ کا"

روحی اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں باسیل کی نظروں کے سامنے

کیے گلا دبانے والے اشارے سے کہتی ہے۔

باسیل کے موبائل کی روشنی میں وہ واقع ہی اس وقت خوفناک منظر پیش

رہی تھی جیسے کسی ڈراؤنی مووی سے

نکلی ہوئی چڑیل ہو۔۔۔!!.

"یار یہ ظلم نا کروں دیکھوں باہر بارش ہورہی ہے

ٹھنڈ ہورہی ہے میں کہاں جاؤں گا..؟؟"

باسیل معصومانہ انداز میں کہتا ہوا سیڑھیوں پر چڑھتا ہے۔

"بولا نا جہنم میں سکون سے گزاریے گا اپنی سرد

راتیں وہاں یہاں ٹھنڈ ہے نا وہ پرفیکٹ جگہ ہے آپ کے لیے "

روحی جے جیسے سامنے دوسرے فلور کی پہلی سیڑھی پر کھڑا ہوتا ہے روحی ا

لب بھینچتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے

ہی کمرے کی طرف اپنا رخ موڑتی ہے۔

سرسری سی نظر روحی دوبارہ مڑ کر باسیل کو دیکھتی ہے جو

کمرے کے دروازے کو دیکھ رہا ہوتا ہے باسیل دروازے کی طرف قدم بڑ

اس سے پہلے ہی روحی کمرے میں بھاگ کر

جاتی ہے اور دروازے کو اندر سے لاک کر دیتی ہے۔

میں نے بی کہا نا میں جنتی ہوں جہنم میں میرا کیا کام۔۔؟؟

باسیل جب تک ہوش سنبھالتا روحی اپنا کام کر چکی تھی۔

لونگی ڈانس کرلینا کمپنی لینے کے لیے اس بندر کو

بھی لے جائیں اپنے ساتھ دونوں بھائی وہاں جا کر اپنی اپنی

مرضی کا ڈانس کرنا اور دروگا کو انجوائے کروانا

شاید رحم کرلیں کچھ وہ آپ پر۔۔!!

روحی بلند آواز میں کہتی ہوئی اپنے لیے الماری سے ٹراؤزر

شرٹ نکالے واش روم کی طرف بڑھتی ہے۔

بیوی تو کر نہیں رہی دروگا کرے گا میرے چاچے کا بیٹا لگتا

ہے وہ۔۔!!!"

باسیل غصے میں دروازے کو گھورتے ہوئے کہتا ہے۔۔

ظالم عورت نا کھانا دیا نا کمرہ اب میں کہاں جاؤں۔۔؟؟

باسیل تھکاوٹ سے پہلے ہی چور ہوا پڑا تھا اب کمرے سے۔بے دخل ہوتے

اس کا دماغ سن ہو رہا تھا۔۔

سچ مچ کی چڑیل ہو تم روحی تمہیں اللہ پوچھیں گے اپنے

شوہر پر ظلم کرتی کو سزا ملے گی پکا ملے گی۔۔۔!!!

♡_____♡.....♡_____♡

اب ہم کدھر جائیں۔۔۔؟؟

باسیل مڑ کر اپنی کمر پر دونوں ہاتھ رکھے اپنی پوری

حویلی میں نظریں دوڑاتے ہوئے کہتا ہے۔

اووو۔۔۔۔میری ایک اولاد بھی تو ہے اس کے پاس بھی تو

کمرہ ہے۔۔!!"

باسیل نظریں گھماتے ہوئے عالیان ہے کمرے پر نظریں جمائے

کہتا ہے۔۔

حد ہے بیٹے کے پاس بھی کمرہ ہے پر باپ کے پاس نہیں۔۔!!!

باسیل کہتے ہوئے اپنا کوٹ اتارتے عالیان کے کمرے کی طرف

بڑھتا ہے جہاں وہ آج بیڈ پر سکون سے سویا ہوا تھا

روحی اسے اسی کے کمرے میں آج سلادیتی ہے جھولے کی عادت

ختم کروانے کے لیے۔۔!!'

عالیان کے کمرے کا دروازہ کھولے باسیل پہلے تھوڑا جھانک

کر دیکھتا ہے اندر کا ماحول عالیان کو سکون سے

سوتا دیکھ کر باسیل گہری سانس لیے دبے دبے قدم اٹھائے

کمرے میں داخل ہوتا ہے۔۔

کمرے میں ہلکی سی روشنی جل رہی تھی روشنی کو

دیکھتے ہوئے باسیل اپنے فون کی لائٹ بند کیے ٹیبل پر رکھے اپنا کوٹ عال

کے جھولے پر پھینک دیتا ہے اور اپنے

جوتے اتارے واش روم میں منہ ہاتھ دھونے چلے جاتا ہے۔

منہ ہاتھ دھوئے اور ساتھ ساتھ پیر بھی دھو کر

وہ تھوڑا بہت پرسکون محسوس کرتا کمرے میں

واپس آتا یے تو پانی پینے کے لیے پورے کمرے میں نظریں دوڑاتا ہے پر

اسے کہیں بھی نہیں ملتا ہے۔۔!!

پانی کی بوتل پینے باسیل کمرے سے باہر نکلتا ہے اور سیدھا

کیچن میں جاتا ہے پانی کی بوتل لیے باسیل کچھ پل کے

لیے باہر گارڈن میں جا کر کھلی فضا کے نیچے رات کے

اس پہر گھاس پر لیٹ جاتا ہے اور گہری سانس لیتے ہوئے آسمان

کی طرف دیکھتا ہے جو بادلوں میں گھیرا ہوا تھا

بجلی جو کچھ دیر پہلے سے تھم گئی تھیں پر اب پھر سے

بجلی کڑکنا زور و شور پر تھی

باسیل آسمان میں بجلیوں کی چمک اور اس کی آواز سنتے ہوئے

اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے۔۔

باسیل کو زمین پر لیٹا دیکھ کر کچھ گارڈ فخریہ انداز میں

اور کچھ حیران کن نظروں سے باسیل کو دیکھ

رہے ہوتے ہیں۔۔!!"

روحی کے بھی صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا بھوک

نے برا حال کر رکھا تھا اس کا اوپر سے اراک اور

باسیل نے اس کا زخمی دماغ اور مزید خراب کیا ہوا تھا۔

روحی بھی ٹراوزر شرٹ پہنے ہوئے اپنے پیروؤں کو

سیلیپرز پہننے ہوئے کمرے سے باہر نکلتی ہے تو سرسری سی

نظر اٹھاکر وہ اپنے سامنے سامنے دیکھتی ہے اور واپس نظریں جھکا لیتی ہے

پہلے تو غور نہیں کرتی ہے پر جیسے ہی سر اور نظریں

جھکاتی ہی سامنے کسی کا بھاگتا ہوا سایہ دیکھ روحی کے

ہاتھ پیر برف کی طرف جمع وہی اسی جگہ پر جمع ہوگئے تھے۔

روحی اپنی شرٹ کو مٹھی میں جکڑتے ہوئے سر اٹھا کر

اپنے اطراف میں دیکھنے لگتی ہے وہ جیسے ہی مڑ کر

پیچھے کی جانب نظریں اٹھانے لگتی ہے مووی روم سے جہاں پروجیکٹر لگا ہو

اس کمرے سے نکل کر بدر

ہاتھ میں پیزا کا ڈبہ پکڑے جس میں 4 پیس تھے

روحی کو دینے کے لیے اس کے پاس ہی آرہا تھا کہ پیزا روحی کو دیتا اس

پہلے ہی روحی کا ایک زور دار مکہ

بدر کے منہ پر اس کے ناک پر جا لگتا ہے جس سے وہ بنا کچھ کیے بنا

بولے سر کے بل سیدھا زمین پر جا گرتا ہے

ہاتھ میں پکڑا پیزا کا ڈبہ بھی بدر کے ساتھ ساتھ زمین پر

گرتا ہے پر ڈبہ کھلتا نہیں ہے

پر بدر کا ناک ضرور کھل جاتا ہے جس سے خون اسی

پل بہنا شروع ہو جاتا ہے۔۔"

کتے، کمینے تجھے آدھی رات کو میں ہی ملی تھی ڈارنے

کے لیے

روحی بدر کو اچانک پیچھے آدھی رات کو دیکھ کر غصے میں زمین پر کھلی آنکھ

سے گرے ہوئے بدر کو دیکھتے ہوئے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہو

شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

بدر کے 14 طبق چودہ کیا 28 طبق روشن ہو چکے تھے۔

سب گھوم رہا ہے۔۔!!'بدر چھت کی طرف دیکھتے ہوئے ہاتھ سے گول گ

گھومنے والا اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

گھومے گا ہی آخر کار بوکسر روحی کا مکہ لگا ہے

کسی عام انسان کا تھوڑی۔۔!!

روحی اپنے کندھے پر بکھرے ہوئے بالوں کو جھٹکے سے ادا

سے اڑاتے ہوئے کہتی ہے کہتے ہوئے بدر سے نظریں ہٹائے

وہ دوبارہ اسی جگہ سامنے کے بند روم کی

طرف دیکھتی ہے جہاں اب سے ہی نہیں پتا نہیں کتنے وقت سے کوئی نہیں

جتنے کمرے اب استعمال میں ہیں پہلے تو اتنے بھی نہیں ہوا کرتے تھے۔۔

جو بند تھے وہ صفائی کروانے کے بعد دوبارہ بند کر دیئے

گئے تھے۔

روحی ان کمروں کی جانب بنا ڈرے دیکھتی ہے اور دیکھتے ہی اپنی نظریں ہٹا
ہے لیکن پھر دوبارہ سے اسی جگہ دیکھتی ہے جہاں پہلے اسے کسی کا سایہ محسو
ہوا اس جگہ پر دیکھتے ہوئے وہ کمروں کی طرف دوبارہ نظر اٹھاتی ہی ہے
ان میں سے ایک کمرے کا دروازہ تھوڑا سا کھلتا دیکھ کر فوراً سے اپنے دل
ہاتھ رکھے اپنی آنکھیں میچتے ہوئے اسی پل زمین پر بیٹھتی ہے پر
بدر کے پیٹ پر گڈھنا رکھتے ہوئے گڈھنے کے وزن سے
بدر زور سے چیخ مارنے کے لیے منہ کھولتا ہی ہے کہ روحی اس
کا کھلا منہ دیکھ کر اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیتی ہے۔

نا وہ اس کی چیخ نکلنے کے دے نا اس کو سکون لینے

چڑیل۔۔۔!!'روحی سامنے والے کمروں پر نظریں جمائے ہوئے

کہتی ہے بدر کو اشارہ کرتے ہوئے بولی ساتھ ہی ساتھ بدر کے پیٹ پر اور

ڈالتی ہے۔

بدر کی تو انتڑیاں ہی باہر آنے والی ہوگئی تھی۔

بدر ہمت کرکے اپنے منہ سے روحی کاہاتھ ہٹا کر اٹھنے کی

کوشش کرتا ہے اور وہ ہاتھوں کے بل اٹھ کر زمین پر بیٹھتا ہے کہ روحی

اپنے سے دور

ہلکا سا دھکا دیتا ہے جس سے روحی دیورا سے جا لگتی ہے اس

کا سر دیوار سے لگتا ہے پر زیادہ زور سے نہیں پر جتنی زور

سے لگتا ہے اس میں روحی کے سر سے ہلکا ہلکا سا

خون کے نشانات اس کی پٹی پر لگنے شروع ہو جاتے ہیں۔جو سارا دن ڈریسنگ

بدلنے کی وجہ سے بھی بن رہے تھے۔

چڑیل کی بچی تو تو ہے وہ بھی پرانے درخت پر الٹی لٹکی ہوئی چڑیل

بدر چیختے ہوئے کہتا ہی ہے اسے چپ کروانے کا روحی کو

کوئی طریقہ نہیں ملتا ہے بدر کے بالوں کو مٹھی

میں پکڑے روحی زور سے اس کا سر کھینچتے ہوئے اسے

اپنی طرف اپنے ساتھ دیورا کے ساتھ لگاتی ہے۔

گٹر سے نکلے کیڑے کبھی اس گٹر کا ڈھکن بند

بھی کرلیا کر۔۔!!

بدر کے منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولی

بدر کے بالوں کو چھوڑتے ہوئے اس کی بازوؤں میں اپنے ناخن گاڑھتے ہو

اپنے دانت بھینچتے ہوئے اسے آنکھوں سے ہی خاموش ہونے کا اشارہ ک

ہے۔۔

چڑیل چھوڑ مجھے۔۔!!!"

بدر درد میں کراہتے ہوئے کہتا ہے۔

تیری ہمت کیسے ہوئی مجھے دھکا دینے کی۔۔!!

روحی دوسرے ہاتھ کے ناخن بھی بدر کی بازوؤں میں گاڑھتے ہوئے کہتی ہ

چھوڑ دے چڑیل پتا چل گیا مجھے تو سچ مچ کی چڑیل ہے

چھوڑ ڈائین۔۔!!!

بدر اپنی بازوؤں روحی کے ہاتھوں سے کھینچنے کی

کوشش کرتا ہے پر وہ اس پر گرفت اتنی مضبوط کیے بیٹھی تھی کہ بازو

چھوڑوانے پر بدر کو ہی زیادہ درد ہورہا تھا۔۔

آہ ہ۔۔۔۔۔بدر کی درد بھری چیخ نکلتی ہی ہے کہ روحی اس

کے منہ پر تھپڑ مارے اس کی چیخ اس کے منہ میں ہی

دفن کر چکی تھی۔۔!!"

چیخ مت وہ سچ مچ کی چڑیل ہماری طرف آ جائے گی۔

روحی سامنے کمرے کے دروازے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے

جو پہلے کھلا تھا اب وہ بند ہوچکا تھا۔۔

کمرے کے دروازہ اب بند دیکھ روحی ڈر کے ساتھ ساتھ حیران بھی ہورہی

۔۔

کون سی چڑیل۔۔؟؟ بدر روحی کا ہاتھ منہ سے اور اپنی

بازوؤں سے ہٹاتے ہوئے غصے میں کہتا ہے۔

وہی جو سامنے کمرے میں ہے وہ دروازہ پہلے کھلا تھا اب وہ بند ہو گیا ہے۔۔

روحی ڈرے ہوئے لہجے میں کمرے کی طرف اشارہ

کرتے ہوئے کہتی ہے اس کے رونگٹے کھڑے ہونے لگ گئے تھے۔

پاگل ہوگئی ہے کیا وہ کمرہ بند ہے لاک ہے وہاں کوئی نہیں ہے۔

بدر اپنی بازوؤں مسلتے ہوئے اس کے ناخن کے نشانات کو دیکھتے ہوئے کہتا

اور کہتے ہی اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔۔

میں سچ کہہ رہی ہوں میں نے ابھی کسی کا سایہ دیکھا تھا

جس سے ڈر کر ہی تو میں نے تجھے وہ سمجھ

کر مار دیا تھا۔!!

روحی سر اٹھا کر بدر کے چہرے کو دیکھتے ہوئے ڈرے

ہوئے لہجے میں کہتی ہے۔

بہت ہی بکواسس جھوٹ بول رہی ہے قسم سے پہلے کبھی کوئی وجہ یا بہانہ

ہے تجھے مجھے مارنے کے لیے جو اب بہانہ

کر رہی ہے۔۔

بول دے بھائی کا غصہ نکالا ہے بات ختم کر معافی مانگ کر

بدر اپنی بازوؤں کو مسلتے ہوئے رک کر اپنے دونوں ہاتھ کمر

پر رکھے زمین پر دیوار سے لگی روحی کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔

سوری بولے گی تجھے اس جنم میں صرف میری جوتی

اور رہی بات تیرے بھائی کی اس کا غصہ تو اس پر ہی نکلے گا باسیل سکندر

میں خود اپنے انداز میں بدلہ لوں گی

سمجھتے کیا ہیں وہ روحی کو روحی لندن میں کسی آگئی ہے سب نے مجھے نا شک

سمجھ لیا ہے اب دیکھاتی

ہوں میں سب کو روحی اصل میں ہے کیا

خاص طور پر تیرے بھائی کو۔۔اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے ہوئے اپنے دا

پیستے ہوئے غصے میں کہتی ہے۔

بڈھے ہوگئے ہیں لیکن حرکتیں چیک کرو جوانوں کی طرح آدھی رات کو

کے 3 بجے گھر آرہے ہیں

میں ان کی نوکر ہو جو رات کے تین بجے تک ان کا انتظار کرتی پھیروں۔۔

روحی زمین پر بیٹھی ہوئی اپنے سر پر بدر کو کھڑا دیکھ

اس کی ٹانگ کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے اپنی بات جیسے ہی

مکمل کرتی ہے بدر کی ٹانگ کو پنڈلی سے زور سے

اپنے ہاتھوں میں بھینچے وہ اپنے غصے کو نکالنے لگتی ہے۔

تجھے فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے سمجھ آئی۔۔۔!!!

روحی بدر کی ٹانگ پر ایک مکہ مارتے ہوئے کہتی ہے اپنے دونوں ہاتھوں

اپنے بالوں کو دونوں طرف گردن سے ہٹاتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہتی ہے

بدر تو جیسے پتھر کا ہو گیا تھا اس پر کچھ اثر نہیں کر رہا تھا۔

بھلائی کا اور نیکی کا تو زمانہ ہی نہیں رہا میں تیرے لیے

پیزا لایا اپنا آدھا بچا کر پر اب تو بھوکی رہے

چڑیل کہیں کی۔۔!!!

بدر جھک کر اپنی ٹانگ کو جھاڑتے ہوئے زمین سے پیزا کا ڈبہ اٹھاتے ہو

کہتا ہے۔

بدر ر۔۔رک جام۔۔۔میں سچی میں کہہ رہی ہوں اس حویلی

میں چڑیل ہے یا جن ہے پر کوئی تو ہے۔۔۔!!

روحی بدر کو جاتا دیکھ کر اس کی پینٹ پکڑے اس کی پینٹ کھینچتے ہوئے ڈر

ہوئے دروازے کو دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

ہاں میں جانتا ہوں یہاں چڑیل ہے اور وہ تو ہے میری پینٹ

چھوڑ اتر جائے گی یہ۔۔!!

بدر اپنے دونوں ہاتھوں سے پیزے کے ڈبے سمیت پینٹ پکڑتے ہوئے

ہے۔۔

چھوڑ میری پینٹ چڑیل۔۔۔!!!بدر کھینچتے کھینچتے

روحی کے ہاتھوں سے اپنی پینٹ آزاد کروالیتا ہے۔۔"

اصل میں کوئی چڑیل وغیرہ میں نہیں ہے پاگل حقیقت میں

جو چڑیلیں ہوتی ہیں وہ بس تمہاری جیسی ہوتی ہے

اور میری بیوی جیسی بھی

بدر اپنے پینٹ ٹھیک کرتے ہوئے اپنی بیوی کے نام پر

آواز دھیمی کرکے کہتا ہے۔۔

روحی کی مسلسل نظریں اسی کمرے کے دروازے پر ہوتی ہیں جو کبھی کھل

تھا تو کبھی بند ہو رہا تھا۔۔

شکل دیکھ اپنی۔۔!!آدھی رات کو شیشے میں کیوں دیکھا تم

نے خود حالت چیک کرو اپنی۔۔۔!!"

بدر روحی کی نظریں اس کے چہرے پر ڈر دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔تمہارا کچھ نہیں ہوسکتا ہے اپنے آپ کو دیکھنے کے

بعد بھی کوئی اتنا ڈر سکتا ہے واہ واہ کیا بات ہے۔۔

بدر کہتے ہوئے اپنے کمرے جانے کے لیے قدم اٹھاتا

ہی کے کہ اس کی نظر اسی کمرے کے دروازے پر پڑتی ہے

جو بند تھا پر بدر کے پلٹتے ہی وہ تھوڑا سا کھل جاتا

دروازہ کھلتا ہی ہے کہ تو بدر کو کسی کا سایہ نظر آتا ہے جو اس کے پیر کو

اپنی جگہ پر ساکت کر جاتا ہے پر سر آسمان گرا جاتا ہے۔۔

روحی اور بدر دونوں کی نظریں اس کمرے پر جمی ہوئی

تھی جہاں گھپ اندھیرا تھا کچھ نظر نہیں آرہا تھا۔

بجلی کڑکتی ہے تو کمرے میں روشنی ہوتی ہے تو وہاں چلتا ہوا سایہ نظر آتا

۔۔

امی۔۔۔!!!'روحی بھی وہی سایہ دیکھتے ہی اب رونے والی ہوگئی تھی۔۔

امی سچی کی چڑیل۔۔۔!!'

بدر بھی رونے والی آواز میں کہتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف

دوڑتے ہوئے جانے لگتا ہے کہ روحی بدر کی شرٹ ہاتھ میں پکڑے اسے

سے اپنی طرف کھینچتی ہے۔۔

دونوں ڈر کے مارے کانپنے ہانپنے لگ جاتے ہیں دونوں ریلنگ کے پائپ پکڑ

ہوئے اس کمرے پر نظریں جمائے ہوئے زمین پر

دبک کر بیٹھے ہوئے تھے۔۔

کدھر بھاگ رہا ہے تو گاؤں کا سردار ہے جا کر دیکھ اندر کون

ہے۔۔ہمارے بچے ہیں ان کی حفاظت کے لیے جا چیک

کر کے آ۔۔!!"

روحی بدر کو کمرے کی طرف دھکا دیتے ہوئے کمرے کی

طرف جانے کا کہتی ہے۔۔

م۔۔میں پ۔۔۔پا۔۔پاگل ہ۔ہوں ک۔۔کیااا۔۔۔؟؟

ت۔۔۔تو۔جا۔۔تیری د۔۔دوست۔۔ہ۔۔ہے۔۔و۔۔وہ۔۔۔!!"

بدر اپنی شرٹ روحی کے ہاتھ سے چھوڑواتے ہوئے کہتا ہے۔

تیری دوست ہے۔۔؟؟ بدر کے الفاظ دہراتی ہے۔۔

م۔۔میں کیا چڑیلوں کی یونیورسٹی سے ہوں جو یہ میری دوستیں ہیں۔۔

روحی بدر کی بازوؤں پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

ہاں تو چڑیل بننے میں پی ایچ ڈی نہیں کررہی ہے تو۔۔۔"

بدر حیرانگی سے پوچھتا ہے۔۔

بکواس نہیں کر بندر ورنہ تجھے اس کا ناشتہ بنوانے میں دیر نہیں کروں گی۔۔

روحی غصیلی نظروں سے دیکھتے ہوئے دھمکانہ لہجے میں کہتی ہے۔

مجھے تو لگتا ہے یہ ان لڑکیوں میں سے ہے جیسے تو نے دھوکا دیا تھا کچھ س

پہلے عشق معشوقی کرکے "

روحی بدر کی بازوؤں کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھتے

اس کے بلکل ساتھ لگ کر دروازے کی طرف

اشارے کرتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی کی بات غور سے سنتے ہوئے بدر کے ہاتھ سے پیزا

کا ڈبہ گرتا ہے جو گرتے ہی ایک زور دار آواز

سنائی دیتی ہے اس آواز کو سنتے ہوئے دونوں اپنی سانسیں

خشک ہوتا محسوس کرتے ہوئے دروازے کی جانب دیکھتے ہیں جہاں درواز

تو کھلا تھا پر کوئی سایہ نہیں تھا۔

دیکھا کوئی نہیں ہے وہاں تو تو۔۔۔

بدر کہہ ہی رہا تھا کہ اچانک سے دروازہ اور کھلتا ہے اور

کسی لڑکی کا صحیح سے سایہ نظر آتا ہے۔

روحی بدر سائے کو دیکھتے ہوئے اپنی آنکھیں بند کیے

سانس روکے زمین پر بیٹھ جاتے ہیں۔۔

دونوں کے دل کی دھڑکنیں تیزی سے بڑھنے لگ گئی تھیں اتنی تیزی سے

دونوں ایک دوسرے کی دھڑکنیں سن

پا رہے تھے۔۔

ک۔۔کیا ایسا ہو سکتا ہے۔۔؟؟

بدر ڈرے ہوئے لہجے میں پوچھتا ہے۔

ہاں نا مرنے والی بات ہی ہے یہ کہ کسی کو تجھ سے محبت

ہوئی ہے۔۔

اگر میں ان لڑکیوں میں سے ہوتی نا جنہیں تجھ سے کبھی

محبت تھی تو میں بھی یہ کام کب کا کر چکی ہوتی چڑیل

بنکر تیری زندگی ہی سب سے پہلے برباد کرتی ہے

اور ہر وقت یہ گانا گاتی رہتی میں۔۔

"تم ہی نے میری زندگی خراب کی ہے

تم ہی نے میری زندگی برباد کی ہے۔

روحی بدر کے ڈر کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے اس سٹیویشن میں بھی اپنی ہنسی کو

کرتے ہوئے گانا گاتی ہے اور گاتے

ہی اپنا گلہ کھنگارتی ہے۔

بدر روحی کے گانے کو پہلے غور سے سنتا ہے جب بات اس کی سمجھ میں

ہے روحی کی بازوؤں میں قید

اپنی بازوؤں زور سے چھوڑواتے ہوئے فورا سے اٹھ کھڑا

ہوتا ہے۔۔

ہوگیا۔۔؟؟ کرلی بکواس۔۔؟؟ بدر ریلنگ پر ہاتھ رکھ کر تنزیہ لہجے میں کہتا

۔

یہ گانا تو مجھے گانا چاہیے ہر وقت یہ سب تو میرے ساتھ ہو رہا ہے۔می

زندگی تو تم نے اور میری بیوی نے خراب کی ہوئی ہے وہ لفظوں سے مارتی

اور تم حاتوں سے چڑیل تو ہو تم اصل زندگی کی۔۔

بدر دونوں ہاتھ کمر پر رکھے روحی کو زمین پر بیٹھا دیکھ

گندا سا منہ بنا کر کہتا ہے۔۔

ایسا نہیں ہے بد۔۔۔ر۔۔۔۔روحی زمین سے اٹھتے ہوئے کہہ ہی رہی ہوتی

کہ بدر کے پیچھے کچھ فاصلے پر رات کے اس پہر اندھیرے میں وہی سایہ ک

دیکھ روحی کی تو سانسیں بند ہوگئی ہے۔۔

پ۔۔ی۔۔پیچھے دیکھ۔۔۔!!روحی بدر کو دھیمی سی آواز

میں کہتی ہے۔

میں بدر سکندر ہوں میں آگے کی طرف دیکھنے والا شخص ہوں پیچھے دیکھنا

کام نہیں۔۔!!

بدر ٹیڑھی سمائل کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پیچھے تو دیکھو۔۔!!روحی اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اپنا رُخ

سیڑھیوں کی طرف موڑتے ہوئے کہتی ہے۔

کیا ہے پیچھے۔۔؟؟ بدر پوچھتے ہوئے جیسے پلٹتا ہے

سایہ کو دیکھتے ہوئے وہ بھی اپنے نزدیک بدر کی ایک

زور دار چیخ نکلتی ہے جیسے نکلتا دیکھ روحی بھی اتنی ہی زور سے چیختے ہو

سیڑھیوں سے نیچے اتر کر

بھاگنے لگتی ہے۔۔

دونوں کی چیخ کی آواز اتنی بلند تھی کہ حویلی کے اندر کیا باہر تک باآسانی

رہی تھی۔۔

روحی بدر کی چیخ سنتے ہوئے باہر گارڈن میں سکون

سے لیٹا باسیل جلدی سے اٹھ کر اندر حویلی کے اندر دوڑتے

ہوئے جاتا ہے۔

باسیل کے پیچھے پیچھے گارڈز بھی گنوں کے ساتھ حویلی میں دوڑتے ہوئے دا

ہوتے ہیں۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

آ۔۔آپ کو کیا ہ۔۔ہو گیا ہے۔۔؟؟؟

دیوار سے لگتے ہی حور اپنی انکھیں اٹھا کر دیریک کو

دیکھنے کی کوشش کرتی ہے پر وہ ایک پل کے لیے سر اٹھا کر دیکھنے لگتی ہے

وہ نہیں دیکھ

ہاتی یے حور جلدی سے ہی اپنی نظریں جھکا لیتی ہے۔۔"

ڈیریک حور کی باتیں ضرور سن رہا تھا پر اس کے ذہن میں

وہ میسج اور اس میں لکھے ہوئے الفاظ گردشِ کر رہے ہوتے ہیں۔ نظریں حور

چہرے پر اس کی جھکی ہوئی پلکوں پر ٹھہری ہوئی تھی پر دماغ میں ناجانے

سا طوفان

اٹھنے لگا تھا۔۔۔

"آ۔۔آپ کو کیا ہ۔۔ہوا ہے۔۔؟"

حور ہمت کرتے ہوئے سر اٹھا کر ڈیریک سے پوچھتی ہے۔

"تمہیں منا کیا تھا نا کسی کا نام لینے سے جھوٹ بولنے سے "

ڈیریک مزید حور کے قریب قریب قدم بڑھاتے ہوئے

کہتا ہے۔دیورا سے تو وہ پہلے ہی جگہ ہوئی تھی اب مزید وہ اس میں گھسنے

کوششیں کررہی ہوتی ہے۔

"م۔۔میں نے کون سا جھوٹ بولا ہے آپ سے..؟؟"

دیریک کو مذید اپنے قریب آتا دیکھ کر حور جلدی سے

اس کی قید سے نکلنے کی کوشش کرتے ہوئے

اس کی قید سے نکلتے ہوئے اپنا زمین پر پڑا دوپٹہ اٹھانے کے لیے بڑھتی ہی

کہ دیریک حور کو جاتا دیکھ حور کے پیٹ پر ہاتھ رکھے اُسے واپس دیوار

پن کردیتا ہے۔

دیریک کے دونوں ہاتھ حور کی کمر پر ہاتھ ہیں جن پر اس

کی مضبوط گرفت ہوتی ہے۔۔

"تمھیں نہیں پتا تم نے کون سا جھوٹ بولا ہے مجھ سے..؟"

دیریک حور کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے سخت لہجے میں

پوچھتا ہے۔

"آپ اس طرح کیوں بات کررہے ہیں مجھ سے میں نے کیا کیا ہے..؟؟'

حور اپنی کمر سے اس کی گرفت ڈھیلی کرنے کی کوشش کرتے ہوئے بولی۔

"جو تم نے کیا ہے اس کی سزا دینے کا شدت سے دل

کررہا ہے پر کمبخت یہ دل ہی بیچ میں آرہا ہے"

دیریک کی آنکھوں میں غصہ تھا جو اس کے لہجے میں بھی

جھلک رہا تھا۔

"جو کہنا ہے صاف صاف کہیں الجھا کیوں رہے ہیں آپ باتوں میں"

حور ایک بار پھر دیریک کو خود سے دور کرتی اس سے

دور پیچھے کی طرف ڈائننگ ٹیبل کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

"میں صاف صاف کہنے سے ڈرتا نہیں ہوں "

دیریک اپنی پینٹ کی جیب میں ایک ہاتھ ڈالتے ہوئے حور کی

طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے اس کے بڑھتے قدموں کو دیکھتے ہوئے حور

کی جانب اپنے قدموں کو اٹھانے لگتی ہے۔

"میں کہہ تو دوں گا پر شاید تم برداشت نا کرپاؤ "

نظریں حور کے ڈرتے ہوئے چہرے پر تھی۔۔

"مجھے اس دُنیا میں جس چیز سے بے حد نفرت ہے وہ جھوٹ ہے "

لہجہ میں مزید غصہ اور تلخی تھی۔

"اور تم میری زندگی میں شامل ہی جھوٹ بول کر ہوئی ہو "

دیریک کہتے ہی اٹل انداز میں حور کے سامنے کھڑا ہوتا ہے۔

"اور اس کی سزا تم جانتی ہو کتنی بے رحم ہو سکتی ہے"

آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کہتے ہوئے مزید اسے خوف دلاتے

ہوئے کہتا ہے۔

"ک..کیسی سزا..؟؟"

اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے ہوئے وہ دھیمے لہجے میں

پوچھتی ہے۔

حور کے قدم بھی رک گئے تھے وہ کچھ قدم ہی دیریک سے

دور تھی بس اِتنا کہ ڈیریک ایک لمبا ڈگ بھرتا اور

حور اس کی باہوں میں ہوتی۔۔

"ایسی سزا میری جان جس میں تم پوری رات

سسکتی رہ جاؤ گی پر تمہاری آواز سننے والا کوئی نہیں ہو گا"

ڈیریک کی بات سنتے ہی حور اپنا سر جھکا لیتی ہے پر جلد ہی گہری سانس کے

خود کو کمپوز کیے وہ سیڑھیوں

کی طرف بڑھنے کے لیے ٹیبل کی دوسری طرف سے

نکلتی ہے کہ ڈیریک اسے نا روک پائے پر حور کا ٹیبل کراس

کرنا ہی تھا کہ ڈیریک حور کی کلائی پکڑے اسے روکتے ہوئے پھر اس

سامنے آ کھڑا ہوتا ہے۔

بات مکمل کر کے جاؤ۔۔!!لہجہ میں حکم تھا۔

میں پہلے ہی کر چکی تھی بتا چکی تھی سب کچھ آپ کو

کوئی جھوٹ نہیں بولا ہے میں نے آپ سے "

اپنی کلائی آزاد کرواتے ہوئے کہتی ہے۔

جھوٹ نہیں بولا ایک سیکنڈ ابھی بتاتا ہوں۔۔!!

حور کو دوبارہ کلائی سے پکڑے صوفے پر اس جگہ کے جاتا

جہاں فائلز اور لیپ ٹاپ پڑا ہوا تھا جس پر وہ

سنجیدگی سے کام کر رہے تھے۔۔

پڑھنا تو آتا ہے تو پڑھو بیٹھ کر اس کو اور اپنے جھوٹ

کے مناظر بھی دیکھو۔۔!!"

حور کو بازوؤں سے پکڑے صوفے پر بیٹھاتے ہوئے کہتا ہے حور

کو صوفے پر بیٹھاتا ہے اور خود اپنی شرٹ کو کہنیوں تک فولڈ کرتے ہو

پہلے مینشن کے دروازے پر جاتا ہے

جہاں تامیر ابھی تک کھڑا ہوا تھا۔۔

دیریک کے قدموں کی آواز پر تامیر دیورا سے پشت ہٹائے

دروازے کی طرف دیکھتا ہے جہاں ڈی جے ابھی پہنچا ہی تھا۔

گھر جاؤ تامیر باقی کا کام کل کریں گے۔۔!!"

دیریک تامیر کو اٹل لہجے میں کہتا ہے جس کی پیروی کرتے

ہوئے تامیر فون کوٹ کی جیب میں ڈالے اپنی گاڑی میں سوار مینشن سے

چلا جاتاہے اسے جاتا دیکھ دیریک

خود ہی مینشن کا دروازہ بند کرتا ہے اور مڑ کر سرسری سی

نظر اٹھاکر حق رکی جانب دیکھتا جو کاغذات کو

پڑھنے میں مصروف ہوئی پڑی تھی۔۔

اس پر سے نظریں ہٹا کر لائیبریری میں جاتا ہے جہاں بک شیلف

کے ساتھ ساتھ وائن شیلف بھی تھی دیریک نے شراب کو دوبارہ نا پینے کا

کیا تھا پر آج وہ اسے خود سے

ہی توڑ رہا تھا۔

کیونکہ دیریک کے حد سے زیادہ غصے کو کنٹرول کرنے میں

ہمیشہ اس کی شراب ہی اس کی مدد کرتی آئی ہے۔

شراب میں سے سب سے زیادہ اسٹرونگ شراب شیلف سے نکالے اس

ڈھکن کھولے اسی پل لبوں سے لگائے باہر نکلنے سے پہلے ہی وہ آدھی بو

اپنے حلق سے اتار چکا تھا۔۔

وہ جس اسپیڈ سے شراب پی رہا تھا وہ اس کی حلق سے اترتی ہوئی نظر آ

تھی۔۔

دیریک کی گرفت شراب پر بوتل اتنی تھی کہ جیسے وہ اسے توڑنے

کے لیے اس پر زور سے رہا ہو دیریک کے ہاتھ کی ساری نسیں

واضح ہونے لگ گئی تھی اس کی مضبوط گرفت پر

شراب کی بوتل ابھی بھی لبوں سے لگی ہوئی حال میں صوفے کی طرف بڑ

ہی ہے کہ حور کے ہاتھ میں اپنا فون

دیکھے دیریک بوتل کو لبوں سے ہٹاتا ہے۔

لائیبریری سے نکلتے نکلتے ہی وہ آدھی سے زیادہ بوتل

شراب کی پی چکا تھا۔۔

حور ہاتھ میں فون پکڑے آسکرین پر اپنے بابا کے نمبر سے آیا ہوا میسج دیکھ

آنکھوں میں انگنت سوال لیے وہ

دیریک کے چہرے کی جانب پھر اس کے ہاتھ میں پکڑی شراب کی بوتل

جانب دیکھتی ہے۔

حور بنا کچھ بولے دیریک کا فون صوفے پر غصہ میں پھینکتی ہوئی بنا کچھ بو

لمبے لمبے ڈگ بھرتی ہوئی سیڑھیوں سے اوپر جانے کے لیے بڑھتی ہے۔'

آنکھوں میں نمی نے جگہ لے لی تھی حور بنا دیریک کی جانب دیکھے سیڑھی

سے اوپر روم کی طرف بڑھتی ہے۔

حور نے فون صوفے پر پھینکا تھا پر اس کے روم

میں جاتے ہی دیریک کچھ شراب کے ساتھ ہی

شراب کی بوتل زمین پر دے مارتا ہے اس کی آواز اتنی تھی کہ سیڑھیوں

کھڑی حور پل کے لیے رک جاتی ہے

دیریک کے غصے کو اندازہ وہ کانچ کے ٹوٹنے سے لگا سکتی تھی آواز سنتی ہے

پلٹتی نہیں ہے حور کوئی

ریکشن نا دیتے ہوئے اپنے کمرے کی طرف بڑھتی ہے

اسے جاتا دیکھ کر دیریک ایک ہی باری میں تین سے چار

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے حور کے دروازے کو بند

کرنے سے پہلے ہی وہ کمرے میں پہنچ چکا تھا۔۔!!"

"یہ۔۔یہ کیا حرکت ہے ..؟"

حور دروازے کو بند کرنے ہی لگی تھی کہ دروازے پر ہاتھ

رکھے دیریک سرد نگاہوں سے حور کی جانب دیکھتا ہے۔

"یہ حرکت تم نے کرنے پر مجبور کیا ہے"

دیریک زور سے دروازے کو کھول کر اندر کمرے میں داخل

ہو جاتا ہے اندر داخل ہوتے ہی دیریک گہری سانس لیتے ہوئے

ٹانگ سے دروازے کو بند کیے سخت نظروں سے حور کو دیکھتا ہے جو اس

اس روپ سے ڈر کر اپنے ہاتھوں کو

مٹھیوں میں قید کیے اپنے قدم پیچھے بڑھانے لگتی ہے۔

"میں نے ایسا کچھ نہیں کیا ہے پہلے بھی بتا چکی ہوں جائیں آپ باہر"

حور ڈرتے ہوئے اپنے آنسوؤں کو روکنے کی کوشش

کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔دل کی دھڑکنیں تیزی سے بڑھنا شروع ہوگئی تھ

اتنی تیزی سے کہ دیریک کے کانوں تک وہ

باآسانی پہنچ رہی تھیں۔۔

"میں کہیں بھی نہیں جارہا ہوں جو تم نے کیا ہے پہلے اس کا جواب چاہیے"

اس کے ڈر کے نظر انداز کرتے ہوئے اس کی طرف بڑھتے ہوئے

مزید اپنی وحشت زدہ آنکھیں حور کی آنکھوں میں ڈالتے

اس کو حد سے زیادہ ڈراتے ہوئے کہتا ہے۔

"کس چیز کا جواب چاہیے جب آپ نے یقین کرلیا تواب کیا فائدہ"

حور کے ہاتھ کانپنے لگ گئے تھے اس کے آنکھوں کے سامنے

اپنی ماں کے منظر گھومنے لگ گئے تھے جب وہ صحیح ہوکر

بھی خود کو صحیح ثابت نہیں کرپاتی تھی اور اپنے

شوہر کے غصے کی نظر چڑھتی ہیں۔۔

"فائدہ ہے میری جان تم بولو میں سن رہا

ہوں جہاں تمہاری بات جھوٹ لگے گی وہی اسی پل"

دیریک پل کے ٹہرتا ہے کیونکہ اس کی نظر حور رنگ کانپتے ہوئے ہاتھوں

جاتی ہے۔۔

"تمہارے الفاظوں کے ساتھ ساتھ تمہاری

سانسیں بھی حلق سے کھینچ لوں گا "

حور کے ہاتھوں کو پھر اس کی آنکھوں کو دیکھتے ہوئے

کہتا ہے جہاں آنسوؤں نے بسیرا کرلیا تھا۔

"م۔۔مجھے کچھ بھی نہیں کہنا آپ کو جو کرنا ہے کرلیں"

حور روتے ہوئے کہتی ہوئی اپنا سر جھکا لیتی تھی

اسے ڈر لگ رہا تھا دیریک سے اس بات پر نہیں کہ وہ غصہ

ہے اور مزید ہو گا وہ اسے مارے گا وہ س بات سے

ڈرتے ہوئے اپنا سر جھکا لیتی ہے۔

"سوچ لو تم جو میں نے کیا پھر اس پر تمہارا کوئی اعتراض

نہیں بنے گا"

مزید حور کو ڈراتے ہوئے اس کی طرف دبے دبے قدم

اُٹھائے حور کے بے حد نزدیک آکر اس کے چہرے کی طرف جھکے اس کی

آنکھوں میں دیکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

"آ۔۔آپ نا بھاڑ میں جائیں"

(سینے پر ہاتھ رکھے دھکا دیتے ہوئے کہتی ہے)

"ڈونٹ وری ڈالرنگ۔۔!!

جہاں بھی جاؤں گا تمہیں ساتھ لے کر جاؤں گا"

"کمر سے پکڑے زور سے اپنی طرف کھینچتے

ہوئے حور کا چہرہ اپنی جانب کیے بنا وقت گنوائے اسی پل"

"اس کے کمر پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے حور کے

لبوں پر جھکے واقع میں اس کی سانسیں حلق سے کھینچنے لگتا ہے"

♡_____♡.....♡_____♡

اراک میسیج کر دیا ہے دیریک کو کل تک وہ خود ہی اسے

اپنی زندگی سے نکال دے گا۔۔۔

اندھیرے کمرے صبح کے 3:47 منٹ پر جم روم میں باکسنگ

بیگ کے سامنے پسینے میں سر سے پیر تک تر ہوئے

لگاتار بنا روکے آج ہوئی اپنی زندگی کی پہلی ہار کا منظر بار

بار یاد کرتے ہوئے بنا روکے بنا سکون کا سانس لیے اراک

اپنے زخمی ہاتھ سے باکسنگ بیگ پر پنچ مارتا جاتا ہے۔۔

ارام کے پیچھے صوفے پر بیٹھے ہوئے منہاج صاحب ایک ہاتھ میں شراب

کا گلاس لیے ہوئے اور دوسرے ہاتھ میں موبائل اسکرین پر

میسیج سین ہوتا دیکھتا ہوئے اراک سے دھیرے سے

کہتا ہے۔۔

اراک منہاج صاحب کی بات کا کوئی جواب نہیں دیتا ہے

جو لگاتار ایک پاگل جنونی انسان کی طرح باکسنگ کرتا

جارہا تھا۔۔

کتنا وقت اور مزید لگے گا ان دونوں کے رشتے کو توڑنے میں۔۔۔؟؟

میری بیٹی وہاں پاگلوں کی طرح دیریک کا انتظار کررہی ہے

پہلی ہی بہت مشکلوں سے اس کو روکا ہوا ہے

میں نے ورنہ وہ دیریک کے لندن آتے ہی وہ یہاں پہنچی ہوتی۔۔"

اسمیل کی بات پر اراک کے ہاتھ اب باکسنگ بیگ پر روکتے

ہیں دونوں ہاتھوں میں بیگ پکڑے گہری گہری سانسیں لیتے ہوئے

اراک مڑ کر خون اترتی کولڈ نظروں سے اپنے سامنے

دونوں آدمیوں کو دیکھتا ہے اور دیکھتے دیکھتے وہ چہرے پر

شیطانی مسکراہٹ سجائے اپنی گردن جھٹکتا ہے۔۔۔

اراک کے چہرہ پر سجی شیطانی مسکراہٹ منہاج اور اسمیل کو

عجیب ڈراؤنی لگ رہی تھی۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

"اب تم کیا کرو گے..؟؟"

شراب کا گلاس ٹیبل پر رکھے اٹھ کر اراک کی طرف

بڑھتے ہوئے پوچھتے ہیں۔

"کس بارے میں..؟؟"

بنا کوئی اچھا رسپانس دیے الٹا پوچھتا ہے۔

"اس نے تمہاری بلڈنگیں تباہ کردی ہیں

جلا کر راکھ کردی ہے اب تم کیا کرو گے..؟؟"

منہاج صاحب اب کی بار بات کی وضاحت کرتے ہوئے دوبارہ

پوچھتے ہیں۔

"بلڈنگیں تباہ کی ہے "اراک یورگن "کو نہیں

میں جو پہلا تھا اب بھی وہی ہوں بس تھوڑی سی تبدیلی آئی ہے"

اپنے ہاتھوں پر بندھے گلوز اتارتے ہوئے کھڑکی کی جانب

دیکھتے ہوئے گہری سانس لیے آگے قدم بڑھاتے ہوئے کہتا ہے۔

"کیسی تبدیل..؟؟'

منہاج صاحب تجسس سے پوچھتے ہیں۔۔

انتقام لینے کی تبدیلی"

میری جڑیں اتنی کمزور نہیں ہیں کہ کوئی بھی انہیں اکھاڑنے کے لیے آجا

گا۔۔

دن رات کی محنت ہے جیسے کرکے" اراک یورگن "بنا ہوں میں۔

گلوز زمین پر پھینکے ان کر پیر رکھتے ہوئے کھڑکی میں دونوں ہاتھ رکھے آ

میں بجلی کڑکتی دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پر اب کرو گے کیا۔۔؟؟ کیا دوبارہ الجھوں گے

ان سے۔۔؟؟"

منہاج صاحب کی بات پر اراک پل کے لیے خاموش ہو جاتا ہے

اس کے پاس واقع اس وقت کوئی ذریعہ نہیں تھا

جس کی بناء پر وہ دوبارہ باسیل کے سامنے اپنی مضبوط

پہچان کیے کھڑا ہوتا۔۔

وجہ اور جگہ میں دوں گا تمہیں بدلے میں میری مدد کرنی

پڑے گی تمہیں۔۔!!"

اسمیل اراک کی پشت کو دیکھتے ہوئے صوبے سے اٹھتے

ہوئے اراک کو آفر دیتا ہے۔

اسمیل صاحب کی بات پر منہاج صاحب کو اپنے پیروں پر

کلہاڑی لگتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔

کیسی مدد۔۔؟؟ اور کیسی وجہ اور جگہ۔۔؟؟

اراک مڑ کر کولڈ نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

میں نے منہاج کو لندن کے ٹاپ کیسینو میں سے ایک دینے کا

وعدہ کیا تھا لیکن وہ بھی تب جب وہ میری مدد کریں گے

میں تمہیں یہاں کے سارے کیسینو دیتا ہوں

دیریک اور حور کو الگ کرنے میں میری مدد کرو۔۔"

اسمیل صاحب کہتے ہوئے اراک کے سامنے اس کی طرف بڑھتے ہیں۔

ان دونوں کو دیکھتے ہوئے منہاج صاحب کے ماتھے پر

ٹھنڈے پسینے آنے لگتے ہیں۔

ٹھیک ہے مجھے منظور ہے۔۔!!

کل ہی مجھے کیسینو کے پیپیرز چاہیئے کیونکہ کل ہی

میں ان دونوں کے راستے الگ کردوں گا۔۔"

اراک کہتے ہی ٹھنڈی ہوُا کے جھونکے چہرے پر محسوس

کرنے کے لیے واپس کھڑکی سے باہر منہ کرتا ہے۔۔

ایک مسئلہ ہے اس میں بھی۔۔!!"

اسمیل صاحب سر جھکائے دھیمے لہجے میں کہتے ہیں۔۔!!

کیسا مسئلہ۔۔؟؟ اراک بنا مڑے گردن ٹیڑھی کیے پوچھتا ہے۔

پیپیرز اس وقت میرے پاس نہیں ہیں وہ

بلڈنگ میں ہیں ڈائیگو کی بلڈنگ میں جو اب دیریک کے

نام ہے اس سے وہ پیپیرز حاصل کیسے کرنے میں

دیکھ لوں گا بس تم اپنا کام کرو۔۔!!

اسمیل اراک کی پشت کو دیکھتے ہوئے اس کی طرف

قدم بڑھاتے ہیں۔

اسمیل کی بات پر اراک قہقہ لگا کر ہنس پڑتا ہے اس کے

قہقہہ کی آواز سنتے ہوئے اس کی جانب بڑھتے ہوئے اسمیل

کے قدم اور دور کھڑے منہاج کی سانسیں

دونوں روکنے لگی تھیں۔۔

اراک ہنستے ہنستے پل میں سیریس کولڈ فیس میں آجاتا

اور اسی پل مڑ کر اپنے پیچھے کھڑے اسمیل کو

گردن سے دبوچے زور سے کھینچتے ہوئے آدھا کھڑکی سے

باہر لٹکا دیتا ہے۔۔

مطلب تم دونوں ہاتھوں سے خود کھالی ہو اور مجھے

مفت کا کام کرنے کا کہہ رہے ہو۔۔؛!

منہاج صاحب کی سانسیں واقع میں روکنے والی ہوگئی تھیں

اراک کبھی کسی کے نام اپنی وحشی روپ میں نہیں

آتا تھا وہ سب کی نظروں میں ایک کولڈ انسان تھا ایک پرفیکٹ انسان

کرتا تھا جو کبھی ہنستا بھی نہیں تھا اور زیادہ بولتا بھی نہیں تھا لیکن

یہ بات وہ لوگ نہیں جانتے وہ کہ حقیقت میں ایک سفاک

درندہ ہے جو اپنے پتے انہیں کے سامنے کھولتا تھا جہاں

اس کا کوئی فائدہ ہوتا تھا۔۔

ا۔۔ایسا۔۔ن۔۔۔نہیں۔۔ہے۔۔میرے پاس بہت کچھ ہے ڈائیگو

کی جائیداد اب میری ہے دیریک کو جرمنی لے جا کر اپنی

بیٹی سے شادی کرواتے ہی اس کا سب کچھ میرے

نام پر ہو جائے گا۔۔

اسمیل اراک کے ہاتھوں کو اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑے

ہوئے درد بھرے لہجے میں کہتا ہے۔

ہمم۔۔۔تو مطلب حور سے اسے الگ کرنا صرف اس

کی جائیداد کی وجہ سے ہے۔۔؟؟

اراک تجسّس سے پوچھتا ہے۔

ہاں ۔۔۔!!!ڈیریک کے پاس دنیا ایک ایسی دنیا جہاں کا وہ

شہزادہ ہے اس کے ایک حکم پر ہزاروں کی تعداد

میں لوگ کام کرنے کے لیے کھڑے ہو جاتے ہیں

اس کے پاس پاور ہے جرمنی کو چلانے کی پاؤر مجھے وہ پاؤر

چاہیے "

گردن لٹکانے کی وجہ سے اسمیل کے چہرے میں خون جما

ہونے لگ گیا تھا رگیں اُبھرنے لگ گئی تھیں۔

ower...

ove Power"...

اراک اپنے منہ میں زبان گھوماتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے اور

اسمیل کو گردن سے پکڑے اندر کی طرف کھینچتا ہے۔

اسمیل بنا ہوش سنبھالے لڑکھڑاتے ہوئے صوفے کی پاس زمین

پر جا گرتے ہیں۔

تو مطلب اب کل ایک تیر سے دو شکار کرنے پڑیں گے

ایک طرف حور دیریک کو الگ کرنا پڑے گا

دوسری طرف دیریک کی بلڈنگ میں گھس کر وہ پیپیرز حاصل

کرنے پڑیں گے لیکن یاک بات ابھی بھی سمجھ نہیں آئی۔۔

اراک مڑ کر اسمیل کو دیکھنے کے لیے پہلے نظریں اوپر گھوماتا ہے پھر پر گر

دیکھ کر وہ اسمیل

کے قریب آکر ایک ہاتھ سے پورے کا پورے سنگل صوفے

کا رخ اسمیل صاحب کی کرتے ہوئے اس پر بیٹھ جاتا ہے۔۔

تم یہاں دیریک کو لینے آئے تھے یا ان کاغذات کو۔۔؟؟

اراک بے حد تجسّس و جستجو سے پوچھتا ہے۔

دونوں کو۔۔!!اسمیل صاحب اپنے بجے میں پہنی ہوئی ٹائی کو کھینچ کر اپنی شر

کے بٹن کھولتے ہوئے

گہری گہری سانسیں لینے کی کوشش کرتے ہوئے کہتا ہے۔

دونوں۔۔؟؟ اراک اس کی بات دہراتا ہے۔

ہاں۔۔اصل میں یہ کیسینو ڈائیگو کے بھی نہیں ہیں دیریک

کے بابا کے ہیں جو غیر قانونی یعنی بلیک منی کا

کام کرتے تھے یہاں دیریک کی ماں نے اس دیریک کے باپ کو اس کام

لگایا تھا دونوں اسی ملک میں ہی غیر

قانونی کام کرتے ہوئے پولیس فورسز کے آپریشن میں مر

گئے تھے ان کی موت کو کبھی باہری ملک کو نہیں بتایا

ہمیشہ چھپا کر رکھا گیا تھا اور دیریک بھی اس بات کو

کبھی سامنے نہیں لاتا ہے۔۔

اپنے ماں باپ سے نفرت کرتا تھا ان کے کام کی وجہ سے

اسی کام میں دن رات کرتے ہوئے دیریک کے ماں باپ یہاں لندن میں ا

جرمنی جیسا بلکل سیم مینشن بنا کر

یہاں ہی رہائش کرنے لگ گئے تھے پر کبھی دیریک کو اپنے ساتھ

نہیں رکھا اپنے کام میں خلل نا پڑے اس لیے

دیریک بچپن سے ہی اپنے دادا ڈائیگو جون کے ساتھ جرمنی

میں رہا ہے اپنے باپ کا نام لینے سے انکاری و اپنے

دادا کی پہچان ان کا نام اپنے نام کے ساتھ جوڑے رکھتا تھا۔

اسمیل زمین پر بیٹھے بیٹھے آسمان سے برستی ہوئی

بارش کو دیکھتے ہوئے دیریک کی مکمل کہانی وہ کہانی جو

اب تک راز تھی وہ ایک سانس میں سب بتانے لگتا ہے۔۔

دیریک کی ماں غیر قانونی قانونی کام کرنے کے ساتھ ساتھ

وہ ایک بہترین ایکٹرس بھی تھیں انہوں نے

ہی دیریک کو اس فیلڈ میں آنے کا کیے زبردستی کی تھی۔

ورنہ جھوٹ،دوگلے لوگوں سے وہ اس دُنیا میں بے

حد نفرت کرتا ہے۔۔"

اسمیل اپنی ٹائی کھینچ کر نکالتے ہوئے بے زار لہجے میں

کہتا ہے۔۔

جب کیسینو دیریک کے ماں باپ کے ہیں تو وہ ڈائریکٹ ہی

دیریک کے ہونگے نا۔؟؟

اراک حیران کن نظروں سے اسمیل کو دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

ہاں وہ دیریک کے ہی ہیں پر مجھے خبر ملی تھی کچھ وقت

پہلے کہ دیریک لندن کی ہر چیز ختم کر کے

جرمنی لوٹنا چاہتا ہے۔۔

اسمیل اب اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا کرنا چاہتا ہے وہ۔۔؟؟ اراک اپنے دونوں ہاتھ اپنے پٹوں

پر رکھ کر جھکتے ہوئے پوچھتا ہے۔

وہ سودا کررہا ہے اس کا۔۔!!

اسمیل کی نظریں بھی اراک کی آنکھوں میں تھیں۔

کس سے۔۔؟؟ لہجہ میں مزید تجسّس تھا۔۔

تجسّس صرف اراک کو ہی نہیں اس کے پیچھے کھڑے ہوئے

منہاج صاحب کو بھی ہورہا تھا۔۔

'وجدان یمان "امریکہ کا مونسٹر اور ایک بہترین بزنس مین

دنیا بھر میں ان کے اور اس کے سسر کے کیسینو ہیں جہاں سے وہ ان گ

پیسہ کماتے ہیں اب وہ لندن کو بھی اپنی لپیٹ میں لینا چاہتا ہے۔۔

صرف وہ ہی نہیں اس کی بیوی بھی اٹیلین ڈیول

جہانگیر عالم کی اکلوتی بیٹی " ہیر عالم"

دونوں میاں بیوی ایک جیسے ہیں ایک دم پاگل،نڈر، بے خوف اپنے کام

لیے کچھ بھی کر گزرنے والے کسی بھی حد کو پار کرنے والے پر وہ دونو

اس وقت باسیل کے ساتھ ہیں۔۔!!

اسمیل کی بات کاٹے اراک اپنے الفاظوں پر زور دیتے ہوئے

پوچھتا ہے۔۔

دماغ میں ایک دم ہی عجیب اور لاتعداد سؤالات گردشِ کرنے لگ گئے تھے

کیونکہ اٹیلین ڈیول کا رول ہے وہ غیر قانونی کام بھی

قانون کے دائرے میں رہ کرتے ہیں اب چاہیے وہ قانون ان کا

بنایا ہوا ہو یا دنیا کا

جہاں سے ان کا فائدہ ہو گا وہ ان کا ساتھ کام کرنے سے پہلے

ایک بار بھی نہیں سوچتے ہیں۔۔

اسمیل صاحب کی بات مکمل ہوتی ہی ہے تو اراک پھر قہقہہ

لگا کر ہنس پڑتا ہے۔۔

مطلب یہ "تھیری ان ون" گیم ہے۔۔"

وہ تین میں اکیلا۔؟؟"

اراک کہہ کر اور بلند آواز میں قہقہہ لگا کر ہنستے ہوئے

صوفے سے اٹھ کر واپس کھڑکی کی طرف بڑھتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک حور کے لبوں پر جھکا ہوا تھا وہ اپنی آنکھیں بند اس

کے ہونٹوں پر قابض ہوا تھا جبکہ حور بھی اپنی آنکھیں بند کیے رونے میں

ہوئی تھی دیریک اس کی آواز اور

اس کی سانسیں تو روک چکا تھا پر اس کے ڈرانے

پر غصہ کرنے پر وہ اس کے آنسوؤں کو نہیں روک پاتا ہے۔۔

"رو کیوں رہی ہو۔۔؟؟"

حور کے لبوں کو آزاد کرتا جیسے ہی اپنی آنکھیں کھولتا ہے

دیریک کی نظریں حور کے بھیگی ہوئی پلکوں پر جا ٹھہرتی ہیں۔

"آ۔۔آپ بہت برے ہیں"

حور جواباً بس اِتنا ہی کہتی ہے۔

"اچھا تو میں برا ہوں تو اس میں تمہاری رونے والی

کیا بات ہے۔۔؟؟"

دیریک حور کی آنکھوں پر انگوٹھا پھیرتے ہوئے اس کے

آنسوؤں کو صاف کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"رونے والی بات تو ہے آپ بنا بات کے غصہ

کررہے ہیں مجھے ڈرا رہے ہیں میں روؤں نا تو کیا کروں"

حور بے بسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہتی ہے۔

حور کی باتیں سن کر اس کا غصہ سب خود بخود کم ہونے

لگتا ہے۔

حور کو دیکھے وہ سانس لینا بھول جاتا ہے اپنا غصہ بھول

جانا تو عام ڈ بات ہی تھی دیریک کے لیے

"اچھا تو ڈر لگ رہا ہے تمہیں مجھ سے..؟؟"

آنکھوں سے آنسوؤں صاف کیے اس کے گالوں پر آنسوؤں

کو لبوں سے صاف کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

"ہاں لگ رہا ہے۔۔"حور دیریک کو خود کو دور کرتے ہوئے غصیلے لہجے

کہتی ہے۔

اگر آپ اسی طرح مجھے ڈراتے رہیں گے تو میں جلدی سے چلی جاؤں گی

کو چھوڑ کر ہمیشہ کے لیے"

حور دیریک سے دور ہوتی اپنے قدموں کو پیچھے کی جانب

اُٹھاتے ہوئے روتے ہوئے کہتی ہے۔

" اگر تم نے مجھ سے دور جانے کی بات کی

تو میں کس کس طریقے سے ڈراؤں گا یہ تمہاری سوچ ہے "

حور کی باتیں دیریک کو ایک بار پھر سے طیش میں لے آئیں تھیں۔ حور

جانب بڑھتے ہوئے وہ اسی سخت انداز

میں کہتا جاتا ہے۔

"آ۔۔آپ پھر وہی کررہے ہیں میرے ساتھ م۔۔میں جارہی ہوں بس"

کہتے ہی دروازے کی طرف بڑھنے کے لیے قدم بڑھاتی ہے کہ

دیریک حور کے آگے بڑھے ہوئے چند قدموں کو روکے

حور کو بازوؤں سے پکڑے زور سے اپنے سینے سے لگاتا بنا

کچھ بولے بنا حور کو سنبھلنے کا موقع دیا

دیوار سے پن کر دیتا ہے۔۔

اتنی کیا جلدی ہے کہیں جانے کی پہلے کچھ رازوں سے آج

پردہ تو اٹھا لیں۔۔

حور کو دیوار سے پن کرتے اس کے دونوں ہاتھوں کو کمر

پر باندھتے ہوئے آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے حور کی آنکھوں میں

تھی لیکِن دیریک کی آنکھوں میں نشہ تھا جو اسے شراب کا چڑھنے لگ

تھا۔"

ہر پردہ پہلے ہی اٹھ چکا ہے۔۔"حور دیریک کی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتی ہے جہاں شراب کی وجہ سے اسے اب نشہ

چڑھنے لگ گیا تھا ہاتھوں کی گرفت بھی ڈھیلی

پڑنے لگ گئی تھی۔۔"

تم۔۔۔۔نے۔۔مجھ۔۔۔سے۔۔ جھوٹ کیوں بولا تھا۔۔؟؟

دیریک تھوڑا رک رک کر حور سے سوال کرتا ہے۔

میں نے کوئی جھوٹ نہیں بولا ہے دیریک آپ سے ہزار بار بتا

چکی ہوں اب تھک گئی میں سب بتا بتا کر۔۔

حور چڑتے ہوئے کہتی ہے اور اپنے ہاتھوں پر زور دیتی

خود دیریک کی قید سے رہائی پانے کی کوشش کرتی ہے۔۔

دیریک کی آنکھیں ہلکی ہلکی سی بند ہونے لگ گئی نشے سے

ایک سانس میں پی شراب اب اسے نشہ چڑھا رہی تھی

جو حور کو صاف نظر آرہا تھا۔

اگر تم نے جو کہا تھا وہ سچ ہے تو پھر تمہارے باپ کا کیا

میسیج وہ کیا ہے۔۔؟؟ اور وہ اسٹوڈیو میں تمہاری

تصویریں۔۔؟؟ تمہارا نام جو وہاں کے بیسٹ رپورٹرز میں ایڈ تھا وہ سب کیا

پھر۔۔؟؟؟

دیریک ایک ایک بات واضح کرتے ہوئے وضاحت مانگتا ہے۔

بابا نے جو آپ کو بھیجا آپ نے اس پر یقین کرلیا

جبکہ میں نے اتنی بار آپ کو صفائی پیش کی ہے آپ کو اس

پر یقین نہیں ہے۔۔۔ مجھ پر یقین نہیں رکھتے آپ۔۔؟؟

غصہ میں کہتی اور اپنے ہاتھوں کو دیریک سے دور کرتے

ہی خود بھی اس سے دور جا کھڑی ہوتی ہے۔

حور دیریک سے دور کا کھڑی ہوتی ہے اور دیریک اپنی آنکھیں

بند اپنے سامنے بار بار آتا ہوا اندھیرا تو کبھی روشنی کو

جھٹکنے کی کوشش کرتا ہے۔۔

دیریک بھی بنا پل گنوائے حور کے پیر کو آزاد کرتا اسے باہوں میں بھرتے

پر تکیہ کی جانب لیے بڑھتا ہے۔۔

حور دیریک کی گردن کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھے اس کے چہرے

نظریں جمائے ہوئے مسکراتی ہوئی

نظروں سے دل میں اترتے سکون سے اس کی جانب دیکھتی ہے۔

حور کو بیڈ پر بیٹھاتا اس کے جھکتے ہوئے چہرے کو دیکھتے ہوئے اپنی شر

اتارتے زمین پر پھینکے بیڈ پر گڈھنا رکھے حور کے چہرے کی طرف جھکنے

ہے

دل سے اجازت ہے وائفی۔۔؟؟

چہرے کو پیالے نما انداز میں پکڑے اس کو ہونٹوں کو فوکس میں لیتے ہو

پوچھتا ہے۔

حور خاموش تھی وہ اپنے ایک ہاتھ میں ساڑھی اور دوسرے میں بیڈ ش

پکڑے ہوئے وہ نظریں جھکائے بیٹھی ہوئی تھی۔۔

نہ۔۔۔اجازت ہے۔۔"دیریک بولتا سے پہلے ہی حور بول پڑتی ہے حور کہ

ہی دیریک مسکراتے ہوئے اس کے چہرے کی طرف دیکھتا اور اسی پل

کے ہونٹوں پر جھکے اس

کی سانسوں پر قابض ہو جاتا ہے۔۔

حور دیریک کی بڑی شدتوں پر ساڑھی اور چادر کو آزاد کیے

اس کی کمر پر ہاتھ رکھے اس میں خود کو سیراب

کرنے لگتی ہے۔۔

حور کے لبوں کو آزاد کرتا دیریک اسے دھیرے دھیرے تکیہ

پر لیٹاتا اس کی گردن پر جھکے اپنی محبت کے نشان چھوڑنے لگتا ہے۔۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

آدھی رات کو سڑک پر اکیلی گاڑی کے دروازے سے ٹیک لگائے

اپنے ساتھ میں دو معصوم ننھی جانوں کو لیے روحی

کسی کے انتظار میں کبھی ٹہلنے لگ جاتی ہے تو کبھی گاڑی سے ٹیک لگائے دو

کھڑی ہو جاتی ہے اس بات سے وہ بے خبر کے اس کے پیچھے باسیل کی ا

ہوئی دو گاڑیاں اندھیرے میں اس کی حفاظت کے لیے موجود تھیں۔۔

آنا نہیں تھا تو بتادینا چاہیے تھا اتنا انتظار کون کرواتا ہے کسی کو۔۔۔!!ر

غصیلے لہجے کہتے ہوئے سڑک کے دونوں اطراف میں دیکھنے لگتی ہے۔روحی ک

ہی اپنی نظریں پیچھے سڑک پر اس جانب کرتی ہے جہاں اندھیرے میں ک

ہوئی دو گاڑیاں موجود تھی گاڑیوں پر صحیح سے نظر تو نہیں پڑتی ہے پر محس

ضرور ہوتی ہیں اسے

انتظار زیادہ تو نہیں کروایا ہے میں نے۔؟؟

روحی کے پیچھے سے گاڑی سے اترتے ہوئے اراک روحی کو

دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے پوچھتا ہے۔

اراک کی آواز روحی فوراً سے پلٹ کر اس کی جانب دیکھتی ہے اور دیکھتے

غصیلی گہری سانس لیتی ہے۔

وائٹ کلر کے نائیٹ سوٹ میں ملبوس براؤن کلر کا کوٹ پہنے بکھرے بال

کے ساتھ بنا چشمہ لگائے روحی کو دیکھتے ہوئے مسکراتے ہوئے اس کی طر

پلٹتا ہے۔

اراک کے چہرے کی مسکراہٹ روحی کو حیران کر رہی تھی

وہ بس اس کا چہرہ دیکھے جا رہی تھی کیونکہ وہ اس کے ہاتھ سے دو بار تھپڑ

کر بھی مسکرا رہا تھا۔

ہم کل بھی مل سکتے تھے آدھے رات کو ٹھنڈ میں یہاں آنا

اچھا نہیں ہے تمہارے لیے اوپر سے موسم بھی خراب ہی ہے

کبھی بھی بارش ہو سکتی ہے۔

اراک اپنا کوٹ اتارتے ہوئے روحی کے پاس آئے اس کے

کندھوں پر ڈالتے ہوئے کہتا ہے لہجہ بے حد نرم تھا۔۔

آپ میں سیلف ریسپکٹ نہیں ہے یا صرف انا ہی ہے۔۔؟؟

سر اٹھا کر اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

محبت میں سیلف ریسپکٹ کا کوئی کام نہیں ہوتا ہے اس میں سیلف ریسپکٹ

جیسی چیزیں صرف اسے برباد

کرتی ہیں اور میں اپنی محبت کو اپنے ہاتھوں سے برباد نہیں کر سکتا ہوں۔

اراک بے حد پرسکون انداز میں جواب دیتا ہے روحی اور اراک ایک دوسر

کے سامنے قریب کھڑے تھے کہ گاڑی میں سوار لوگ ان کی ویڈیو

تصاویر بنانے لگتے ہیں۔

کس محبت کی بربادی کی بات کر رہے ہیں جو آپ کی ہے ہی نہیں۔۔"

اراک سے دور ہوتے ہوئے گہری سانس بھرتے ہوئے کہتی ہے۔

روحی خاموش ہو جاؤں یہی دو تھپڑ برداشت کر سکتا ہوں

پر میری محبت کی توہین نہیں تم محبت نہیں کرتی میں جانتا ہوں پر میں ک

ہوں میری محبت کی بے عزتی نہیں کر سکتی تم۔

اراک روحی کے چہرے کی طرف دیکھتے ہوئے نم لہجے میں کہتا ہے اراک

بات پر روحی کا دل بھی پھٹنے والا ہو گیا تھا وہ حیران تھی وہ اس وقت بے

حیران تھی وہ کتنی بار اسے صاف الفاظوں میں محبت نہیں ہے یہ کہہ چکی

پر وہ بندہ ابھی بھی اپنی باتوں پر اٹل تھا۔

آپ پاگل ہیں یا بن رہے ہیں ہزار دفعہ بول چکی ہوں میں محبت نہیں کرتی

سے محبت مت کریں سمجھ نہیں آتا۔۔؟؟

روحی اراک کا کوٹ اپنے کندھوں سے اتارتے نم آنکھوں سے

دیکھتے ہوئے حلق کے بل چیختے ہوئے کہتی ہے۔۔

محبت کون سوچ سمجھ کرتا ہے روحی میرے بس میں ہوتا تو تاعمر کسی سے

کرتا پر ہوگئی یہ اب کیا کروں۔؟؟"

زمین پر گرا اپنا کوٹ اتارتے ہوئے ٹوٹے ہوئے لہجے میں بولا

سانس لینا تو اس وقت اس کا بھی محال ہوچکا تھا۔

مجھ سے نفرت کریں جتنی ہوسکے اتنی کریں چاہے

تو گالیاں دے دیں مجھے چاہیے تو میرا کریئر برباد کردیں

پر میرے باسیل کو کچھ مت کریں ان کے جسم پر ایک

خروچ میری وجہ سے آئے برداشت نہیں ہے مجھے

کہتے کہتے وہ پل کے لیے خاموش ہوتی ہے اس کے باسیل کے جسم پر کھے

آنکھوں کے سامنے آنے لگتے ہیں۔

خدا کا واسطہ ان کو تکلیف مت دیں آپ کی تو چند دن کی محبت ہے وہ مجھ

5 سالوں سے محبت کرتے ہیں

میرے شوہر ہیں وہ۔۔۔

تم کرتی ہو اتنی محبت اس سے جتنی وہ کرتا ہے۔۔؟؟

روحی کی بات کاٹے اپنے ہاتھوں کی مٹھیاں بھینچے روحی

کی آنسوؤں میں تر آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

بہت کرتی ہوں خود سے زیادہ کرتی ہوں ہر حد سے زیادہ

سے کرتی ہوں انہوں نے مجھ سے کیے ایک وعدے کی وجہ سے 4 سال

اور اپنے بچے کو نہیں دیکھا

ایسے شخص سے محبت کیسے کوئی لڑکی نہیں کرسکتی ہے۔اپنے آنسوؤں کو صا

کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔

تم یہاں باسیل ناما پڑھنے آئی ہو۔۔؟؟ اراک اب گہری سانس

لیتے ہوئے غصے میں پوچھتا ہے۔

میں ریکوسٹ کرنے معافی مانگنے آئی ہوں۔

اراک کے ہاتھوں کی بند مٹھیوں کی طرف دیکھتے ہوئے ٹوٹے ہوئے انداز

کہتی ہے۔

مجھے معاف۔۔۔

یہی رک جاؤ کچھ نہیں سنا معافی چاہیے ہوتی تو اسی وقت تم سے معافی منگو

جب بھری محفل میں مجھے تھپڑ مارا تھا تم نے معافی نہیں چاہیے مجھے تمہ

مجھے بس۔۔۔

محبت میں نہیں کرسکتی ہوں نا آج نا کل نا کبھی میں نے کرلی محبت اور لی

مانیں ہر حد سے زیادہ کی ہے

جتنی محبت ان سے ان کے قریب رہ کر نہیں ہوئی تھی اتنی ان سے دور ان

سالوں میں ہوگئی ہے مجھے

اراک کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولے جارہی تھی اپنی محبت کی داس

سناتے ہوئے اگلے کا پل کے لیے خیال نہیں آیا تھا کہ اس کا دل کس ط

اس کے الفاظوں پر چھلنی ہورہا تھا۔۔"

اراک میری بات سنیں۔۔۔"خاموش ہو جاؤ گھر واپس جاؤ دیر ہوگئی ہے۔۔"اراک روحی کی بات کاٹے کہتے ہی بنا زمین سے اپنا کوٹ اٹھائے گاڑی کی طرف پلٹتا ہے۔

میری زندگی سے چلیں جائیں میں لڑ سکتی ہوں پر میں نہیں لڑنا چاہتی میں نے ان کے ساتھ رہنے کے لیے بہت انتظار کیا ہے میری زندگی برباد مت کریں اراک میرے باسیل کو تکلیف مت دیں انہیں کچھ مت کریں۔۔"

روحی زور سے روتے ہوئے بلند آواز میں کہتی ہے اور کہتے ہی اراک کی پ
کو دیکھتے ہوئے اور مزید رونے لگ جاتی ہے۔

اور میری محبت کا کیا۔۔؟؟ میرا کیا۔۔؟؟شوق سے جان کر محبت نہیں کی

سے مجھے پتا ہوتا یہ پہلی نظر کی محبتیں اتنی تکلیف دہ ہیں میں خود کو اس

سے دور رکھتا ہر شخص سے دور رہتا میں

روحی کی طرف پلٹ کر بلند آواز میں کہتا ہے لہجے میں درد

تھا پر غصہ بھی بے حد تھا جو اب اس کی آنکھوں سے بھی ظاہر ہورہا تھا پر

خود کو کمپوز کرنے کی کوشش بھی کررہا تھا۔

رات بہت ہوگئی ہے کل بات کرلیں گے ابھی گھر جاؤں۔

گاڑی کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے حکمانہ لہجے میں کہتا ہے۔

میں اپنے کل کے دن میں آپ کا ذکر تصور کچھ بھی نہیں

چاہتی اپنی کہانی میں آپ کا چیپٹر اب ختم کرنا ہے۔

یہ میرے مرنے کے ساتھ ہی ختم ہو گا بولو تو مر جاؤں میں۔۔؟؟

روحی کی بات ایک بار پھر سے درمیان میں کاٹ چکا تھا طرف بڑھتے ہو

اس کی آنکھوں میں دیکھتے غصیلے لہجے میں پوچھتا ہے۔

آپ نے جو آج کیا ہے وہ سوچ سوچ کر ہزار دفعہ میں ضرور

مر رہی ہوں۔۔"

اراک کی آنکھوں میں دیکھتے نم لہجے میں کہتی ہے۔

کیا کیا میں نے۔۔؟؟ اراک حیرانگی سے پوچھتا ہے۔

اب بھی پوچھ رہے ہیں آپ۔۔؟؟ جواب دینے کے بجائے سوال

کرتی ہے۔

جو کہنا ہے صاف صاف کہو۔۔"اٹل لہجے میں بولا

آپ نے جو آج مجھے دھمکی دی اس کے بعد باسیل کو چوٹ

پہنچائی وہ۔۔۔

میں نے کیا کیا اس کے ساتھ صاف الفاظوں میں بولو۔۔"

روحی کی طرف مزید بڑھتے ہوئے اپنے الفاظوں پر

زور دیتے ہوئے کہتا ہے۔۔

آپ مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہیں یہ سب۔۔؟؟آپ نے انہیں مارنے

دھمکی نہیں دی تھی آپ نے ان پر حملہ نہیں کروایا آپ نے ان کا دل ز

نہیں کیا۔۔؟؟

اراک کے سینے پر تھپڑ مارتے ہوئے اسے پیچھا دھکا دیتے ہوئے روتے ہو

کہتی ہے۔۔

میں نے انہیں یہاں اپنے لیے بلایا تھا اپنے بچے کے لئے بلایا تھا تاکہ وا

سے پیچھے کچھ اچھے لمحہ زندگی

کے جی سکے پر آپ نے ہر دن عذاب بنادیا ہے ہر پل موت کی تلوار سر

لٹکا دی ہے میرے" انہیں کچھ دیر نا دیکھو تو یہی خیال آتا ہے آپ نے ان

کچھ کرنا دیا ہو

میں ایسی زندگی نہیں چاہتی ہوں اپنی اور ان کی

میرا بچہ ہے میری وجہ سے اس کی زندگی تباہ نا کریں

اراک پلززز چلیں جائیں میری زندگی سے

آپ کو آپ کی محبت کا واسطہ مت دیں اتنی اذیت مجھے میں ان کے بغیر ن

رہ سکتی ہوں۔۔"

کہتے ہوئے زمین پر گڈھنوں کے بل بیٹھتی ہے اس کے بیٹھتے ہی اراک

نظر اس کے سر پر بندھی پٹی پیچھے سے خون سے تر ہوتی پر پڑتی ہے۔

آنکھوں میں جمع ہوئے آنسوؤں تیزی سے گالوں کو

بھیگونے لگتے ہیں جو اب سڑک پر زمین پر ایک ایک کر گرنے لگتے ہیں۔

روحی کی آنکھوں میں آنسوؤں دیکھ کر اراک اپنی ہمت

گنوا رہا تھا وہ محبت میں ہار تو گیا تھا وہ واقف تھا اس بات سے پر اب روحی

رونا اسے تڑپا رہا تھا۔

اتنی محبت کیسے کرسکتی ہو تم اس سے۔۔؟

ہارے ہوئے لہجے میں پیچھے کی طرف قدم اٹھاتے ہوئے پوچھتا ہے۔

آپ نے ہی کہا نا یہ سوچ سمجھ کر نہیں ہوتی ہے یہ ہوجاتی ہے مجھے بھی با

سے ہوگئی ہے اور ہمیشہ انہی سے ہی رہے گی "

اپنے آنسوؤں کو صاف کرتے ہوئے خود کو کمپوز کرتے ہوئے کھڑی ہوتی ہ

کہتی ہے۔

مجھ سے کیا چاہتی ہو۔۔؟؟ اراک ہے ہاتھ کانپنے لگ گئے تھے

بلکل دھیمی آواز میں وہ سانس لینے کی کوشش کرتے ہوئے پوچھتا ہے۔

وعدہ۔۔؟؟ اراک کی حالت دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

جانتی ہو آپ کا اور میرا ایسا کوئی تعلق نہیں جس پر میری کی باتوں کی

اہمیت ہو۔۔روحی زمین کی طرف دیکھتے ہوئے دھیرے سے کہہ ہی رہی

کہ اراک بول پڑتا ہے۔

اہمیت ہے اب ہر چیز سے زیادہ ہے " نظریں روحی کے جھکے ہوئے سر پر

تھی۔۔

بولو کیا چاہیے" درد بھری گہری سانس لیتے ہوئے کہتا ہے وہ یہ نہیں پو

چاہتا تھا پر روحی کی حالت دیکھ وہ

اپنے درد کو کنٹرول کرنے لگتا ہے اور پوچھ بیٹھتا ہے۔

میری زندگی سے جانے کا وعدہ باسیل کو تکلیف نا پہچانے کا وعدہ مجھ سے محبت

کرنے وعدہ۔۔"

اراک کی طرف بولتے ہوئے ایک قدم ہی بڑھا رہی تھی۔

یہ وعدہ نہیں کرسکتا میں۔۔!!"اراک کی بات اس کے قدموں

کو روک دیتی ہے۔۔

میں تم سے محبت کرنا نہیں چھوڑ پاؤں گا میں کوشش گی کرلوں تو میں نہ

کرپاؤں گا یہ وعدہ نہیں کرسکتا ہوں میں۔۔"

اراک کا دل پھٹنے والا ہوگیا تھا آنکھوں میں نمی چھانے لگ گئی تھی پر وہ

کے درد کو کنٹرول کیے کھڑا تھا جو اب مزید نہیں ہو پارہا تھا۔

آپ وعدہ نہیں کریں گے ہمیشہ لڑتے رہنا ہے۔۔؟؟ اراک کے چہرے

دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

نہیں۔۔اس ایک بات کے علاوہ تمہاری ساری بات مان لوں گا

کردیتا ہوں وعدہ چلا جاؤں گا تمہاری زندگی سے بنا تکلیف دیے بنا اور

پانے کی کوشش کیے

روحی کی طرف بڑھتا اس کے سامنے نظریں جھکائے کہتا ہے۔

" میں کرتا ہوں وعدہ۔۔باسیل سکندر نے تمہارا 4 سال انتظار کرکے اپنی مح

کو اندھا یقین دلایا ہے میں تاعمر تمہارا انتظار کرکے تمہیں اپنی محبت کا یق

دلاؤں گا۔۔"

اراک کی آنکھوں سے آنسوئیں بہے اس کے گال کو بھیگونے

لگتے ہیں۔

روحی کی نظریں اس کے آنسوئں پر تھم گئی تھیں اراک کی آنکھوں

آنسوئں کی وجہ وہ تھی وہ یقین نہیں

کرپارہی تھی۔۔

اراک۔۔؟؟ کہتے ہوئے اس کی طرف قدم بڑھاتی ہے پر وہ ہاتھ سے روک

اشارہ کرتا روحی کے قدموں کو روک دیتا ہے۔

میری طرف مت آؤ وعدے توڑنے والے لوگوں میں سے نہیں ہوں میں

میرے الفاظوں پر قائم رہنے دو

شاید اسی طریقے سے تمہیں مجھ پر یقین آ جائے۔۔"

کہتے ہی روحی سے منہ موڑے اپنے آنسوؤں کو صاف کرتا ایک دم کولڈ لو

میں آنے لگتا ہے پر اس وقت ہر چیز اس کے لیے نا ممکن ثابت ہو

تھی۔۔

مل گیا وعدہ جاؤ اور کل سے اپنی زندگی اپنے طریقے سے

جیو میں نہیں آؤں گا اب درمیان"

اراک کولڈ انداز میں کہتا ہے۔

آپ آگئے تو۔۔؟؟ روحی اس کی کیفیت دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

نہیں آؤں گا کوشش کروں گا اپنا نام اور وجود بھی تم سے

دور رکھوں میں پر ایک بات طے ہے روحی سکندر

'اراک یورگن کا پہلا عشق ہو تم اور تم اسے اس کی محبت کی سزا بہت بے

رے رہی ہو

جینے کو کہہ رہی ہو پر سانس لینے کی اجازت بھی نہیں دے رہی ہو "

خدا تمہارے جیسا ظالم محبوب کسی کو نصیب نا کرے

ایک مرد کو پاگل کرنے کی کوئی قصر نہیں چھوڑتی ہو تم

اراک کی آنکھوں میں پھر نمی آنے کے گئی تھی۔

اس وعدے سے بہتر تھا کہ مجھے مار دیتی کیونکہ اب جیا

تو جائے گا نہیں مجھ سے

نم آنکھوں سے روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

میں نے کبھی نہیں چاہا تھا میری وجہ سے ایسا کچھ ہو۔۔

پر ہوگیا نا مجھے یقین تھا اس بات پر کہ میں جو

غلط کام کرتا ہوں اس کے سزا بہت بری ہوگی میں اس سزا کو سننے سے

ہی قبول کر چکا تھا کاش کہ میں قبول

نا کرتا کاش کہ میں تم سے محبت نا کرتا تم نے

ایک وعدے کے تحت مجھ سے میرا وجود چھین لیا ہے

اراک کے آنسوؤں سے باقاعدہ آنسوؤں بہنا شروع ہو گئے تھے اس کے

کانپنے لگ گئے تھے۔

دنیا دو پیار کرنے والے لوگوں کی زندگی میں آئے تیسرے انسان کو ہ

ویلن ان کی خوشیوں کا دشمن کہتی ہے پر دنیا یہ کیوں نہیں دیکھتی ہے وہ و

نہیں ہے وہ تو عاشق

ہوتا ہے وہ جیتنے سے پہلے ہی کوئی جنگ لڑنے سے پہلے ہی اپنا اختتام جان

ہے۔۔

تین لوگوں کی کہانی میں کہتے ہیں ہمیشہ خالی ہاتھ رہ جانے والا ہار جاتا ہے

اس کی محبت میں اتنی شدت اور طاقت نہیں تھی کہ وہ اپنے پیار کو جیت

پر تم نے ثابت کر دیا تیسرا ہارتا نہیں ہے تیسرے کے نصیب میں زبردستی

لکھ دی جاتی ہے۔

اراک کی آنکھوں سے آنسوؤں بہہ کر اس کے گال کو بھی اب بھیگونے

ہیں۔۔

روحی دنیا اپنی کہانی کے ویلن کو مار کر اپنی جیت مناتی ہے پر تم نے مجھ

وعدہ لے کر مجھے خاموش موت دی ہے مجھے نہیں لگتا تھا کہ میں ایسی مو

ڈیزور کرتا ہوں۔پر تم نے دی ہے تو مجھے یہ بھی قبول ہے

آج سے اراک یورگن تمہاری زندگی میں اب واپس نہیں آئے گا۔خدا تمہ

خوش رکھے میرے سائے سے دور رکھے

اور۔۔۔ت۔۔تمہاری م۔م۔۔محبت تاعمر تمہارے س۔۔ساتھ رہے۔۔

اراک سے بولا بھی نہیں جارہا تھا وہ اسے دعا بھی نہیں دے پا رہا تھا وہ

قدر اندر سے ٹوٹ چکا تھا۔۔

مجھے معاف کرنا۔"روحی روتے ہوئے اراک کی طرف بڑھتے

ہوئے کہتی ہے۔۔

میں نہیں کروں گا میں ہمیشہ تمہیں یاد رکھوں گا ہمیشہ"

یہ دن یہ وقت یہ لمحہ میں تاعمر یاد رکھوں گا"

مجھے معاف کر دینا میری وجہ سے تمہیں جو نقصان ہوا ہے تمہارا اب میری

سے کچھ نہیں ہو گا

میں دوبارہ تمہارے سامنے نہیں آؤں گا اگر آیا تو تمہارے پاس سے

جاؤں گا تمہیں نہیں دیکھوں گا میں

کبھی تم سے نظریں نہیں ملاؤں گا پر تمہیں یاد ہمیشہ رکھوں گا"

خدا حافظ تاعمر کے لیے۔۔"روحی کے سر پر ہاتھ رکھے

روحِی کے چہرے کو نظر بھر دیکھے اپنی آنکھوں میں اتارتے ہوئے ارا

باقاعدہ روتے ہوئے پلٹ کر اپنی گاڑی کی طرف بڑھتا ہے گاڑی میں سوار

ٹرن کاٹے فل اسپیڈ میں جاتا ہوا روحی کی نظروں سے اوجھل ہوجاتا ہے۔۔

" وہ نا ملیں تو کیا ہوا

ہم نے عشق کیا ہے انتظار لازم ہے ہم پر

میں ان کا تھا ان کا ہوں عمر بھر ان کا رہوں گا

وہ میرے نہیں تھے تو کیا ہوا "

اراک کے جاتے ہی روحی زمین پر گڈھنوں ہے بل بیٹھتے ہوئے

پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتی ہے وہ چلا گیا تھا وہ جا چکا تھا پر اسے ابھی

سکون نہیں مل رہا تھا۔۔"

وہ رو رہی تھی بلند آواز میں رو رہی تھی کہ گاڑی میں بیک سیٹ پر سو

ہوئے بچوں میں سے عالیان اٹھ جاتا ہے۔

ماما۔۔؟؟ عالیان گاڑی کے شیشے پر ہاتھ مارتے ہوئے روحی کو پکارتا ہے۔

عالیان کو دیکھتے ہوئے تو روحی اور زور سے رونے لگتی ہے پر جلد ہی خو

کمپوز کیے گاڑی کا دروازہ کھولے عالیان کو سیٹ سے اپنی باہوں میں اٹھائے

باہوں میں قید کرلیتی ہے۔

ماما آپ کیوں رہے ہو۔؟؟عالیان روحی سے لپٹے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

ماما راستہ بھول گئی تھیں اس لیے پر اب منزل صاف ہے راستہ صاف ہے

منزل پر پہنچنا ہے بس "

عالیان کو اپنے گلے سے لگائے اس کھالی سڑک پر دیکھتی ہے

جہاں اب دور دور تک اراک کی پرچھائی بھی نہیں تھی۔۔"

ماما گھر چلیں۔۔؟؟ عالیان کو پھر سے نیند چڑھنے لگ گئی تھی۔

اب گھر ہی جانا ہے " روحی سڑک سے نظریں ہٹاتے ہوئے عالیان کے گال

کس کرتے ہوئے کہتی ہے اور اسے دوبارہ گاڑی میں بیٹھاتی ہے عالیان کو گا

میں بیٹھایا ہی تھا کہ

روحی کے سر پر آسمان برس پڑتا ہے ایک دم سے تیز

بارش اسٹارٹ ہو جاتی ہے جو اسے بھیگونے لگتی ہے۔

اللہ جی مجھے معاف کرنا کسی کا دل توڑنے کے لیے "

روحی نم آنکھوں سے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی

آنکھیں بند کیے گہری سانس لیتے ہوئے گاڑی میں ڈرائیونگ سیٹ پر سوار

حویلی کے لیے واپس چل پڑتی ہے آگے روحی اور پیچھے گارڈز کی گاڑیاں ر

کے پیچھے پیچھے ہوتی ہیں۔۔"

♡_____♡.....♡_____♡

روحی کو تو راستہ اس کی منزل مل گئی تھی پر اراک کی

منزل کھو گئی تھی وہ فل اسپیڈ میں گاڑی چلائے جارہا تھا وہ کہاں جارہا تھ

نہیں جانتا تھا گاڑی کے فرنٹ سیٹ پر بارش کا پانی جما ہونے لگتا ہے

آنکھوں میں آنسوؤں

وہ نا دیکھنے والی سڑک پر فل اسپیڈ میں گاڑی چلائے جارہا تھا۔۔

میں ہار گیا۔۔میں سب ہار گیا۔میں ایک شخص کو اس کے دل کو نا جیت

میں دنیا جیسے جیت سکتا ہوں۔۔؟؟

اراک دھندلی سڑک کی طرف دیکھتے اپنے ہاتھ اسٹرنگ پر مارتے ہوئے

سے کہتا ہے۔۔

مجھے میری محبت کے ہاتھوں ہی ہار ملنی تھی کیا یا اللہ

ایک چیز کی خواہش کی تھی وہ بھی نہیں دی مجھے

میں نے تو بس محبت کی تھی دل سے کی تھی سچی محبت کی تھی اس میں

لالچ نہیں تھا پھر کیوں مجھے

اس کی ایسی سزا دی آپ نے کیوں کیا آپ کے ایسا میرے ساتھ

مجھے محبت کرنے کی سزا تو نہیں دیتے میرے ساتھ ایسا تو نہیں کرتے "

اراک ڈرائیونگ سیٹ کی کھڑکی کا شیشہ نیچے کیے آسمان

کی طرف دیکھتے ہوئے روتے ہوئے کہتا جارہا تھا

کہ اندھیرے راستے میں وہ پل پر چڑھتا ہی ہے پل پر موجود گاڑیوں کے

میں وہ گاڑیوں کو کراس کرتے ہوئے دل اسپیڈ میں گاڑی چل رہا تھا کہ سا

سے آتی ہوئی گاڑی سے اس کی گاڑی جا ٹکراتی ہے اس سے ٹکڑاتے ہی

اراک کی گاڑی سامنے والی گاڑی کے اوپر سے گزر کر زور سے

سڑک پر الٹی گرتی ہے کچھ پل وہ ویسی ہی رہتی ہے

گاڑی کا ایکسیڈنٹ ہوتا دیکھ پل پر موجود دوسری گاڑیاں

رک کر ان میں سے لوگ چھتریاں سر پر لیے اپنی اپنی گاڑیوں سے نکل

اس گاڑی کی طرف بڑھ رہے تھے۔۔

اراک کی گاڑی کی طرف کچھ لوگ ویڈیو بناتے ہوئے تو کچھ فکر مندی

بڑھ رہے ہوتے ہیں کہ اسی پل گاڑی بلاسٹ ہو جاتی ہے۔۔

گاڑی کے اطراف میں موجود لوگ اسی پل گاڑی کو جلتا

دیکھ پیچھے ہو کر کھڑے ہو جاتے ہیں جو ویڈیو بنا رہے تھے وہ ویڈیو ہی بنا

جارہے تھے۔۔

اراک کی گاڑی کی آگ تیزی سے بھڑک رہی تھی وہی اوپر سے آسمان

بارش تیزی سے برس رہی تھی۔۔

"وادیوں کی طرح عشق بھی آدھا رہا

ملاقاتیں کم رہیں انتظار زیادہ رہا

وہ میرے ہو جائیں گے یہ یقین تھا

پر خوشیوں کی طرح عشق بھی آدھا رہا "

♡_____♡.....♡_____♡

روحی بچوں کو لے کر واپس حویلی پہنچ گئی تھی حویلی کے دروازے کھلے ہو

ہی تھے حویلی کے اندر تین گاڑیاں موجود تھیں جن میں لاشیں پلاسٹک

بیگ میں تھیں۔

روحی کی نظروں کے سامنے بہت کچھ تھا پر دماغ اس کا اراک پر اٹک گیا

حویلی کے دروازے کے سامنے وہ گاڑی روکے بارش میں بھیگتی ہوئی وہ بچوں

گاڑی سے نکالنے

کے لیے آگے بڑھتی ہے کہ حویلی سے دو لڑکے دوڑتے ہوئے اس

کی طرف آتے ہیں اور بچوں کو گاڑی سے نکال کر حویلی

میں لے جاتے ہیں۔۔

ان کے پیچھے پیچھے ہاری ہوئی سی روحی بھی حویلی میں داخل ہوتی ہے ا

اطراف میں نظریں دوڑا ہی رہی تھی کہ تاشہ کو گود میں اٹھائے لڑکا سو

کرتا ہے۔۔

hich room ma'am??...

لڑکے کی آواز پر روحی بچوں کی کمرے کی طرف دوسری منزل کی جانب اٹ

کرتی ہے۔

بچوں کو کیے وہ آگے آگے بڑھ رہے تھے اور ان کے پیچھے پیچھے روحی

سیڑھیوں پر چڑھ رہی تھی پر چیز دیکھنے کے بعد بھی وہ سب کچھ اگنور کرتی

کمرے کی طرف بڑھتی ہے جہاں اس کے پہنچنے سے پہلے ہی باسیل تک اس

اور اراک کے ملنے کی تصوریں اور ویڈیو

پہنچ چکی تھی۔۔"

روحی کمرے میں داخل ہوتی ہے تو سامنے صوفے پر بیٹھے ہوئے ایک ہاتھ

جلتی سیگریٹ پکڑے ہوئے دوسرے

ہاتھ میں آئی پیڈ پکڑے روحی اور اراک کی تصویر

دیکھتا باسیل کولڈ انداز میں بیٹھا ہوا تھا۔۔"

روحی جیسے ہی کمرے میں داخل ہوتی ہے باسیل سیگریٹ کو ایک شیشہ کے

میں ڈالے آئی پیڈ بند کرتا اور اٹھ

کھڑا ہوتا ہے روحی باسیل کو دیکھتے ہوئے اس کی طرف بڑھتی ہے اور اس

سینے سے لگ جاتی ہے۔۔

گڑیا۔۔؟؟ روحی کو اپنے حصار میں لیتے باسیل پیار سے پکارتا ہے۔

سب ٹھیک ہوگیا ہے اب باسیل اب کچھ غلط نہیں ہوگا سب ٹھیک ہوگیا

جانا چاہیے تھا وہ جا چکا ہے اب میری

وجہ سے آپ کو کچھ نہیں ہوگا۔۔"

روحی بند آنکھوں سے باسیل کے سینے سے اپنا سر ٹیکائے اس کی کمر کے گ

اپنی بازوؤں کا حصار باندھے ہوئے

ٹوٹے ہوئے دھیمے لہجے میں کہتی ہے اور کہتے ہی وہ اسی

پل باسیل کی کمر سے اس کے ہاتھوں کو حصار ٹوٹ جاتا ہے

روحی کھڑی بے ہوش ہو جاتی ہے۔

روحی کو بے جان محسوس کر باسیل بھی کچھ پل کے لیے

اسی اپنی باہوں میں لیے وہی کھڑا رہتا تھا روحی کی باتوں

کا مطلب وہ سمجھ گیا تھا پر یقین کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

ایک نئ صبح کی شروعات ہونے لگی تھی صبح کے 5:30 ہورہے تھے باسیل س

کلر کے شلوار قمیض پہنے ہوئے واش روم سے وضو کرکے نکلا تھا اپنی

بازوؤں پر وہ اپنی قمیض کی بازوؤں ٹھیک کرتے ہوئے روحی کی طرف

بڑھتا ہے جو بیڈ پر پنک کلر کے نائیٹ سوٹ میں ملبوس تھی جو اسے با

نے ہی چینج کروائے تھے سر سے پٹی بھی وہ اس کی چینج کرچکا تھا۔

روحی باسیل کی سائیڈ کروٹ کیے پرسکون سی ہوکر سوئی

پڑی تھی کہ باسیل اس کی طرف بڑھتے ہوئے پورے کمرے کی لائٹس

کرتا ہے اور روحی جے سرہانے کھڑے ہوتے

ہوئے اپنی بازوؤں ٹھیک کیے اس کے سر پر ہاتھ رکھتا ہے

رات کو بارش کی وجہ سے وہ ٹھنڈی ہوچکی تھی۔۔

گڑیا۔۔!!!روحی کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے پکارتا ہے

پر روحی نہیں اٹھتی ہے۔۔

روحی اٹھ جاؤ نماز کا ٹائم جارہا ہے۔۔"اس کے چہرے پر

ہاتھ رکھتے ہوئے اٹھانے کی کوشش کرتا ہے۔

روحی اب بھی نہیں اٹھتی ہے کروٹ لیے وہ سو جاتی ہے۔

روحی کو سوتا دیکھ باسیل اسے دوبارہ آواز لگاتے ہوئے

الماری کی طرف بڑھتا ہے اور اس کے لیے بھی سفید رنگ کا

اپنے جیسا سوٹ نکال کر بیڈ پر رکھتے ہوئے اس کے

پاس دوبارہ آکر بیڈ پر بیٹھتا ہے۔۔

روحی اٹھ جاؤ جلدی سے نماز کے لیے دیر ہورہی ہے۔۔

روحی کا ہاتھ پکڑ کر اسے اٹھاتے ہوئے کہتا ہے روحی اٹھ کر بیٹھ جاتی ہے پر

اپنی آنکھیں نہیں کھولتی ہے۔

انکل کیوں صبح صبح اٹھا رہے ہیں۔۔" روحی اپنی آنکھیں کھولنے کی کوش

کرتے ہوئے کہتی ہے۔

کیونکہ نماز کا وقت ہو گیا ہے اٹھ جاؤ پہلے ہی اتنے دنوں سے ہم نہیں

رہے ہیں اللہ مارے گے ہمیں اب"

روحی کے بالوں کو سمیٹتے ہوئے کہتا ہے۔

کیا ٹائم ہورہا ہے۔؟؟ اپنی آنکھیں مسلتے ہوئے پوچھتی ہے۔

5:30 اٹھ جاؤ جلدی سے وضو کر آؤ۔۔"

روحی کی آنکھوں پر اپنا انگوٹھا رکھے اس کی سوجن کو

ہلکا ہلکا سا دبا کر وہ اس کی آنکھیں کھولنے میں مدد کرتا ہے۔۔

دیر ہوگئی ہے یہ تو۔۔اچھا میں ابھی وضو کرکے آئی۔۔"

روحی جلدی سے کہتے ہی بیڈ سے اتر کر واش روم کی طرف

بڑھنے لگتی ہے۔

کپڑے تو لے جاؤ۔!!روحی کو جاتا دیکھ پیچھے سے آواز لگاتا ہے۔

اوپس میں بھول گئی تھی۔۔" جلدی سے واپس آکر کپڑے لیے پھر واش

میں گھس جاتی ہے۔

روحی کے جاتے ہی باسیل بھی اٹھ کر اپنے لیے روحی کے لیے جائماز بیچھ

اپنے سر اپنا رومال باندھے روحی جے لیے کپڑوں میں سے ایک بڑی سی

نکال ہی رہا تھا کہ روحی واش روم سے وضو کرکے آجاتی ہے۔۔

میری چادر۔؟؟ بیڈ کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

میرے پاس ہے ادھر آؤ۔۔"روحی اپنی بازوؤں ٹھیک کرتے ہوئے باسیل

سامنے کا کھڑی ہوتی ہے وضو کے پانی سے بھیگا ہوا روحی کا چہرہ دیکھ با

مسکراتے ہوئے اس کے

پر چادر کو نمازِ پڑھنے کی طرح اسے اوڑھانے لگتا ہے۔

آپ مسکرا کیوں رہے ہیں۔۔؟؟

روحی سیدھی کھڑی ہو کر باسیل ہے چہرے کو دیکھتے ہوئے سر اٹھا کر پو

ہے۔

کیونکہ تمہارا چہرہ آنسوؤں سے بھیگنے سے زیادہ وضو کے

پانی میں بھیگا ہوا اچھا لگ رہا ہے۔۔

چادر اوڑھائے روحی ہے ماتھے پر بوسہ دیتے ہوئے کہتا ہے۔

نماز پڑھیں اب۔۔؟ باسیل دونوں ائیبرو اٹھاتے ہوئے

پوچھتا ہے کہ روحی ہاں میں سر ہلاتے ہوئے اپنی جانماز پر جا کھڑی ہوتی ہے

باسیل بھی اس کے پیچھے چلتا ہوا روحی سے جانماز کے آگے اپنی جانماز پر

ہوتا ہے اور دونوں ساتھ نماز پڑھنا شروع کرتے ہیں۔۔"

♡_____♡.....♡_____♡

دوسری طرف بھی صبح کی شروعات کچھ اس طرح ہی

ہوئی تھی صبح 5 بجے ہی اٹھی ہوئی شاور کیے فریش ہو کر وضو کیے واش

سے باہر نکلتی ہے اور ایک نظر بیڈ پر سوتے ہوئے دیریک کو دیکھتے ہوئے

بنا شرٹ کے

ٹھنڈ میں سویا پڑا تھا اسے دیکھتے ہوئے حور ڈریسنگ روم میں داخل ہوتی

حور بی آج سفید رنگ پہنے اپنے دن کا

آغاز نماز سے کر رہی تھی۔

سفید رنگ کی چادر اوڑھنے کے لیے تو نہیں ہوتی ہے اس کے لیے تو وہ د

ہی اوڑھے لگتی ہے اور جانماز بھی نہیں تھی اس وقت پہلے بھی وہ چادر پر

ادا کرتی تھی آج

بھی وہ چادر بیچھانے کے لیے ڈریسنگ روم سے لیے

کمرے میں داخل ہورہی تھی۔۔"

دیریک اٹھیں۔۔۔!!!"حور اسے آوازیں لگائے اٹھانے کی کوشش کرتے ہو

زمین پر نماز کے لیے چادر بیچھانے لگتی ہے۔

دیریک اٹھ بھی جائیں ساری نیندیں آج پوری کریں گے۔؟؟

کہتے ہوئے دائیں سائیڈ دیریک کی طرف بڑھتی ہے اور بیٹھ کر بیٹھے اس

بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے اسے اٹھانے

لگتی ہے۔

میری صبح میں وقت ہے تم اپنی صبح منالو۔۔" بنا آنکھیں کھولے اپنا چہرہ

میں چھپاتے ہوئے کہتا ہے۔

جی نہیں ہم دونوں کی صبح آج سے ہر دن اسی وقت پر ہوگی جلدی سے ا

نماز کا ٹائم جارہا ہے۔۔"

دیریک کے کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی اٹھنے لگتی ہے

دیریک اسے کلائی سے پکڑے اپنے

اوپر گرا لیتا ہے۔۔

خبر دار جو کچھ بھی کیا یا الٹا کچھ بھی کہا میں وضو میں ہوں۔۔"حور انگلی اٹھا

وارن کرتے ہوئے کہتی ہے۔

وضو میں۔۔۔؟؟؟ دیریک تجسّس سے پوچھتا ہے۔

جی وضو میں آپ بھی جلدی سے اٹھیں شاور لیں پھر میں

آپ کو وضو کرواتی ہوں۔۔"

حور اپنے آپ کو دیریک سے دور کرتے ہوئے کہتی ہے۔

شاور کون لیتا ہے اتنی صبح تم کراؤں مجھے وضو۔۔"دیریک اٹھ کر بیٹھتے ہو

کہتا ہے۔

آپ زیادہ باتیں مت کریں اٹھیں اور جا کر شاور لیں نہالیں تو مجھے آواز د

دینا۔۔

کیوں صابن لگاؤں گی مجھے۔؟؟

دیریک سیدھا ہو کر بیٹھتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے بالوں کو ما

سے ہٹاتے ہوئے شرارتی لہجے میں کہتا ہے۔

وضو کرواں گی میری جان اب اٹھیں اور جائیں آپ کے کپڑے واش روم

موجود ہیں۔۔

دیریک کو بازوؤں سے پکڑے اٹھاتے ہوئے کہتی ہے۔

اچھا اچھا میں جارہا ہوں۔۔"دیریک کہتے ہی اٹھ کھڑا ہوتا

ہے اور واش روم کی طرف بڑھ جاتا ہے۔

حور روم کو ٹھیک کرتے بیڈ کی چادر ٹھیک کرتی ہی ہے کہ

اتنے میں دیریک واش روم سے آواز مارتا ہے۔

حور میں نہا لیا اب کیا کروں۔۔"وہ بالکل بچوں کی طرح

اس سے پوچھ رہا تھا۔۔

آرہی ہوں میں۔۔!!تکیہ ٹھیک کرتی جگہ پر رکھتے ہوئے وہ

واش روم کی طرف بڑھتی ہے۔

حور دروازہ کھولے اندر داخل ہوتی اس سے پہلے دیریک ہلکا سا دروازہ کھو

اندر سے باہر جھانک کر حور کو دیکھتا ہے۔۔

میں نے کپڑے نہیں پہنے ہیں آؤ گی ایسے اندر۔۔؟؟

دیریک ٹمٹاتی ہوئی نظروں سے اپنی ہنسی دباتے ہوئے پوچھتا ہے۔

مار کھائیں گے آپ۔۔؟؟ حور بھی اسی کے انداز میں پوچھتی ہے۔

نہیں۔۔۔!!ڈیریک اپنے چہرے سے ہنسی غائب کرتے ہوئے کہتا ہے۔

گڈ تو دروازہ کھولیں۔۔"حور اپنے ہاتھ دروازے سے دور

کرتے ہوئے کہتی ہے۔

جو حکم آپ کا۔۔ڈیریک کہتے ہی حور کے لیے دروازہ کھولتا ہے جس سے

اندر داخل ہوتی ہے۔

گیلے بال کندھوں سے اور سینے سے سفید رنگ کی گیلی ہوتی شرٹ دیکھے

اپنا نچلا ہونٹ دانتوں تلے دباتی ہے۔۔

گندی بچی کتنی گندی نظروں سے دیکھ رہی ہو تم مجھے

شرم کرو۔۔۔ڈیریک ہنستے ہوئے حور کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولا۔۔

ہو گیا۔۔؟؟ اب وضو کریں۔۔؟؟ نظر اٹھا کر پوچھتی ہے۔

ہاں چلو کتنی باتیں کرتی ہو کسی وقت تمہارا منہ بند نہیں ہوتا ہے۔ دیریک

ہوئے واش بیسن کی طرف بڑھنے لگتا ہے۔۔

توبہ توبہ۔۔۔ گہری سانس لیتے ہوئے نفی میں سر ہلاتے ہوئے

کہتی ہے۔۔

شرٹ کی بازوؤں کہنیوں تک فولڈ کریں۔۔"

حور دیریک کے پاس کھڑی ہو کر سے بتانے لگتی ہے اور وضو کرواتی ہے

کے بتائے ایک ایک اسٹیپ سے دیریک زندگی میں پہلی بار وضو کرتا حور

ساتھ واش روم سے

باہر نکلتا ہے۔

باہر آتے ہی ڈریسنگ روم سے دیریک کا رومال اٹھا کر لاتی ہے اور اسے تھ

سا جھکا خود سے اسکے سر پر

رومال باندھے اسے اپنے ساتھ چادر پر لے آتی ہے۔

آج ابھی اس پر پڑھتے ہیں دن میں گھر سے میرے جانماز لے آئیں گے۔

میں تمہارے لیے نئ منگوادوں گا۔" حور کی بات مکمل ہونے سے پہلے

پڑتی ہے۔

نہیں وہ ہی لائیں گے میں نے پہلے ہی دو خریدی ہوئی تھیں ایک میری ا

آپ کی۔۔"

حور چادر پر کھڑی اپنے سجدے کی جگہ کو دیکھتے ہوئے

پر جوش لہجے میں کہتی ہے دیریک اس کے چہرے کی مسکراہٹ دیکھ کر مس

دیتا ہے پر کچھ بولتا نہیں ہے۔

جیسے جیسے میں بلند آواز میں پڑھوں گی آپ بھی ویسے پڑھیں گے ٹھیک

ہے؟؟

دیریک کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

جواباً دیریک ہاں میں سر ہلا دیتا ہے اور دونوں اپنی نماز ادا

کرنا شروع کرتے ہیں۔

حور سے چند قدم آگے دیریک کھڑا اس کے کہے ہر الفاظ کو

دہراتا ہے اور اپنی زندگی کی پہلی نمازِ اپنے مذہب بدلنے

کے بعد کی پہلی نمازِ اپنی بیوی کے ساتھ ادا کرتا ہے۔۔

یہ نماز پڑھنا شروع ہوتے ہیں تو دوسری جانب روحی باسیل

نمازِ پڑھ چکے تھے پر پھر بھی اپنی اپنی جانماز بیٹھے ہوئے

اپنا رخ کھڑکی کی طرف موڑا ہوا دھیرے سے

صبح ہوتی ایک نئ صبح کی شروعات وہ ساتھ کرتے ہیں۔

انکل۔۔؟؟ باسیل کے کندھے پر سر رکھے نماز کی طرح دوپٹہ

لپیٹا ہوا روحی پیار سے دھیرے سے پکارتی ہے۔

آپ نے پوچھنا نہیں ہے میں کل کہاں تھی۔۔؟؟

روحی کی نظریں مسلسل کھڑکی سے باہر ہی تھیں۔

جانتا ہوں میں سب کچھ۔۔!!باسیل کی بات پر روحی سر اٹھا کر اس کی طر

دیکھتی ہے۔۔

تو پھر مجھ سے کوئی سوال کیوں نہیں کیا۔۔؟؟ روحی تجسّس سے پوچھتی ہے۔

کیونکہ اس کا جواب بھی میں جانتا ہوں۔۔روحی کا سر واپس اپنے کندھے

رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ کو پتا ہے وہ رات کو رو رہے تھے میری وجہ سے۔۔"

روحی کے لہجے میں نمی تھی۔"

باسیل اراک کے نام پر مٹھیاں بھینچ لیتا ہے باسیل جیسے ہی

مٹھیاں بھینچتا ہے روحی کی نظر اس کے ہاتھوں پر جاتی ہے اسی پل وہ مسکرا

ہوئے باسیل کے بڑے بڑے ہاتھوں کو اپنے چھوٹے چھوٹے نرم ہاتھوں

قید کرلیتی ہے۔

غصہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے میاں جی اراک کا اب ذکر

بھی دوبارہ نہیں ہو گا ان کا چیپٹر ختم ہو گیا ہے انہوں نے راستے بدل کیے

واپس نا آنے کا وعدہ کیا ہے۔

روحی باسیل کے کندھے سے سر ہٹا کر اسکی آنکھوں میں

دیکھتے ہوئے کہتی ہے۔

اور آگیا تو۔۔۔؟؟ باسیل کے سوال پر روحی پھر مسکرا دیتی ہے۔

میں نے ان سے یہ سوال کیا تھا جواباً وہ بولے کہ

وعدہ خلافی نہیں کرتا ہوں میں "

روحی کے ذہین میں اس کے آنسوؤں اسی پل ٹھہرنے لگ گئے تھے سر نفی

ہلاتے ہوئے اراک کو اپنے ذہین سے نکالنے کی کوشش کرتی ہے اور گ

سانس لیتے ہوئے باسیل

کو دیکھتی ہے۔۔

اب جو ہوگیا سو ہوگیا اب میں پرانی زندگی میں واپس آنا چاہتی ہوں جہاں

آپ ہمارا ٹیڈی اور ہماری فیملی ہوگی

واپس چلتے ہیں۔۔"

روحی باسیل کو کہتے ہی خاموش ہوکر باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے لگتی ہے۔۔

اب آج ٹھیک ہوگیا ہے تو تمہیں واپس جانا ہے۔۔؟؟

ہنی مون پر نہیں جانا ٹیڈی کے ساتھ ابھی تو بہت کچھ

کرنا ہے ہمیں یہاں اور اب جانے کی ضد کررہی ہو۔۔"

روحی کے ہاتھوں سے ہاتھ نکالے اس کے ہاتھ اپنے ہاتھوں

میں پکڑتے ہوئے باسیل روحی کو اپنی جانب کھینچتا ہے۔

اب جب ٹھیک ہو گیا ہے گڑیا تو تم سب سے پہلی مجھے

میری پہلے والی روحی واپس کرو جو تم 4 سال پہلے تھی

نا ڈرنے نا رونے والی ایک مضبوط اور بہادر لڑکی "

روحی کو اپنے سامنے بیٹھاتے اس کا سر اپنے سینے سے لگائے

روحی کے پیٹ کے گرد اپنی بازوؤں کا حصار باندھتے

ہوئے کہتا ہے۔

میں بھی ڈھونڈ رہی ہوں اس لڑکی کو پر وہ لگتا ہے کھو گئی۔۔روحی مایوسی

کہتی ہے۔

تو ڈھونڈ لاؤ اسے واپس تم اسے دوبارہ ڈھونڈوں یہاں رہ کر تب میں بھی ا

جڑ کو ڈھونڈتا ہوں جو مجھے چیلنج کر رہا تھا۔۔

باسیل آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے کولڈ لہجے میں دھیرے سے کہتا ہے پر

کی آواز روحی کو بآسانی سنائی

دیتی ہے۔

آپ یہاں کسی مشکل میں ہیں کیا اب تو اراک چلے گئے ہیں پھر کس کو ڈھو

ہے۔۔۔؟؟ روحی فوراً سے پلٹ کر گڈھنوں کے بل بیٹھتے ہوئے باسیل

پوچھتی ہے۔

تم مدد کرو گی میری اس کو ڈھونڈنے میں۔۔؟؟

ضرور مجھے بھی پنگے لینے ہیں۔۔"

باسیل پوچھتا ہی ہے کہ روحی فوراً سے ہنستے ہوئے جواب

دیتی ہے۔

تو پھر ٹھیک ہے ہم دونوں میاں بیوی جانے سے پہلے اس ملک کو ٹھیک کر

جائیں گے۔۔"

باسیل روحی کے ہنستے ہوئے چہرے کو دیکھتے ہوئے خود بھی ہنستے ہوئے کہتا

۔۔

اس میں ایکشن بھی ہو گا۔۔۔؟؟ روحی ہنستے ہوئے تجسّس سے پوچھتی ہے۔

ہو گا پر تم کچھ نہیں کرو گی جو میں کہوں گا وہ کرو گی کسی کا سر نہیں پھاڑو

تم۔۔"

روحی کو چہرے سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتے ہوئے کہتا ہے۔میں سب کروں

جو آپ کہیں گے " روحی کہتے ہی باسیل کے گلے سے لگ جاتی ہے۔

آہ ہ۔۔ روحی کے گلے لگتے ہی باسیل درد میں کراہتے ہوئے کہتا

۔۔کیاہوا۔۔؟؟ فوراً دور ہوتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کچھ نہیں " باسیل نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہتا ہے۔

آپ نے ابھی بھی اس پر کوئی دوائی نہیں لگائی ہے۔۔؟؟

باسیل کے دل پر ہاتھ رکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

تم نے رات کو لگانی تھی دوائی واپس آکر اس پر تم آکر بے ہوش ہوگئ تھی

باسیل گندا سا منہ بنا کر کہتا ہے۔۔

ویسے تمہیں گولڈ میڈل نہیں ڈائمنڈ میڈل ملنا چاہیے جس طرح تم میر

رومینٹک ماحول کا موڈ کا بینڈ بجاتی ہو خدا پوچھے تمہیں۔۔۔"

روحی سے نظریں ہٹا کر اس سے دور ہوتے کھڑے ہوتے ہوئے کہتا ہے۔۔

کوئی بات نہیں میاں جی دنیا میں کل رات آخری رات تھوڑی تھی۔۔ر

جانماز طے کرتے ہوئے کہتی ہے اور کہتے ہی اپنے لب بھینچ لیتی ہے۔

بہت خراب نہیں ہوگئی لڑکی گندی باتیں کرنے لگ گئی ہو۔

باسیل کہتا ہے روحی قہقہ لگا کر ہنستے ہوئے اٹھ کھڑی ہوتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

حور کو نمازِ ختم کیے 5 منٹ گزر چکے تھے وہ چادر بیٹھے ہوئے اپنے سامنے

دیریک کو پچھلے 5 منٹ سے دعا مانگتے ہوئے خاموشی سے دیکھ رہی تھی

گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھی کہ وہ مانگ کیا رہے ہیں۔"

آج کے لیے میری اتنی شکایتیں بہت ہیں باقی کل لگا لینا آپ

گڑھنوں کے بل زمین چادر پر بیٹھتے ہوئے دیریک کی

توجہ اپنی طرف کرنے کی کوشش کرتی ہے پر دیریک گہرائیوں میں ڈوب

دعا مانگ رہا تھا حور کی بات سن

لیتا ہے ہر کوئی جواب نہیں دیتا ہے۔۔

دیریک کو دیکھتے ہوئے حور واپس زمین پر بیٹھ جاتی ہے

لگاتار 5 منٹ بعد دیریک دعا کے ہاتھ منہ پر پھیرتے ہوئے

خود پر پھونک مارتا ہے اور پھر حور کو دیکھتے ہوئے اس پر بھی "

اتنی لمبی دعا میری شیکایتیں لگا رہے تھے نا۔۔؟؟؟

حور غصیلے نظروں سے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے۔

کیوں تمہیں ڈر لگ رہا ہے کہ وہ کہیں سن نا لیں۔۔!!" دیریک چادر سے ا

ہوئے اپنے ر سے رومال اتارتے ہوئے کہتا ہے۔

ہاں نا اگر انہوں نے آپ کی بات سن لی تو۔۔۔!!

حور پہلے خود کھڑی ہوتی ہے پھر چادر اُٹھانے کے لیے جھکتی ہے تو دوسر

کونے سے اسی پل دیریک بھی چادر

کو زمین سے اٹھائے اسے حور کے فولڈ کرنے لگتا ہے۔

فکر مت کرو میری دعاؤں سے تمہارا کبھی نقصان نہیں ہو گا۔۔چادر فولڈ کر

ہوئے حور کی طرف بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔پکی بات ہے۔۔؟؟ ائیبرو اچکا

ہوئے پوچھتی ہے۔

شک ہے مجھ پر کوئی۔۔؟؟ حور کی طرح ائیبرو اچکاتے ہوئے

پوچھتا ہے اور زور سے چادر کو اپنی طرف کھینچ کر

حور کو اپنی جانب کھینچتا ہے اور سینے سے لگائے اسی

چادرِ کا حصار اس کی کمر کے گرد بنائے حور کو خود میں

قید کرتا ہے۔۔

ابھی نماز پڑھی ہے آپ نے اور میں۔۔"دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہو

دور ہونے کی کوشش کرتے ہوئے کہتی ہے۔

پر میں کچھ کر تھوڑی رہا ہوں بس تمہیں اپنے قریب کیا ہے۔چھوٹی چھ

آنکھیں کیے کہتا ہے۔۔"

آپ نے اپنی پہلی دعا میں کیا مانگا۔۔؟؟ دیریک کی شرٹ کو

پکڑتے ہوئے اس سے پوچھتی ہے۔۔

بتادینے سے قبول ہو جائے گی ۔۔؟؟ سوالیہ انداز میں پوچھتا ہے۔بیوی

بتادینے سے ہوجاتی ہے۔۔"

حور اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہتی ہے۔

تو میں نے سب سے پہلا شکریہ کیا پھر۔۔۔!!دیریک کہتے کہتے خاموش ہو

ہے۔

پھر کیا۔۔؟؟ حور تجسس سے پوچھتی ہے۔

پھر وہ میں نہیں بتارہا جب قبول ہوگی تو پتا چل جائے گا۔"

دیریک حور سے دور ہوتا چادر کو فولڈ کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔

بہت برے ہیں آپ۔۔!!گندا سا منہ بنائے دیکھتے ہوئے ڈریسنگ ٹیبل کی طر

بڑھتے ہوئے کہتی ہے۔۔

پر تم سے کم۔۔!!چادر ٹیبل پر رکھے خود صوفے پر بیٹھ جاتا ہے اور اپنا

اٹھائے فون میں دیکھتا ہے آج کی نیوز

دیکھنے کے لیے وہ فون اٹھاتا ہے پر آسکرین پر تامیر کے انگنت میسج دیکھ

دیریک حیرانگی سے اس کے میسج

کو پڑھنے لگتا ہے۔

اگر اوولولولوو ہو گیا ہو تو مجھ پر بھی نظر کرم کرلیں

میری پاس بیوی نہیں ہے تو کیا ہوگیا آپ اس کی کمی پوری کریں گے

پوری رات جگا کر رکھنے کی۔۔۔۔

تامیر کے غصے والی ایموجی کے ساتھ 100 سے زائد میسج تھے ان سب

پڑھتے ہوئے دیریک بامشکل اپنا قہقہ

ضبط کرتا ہے۔۔

کیا ہو گیا ہے ایسا ایک رات میں جو اتنی کالز اور میسج کیے ہوئے ہیں۔۔؟؟

فون سے نظر اٹھا کر سرسری سی نظر ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے بیٹھی ڈرائیر

بال ڈرائے کرتی ہوئی حور کو دیکھتے ہوئے خود سے کہتا ہے اور کہتے ہو

صوفے سے اٹھ

کر بیڈ کے پاس لگے شیشے کو اوپن کرنے والے بٹن کو پریس

کیے دیریک شیشہ کھلتے ہوئے دیکھتے ہوئے بالکنی کی

طرف بڑھتا ہے اور تامیر کو کال لگاتا ہے۔۔"

ہیلو۔۔؟؟ دیریک کال لگاتے ہی بولتا ہے۔

جلدی نہیں کال کرلی۔۔؟؟؟ تامیر تنزیہ لہجے میں کہتا ہے۔

تم انتظار نہیں کرسکتے تھے میں بزی تھا پتا نہیں ہے تمہیں۔؟؟ چڑتے ہو

کہتا ہے۔

ہاں آپ جو رومینس کررہے تھے آپ بزی تھے اور میں جو یہاں رات

پاگلوں کی طرح کام کررہا تھا میں فارغ تھا۔۔

سہاگ رات منا لی ہو تو اب تھوڑا کام بھی کرلیں

نوکر نہیں ہوں میں آپ کا۔۔۔"

تامیر کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ اس وقت اپنا سر پھاڑ لے یا کسی کا

دے"

"تمہارے کیوں ارمان جاگ رہے ہیں تم

بھی منالو شاید کچھ زبان ہی میٹھی ہو جائے تمہاری"

دیریک مڑ کر ریلنگ سے ٹیک لگاتے ہوئے حور کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

"ابھی میری زبان کون سے کڑوے کریلے آپ پر فائر

کرتی ہے جو یہ کڑوی لگ رہی ہے آپ کو.؟"

تامیر اپنے لیپ ٹاپ سے دیریک کو کچھ ای میل بھیجتا ہے۔

"کیوں تم صبح صبح میرا دماغ خراب کر رہے

ہو اپنی باتوں سے کیا کام ہے بولو"

دیریک تامیر کے غصہ پر سکون سا کہتا ہے اور کہتے کہتے

رک جاتا ہے۔

"نہیں ایک سیکنڈ..!! میں تمہارا بوس ہوں تم مجھے

آرڈر کیسے دے سکتے ہو مجھ پر غصہ کیسے کر سکتے ہو۔؟"

دیریک غصہ میں کہتا ہے تو حور فوراً سے اس کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔

"واہ صدقے جاؤں میں آپ کے یاد آگیا آپ کو کہ آپ

بوس ہیں تو اپنا کام مجھ سے کیوں کروا رہے ہیں ..؟؟'

تامیر نے حد کڑوے لہجے میں کہتا ہے۔

"اس بکواس کا مطلب جان سکتا ہوں میں..؟؟"

حور کو مسکراتے ہوئے دیکھتے ہوئے دانت بھینچتے ہوئے

تامیر سے کہتا ہے۔

"ایک بار بیوی سے نظریں اور دماغ ہٹا کر لیپ ٹاپ کی طرف دیکھیں ت

لگ جائے گا یہ بکواس ہے یا نہیں"

تامیر کی بات پر دیریک فوراً سے گلہ کھنگارتے ہوئے حور

سے اپنی نظریں ہٹاتا ہے۔

"صدا جلتے رہنا تم اپنے ہی بوس سے سانڈ کے منہ والے"

گندا سا منہ بنائے کہتا ہے۔

"اور آپ صدا میری باڈی سے جلتے رہنا کیوں ملنے والی تو ہے نہیں آپ کو

جیسی باڈی اور پرسینیلٹی"

(ہنہہنہ.. تامیر منہ بسوڑے کہتا کال کاٹ گیا تھا)

کال کاٹتے ہی تامیر صوفے سے پشت ٹیکائے لیپ ٹاپ سے نظریں ہٹا

سامنے کی طرف دیکھتا ہے تو سامنے فرش پڑی ہیل پر تامیر کی نظر جاتی

جس سے اسی پل اس کے ذہین میں شیزا آتی ہے پر جلد ہی وہ سر نفی

ہلاتا

شیزا کو اپنے ذہین میں آنے دینے سے پہلے ہی اس کو نکال دیتا ہے اور

پل اٹھ کر وہ واش روم میں گھس جاتا ہے۔۔

دیریک بھی کال کٹ ہوتے ہی کمرے میں سائیڈ ٹیبل پر پڑا

لیپ ٹاپ اٹھائے واپس صوفے پر آبیٹھتا ہے لیپ ٹاپ آن کرتے ہی تامیر

ایک میل چیک کرتا ہے جس میں ویڈیو

اور کچھ پیپیرز ہوتے ہیں ویڈیو دیکھنے سے پہلے دیریک سارے پیپیرز پڑتا

اور دیکھتے ہی اس کے چہرے کے سارے

تاثرات تیش میں آنے لگتا ہے۔۔

یہ کیا بکواس ہے۔۔۔؟؟ دیریک غصہ میں لیپ ٹاپ کو گھورتے

ہوئے کہتا ہے اور کہتے ہی اسی پل وہ لیپ ٹاپ اٹھائے لائیبریری میں دا

ہوتا ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

اچھا شرٹ اتاریں اپنی۔۔"روحی جانماز ٹیبل پر رکھتی اپنے

سر سے چادر اتارتے ہوئے کہتی ہے۔

تو پھر میری عزت پر حملہ کرنے کا ارادہ کررہی ہو نہیں میں نے نہیں ات

ہے۔۔صوفے بیڈ کی طرف دوبارہ لیٹنے

کے لیے بڑھتے ہوئے کہتا ہے۔۔

باسیل شرٹ اتاریں اب زخم دیکھائیں رات بھی نہیں دکھایا

تھا آپ نے۔"باسیل کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے کہتی ہے۔

تم کیا کرو گی اسے دیکھ کر تم ڈاکٹر تھوڑی ہو۔۔

میں ڈاکٹر ہی ہوں اب پروفیشنل نہیں بنی تو کیا ہوا پر میں بن جاؤں گی جلد

۔۔"

باسیل کی بات سنتے ہی باسیل کی کمر پر تھپڑ مارتے ہوئے کہتی ہے۔

اووو۔۔ہاں میں بھول گیا تھا تم ڈاکٹر بننے والی ہو "

سوری سوری۔۔"روحی کی طرف مڑتے ہوئے معصوم سی شکل بنائے کہتا

۔۔

بڑھاپا سر چڑھ رہا ہے خدارا مجھے مت بھول جانا کبھی

روحی باسیل کے چہرے کو دیکھتے ہوئے بے زار لہجے میں کہتی ہوئی فرسٹ

کٹ اٹھانے کے لیے بڑھتی ہی ہے کہ

باسیل اسے کلائی سے پکڑے خود بیڈ پر بیٹھتے ہوئے روحی کو اپنے اوپر گ

اسے اپنی باہوں میں بھر لیتا ہے۔

آہ ہ ہ۔۔باسیل درد سے سسک اٹھا تھا ہر وہ اپنی سسکی اپنے اندر ہی روک

ہے۔

اب یہ کیا کررہے ہیں۔؟؟روحی کہتی ہے اور باسیل

اسے بیڈ پر گرا دیتا ہے۔

باسیل۔۔؟؟ حیران کن نظروں سے دیکھتے ہوئے پکارتی ہے۔

جی۔۔!!روحی کے بالوں کو گردن سے ہٹاتے ہوئے پیار سے جواب دیتا ہے۔

آپ رات تک کا انتظار کرسکتے ہیں یقیناً کر سکتے ہیں۔

باسیل کے چہرے کو دیکھتے ہوئے زبردستی والی مسکراہٹ چہرے پر سجائے

ہے۔

تمہیں میں کیا ہر وقت رومینٹک موڈ میں ہی لگتا ہے کبھی

کبھی میں نارمل والا رومینٹک بھی ہو جاتا ہوں۔۔

کہتے ہی روحی کی گردن پر شدت سے اپنے لب رکھ دیتا ہے۔۔

لگ رہا ہے مجھے پتا آپ کا نارمل رومینٹک موڈ "

باسیل کے بالوں میں اور اس کی گردن پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتی ہے۔

بار بار بات کیوں بدل دیتے ہیں آپ۔۔؟؟ باسیل کو گردن پر

جھکا محسوس کرتی وہ دھیرے لہجے میں پوچھتی ہے۔

کون سی بات۔۔؟؟ روحی کی گردن کو آزاد ہونٹوں

کو فوکس میں لیتے ہوئے پوچھتا ہے۔

پٹی کیوں نہیں کروا رہے ہیں آپ اس پر۔۔۔؟؟

روحی بیڈ پر لیٹے ہوئے باسل کے چہرے کو اپنے ہاتھوں میں پکڑتے ہوئے

سے پوچھتی ہے۔۔

مجھے نہیں کروانی ہے جب تک اس سے جڑا سب ختم نہیں کردیتا ہوں

اپنے کسی زخم پر مرحم نہیں لگاؤں گا۔۔"

اٹل لہجے میں کہتے ہوئے روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے اس کے ماتھے

بوسہ دیتے ہوئے کہتا ہے باسل روحی کے ماتھے پر اپنے لب رکھتا ہے اور ر

اپنی آنکھیں بند کرلیتی ہے۔۔

اور تب تک کیا درد برداشت کرنا ہے۔۔؟؟ اپنی آنکھیں کھولتے ہوئے پوچھ

ہے۔۔

مرد کو درد نہیں ہوتا ہے وہ تم نے سنا نہیں ہے۔۔؟؟

روحی کے گال کھینچتے ہوئے ہنستے ہوئے کہتا ہے باسیل کہتا ہے اور روحی اس

دل پر زخم پر ہاتھ رکھ دیتی ہے جس سے اسی پل باسیل کے منہ سے درد

بھری کراہتے ہوئے آواز نکلتی ہے۔

پر میرے مرد کو درد ہوتا ہے۔۔"روحی ہنستے ہوئے کہتی ہے باسیل کا منہ د

ہوئے وہ اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنا

چہرہ چھپا لیتی ہے روحی کی حرکت دیکھتے ہوئے باسیل سیدھے ہو کر لیٹتے ہو

روحی کا سر اپنے سینے سے

پر رکھے وہ اپنی آنکھیں بند کرلیتا ہے۔۔

آنکل اب پھر سونا ہے۔۔؟؟ باسیل کے سینے پر انگلیاں چلاتے ہوئے پو

ہے۔

وہ ابھی نہیں کرنا ہے ابھی تھکا ہوا ہوں میں۔۔"

باسیل اپنی آنکھیں بند کیے شرارتی لہجے میں کہتا ہے۔

میرا وہ مطلب نہیں ہے آپ کو بھوک نہیں لگ رہی ہے۔۔؟؟

اپنی کہنی کے بل پر تھوڑا سا اوپر اٹھ کر پوچھتی ہے۔

آپ کو بھوک لگ رہی ہے۔۔؟؟ آنکھیں کھولے روحی کے چہرے

کی جانب دیکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔

ہمم اور آپ کو۔۔؟؟ روحی جواب دیتے ہی سوال کرتی ہے۔

تھوڑی تھوڑی سی " باسیل ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے بتاتا ہے۔

پھر ناشتہ بنائیں۔۔؟؟ روحی اب مکمل اٹھ کر بیٹھتے ہوئے پوچھتی ہے۔۔

ابھی نہیں میں نے سونا ہے۔"باسیل کہتے ہوئے اپنی آنکھوں

پر ہاتھ رکھ گیا تھا۔

افففہووو۔۔انکل اٹھ جائیں نا بدر آئمہ کے لیے کچھ اچھا سا بناتے ہیں وہ آجا

گے نا آج۔۔؟؟

روحی اپنی بات کہتے کہتے سوال کر بیٹھتی ہے۔

ہاں وہ آجائیں گے۔۔باسیل کہہ رہا ہوتا ہے کہ اس کے ذہین میں ایک

بات آتی ہے۔۔اور بھی کوئی آرہا ہے آج میں تو بھول گیا تھا۔۔باسیل کہتے

اٹھ بیٹھتا ہے۔۔

کون آرہا ہے۔۔؟؟ روحی باسیل کو اپنے برابر میں بیٹھتے

دیکھ پوچھتی ہے۔۔

مہمان میری جان اب بناؤ ناشتہ وہ بھی 3 مہمانوں کے لیے

روحی کی ٹھوڑی پکڑے پیار سے کہتے ہی وہ بیڈ سے اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔۔

ہیں کوئن وہ۔؟؟ میں جانتی ہوں کیا انہیں۔۔؟؟ باسیل کو

کمرے سے باہر جاتے دیکھتے ہوئے پوچھتی ہے

جانتی ہو میری جان نہیں بھی جانتی تو جان جاؤ گی آج تم

بہت کچھ "

باسیل کہتے ہی کمرے سے باہر نکل جاتا ہے باہر رات والے لڑکے اور آ

ابھی بھی حال میں موجود تھے باسیل کی حویلی کا کام کرتے کرتے وہ سب

حال میں بیٹھ جاتے ہیں تو کبھی دوبارہ کام کرنے لگ جاتے ہیں۔

گاڑی میں مرے ہوئے لوگوں کی لاشیں لے جائی جا چکی تھیں پر دوسر

گارڈز حویلی کی سیفٹی کے لیے ابھی تک نہیں آئے تھے۔۔

حویلی کی ہر چیز بدل دی گئی تھی صوفے سے لے کر

ڈور کارپیٹ، واس ہر چیز تبدیل ہوچکی تھی حویلی کے سرونٹس کے آنے

پہلے ہی حویلی کی ہر چیز صاف شفاف کردی گئی تھی پوری حویلی چمک رہی

کیونکہ لائیٹس ابھی جل رہی تھیں جو حویلی کی ہر نئی چیز کو

چمکتی ہوئی واضح کررہی تھی۔

باسیل کے پیچھے پیچھے روحی بھی کمرے سے باہر نکلتی ہے اور نکلتے ہی ہاتھ

پکڑا دوپٹہ کندھے پر ڈالنے ہی لگتی ہے کہ حال کا منظر دیکھ وہ حیران ہو

ہے۔

تیزی سے کمرے سے باہر نکلنے والے قدموں کی رفتار دھیمی

پڑگئی تھی۔۔

اپنی ہی حویلی میں ہوں نا۔؟؟ روحی سیڑھیوں سے اترتے ہوئے حیرانگی

خود سے سوال کرتی ہے۔۔

اپنی ہی لگ رہی ہے۔۔"خود ہی جواب دیتی ہے اور سامنے باسیل کو آخ

سیڑھیوں سے اترتا دیکھ جلدی سے سیڑھیوں سے نیچے اترتی ہے۔

انکل۔۔؟؟ باسیل کی شرٹ پیچھے سے پکڑے اسے روکتی ہے۔

جی۔۔!!پلٹ کر جواب دیتا ہے۔۔

یہ سب کیوں بدلوایا ہے آپ نے۔۔؟؟ لڑکوں کو کام کرتا دیکھ روحی تجب

سے پوچھتی ہے۔۔

مہمان آرہے ہیں نا نئ چیزوں سے نئ پہچان ملتی ہے۔۔"

روحی کے چہرے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہتا ہے۔

روحی کو سمجھ تو کچھ نہیں آتا ہے بس ہاں میں سر ہلاتے ہوئے وہ باسیل

شرٹ کو چھوڑ دیتی ہے

ناشتہ بنانا ہے پر تم نہیں بناؤں گی سرونٹ سے کہہ دینا

وہ سب کرلیں گے یہ صفائی بھی ختم ہونے والی ہے

بس سب کو دیکھنا ہے کام نہیں کرنا طبیعت ٹھیک نہیں ہے

تمہاری۔۔"

روحی کے چہرے پر حیرانگی دیکھتے ہوئے کہتا جاتا ہے۔

پر بس میرے لیے چائے بنادو کافی ٹائم سے نہیں پی ہے میں نے تمہارے

کی چائے۔۔بنا دو گی۔۔؟؟

روحی کے قریب آتا اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں پکڑے

اس کی حیرانگی کو کم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔۔

ابھی لے کر آتی ہوں چائے بنا کر۔۔"روحی مسکراتے ہوئے جواب دیتی

اور اسی وقت کیچن میں جانے کے لیے مڑتی ہے جاتے جاتے وہ رک کر

کے لیے باسیل کو دیکھتی جو

اپنی جم روم کی طرف بڑھ رہا تھا۔۔

عجیب وائب کیوں آرہی ہے مجھے۔۔"روحی گردن جھٹکتے ہوئے کہتے ہوئے

کی جانب بڑھتی ہے۔

صبح کے 6 بج رہے تھے سرونٹ کے کام پر آنے کا وقتِ ہوگیا ہے روحی

جاتے ہی پیچھے سے دو لڑکیاں بھی کیچن کی طرف دوڑتے ہوئے آتی ہیں

دونوں ہاتھ باندھے روحی کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے۔

روحی چائے بناتے بناتے ان سب کو ناشتے کا بتاتی ہے۔"

باسیل بھی جم روم سے گزرتے ہوئے اپنے آفس روم میں داخل ہوتا

جہاں سے ہی وہا زیادہ تر کام کرتا ہے اندر جاتے ہی وہ کمرے کو لوک کر

ہے۔۔

ایک نظر اپنے پورے روم پر ڈالتے ہوئے باسیل بک شیلف کی طرف بڑ

ہے بک شیلف میں سے ایک بک نکال کر

اپنے قدم وہ پیچھے کی طرف اٹھاتا ہی ہے کہ بک شیلف دروازے کی صور

میں کھل جاتا ہے دروازے کھلتے ہیں باسیل گہری سانس لیتے ہوئے اندر دا

ہوتا ہے اندر داخل ہی ہوتا ہے کہ اس کے کانوں میں کسی کے سسک

رونے کی آواز آتی ہے جیسے سنتے ہوئے باسیل ایک دم کولڈ لوک

میں دبے دبے قدم آگے کی طرف بڑھاتا ہے۔"

♡_____♡.....♡_____♡

دیریک کے جاتے ہی حور بھی حیران پریشان سی اس کے یوں جانے سے

بھی اٹھ کر دیریک کے پیچھے اس کی لائیبریری میں جاتی ہے پر اندر نہیں

پاتی ہے دیریک لائیبریری کے دروازے بند کر چکا تھا بند دروازوں کو دیکھ

وہ دروازہ پر دستک بھی نہیں دیتی ہے اور اسی لمحے وہ

اپنا رخ کیچن کی طرف موڑے اپنے لیے ناشتہ بنانے لگتی ہے۔

یہاں کے سرونٹس کی کام پر آنے کی ٹائمنگ 8 بجے تھی اس لیے مینشن

اس وقت حور اور دیریک کے علاوہ

اور کوئی نہیں ہوتا ہے۔۔

دیریک لائبریری میں اپنے ٹیبل کے دراز میں بک شیلف میں بنے آخ

درازوں میں وہاں بنی چھت سے لگی وائن بار کی دیوار جس کے بھی نیچے آخ

ہے دو کھانوں کو دراز بنایا گیا تھا دیریک لائیبریری کا ہر دراز چھانٹ مارتا ہے

کچھ ڈھونڈنے کے لئے پر ہر دراز سے اسے غیر ضروری سامان

ملتا ہے جو وہ ڈھونڈ رہا تھا وہ اسے نہیں ملتا ہے۔۔"

کدھر ہے وہ فائل۔۔۔؟؟؟دیریک غصے میں لائیبریری کے ہر دراز میں د

ہے پر فائل اسے کہیں بھی نہیں ملتی ہے۔۔

وہ لایا تھا میں یہاں۔۔۔؟؟ خود سے سوال کرتا وہ اپنی تلاش

روکتا اور بھی لائیبریری کا آخری دراز کھولے

بیٹھ جاتا ہے۔

لایا تو تھا میں مگر وہ فائل ہے کہاں۔۔؟؟ میرے علاوہ یہاں

اور کوئی نہیں آتا۔۔۔۔ دیریک گہری سانسیں لیتے ہوئے

خود سے دھیمی آواز میں پوچھتا ہے اور پوچھتے پوچھتے

سوچتے وہ رک جاتا ہے۔۔

تامیر بھی تو یہاں ہوتا تھا اسے پتا ہوگا فائل کہاں ہے وہ یقیناً جانتا ہوگا۔

دیریک زمین سے اٹھتے ہوئے کہتے ہوئے ٹیبل کی طرف بڑھتا ہے۔۔

پہلے ہی تامیر کو کال کرلیتا میں بھی کتنا بے واقوف ہوں۔۔

کہتے ہی ٹیبل سے فون اٹھائے ایک ہاتھ کمر پر رکھے کال لگانے لگتا ہے

تامیر کال نہیں اٹھاتا ہے

دیریک لگاتار 5 بار کالز کر چکا تھا پر تامیر فون نہیں اٹھا رہا تھا۔"کدھر ہے

۔۔۔؟؟ میرا فون تو ہمیشہ اٹھاتا ہے

پہلی بیل پر اب کیوں نہیں اٹھا رہا ہے ۔۔!!"

دیریک فون کی اسکرین کی طرف دیکھتے پریشانی سے کہتا ہے اور کہتے ہو

لائیبریری سے باہر نکلنے کے لیے قدم بڑھاتا ہے کہ دیریک کی نظر لیپ ٹ

کی اسکرین پر پڑتی ہے جہاں

وہ فائل آسکرین پر نظر آرہی تھی جو تامیر نے باسیل والی

اسے بھیجی تھی۔۔"

یہ کیا ہے۔؟؟ دیریک کہتے ہوئے فون صوفے پر رکھے خود

بھی صوفے پر بیٹھے لیپ ٹاپ کی اسکرین اپنی طرف متوجہ کیے وہ ویڈیو

کرتا ہے۔۔"

پہلے پہل تو اس ویڈیو میں کیمرے کی فوٹیج تھی صرف ڈرگز کا کام کر

ہوئے اس کی ماں کو دیکھایا جاتا ہے پھر

اس فوٹیج ہے آخر میں دیریک کے باپ کو وہی اسی بلڈنگ کے ہیڈن فلو

اسمیل اور ڈائیگو کے ساتھ داخل ہوتا

دیکھایا جاتا ہے دیریک کے باپ کی ویڈیو آئی ہی تھی کہ

ویڈیو بند ہو جاتی ہے۔

باقی کی کہاں ہے۔۔؟؟ ڈیڈ۔۔۔؟؟؟ دیریک لیپ ٹاپ کے بٹنوں

کو دباتے ہوئے بوکھلاتے ہوئے کہتا ہے۔۔

پر اس کے بعد کوئی ویڈیو آن نہیں ہوتی ہے۔۔۔یہ کیا ہورہا ہے ڈیڈ تو ک

اس کا حصہ نہیں تھے وجدان نے تو یہی

کہا تھا پھر ڈائیگو اور ڈیڈ وہاں کیا کررہے تھے وہ

بھی اسمیل کے ساتھ۔۔؟؟

دیریک لیپ ٹاپ کی اسکرین دوبارہ اپنے ڈیڈ ڈائیگو اور اسمیل کی ویڈیو کو رو

ان کو دیکھتے ہوئے خود سے پوچھتا ہے۔

تامیر فون اٹھاؤں ورنہ جان سے ماردوں گا میں تمہیں۔"

دیریک اپنے فون پر گرفت مضبوط کرتے ہوئے اسے اپنے

ہاتھوں میں جکڑے ہوئے ٹیبل سے اٹھاتا ہے اور اٹھاتے ہی دوبارہ تامیر

کال لگاتا ہے پر اب بھی اسے کال نہیں لگتی ہے۔۔

کہاں ہو تم تامیر۔۔؟؟ غصے میں کہتے ہوئے دیریک لائیبریری سے باہر نکل

ہے لائیبریری سے نکلتے ہی دیریک مینشن کے دروازے کی طرف بڑھنے

ہے۔۔

سنیں۔۔؟؟؟ وہ دروازے سے باہر نکلتا اس سے پہلے ہی پیچھے سے حور ا

کیچن سے باہر نکلتے ہوئے پکارتی ہے۔

حور کی آواز پر دیریک فوراً سے رک کر خود کو کمپوز کرتا حور کی طرف

ہے۔۔

آپ کہیں جارہے ہیں۔؟؟ دیریک کی طرف ڈرے ڈرے دبے دبے

قدم اٹھائے پوچھتی ہے۔

ہاں کچھ کام ہے۔۔"فون اپنے ٹراوزر کی جیب میں ڈالتے ہوئے کہتا ہے۔

پر آپ پہلے کچھ کھالیں کل بھی نہیں کھایا تھا آپ نے کھانا"

حور اپنے ہاتھوں کو آپس میں مسلتے ہوئے دیریک سے کچھ فاصلے پر جا کھڑی

کر کہتی ہے۔۔

مجھے بھوک لگی ہے پر اس وقت تھوڑا ضروری کام آگیا ہے تو میں نہیں

سکتا ہوں تم کھالو۔۔"

حور کی طرف بڑھتے ہوئے اس کے چہرے کی جانب دیکھتے ہوئے پیار سے

ہے۔

آپ پھر کب تک آجائیں گے ۔۔؟؟ دیریک کی آنکھوں میں دیکھتے ہو

پوچھتی ہے۔۔

تھوڑا ٹائم لگ جائے گا تم ناشتہ کرلو میرا انتظار مت کرنا

حور کے ماتھے پر بوسہ دیے کہتا ہے ہی کہ اس کا فون بج پڑتا ہے۔۔

حور سے دور ہوتا اپنی جیب سے فون نکالے آسکرین کی طرف دیکھتا ہے

دیریک کے دماغ کی رگیں تن گئی تھیں

غصّے میں وہ اسی وقت اپنے قدم مینشن سے باہر گارڈز

کو ساتھ نکلنے کے اشارہ کیے دیریک اپنی گاڑی خود

چلاتے ہوئے مینشن سے باہر نکل جاتا ہے۔

اتنی کیا جلدی ہے کہیں جانے کی کل رات بھی اتنا سب بنایا نہیں کھایا

بھی ناشتہ بنایا نہیں کیا

اب میں بھی کچھ نہیں بنا کر دوں گی رہیں بھوکے گندے میر اسی۔۔۔"

دیریک کی گاڑی اور اسکے پیچھے باقی گارڈز کی گاڑیوں

کو جاتا دیکھ کر حور گندا سا منہ بنائے کہتی ہے۔۔

♡_____♡.....♡_____♡

روحی باسیل کے لیے چائے بنائے اسے ٹرے میں رکھے باسیل

کے جم روم میں لیے بڑھتی اندر جاتی ہی ہے کہ پہلے اپنے اطراف میں نظ

گھوماتی ہے اور پھر اپنی بائیں ہاتھ کی جانب کھڑکی میں کھڑے سفید ش

قمیض پہننے ہوئے باسیل کو فون پر بات کرتا دیکھتے ہوئے چائے کا کپ باسیل

طرف لیے بڑھتی ہے۔۔

باسیل آپ کی چائے۔۔"روحی باسیل کے برابر میں کھڑی

اس کی طرف چائے کا کپ بڑھا رہی ہوتی ہے کہ روحی کی نظر باسیل ہے

پکڑے ہاتھ پر ہتھیلی پر لگے خون کی

جانب دیکھتی ہے جو تازہ خون تھا اسے دیکھتے ہوئے

روحی حیرانگی سے باسیل کی طرف دیکھتی ہے۔

کال پر بات کرتے کرتے روحی کے ہاتھ سے چائے کا کپ پکڑنے کے

باسیل اسکی طرف متوجہ ہوتا ہے کہ روحی کے چہرے پر حیرانگی دیکھ با

اسی پل کال بند کر دیتا ہے۔

کیا ہوا تمہیں۔۔؟؟ فون کھڑکی میں رکھے روحی کے ہاتھ

سے ٹرے لیتے ہوئے مڑ کر ٹرے ٹیبل پر رکھتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

خون کیا ہے کسی کا۔۔۔؟؟ باسیل کی پشت کو دیکھتے

ہوئے پوچھتی ہے۔

روحی کے سوال پر باسیل کے ہاتھ رک جاتے ہیں پل کے لیے وہ خود بھی ر

جاتا ہے پر جلد ہی وہ خود کو کمپوز کرلیتا ہے۔۔میں تمہیں خونی لگتا ہوں.

روحی کی طرف مڑتے ہوئے پوچھتا ہے۔۔

مجھے نہیں پتا پر آپ کے ہاتھ پر خون لگا ہوا ہے کل رات حال میں بھی ز

پر خون دیکھا تھا میں نے پر غور نہیں کیا تھا کل وہاں خون تھا آپ نے کپڑ

بی بدلے ہوئے تھے

اور اب ہاتھ پر خون۔۔؟؟

کیا ہے یہ سب۔؟؟ روحی باسیل کی طرف ایک قدم بڑھاتے ہوئے سو

نظروں سے پوچھتی ہے۔۔"

خون نہیں۔۔۔آپ نے ان گارڈز کے ساتھ کچھ کیا ہے کل رات

میرے جانے سے پہلے وہ تھے میرے آنے کے بعد وہ نہیں تھے

خون تھا ان کی جگہ۔۔"

اپنے دونوں ہاتھ سینے پر باندھتے ہوئے سوچتے سوچتے رات کا کر ایک منظر

کرتے ہوئے کہتی ہے۔مار دیا کیا انہیں۔۔؟؟

باسیل کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے روحی با ایسے ہی پوچھ لیتی ہے۔

ہاں مار دیا انہیں۔۔!!"ہاتھ میں پکڑا چائے کا کپ واپس

ٹیبل پر رکھتے ہوئے روحی کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے

اٹل اور سنجیدگی سے کہتا ہے۔۔۔

باسیل کی بات پر روحی کی آنکھیں حیرانگی سے کھلی کی کھلی رہ گئی تھیں وہ

جواب کی امید نہیں کر رہی تھی۔

مذاق کر رہے ہیں آپ میرے ساتھ تو مت کریں اس وقت میں مذاق

موڈ میں نہیں ہوں بلکہ سیریس ہوں۔۔!!حیران کن نظروں سے دیکھتے ہو

سخت لہجے میں پوچھتی ہے۔

مذاق نہیں ہے سچ ہے پچھلے 4 سالوں سے اسی طرح کام کرتا ہوں جب

کی جان لینے کی ضرورت پڑتی ہے جان لے لیتا ہوں "

اپنے ہاتھوں کو کمر پر باندھتے ہوئے کولڈ نظروں سے روحی کے چہرے کے

آتے جاتے تاثرات کو دیکھتے ہوئے کہتا ہے۔

باسیل میں نے کہا مذاق مت کریں میرے ساتھ۔۔"

روحی غصہ میں بولتی ہے۔

میں مذاق نہیں کررہا ہوں روحی یہ سچ ہے انسانیت کے ساتھ کام کرکے د

تھا میں نے پر دنیا کتے کی دم بن چکی ہے نا خود سیدھی ہوتی ہے نا کسی کو ر

دیتی ہے۔

روحی سے نظریں ہٹائے واپس کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے

کہتا ہے۔باسیل کی بات روحی بڑی بڑی آنکھیں کیے حیرت انگیز نظروں

اس کی طرف دیکھنے لگتی ہے۔

جب دنیا ہی سیدھی نہیں تو میں دنیا کو سدھارنے کا کام

کرنے والا سیدھا کیسے ہو سکتا ہوں

دنیا میں رہ کر کام کرنا ہے تو دنیاوی طریقے سے کرنا ہو گا

واپس روحی کی طرف رخ موڑتے ہوئے روحی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈا

سنجیدگی سے کہتا ہے۔۔۔!!"

ناممکن ہے یہ آپ کسی کی جان نہیں لے سکتے ہیں اپنے کام

کی خاطر تو بلکل بھی نہیں"

روحی گہری سانس لیتے ہوئے اپنی نظریں باسیل سے ہٹاتے ہوئے کہتی ہے

کہتے ہی جم روم سے باہر جانے لگتی ہے کہ اس کے کانوں میں بھی کسی

رونے کی آوازیں آتی ہیں۔۔"

کوئی رو رہا ہے۔؟؟ باسیل کے آفس روم کے بند دروازے

کی طرف اشارہ کرتے ہوئے باسیل سے پوچھتی ہے۔

ہمم۔۔زندگی کے لیے رو رہا ہے کوئی بچانا ہے اسے۔۔؟؟

باسیل روحی کی طرف بڑھتے ہوئے اس سے پوچھتا ہے۔

تم نے کہا تھا ساتھ دو گی تو کیا اب دو گی۔۔؟؟

روحی کے بلکل سامنے کھڑے ہو کر آنکھوں میں آنکھیں ڈالے پوچھتا ہے۔

